اَعرِبُوا القُرآنَ وَالتَمِسُوا غَرائِبَہٗ (الحدیث)

معارف البیان فی اعراب القرآن

جلد اوّل سُورَۃُ الفَاتِحَۃِ تا سُورَۃُ الاَنعَامِ

تالیف

www.KitaboSunnat.com

اُستاذ العلماء شیخ الحدیث حضرت مولانا

ابو اُسامہ عبد الرحمٰن صاحب حفظہ اللہ لودھروی

فاضل جامعہ خیر المدارس ملتان

مدیر: جامعہ نور القرآن والسنّۃ پل شاہ نال لودھراں

واستاذ الحدیث: جامعہ سراج العلوم لودھراں

ناشر

مکتبہ امدادیہ

ملتان، پاکستان

061-4544965

0300-7828402

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

مجلس التحقیق الاسلامی کے زیر اہتمام

محدث لائبریری

کتاب وسنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب... عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

library@mohaddis.com

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

أَعْرِبُوا الْقُرْآنَ وَالْتَمِسُوا غَرَائِبَهُ (الحدیث)

مَعَارِفُ الْبَيَان

فِي

إِعْرَابِ الْقُرْآن

جلد اول

سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ تا سُوْرَةُ الْاَنْعَامِ

تالیف

أستاذ العلماء شیخ الحدیث حضرت مولانا

ابو اسامہ عبد الرحمٰن صاحب لودھروی حفظہ اللہ

فاضل: جامعہ خیر المدارس ملتان

مدیر: جامعہ نور القرآن والسنۃ چک شاہ نال لودھراں

واستاذ الحدیث: جامعہ سراج العلوم لودھراں

ناشر

مکتبہ امدادیہ ملتان پاکستان

www.kitabosunnat.com

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کتاب کے جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

نام کتاب **مَعَارِفُ الْبَیَان فِیْ إِعْرَابِ الْقُرْآن** جلد اوّل

سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ تا سُوْرَةُ الْاَنْعَامِ

تالیف : ابو اسامہ حضرت مولانا عبد الرحمٰن صاحب لودھروی

مکتبہ امدادیہ ٹی بی ہسپتال روڈ ملتان

فون نمبر ۰۶۱-۴۵۴۴۹۶۵/۰۳۰۰-۷۸۲۸۴۰۲

ناشر
المکتبۃ الرحمانیۃ
۹۹۔۔۔ جے ماڈل ٹاؤن۔ لاہور

نمبر ....

ملنے کے پتے۔

☆کتب خانہ مجیدیہ ملتان ☆ادارہ اشاعت الخیر ملتان ☆مکتبہ حقانیہ ملتان

☆مکتبہ رحمانیہ اُردو بازار لاہور فون ۳۷۲۲۱۳۹۵/۳۷۲۲۴۲۲۸۔۰۴۲

☆مکتبہ خلیل لاہور

☆مکتبہ العلم اُردو بازار لاہور فون ۳۷۲۱۱۷۸۸/۳۷۲۳۱۷۸۸۔۰۴۲

☆قدیمی کتب خانہ بالمقابل آرام باغ کراچی فون ۳۲۲۱۲۲۲۰/۳۲۲۱۲۲۲۱۔۰۲۱

☆مکتبہ الشیخ بہادر آباد کراچی

☆کتب خانہ اشرفیہ کراچی فون نمبر ۰۲۱۔۳۲۲۱۳۰۵۸

☆دار الاشاعت اُردو بازار کراچی فون نمبر ۰۲۱۔۳۲۲۱۳۷۶۸

بتعاون محمد حمزہ صدیق قریشی صاحب

ضروری گذارش

اس کتاب کی تصحیح کی حتی الوسع کوشش کی گئی ہے۔ اگر اس کے باوجود کہیں کتابتی غلطی نظر آئے تو نشاندہی فرمائیں تاکہ آئندہ ایڈیشن میں اس کی تصحیح کی جاسکے۔ جزاکم اللہ احسن الجزاء۔ (ادارہ)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فہرست

عنوان	صفحہ نمبر	عنوان	صفحہ نمبر
انتساب	۷	فضیلت ترکیب قرآن مع اظہار حقیقت	۱۲
تقریظ حضرت مولانا عبدالقیوم قاسمی صاحب	۸	عرض مؤلف	۱۳
تقریظ حضرت مولانا عبدالغفار تونسوی صاحب	۹	ماخذ و مراجع	۱۵
تقریظ حضرت مولانا محمد میاں صاحب	۱۰	اُمور ملحوظہ	۱۶
الترجمان فی تسہیل معارف البیان	۱۱	فی مَعارِفِ البَیان	

مقدمۃ الکتاب

فائدہ نمبر (۱) برائے سَوْآۃٌ	۱۷	فائدہ نمبر (۱۹) برائے لفظ وَيْلٌ	۲۴
فائدہ نمبر (۲) برائے قِيْلَ کا نائب فاعل	۱۷	فائدہ نمبر (۲۰) برائے افعال مدح و ذم کی ترکیب	۲۵
فائدہ نمبر (۳) برائے نائب فاعل	۱۷	فائدہ نمبر (۲۱) برائے ترکیب لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ	۲۵
فائدہ نمبر (۴) برائے ترکیب یَا اَیُّهَا	۱۸	فائدہ نمبر (۲۲) برائے حَتّٰی	۲۵
فائدہ نمبر (۵) قاعدہ نحویہ	۱۸	فائدہ نمبر (۲۳) برائے لَمَّا	۲۶
فائدہ نمبر (6) برائے اَمَّا اور اِمَّا	۱۸	فائدہ نمبر (۲۴) برائے حرف اَوْ	۲۶
فائدہ نمبر (۷) مَاذَا کی چار ترکیبیں ہو سکتی ہیں	۱۹	فائدہ نمبر (۲۵) برائے مفعول مطلق	۲۶
فائدہ نمبر (۸) هَلْ کا استعمال چار طریقوں پر	۱۹	مفعول مطلق کے عامل کی کئی قسمیں ہیں	۲۷
فائدہ نمبر (۹) برائے کَیْفَ	۲۰	فائدہ نمبر (۲۶) برائے مباحث شرط و جزاء	۲۷
فائدہ نمبر (۱۰) برائے اِذْ	۲۰	چند مقامات جن میں جزاء پر دخول فاء واجب ہے	۲۸
اِذَا مفاجاتیہ کے بارے نحویوں کے تین مذاہب	۲۱	فائدہ نمبر (۲۷) برائے لَوْ	۲۹
فائدہ نمبر (۱۱) برائے اسمائے شرط	۲۱	فائدہ نمبر (۲۸) برائے حرف واؤ	۳۰
اَیّ کا استعمال چھ (۶) طریقوں پر ہوتا ہے	۲۲	احوال وجوب ذکر واؤ	۳۰
فائدہ نمبر (۱۲) برائے مَا کی دیگر قسمیں	۲۲	احوال امتناع ذکر واؤ	۳۰
فائدہ نمبر (۱۳) برائے جمع شرط و قسم	۲۲	احوال جواز ذکر واؤ	۳۱
فائدہ نمبر (۱۴) برائے مَا زائدہ	۲۳	واؤ کی دیگر اقسام	۳۲
فائدہ نمبر (۱۵) برائے اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ	۲۳	فائدہ نمبر (۲۹) برائے حرف اِنْ	۳۳
فائدہ نمبر (۱۶) برائے فَاء	۲۳	فائدہ نمبر (۳۰) برائے مؤنث سماعی	۳۳
فائدہ نمبر (۱۷) برائے ترکیب فَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَیْکُمْ	۲۳	فائدہ نمبر (۳۱) برائے کَلَّا	۳۴
		فائدہ نمبر (۳۲) برائے اقسام حرف لام	۳۴
فائدہ نمبر (۱۸) برائے مَا حجازیہ	۲۳	فائدہ نمبر (۳۳) برائے بحث مفعول معہ	۳۵

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فائدہ نمبر(۳۴)برائے اسم تفضیل	۳۶	فائدہ نمبر(۴۳)برائے اسمائے ظروف	۴۱
فائدہ نمبر(۳۵)برائے کَانَ	۳۷	مُذْ اور مُنْذُ کی تین حالتیں ہیں	۴۲
فائدہ نمبر(۳۶)برائے حروف جر	۳۷	فائدہ نمبر(۴۴)برائے اقسام جملہ	۴۳
فائدہ نمبر(۳۷)برائے اوزان مخصوصہ میں مذکر ومؤنث کی مساوات	۳۸	فائدہ نمبر(۴۵)برائے لٰکِنَّ	۴۳
		فائدہ نمبر(۴۶)برائے لفظ غَیْرَ	۴۴
فائدہ نمبر(۳۸)برائے افعال مقاربہ	۳۸	فائدہ نمبر(۴۷)برائے نون وقایہ	۴۴
فائدہ نمبر(۳۹)برائے مبتدا وخبر	۳۹	فائدہ نمبر(۴۸) لَا مَحَلَّ لَهَا مِنَ الْاَعْرَابِ جملے	۴۴
وہ مقامات جن میں نکرہ مبتدا واقع ہو سکتا ہے	۳۹		
وہ مقامات جن میں مبتدا کو حذف کرنا کثیر ہے	۴۰	محل اعراب جملوں کی سات قسمیں ہیں	۴۴
فائدہ نمبر(۴۰)برائے حرف لَا	۴۰	فائدہ نمبر(۴۹)برائے فرق بین الحال والتمیز	۴۵
فائدہ نمبر(۴۱)برائے حرف مَنْ	۴۱	فائدہ نمبر(۵۰)برائے کَمْ استفہامیہ وکَمْ خبریہ	۴۶
فائدہ نمبر(۴۲)برائے نون	۴۱		
ترکیب سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ مَعَ تَعَوُّذ وَتَسْمِيَه			۴۷

سُوْرَةُ الْبَقَرَة

ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۱	۴۸	ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۱۶	۹۴
ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۲	۴۹	ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۱۷	۹۸
ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۳	۵۳	ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۱۸	۱۰۱
ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۴	۵۷	ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۱۹	۱۰۳
ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۵	۶۱	ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۲۰	۱۰۶
ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۶	۶۳	ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۲۱	۱۰۸
ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۷	۶۷	ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۲۲	۱۱۲
ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۸	۶۹	ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۲۳	۱۱۴
ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۹	۷۲	ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۲۴	۱۱۹
ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۱۰	۷۵	ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۲۵	۱۲۳
ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۱۱	۷۸	ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۲۶	۱۲۷
ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۱۲	۸۲	ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۲۷	۱۳۱
ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۱۳	۸۵	ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۲۸	۱۳۴
ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۱۴	۸۸	ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۲۹	۱۳۷
ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۱۵	۹۱	ترکیب رکوع نمبر۔۔۔۳۰	۱۳۹

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ترکیب رکوع نمبر ــــ ۳۱	۱۴۳	ترکیب رکوع نمبر ــــ ۳۶	۱۵۸
ترکیب رکوع نمبر ــــ ۳۲	۱۴۶	ترکیب رکوع نمبر ــــ ۳۷	۱۶۱
ترکیب رکوع نمبر ــــ ۳۳	۱۴۹	ترکیب رکوع نمبر ــــ ۳۸	۱۶۵
ترکیب رکوع نمبر ــــ ۳۴	۱۵۳	ترکیب رکوع نمبر ــــ ۳۹	۱۶۸
ترکیب رکوع نمبر ــــ ۳۵	۱۵۵	ترکیب رکوع نمبر ــــ ۴۰	۱۷۱

سُوْرَۃُ اٰلِ عِمْرَانَ

ترکیب رکوع نمبر ــــ ۱	۱۷۴	ترکیب رکوع نمبر ــــ ۱۱	۲۰۹
ترکیب رکوع نمبر ــــ ۲	۱۷۶	ترکیب رکوع نمبر ــــ ۱۲	۲۱۳
ترکیب رکوع نمبر ــــ ۳	۱۸۰	ترکیب رکوع نمبر ــــ ۱۳	۲۱۷
ترکیب رکوع نمبر ــــ ۴	۱۸۳	ترکیب رکوع نمبر ــــ ۱۴	۲۲۰
ترکیب رکوع نمبر ــــ ۵	۱۸۹	ترکیب رکوع نمبر ــــ ۱۵	۲۲۳
ترکیب رکوع نمبر ــــ ۶	۱۹۳	ترکیب رکوع نمبر ــــ ۱۶	۲۲۵
ترکیب رکوع نمبر ــــ ۷	۱۹۶	ترکیب رکوع نمبر ــــ ۱۷	۲۲۹
ترکیب رکوع نمبر ــــ ۸	۱۹۸	ترکیب رکوع نمبر ــــ ۱۸	۲۳۵
ترکیب رکوع نمبر ــــ ۹	۲۰۲	ترکیب رکوع نمبر ــــ ۱۹	۲۳۹
ترکیب رکوع نمبر ــــ ۱۰	۲۰۶	ترکیب رکوع نمبر ــــ ۲۰	۲۴۲

سُوْرَۃُ النِّسَآءِ

ترکیب رکوع نمبر ــــ ۱	۲۴۷	ترکیب رکوع نمبر ــــ ۱۳	۲۸۷
ترکیب رکوع نمبر ــــ ۲	۲۵۱	ترکیب رکوع نمبر ــــ ۱۴	۲۹۰
ترکیب رکوع نمبر ــــ ۳	۲۵۵	ترکیب رکوع نمبر ــــ ۱۵	۲۹۲
ترکیب رکوع نمبر ــــ ۴	۲۵۸	ترکیب رکوع نمبر ــــ ۱۶	۲۹۳
ترکیب رکوع نمبر ــــ ۵	۲۶۱	ترکیب رکوع نمبر ــــ ۱۷	۲۹۶
ترکیب رکوع نمبر ــــ ۶	۲۶۳	ترکیب رکوع نمبر ــــ ۱۸	۲۹۸
ترکیب رکوع نمبر ــــ ۷	۲۶۷	ترکیب رکوع نمبر ــــ ۱۹	۳۰۱
ترکیب رکوع نمبر ــــ ۸	۲۷۱	ترکیب رکوع نمبر ــــ ۲۰	۳۰۳
ترکیب رکوع نمبر ــــ ۹	۲۷۳	ترکیب رکوع نمبر ــــ ۲۱	۳۰۸
ترکیب رکوع نمبر ــــ ۱۰	۲۷۸	ترکیب رکوع نمبر ــــ ۲۲	۳۱۱
ترکیب رکوع نمبر ــــ ۱۱	۲۸۰	ترکیب رکوع نمبر ــــ ۲۳	۳۱۴
ترکیب رکوع نمبر ــــ ۱۲	۲۸۵	ترکیب رکوع نمبر ــــ ۲۴	۳۱۸

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سُوْرَةُ الْمَآئِدَةِ

ترکیب رکوع نمبر—۱	۳۲۱	ترکیب رکوع نمبر—۹	۳۴۹
ترکیب رکوع نمبر—۲	۳۲۵	ترکیب رکوع نمبر—۱۰	۳۵۳
ترکیب رکوع نمبر—۳	۳۲۸	ترکیب رکوع نمبر—۱۱	۳۵۸
ترکیب رکوع نمبر—۴	۳۳۲	ترکیب رکوع نمبر—۱۲	۳۶۱
ترکیب رکوع نمبر—۵	۳۳۵	ترکیب رکوع نمبر—۱۳	۳۶۴
ترکیب رکوع نمبر—۶	۳۳۸	ترکیب رکوع نمبر—۱۴	۳۶۷
ترکیب رکوع نمبر—۷	۳۴۳	ترکیب رکوع نمبر—۱۵	۳۷۱
ترکیب رکوع نمبر—۸	۳۴۷	ترکیب رکوع نمبر—۱۶	۳۷۵

سُوْرَةُ الْاَنْعَامِ

ترکیب رکوع نمبر—۱	۳۷۸	ترکیب رکوع نمبر—۱۱	۴۱۱
ترکیب رکوع نمبر—۲	۳۸۱	ترکیب رکوع نمبر—۱۲	۴۱۴
ترکیب رکوع نمبر—۳	۳۸۴	ترکیب رکوع نمبر—۱۳	۴۱۷
ترکیب رکوع نمبر—۴	۳۸۸	ترکیب رکوع نمبر—۱۴	۴۲۱
ترکیب رکوع نمبر—۵	۳۹۳	ترکیب رکوع نمبر—۱۵	۴۲۵
ترکیب رکوع نمبر—۶	۳۹۶	ترکیب رکوع نمبر—۱۶	۴۲۹
ترکیب رکوع نمبر—۷	۳۹۸	ترکیب رکوع نمبر—۱۷	۴۳۴
ترکیب رکوع نمبر—۸	۴۰۰	ترکیب رکوع نمبر—۱۸	۴۳۷
ترکیب رکوع نمبر—۹	۴۰۴	ترکیب رکوع نمبر—۱۹	۴۴۰
ترکیب رکوع نمبر—۱۰	۴۰۹	ترکیب رکوع نمبر—۲۰	۴۴۳

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

الانتساب

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

حضرت والد حافظ حبیب اللہ صاحب رحمۃ اللہ رحمۃ کاملۃ المتوفیٰ ۸ جون ۲۰۲۰ء بمطابق ۱۵ شوال المکرم ۱۴۴۱ھ بروز پیر جب حیات پور میں امام وخطیب تھے انہوں نے خواب دیکھا کہ ایک مجلس میں نبی اقدس ﷺ اور حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ اور دیگر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین موجود ہیں اور والد صاحبؒ نے فقیر سے فرمایا کہ عبد الرحمٰن تو بھی اس مجلس میں موجود تھا۔ اور فرمایا کہ نبی کریم ﷺ دودھ کا پیالہ فقیر کے والد صاحبؒ کو عطا فرمانے لگے تو حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے مشورہ دیا کہ یا رسول اللہ حبیب اللہ کو پیالہ نہ دو بلکہ اس کے بیٹے عبد الرحمٰن کو عطا فرماؤ تو نبی کریم ﷺ نے دودھ کا پیالہ خواب میں فقیر کو عطا فرمایا۔ انتھی رؤیا والدی

اور دودھ کی تعبیر علم سے ہے اور اس زمانہ میں فقیر عبد الرحمٰن جامعہ خیر المدارس میں دورہ حدیث کا طالب علم تھا۔ جناب صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی شفقت اور مشورہ سے رحمۃ للعالمین ﷺ نے والد صاحبؒ کے خواب میں جو کرم نوازی فرمائی تھی اسی کا نتیجہ ہے کہ عرصہ ۲۸ سال سے فقیر قرآن وسنت کی خدمت میں مصروف ہے۔ اور فقیر کی تالیف شدہ متعدد کتب منصہ شہود پر آچکی ہیں ورنہ فقیر کی ذاتی حیثیت " من آنم کہ من دانم " اور معارف البیان فی اعراب القرآن بھی اسی مذکورہ خواب کی تعبیر ہی ہے۔

اسی لئے فقیر اپنی اس تالیف کو سید الکونین فخر موجودات جناب محمد رسول اللہ ﷺ کی ذات مبارکہ اور امیر المومنین خلیفہ اوّل سیدنا حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کی ذات محسنہ اور والدین مرحومین کی ذوات مشفقہ اور جامعہ سراج العلوم میں درجہ حفظ ودرجہ اُولیٰ تک، اور جامعہ اسلامیہ باب العلوم میں درجہ ثالثہ، اور جامعہ دار العلوم مدنیہ بہاولپور میں درجہ ثانیہ ورابعہ اور جامعہ خیر المدارس ملتان میں دورہ حدیث تک کے تمام اساتذہ کرام کی ذوات مرشدہ کی طرف منسوب کرنے کی سعادت حاصل کرتا ہے۔۔۔۔۔ زہے عزوشرف گر قبول افتد

وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ اَجْمَعِيْنَ

فقیر عبد الرحمٰن لودھروی

جامعہ نور القرآن والسنۃ لودھراں

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

تقریظ

حضرت مولانا عبد القیوم قاسمی صاحب

مدیر مدرسہ معارف اسلامیہ سعید آباد کراچی

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّيْ عَلٰى رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ :اَمَّا بَعْدُ حق تعالیٰ شانہ کا خصوصی فضل وکرم ہے کہ ہمارے مدرسہ معارف اسلامیہ جس کی بنیاد حکیم العصر حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانوی رحمۃ اللہ نے اپنی پُر خلوص دعاؤں سے رکھی تھی الحمد للہ اس ادارہ سے جس طرح قرآن کریم اور دورہ حدیث شریف اور دیگر علوم سے طلبہ وطالبات مستفید ہو کر دینی خدمات سرانجام دے رہے ہیں اسی طرح ادارہ ھٰذا کا شعبہ تصنیف وتالیف بھی کافی حد تک شہرت کا حامل ہے اس سے قبل ادارہ ھٰذا کی کئی کتب جید علماء سے داد تحسین حاصل کر چکی ہیں۔ اس وقت زیر نظر کتاب معارف البیان فی اعراب القرآن جو قرآن کریم کی ترکیب پر مشتمل جامع مکمل تالیف ہے۔ قرآن کریم کی تفسیر پر اس وقت لاکھوں سے متجاوز تفاسیر ہیں اور ان میں کچھ تفاسیر ایسی بھی ہیں جن میں ترکیب قرآن پر کلام کیا گیا ہے، مگر اکثر وبیشتر عربی زبان میں ہیں جن سے کم استعداد کے طلبہ صحیح معنی میں فائدہ حاصل نہیں کر سکتے ہمارے مدرسہ کے شیخ الحدیث حضرت اقدس مولانا عبد الرحمٰن صاحب دامت برکاتہم العالیہ نے اُن طلبہ پر شفقت فرماتے ہوئے ہماری اس دیرینہ خواہش پر قلم اٹھایا اور اپنی پاکیزہ علمی خدمت کو علماء اور طلباء کے لئے یکساں مفید بنایا اور اکابر کے علوم کو چن چن کر معارف البیان میں جمع فرمایا۔ بلا مبالغہ یہ کہا جا سکتا ہے کہ یہ ترکیب قرآن دوسری تراکیب سے مستغنی کر دے گی إنشاء اللہ

اللہ تعالیٰ حضرت مولانا کے علوم ومعارف سے جملہ مسلمانوں کو نفع دے اور ان کے لئے ذخیرہ آخرت بنائے۔۔۔ آمین فجزاه الله عنا وعن جميع المسلمين خير الجزاء

والسلام

عبد القیوم قاسمی غفرلہ

مُدیر مدرسہ معارف اسلامیہ سعید آباد کراچی

۲۳,۱۱,۲۰۱۳

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

تقریظ مُبارک

از مولانا محمد عبدالغفار تونسوی حفظہ اللہ تعالیٰ

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ وَخَاتَمِ الْاَنْبِیَآءِ

اَمَّا بَعْدُ:

بندہ ہر سال مدرسہ عربیہ معارف اسلامیہ کراچی مناظرہ پڑھانے کے لئے حاضر ہوتا ہے، محترم ومکرم حضرت مولانا عبدالرحمٰن صاحب نقشبندی شیخ الحدیث جامعہ ہذا سے ہر سال ملاقات کا شرف حاصل ہوتا ہے، مولانا موصوف از حد درجے کے ذہین وذی استعداد ہونے کے ساتھ ساتھ متعدد کتب کے مصنف ومؤلف بھی ہیں، جنہوں نے کئی کتب کے تراجم وحواشی وشروحات تحریر کرکے اہل علم کی تشنگی وپیاس کو بجھایا ہے۔

حال ہی میں انہوں نے قرآنِ مقدس کو نحوی ترکیب کے ساتھ تحریر کرکے علماء وصلحاء کی دیرینہ خواہش کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کی سعی بلیغ فرمائی ہے، خصوصاً وہ حضرات جو ہر سال دورہ تفسیر پڑھاتے ہیں ان کے لئے یہ نحوی ترکیب "سونے پہ سہاگہ" کا کام دے گی، کیونکہ قرآن مقدس کی نحوی ترکیب کے بارے پاکستان میں کسی عالم نے اس وقت تک قلم نہیں اٹھایا۔ یہ حضرت مولانا عبدالرحمٰن صاحب موصوف ہی ہیں جنہوں نے علماء وطلباء کے افادے کے لئے اُس موضوع پر قلم اٹھایا ہے، اور قرآن مقدس کی یہ خدمت وسعادت انہیں کے حصہ میں آئی ہے۔

اللہ تعالیٰ موصوف کی محنت وکاوش کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائیں اور زیادہ سے زیادہ انہیں قرآن وسنت کی خدمت کرنے کی توفیق عطا فرمادیں۔۔۔ آمین

محتاج دعا

(مولانا) محمد عبدالغفار تونسوی

۹ شعبان المعظم ۱۴۳۵ھ

۸ جون ۲۰۱۴ء

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

تقریظ مبارک

استاذ یم استاذ العلماء حضرت مولانا محمد میاں صاحب مدظلہ

مدیر و شیخ الحدیث جامعہ سراج العلوم عید گاہ لودھراں

بسم اللہ تعالیٰ

بندہ نے حضرت مولانا عبدالرحمٰن صاحب سینئر مدرس جامعہ سراج العلوم لودھراں کی خدمتِ قرآن عظیم بصورت تراکیبِ قرآن مختلف مقامات سے دیکھی ہے جو کہ طلباء کے لئے ہی نہیں بلکہ علماء کرام و مدرسین حضرات کے لئے بھی انتہائی مفید ہے۔

اللہ تعالیٰ مولانا موصوف کی اس خدمت قرآن عظیم کو مفید و مقبول بنائے۔۔۔ آمین

(مولانا) محمد میاں

خادم جامعہ سراج العلوم لودھراں

۰۱،۰۹،۲۰۲۰

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اَلتَّرجمان

فِی

تَسْھِیلِ مَعَارِفُ الْبَیَان

افادات

استاد العلماء شیخ الحدیث حضرت مولانا ابو اسامہ عبد الرحمٰن صاحب لودھروی حفظہ اللہ

فاضل: جامعہ خیر المدارس ملتان

مدیر: جامعہ نور القرآن والسنۃ ٹل شاہ نال لودھراں

واستاد الحدیث: جامعہ سراج العلوم لودھراں

کاتب ومرتب

مولانا محمد سلمان دہلوی

فاضل: الجامعۃ البنوریۃ العالمیۃ سائٹ کراچی

ناشر

مَکْتَبہ اِمْدَادِیَہ ملتان پاکستان

فون نمبر

061.4544965::0300.78284

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فضیلت ترکیب قرآن مع اظہار حقیقت

اَلْحَمْدُ لِوَلِیِّہٖ وَالصَّلٰوۃُ لِاَھْلِھَا اَمَّا بَعْدُ: حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے منقول ہے تَعَلَّمُوا السُّنَّۃَ وَالْفَرَائِضَ وَاللَّحْنَ کَمَا تَعَلَّمُوْنَ الْقُرْآنَ اور اس حدیث کا معنی یہ ہے کہ تم علم نحو سیکھو کیونکہ اس میں عجائب قرآن اور اس کے معانی اور حدیث اور سنت کے معانی کا علم ہے۔ اور جو شخص نحو کو نہیں پہچانے گا وہ اکثر کتاب اللہ کو نہیں پہچانے گا اور اکثر سنن کو نہیں پہچانے گا۔

☆ اور علامہ زمخشری کی رائے یہ ہے کہ اکثر اصول فقہ کے ابواب اور اصول فقہ کے مسائل میں گفتگو علم اعراب پر مبنی ہے۔

☆ اعراب اور تعریب دونوں کا معنی ایک ہے یعنی ظاہر کرنا اور اعراب کو اعراب اس لئے کہتے ہیں کہ وہ بھی بیان کرتا ہے اور ظاہر کرتا ہے

☆ علامہ ابو بکر بن انباری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ اور صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین اور تابعین سے قرآن کریم کے اعراب کی فضیلت اور اس کی تعلیم کی ترغیب اور لحن کی مذمت اور کراہت منقول ہے اس لئے قرآء القرآن پر واجب ہے کہ وہ اعراب القرآن کو سیکھنے میں اپنی جانوں کو مشقت میں ڈالیں۔ چنانچہ مستدرک حاکم میں حدیث ابی ہریرہ ہے نبی کریم ﷺ نے فرمایا اَعْرِبُوا الْقُرْآنَ وَالْتَمِسُوْا غَرَائِبَہٗ اور کنز العمال میں ایک حدیث مذکور ہے اَعْرِبُوا الْکَلَامَ کَیْ تُعْرِبُوا الْقُرْآنَ اور اسی طرح کنز العمال میں حدیث انس رضی اللہ عنہ مرفوع ہے مَنْ قَرَءَ الْقُرْآنَ مُتَثَبِّتًا بِاِعْرَابٍ کَانَ لَہٗ بِکُلِّ حَرْفٍ فَضْلُ اَرْبَعِیْنَ حَسَنَۃً

☆ اور ابن عطیہ فرماتے ہیں شریعت میں اعراب القرآن اصل ہے اس لئے کہ شریعت معانی قرآن کا نام ہے اور وہ اعراب القرآن سے قائم ہوتے ہیں

☆ اور علامہ عکبری فرماتے ہیں قرآن کریم کے معنی پر واقف ہونا اور اغراض قرآن کی وضاحت کا سب سے سیدھا راستہ اعراب القرآن کو پہچاننا ہے۔ اور اسی وجہ سے اسرار القرآن کی وضاحت کرنے والے پر لغت عربیہ میں نظر کرنا اور معرفت اعراب ضروری ہے اور عالم اور فقیہ اور محدث پر اعراب کا لحاظ کرنا ضروری ہے اس لئے کہ اعراب کے مختلف ہونے سے معنی تبدیل اور مختلف ہو جاتا ہے۔

☆ اور بعض حضرات فرماتے ہیں کہ اعراب کلام کا زیور اور اس کی زینت اور اس کی خوبصورتی ہے اور علماء نے وجوہ اعراب اور معانی قرآن کو جاننے والے عالم کی تعریف کی ہے۔ اسی لے علماء نے اعراب القرآن کے بارے میں ہر زمانہ میں کتب جلیلہ لکھی ہیں اور قدیماً و حدیثاً اعراب القرآن پڑھنے پڑھانے پر علماء نے بہت محنت فرمائی ہے مثلاً اعراب القرآن عبد الرحمٰن انباری اور اعراب القرآن حسین بن ابی العز الھمدانی اور املاء ما منّ بہ الرحمٰن من وجوہ الاعراب اور اَلدُّرُّ الْمَصُوْنُ لعلامہ حلبی اور اس کے علاوہ بھی اس علم میں بہت کتابیں لکھی گئی ہیں مگر وہ تمام کتب عربی زبان میں ہیں جن سے فائدہ اٹھانا اہل عجم کے عوام الناس تو عوام الناس رہے اکثر فارغ التحصیل حضرات کے لئے بھی فائدہ اٹھانا مشکل تھا اس لئے فقیر کے دل میں عرصہ دراز سے یہ آرزو تھی کہ اعراب القرآن جو کہ عربی زبان میں محفوظ ہے اس کو پاک و ہند کی اکثری زبان لغت اردو میں منتقل کیا جائے تو جب فقیر مدرسہ معارف اسلامیہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

کراچی میں مدرس تھا تو تقریباً ۲۰۱۳ء میں اس عظیم کام کی ابتداء کی گئی جو کہ تقریباً ۶ سال میں یہ کاوش مکمل ہوئی اور الحمد للہ اس عظیم کام میں ہم نے اپنی وسعت کے مطابق بہت کوشش کی ہے مگر ہماری کوشش درست ہو تو یہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے اور اگر کہیں کوئی لغزش اور کمزوری پائی جائے تو كُلُّ بَنِيْ اٰدَمَ خَطَّاءٌ ہے اور خَيْرُ الْخَطَّائِيْنَ اَلتَّوَّابُوْنَ ہے۔ اور ہم اللہ تعالیٰ سے یہ سوال کرتے ہیں کہ وہ ایسے علماء کا ہمارے لئے انتظام فرمائے جو ہماری محنت میں واقع ہونے والی خطاؤں پر ہمیں مطلع فرمائیں۔ اور ہم نے اپنی اس جہد قصیر کا نام "معارف البیان فی اعراب القرآن" رکھا ہے۔

اور اس اعراب القرآن کی تالیف میں جن حضرات نے بھی کسی بھی صورت میں فقیر کے ساتھ تعاون فرمایا ہے اللہ تعالیٰ ان تمام احباب کو دونوں جہاں میں اپنی شایان شان جزائے خیر عطا فرمائے۔ اور ان تمام حضرات کو اور فقیر کو اور ہمارے خاندانوں کو اور اساتذہ اور تلامذہ کو اپنی رضا عطا فرماتے ہوئے دنیا و آخرت کی ہر ذلت اور ندامت اور محتاجی سے محفوظ فرمائے۔ بالخصوص مدرسہ معارف اسلامیہ کے مدیر مولانا عبد القیوم قاسمی صاحب حفظہ اللہ اور بابا نیک محمد بلوچ صاحب رحمۃ اللہ علیہ اور مولانا محمد سلمان دہلوی صاحب حفظہ اللہ فاضل الجامعۃ البنوریۃ العالمیۃ۔ آخر الذکر یعنی مولوی سلمان صاحب نے جمعرات اور جمعہ کی چھٹی کے اوقات کو فضول کاموں اور دوستیوں میں خرچ کرنے کی بجائے اعراب القرآن کو لکھنے کے لئے وقف کیا اور اُن کی محنت سے اس عظیم کام کی تکمیل میں آسانی ہوئی ہے۔ اللہ تعالیٰ اُن کی یہ محنت قبول فرمائے اور ان کے لئے اور ان کے والدین کے لئے فلاح دارین کا ذریعہ بنائے اور آخر میں ایک اور اپنے خاص دوست اور محسن کا شکریہ ادا کرنا ضروری سمجھتا ہوں جن کی محبت اور شفقت عرصہ پندرہ سال سے جاری ہے میری مراد بھائی وقار احمد اعوان مالک المکہ ہوٹل سعید آباد کراچی ہیں کئی پاروں کی ترکیب اور تحفۃ الرائقہ شرح دروس البلاغۃ کے مسودہ کا اکثر حصہ ان کی محبت میں المکہ ہوٹل کی بالائی منزل پر تصنیف کیا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کو اور ان کے خاندان کو خدمت دین کے لئے قبول فرمائے۔

"رَحِمَ اللّٰهُ عَبْدًا قَالَ اٰمِيْنَ"

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

عرض مؤلّف

اور خاکسار فقیر عبد الرحمٰن بن حافظ حبیب اللہ اللہ تعالٰی کے احسان و فضل کا جتنا بھی شکر ادا کرے وہ کم ہے کہ لاریب و بے نظیر کتاب کی ترکیب اس کے ہاتھوں تکمیل کو پہنچی ہے اور ارباب علم و بصیرت کی خدمت میں باادب التماس ہے کہ اگر اس ترکیب میں اُن کی نظر سے کوئی غلطی یا لغزش گزرے تو براہ کرم فقیر حقیر کو اس سے آگاہ فرمائیں تاکہ آئندہ اس کی اصلاح کردی جائے۔ ورنہ میں بخوبی جانتا ہوں کہ ترکیب القرآن کے بار گراں کا تحمل میری طاقت سے بہت بڑھ کر تھا۔ مگر ایک علمی خدمت سمجھ کر اور خادمین قرآن کریم میں شامل ہونے کے لئے میں نے اس کام کو انجام دیا ہے۔ اور ربُّ العالمین کا شکر ہے کہ یہ کام تکمیل کو پہنچا "وَالعُذْرُ عِنْدَ کِرَامِ النَّاسِ مقبول" اور میں اللہ جَلّ جَلالہ سے بعجز وزاری عرض کرتا ہوں کہ جس طرح اس نے احسان فرما کر اعراب القرآن کی مجھ سے تکمیل کرادی ہے اسی طرح اس کو شرف قبول عام عطا فرما کر اپنی نعمت مجھ پر کامل بنائے اور ہمیں اپنے رسول اشرف الانبیاء ﷺ کے متبعین میں سابقین اوّلین کے گروہ میں داخل فرمائے

یااللہ آپ ہماری اس امید کو پورا فرمانا کیونکہ آپ ایسے کریم ہیں کہ آپ کے باب کرم سے امیدوار کا خالی ہاتھ آنا محال ہے اور جو آپ کے ماسوا سے منقطع ہو جاتا ہے تو آپ بھی اس کو ہرگز نہیں چھوڑتے۔

وَآخِرُ دَعْوَانَا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ماٰخذ و مراجع

اس اعراب القرآن کی تصنیف و تالیف میں درج ذیل کتب سے استفادہ کیا گیا ہے

(۱) اعراب القرآن الکریم:۔۔۔۔۔۔۔ محی الدین الدرویش

(۲) اعراب القرآن الکریم:۔۔۔۔۔۔۔ محمود صافی

(۳) املاء مامنّ بہ الرحمٰن:۔۔۔۔۔۔۔ ابوالبقاء عکبری

(۴) روح المعانی:

(۵) التفسیر المظہری:

(۶) جلالین:

(۷) حاشیہ الجمل:

(۸) تفسیر حقانی:

(۹) دیگر مختلف تفاسیر مثلاً تفسیر کبیر و قرطبی وغیرہ:

(۱۰) مختلف کتب نحو:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔تلک عشرۃ کاملۃ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اُمُورِ ملحُوظہ فی مَعارفِ البَیان

معارف البیان فی اعراب القرآن میں جن امتیازات وخصوصیات کو مد نظر رکھا گیا ہے ان میں سے بعض درج ذیل ہیں

(۱) دوران ترکیب اصطلاحات اور مشکل تعبیر کی بجائے عام فہم اور آسان انداز تحریر اختیار کیا گیا ہے کیونکہ ہماری محنت سے مستفیدین طلباء کرام ہیں۔ افاضل علماء کے لئے تو اس کتاب کا ہونا نہ ہونا برابر ہے

(۲) جہاں کسی لفظ کی ترکیب میں دو احتمال تھے تو اسہل احتمال کو اختیار کیا گیا ہے۔ مثلاً وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّلَا مُؤْمِنَةٍ إِذَا قَضَى اللّٰهُ وَرَسُولُهٗٓ۔۔ الخ میں اگر اِذَا کو شرطیہ بنائیں تو جزاء محذوف ماننی پڑتی ہے اس لئے اِذَا کو لِمُؤْمِنٍ کے متعلق کا مفعول فیہ بنایا گیا ہے

(۳) فعل مجہول کے نائب فاعل کے بعد جو مفعول واقع ہوتا ہے بعض نحوی اس کو مفعول بہ اور بعض اس کو مفعول ثانی سے تعبیر کرتے ہیں ہم نے ترکیب میں تعبیر اوّل کو اختیار کیا ہے۔

(۴) ظرف مستقر کو بعض نحوی فعل کے اور بعض شبہ فعل کے متعلق بناتے ہیں ہم نے مختلف مقامات میں دونوں قول پر عمل کیا ہے کبھی ظرف مستقر کا متعلق فعل اور کبھی شبہ فعل مقدر مانا ہے

(۵) مَا مشابہ بلَیس کو دوران ترکیب مَا حجازیہ کے نام سے ذکر کیا گیا ہے کیونکہ بنو تمیم کے نزدیک یہ مَا عمل نہیں کرتا ہے۔

(۶) ترکیب قہقری اور ترکیب زنجیری دونوں مذکور ہیں

(۷) ترکیب قہقری میں اختصار کے لئے حرف با (بمعنی ساتھ) استعمال کیا گیا ہے مثلاً اگر یہ کہا جائے کہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور مفعول لہ اور مفعول معہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا تو عبارت طویل ہوگی تو یوں تعبیر کیا گیا ہے فعل با فاعل و مفاعیل ثلاثہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

(۸) بعض جن کتب سے خاص ترکیب یا تقدیری عبارت لی گئی ہے اس کتاب کا حوالہ ذکر کیا گیا ہے مثلاً روح المعانی وغیرہ

(۹) مختلف الفاظ کی ترکیب اور اہم نحوی قواعد کو فوائد کے عنوان کے ساتھ مقدمۃ الکتاب کے طور پر شامل اشاعت کیا گیا ہے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مُقدّمۃُ الکتاب

فائدہ نمبر(۱) برائے سَوَآءٌ:

یہ لفظ اِسْتِوَآءٌ کے معنی میں ہوتا ہے اور اسم فاعل کے معنی میں ہو کر خبر واقع ہوتا ہے۔ اور جب یہ لفظ ھَمزہ تسویہ کے بعد ہو تو اس کے بعد دو کلمہ ضروری ہیں۔ خواہ وہ دونوں کلمہ اسم ہوں، خواہ وہ دونوں کلمہ فعل ہوں، اور جب اس کے بعد دو فعل واقع ہوں اور ھَمزہ تسویہ نہ ہو تو اس صورت میں دوسرا فعل پہلے پر حرف عطف اَوْ کے ساتھ معطوف ہوتا ہے جیسے: سَوَآءٌ عَلَیَّ قُمْتَ اَوْقَعَدْتَ۔ اور جب اس کے بعد دو مصدر واقع ہوں تو اس وقت دوسرے مصدر کا پہلے پر واؤ کے ساتھ یا اَوْ کے ساتھ عطف درست ہوتا ہے۔ جیسے: سَوَآءٌ عَلَیَّ قِیَامُکَ وَقُعُوْدُکَ اور سَوَآءٌ عَلَیَّ قِیَامُکَ اَوْقُعُوْدُکَ

اور ھَمزہ تسویہ وہ ھَمزہ ہے جو سَوَآءٌ اور مَااُبَالِیْ اور مَااَدْرِیْ اور لَیْتَ شَعْرِیْ کے بعد واقع ہوتا ہے اور ھَمزہ تسویہ کا ضابطہ یہ ہے کہ یہ وہ ھَمزہ ہے جو ایسے جملہ پر داخل ہوتا ہے جس جملہ کی جگہ مصدر کا رکھنا درست ہو جیسا کہ سَوَآءٌ عَلَیْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ "سَوَآءٌ عَلَیْهِمْ اِنْذَارُکَ وَعَدَمُ اِنْذَارِکَ کی تاویل میں ہے۔

فائدہ نمبر(۲) برائے قِیْلَ کا نائب فاعل:

بعض نحوی قِیْلَ کا نائب فاعل ایسی ھُوَ ضمیر مقدر کو مانتے ہیں جس کا مرجع قِیْلَ کا مصدر قول ہوتا ہے۔ اور بعض نحوی فرماتے ہیں کہ قِیْلَ کے بعد جو جملہ واقع ہوتا ہے وہ نائب فاعل ہوتا ہے اور یہ نحوی فرماتے ہیں کہ جس جملہ سے مراد اس جملہ کا لفظ ہو وہ مفرد کے حکم میں ہوتا ہے اسی وجہ سے وہ جملہ مبتداء واقع ہو جاتا ہے جیسا کہ حدیث میں ہے لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ کَنْزٌ مِّنْ کُنُوْزِ الْجَنَّةِ؛ اس میں لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ جملہ مفرد کے حکم میں ہے اور مراد لفظ ہو کر مبتداء ہے۔ اور جیسے ایک کہاوت ہے زَعَمُوْا مَطِیَّةُ الْکَذِبِ (زَعَمُوْا کا لفظ جھوٹ کی سواری ہے) اس میں زَعَمُوْا جملہ مبتداء ہے۔

فائدہ نمبر(۳) برائے نائب فاعل:

فاعل کو حذف کرنے کے بعد چار چیزوں میں سے کوئی ایک اس کا نائب بن سکتی ہے

(۱) مفعول بہ ہے جیسے: وَغِیْضَ الْمَآءُ وَقُضِیَ الْاَمْرُ میں ہے یہ اصل میں قَضَی اللّٰهُ الْاَمْرَ تھا۔

(۲) مجرور بحرف جر بھی فاعل کا نائب ہو سکتا ہے بشرطیکہ حرف جر تعلیل کے لئے نہ ہو جیسے: لَمَّاسُقِطَ فِیْ اَیْدِیْهِمْ میں ہے ترکیب اس طرح ہوگی فِیْ حرف جر اَیْدِیْهِمْ مرکب اضافی لفظاً حرف جر کی وجہ سے مجرور ہے اور محلًا مرفوع نائب فاعل مگر اس میں یہ بات یاد رہے کہ مجرور بحرف جر اگر مؤنث ہو اور وہ فاعل کا نائب ہو تو اس کا فعل مؤنث نہیں ہوگا بلکہ فعل مذکر باقی رہے گا لہٰذا ذُهِبَتْ بِفَاطِمَةَ نہیں بلکہ ذُهِبَ بِفَاطِمَةَ کہا جائے گا۔

(۳) ظرف متصرف مختص فاعل کا نائب ہو سکتی ہے جیسے: مُشِیَ یَوْمٌ کَامِلٌ اور صِیْمَ رَمَضَانُ اور ظرف متصرف سے مراد وہ ظرف ہے جس کا مسند الیہ بننا درست ہو جیسے: یَوْمٌ وغیرہ اور مختص سے مراد یہ ہے کہ وہ ظرف مفید ہو مبہم نہ ہو۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اور ظرف کے مختص ہونے کی کئی صورتیں ہیں

(۱): وصف کے ساتھ مختص ہو جیسے: جُلِسَ مَجْلِسٌ مُفِیْدٌ

(۲): اضافت کے ساتھ مختص ہوتی ہے جیسے: سُهِرَتْ لَيْلَةُ الْقَدْرِ

(۳): علیت کے ساتھ ظرف مختص ہوتی ہے جیسے: صِیْمَ رَمَضَانُ لہٰذا ظروف مبہمہ فاعل کا نائب نہیں بن سکتی

(۴): ایسا مصدر بھی فاعل کا نائب بن سکتا ہے جو متصرف مختص ہو جیسے: فَإِذَا نُفِخَ فِي الصُّوْرِ نَفْخَةٌ وَّاحِدَةٌ میں نَفْخَةٌ نائب فاعل ہے اور یہ ایسا مصدر ہے جو متصرف ہے پھر اس کو مسند الیہ بنانا صحیح ہے اور مختص بھی ہے کیونکہ صفت کے ساتھ موصوف ہے۔ اور مصدر غیر متصرف ان مصادر کو کہا جاتا ہے کہ مصدر ہونے اور مفعول مطلق ہونے کی بناء پر جن کو نصب لازم ہو جیسے: سُبْحَانَ اللّٰہِ۔

فائدہ نمبر(۴) برائے ترکیب یَاأَیُّهَا:

قرآن کریم میں حروف نداء میں سے صرف حرف نداء یَاء کے ساتھ نداء واقع ہوئی ہے اور اَیُّ منادٰی ہے اور حرف هَا برائے تنبیہ ہے اور جو اسم أَیُّهَا کے بعد واقع ہوتا ہے وہ ترکیب میں کیا واقع ہوتا ہے؟ اس بارے میں نحویوں کا اختلاف ہے۔ جمہور نحویوں کے نزدیک وہ اسم معرف باللام اَیُّ کی صفت واقع ہوتا ہے۔ عند البعض اسم معرف باللام اَیُّ سے بدل واقع ہوتا ہے اور جو حضرات أَیُّهَا کو مرکب اضافی بناتے ہیں تو یہ درست نہیں ہے اس لئے کہ منادٰی مضاف منصوب ہوتا ہے تو اگر أَیُّهَا مرکب اضافی ہوتا تو یہ لفظا منصوب ہوتا۔

فائدہ نمبر(۵) قاعدہ نحویہ:

جو جمع مؤنث غیر عاقل ہو اس کی صفت جمع مؤنث بھی آسکتی ہے جیسے: جَنّٰتٍ مَّعْرُوْشٰتٍ اور اس کی صفت واحد مؤنث بھی آسکتی ہے۔ اور جو جمع مکسر ذوی العقول پر دال ہو اس کی صفت جمع مؤنث بھی آسکتی ہے اور واحد مؤنث بھی آسکتی ہے جیسے: فِیْهَاأَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ میں ہے۔ اور جب صفت کو موصوف پر مقدم کر دیا جائے تو پھر وہ ذوالحال اور حال کہلاتا ہے جیسے: فِیْهَا کَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال ہے اور أَزْوَاجٌ ذوالحال مؤخر ہے اور یہ اصل میں موصوف اور صفت تھے یہی وجہ ہے کہ اس صورت میں ذوالحال کا نکرہ ہونا جائز ہے حالانکہ ذوالحال محکوم علیہ ہوتا ہے اور محکوم علیہ معرفہ ہوتا ہے اور چونکہ ذوالحال اصل میں موصوف تھا مگر جب مؤخر ہو گیا تو ذوالحال بن جاتا ہے۔

فائدہ نمبر(۶) برائے أَمَّا اور إِمَّا:

جب اس شکل کا لفظ شروع کلام میں ہو تو أَمَّا ہوتا ہے اور جب اس شکل کا لفظ شرط اور تفصیل کے لئے ہو اس وقت بھی أَمَّا ہوتا ہے نیز جب اس شکل کے لفظ کے جواب میں فاء ہو تو أَمَّا ہوگا اور اگر اس شکل کا لفظ ایک جملہ میں مکرر ہو تو إِمَّا ہوگا جیسے: إِنَّا هَدَيْنٰهُ السَّبِيْلَ إِمَّا شَاكِرًا وَّإِمَّا كَفُوْرًا نیز اس شکل کے لفظ کے بعد اسی جملہ میں کلمہ أَوْ آجائے تو بھی إِمَّا ہوگا جیسا کہ کتب نحو میں تقسیم کلمہ کی وجہ حصر میں إِمَّا ہوتا ہے۔ اور یہ بات یاد رہے کہ جب إِمَّا مکرر ہو تو پہلے إِمَّا کا نام

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

تردیدیہ و تفصیلیہ ہے اور دوسرا اِمَّا عاطفہ ہوتا ہے اور اس سے پہلے واؤ زائدہ کا ہونا شرط ہے اور جو اَمَّا حرف شرط و تفصیل ہو اس کے اور اس کے بعد واقع ہونے والی فاء کے درمیان پانچ چیزوں میں سے ایک کے ساتھ فاصلہ ضروری ہے۔

(۱) مبتدا کا فاصلہ ہو جیسے: فَاَمَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا فَیَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ الْحَقُّ۔۔الخ میں ہے۔

(۲) خبر کا فاصلہ ہو جیسے: اَمَّا فِی الدَّارِ فَعَلِیٌّ۔

(۳) جملہ شرطیہ کا فاصلہ ہو جیسے: فَاَمَّآ اِنْ كَانَ مِنَ الْمُقَرَّبِیْنَ فَرَوْحٌ وَّرَیْحَانٌ وَّ جَنَّتُ نَعِیْمٍ۔

(۴) ایسے اسم منصوب کا فاصلہ ہو جو اَمَّا کے جواب کی وجہ سے منصوب ہو جیسے: فَاَمَّا الْیَتِیْمَ فَلَا تَقْهَرْ۔

(۵) ایسے ظرف کا فاصلہ ہو جو اَمَّا کا معمول ہو کیونکہ اَمَّا میں اس فعل کا معنی پایا جاتا ہے اَمَّا جس فعل کا قائم مقام ہے جیسے: اَمَّا الْیَوْمَ فَاِنِّیْ ذَاهِبٌ

اور اَمَّا تاکید اور شرط کے لئے آتا ہے اور کبھی اَمَّا کا قائم مقام واؤ ہو جاتا ہے جیسے: کہا جاتا ہے وَبَعْدُ یہ اصل میں اَمَّا بَعْدُ ہے اور فَاِمَّا تَرَیِنَّ مِنَ الْبَشَرِ اَحَدًا میں اِمَّا دو حرف سے مرکب ہے اِنْ شرطیہ اور مَا زائدہ سے مرکب ہے

فائدہ نمبر (۷) برائے مَاذَا:

مَاذَا کی چار ترکیبیں ہو سکتی ہیں۔

(۱) مَا استفہامیہ مبتدا ہو اور ذَا اسم اشارہ ہو اور ذَا کا مابعد ذَا سے بدل ہو یا عطف بیان ہو، دونوں مل کر خبر ہوں جیسے: مَاذَا الْوُقُوْفُ، مَا اسم استفہامیہ مبتدا ذَا الْوُقُوْفُ مبدل منہ بادل یا مبیّن اور عطف بیان مل کر خبر ہے۔

(۲) مَا استفہامیہ مبتدا ہو اور ذَا اسم موصول ہو اور بعد والی عبارت صلہ ہو جیسے: مَاذَا یَرْجِعُوْنَ مَا استفہامیہ مبتدا ذَا اسم موصول اور یَرْجِعُوْنَ اس کا صلہ ہے، موصول باصلہ خبر ہے۔

(۳) مَاذَا پورا مرکب استفہام ہو جیسے لِمَاذَا جِئْتَ

(۴) پورا مَاذَا اسم جنس بمعنی شَیْئًا ہو یا اسم موصول بمعنی اَلَّذِیْ ہو۔

علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے الاتقان میں اس کے دو استعمال دوسرے بھی ذکر کئے ہیں (۱) مَا زائدہ ہو اور ذَا اسم اشارہ ہو (۲) مَا استفہامیہ ہو اور ذَا زائدہ ہو۔

فائدہ نمبر (۸) برائے هَلْ:

هَلْ کا استعمال چار طریقوں پر ہوتا ہے۔

(۱) هَلْ: قَدْ کے معنی میں ہو جیسے: هَلْ اَتٰی عَلَى الْاِنْسَانِ حِیْنٌ مِّنَ الدَّهْرِ لَمْ یَكُنْ شَیْئًا مَّذْكُوْرًا میں ہے۔

(۲) هَلْ: استفہام کے معنی میں ہو جیسے: فَهَلْ وَجَدْتُّمْ مَّا وَعَدَ رَبُّكُمْ حَقًّا میں ہے۔

(۳) هَلْ: امر کے معنی میں ہو جیسے: فَهَلْ اَنْتُمْ مُّنْتَهُوْنَ کیونکہ یہ اِنْتَهُوْا کے معنی میں ہے۔

(۴) هَلْ: کبھی جحد کے معنی میں ہوتا ہے جیسے: هَلْ جَزَآءُ الْاِحْسَانِ اِلَّا الْاِحْسَانُ میں ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اورابن ہشام نے کلمہ ھَلْ کی دس خصوصیات بیان کی ہیں (۱) یہ طلب تصدیق کے لئے آتا ہے (۲) کلام موجب پر داخل ہوتا ہے۔(۳) مضارع پر داخل ہو تو اس کو مستقبل کے ساتھ خاص کرتا ہے۔(۴) شرط پر داخل نہیں ہوتا۔(۵) اِنْ شرطیہ پر داخل نہیں ہوتا۔(۶) ایسے اسم پر داخل نہیں ہوتا جس کے بعد فعل ہو۔(۷) حرف عطف کے بعد واقع ہوتا ہے۔(۸) اَمْ کے بعد واقع ہوتا ہے۔(۹) استفہام انکاری کے لئے آتا ہے سوائے ھَلْ جَزَآءُ الْاِحْسَانِ اِلَّا الْاِحْسَانُ کے۔(۱۰) اور یہ قَدْ کے معنی میں آتا ہے کمامرَّ۔

فائدہ نمبر(۹) برائے کَیْفَ:

کَیْفَ ایسا اسم ہے جو مبنی علی الفتح ہے اور اس کا استعمال اکثر استفہام کے لئے ہوتا ہے۔ پھر اگر اس کے بعد اسم واقع ہو تو یہ خبر مقدم ہوتا ہے جیسے: کَیْفَ اَنْتَ اور کَیْفَ کُنْتَ۔ اور اگر اس کے بعد فعل واقع ہو تو پھر کبھی اس فعل کے فاعل یا مفعول سے حال واقع ہوتا ہے جیسے: کَیْفَ جَآءَ اَخُوْکَ میں اَخُوْکَ سے حال مقدم ہے اور جیسے کَیْفَ اَکَلْتَ رَغِیْفًا میں رَغِیْفًا مفعول بہ کا حال واقع ہے۔ اور کبھی بواسطہ موصوف محذوف کے بعد والے فعل کا مفعول مطلق واقع ہوتا ہے جیسے: اَلَمْ تَرَ کَیْفَ فَعَلَ رَبُّکَ بِعَادٍ میں ہے اور یہ اَلَمْ تَرَ فِعْلًا کَائِنًا کَیْفَ کی تاویل میں ہو کر فَعَلَ کا مفعول مطلق ہے۔ اور اگر یہ افعال قلوب سے پہلے واقع ہو تو ان کا مفعول بہ ثانی مقدم بنتا ہے جیسے: کَیْفَ تَظُنُّ الْاَمْرَ اور یہ ترکیب میں جو بھی واقع ہو افعال عامہ کَوْنٌ "وُجُوْدٌ" ثُبُوْتٌ "حُصُوْلٌ" کا مفعول فیہ ہو کر واقع ہوتا ہے۔ اور کبھی کَیْفَ شرط کے لئے آتا ہے جیسے: کَیْفَ تَفْعَلُ اَفْعَلُ (جیسے تو کرے گا میں کروں گا)

فائدہ نمبر(۱۰) برائے اِذْ:

یہ ظرف زمان زمانہ ماضی کے لئے آتا ہے اور اس کے بعد جملہ واقع ہوتا ہے اور کبھی وہ جملہ حذف کر کے اس کے عوض تنوین لائی جاتی ہے اور اس کو تنوین عوض کہا جاتا ہے جیسے: یَوْمَئِذٍ یَّفْرَحُ الْمُؤْمِنُوْنَ میں ہے اور یہ اصل میں یَوْمَئِذْ غُلِبَتِ الرُّوْمُ یَفْرَحُ الْمُؤْمِنُوْنَ ہے۔

❁ کلمہ اِذْ عام طور پر ترکیب میں پانچ چیزوں میں سے ایک چیز واقع ہوتا ہے ❁

(۱) ظرف یعنی مفعول فیہ واقع ہوتا ہے جیسے: فَقَدْ نَصَرَہُ اللّٰہُ اِذْ اَخْرَجَہُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا میں اِذْ نَصَرَ کا مفعول فیہ ہے۔

(۲) اگر یہ آیات کے شروع میں واقع ہو تو مفعول بہ واقع ہوتا ہے جیسے: وَاِذِ ابْتَلٰٓی اِبْرٰھٖمَ رَبُّہٗ وغیرہ آیات میں ہے

(۳) ما قبل سے بدل واقع ہوتا ہے جیسے وَاذْکُرْ فِی الْکِتٰبِ مَرْیَمَ اِذِ انْتَبَذَتْ میں ہے اس میں کلمہ اِذْ مَرْیَمَ سے بدل ہے

(۴) مضاف الیہ واقع ہو جیسے: یَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ اَخْبَارَھَا میں اِذْ یَوْمَ کا مضاف الیہ ہے۔

(۵) اور کبھی اِذْ تعلیل کے لئے ہوتا ہے اور اس وقت اس سے ظرفیت والا معنی ختم ہو جاتا ہے۔

(۶) کبھی کلمہ اِذْ مفاجات یعنی اچانک کے معنی کے لئے استعمال ہوتا ہے اور اس صورت میں عام طور پر اس کے بعد بَیْنَ یا بَیْنَمَا واقع ہوتا ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اور جب کلمہ اِذْ مفاجات کے لئے استعمال ہو اس وقت اس کا اعراب کیا ہو گا تو اس کی تفصیل درج ذیل ہے

عند البعض ظرف زمان و عند البعض ظرف مکان و عند البعض مفاجات کے معنی میں حرف و عند البعض حرف توکید یعنی زائد ہے۔ پھر قائلین ظرفیت میں سے ابن جنی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک اِذْ مفاجاتیہ کا عامل اس کے بعد واقع ہونے والا فعل ہے اور بَیْنَ اور بَیْنَمَا کا عامل محذوف ہے فعل مذکور اس کی تفسیر کرتا ہے والتفصیل فی مغنی اللبیب۔

اور ایک اِذَا مفاجاتیہ ہوتا ہے اور اس کے بارے میں نحویوں کے تین مذاہب ہیں

(۱) سیبویہ کا مذہب: یہ ہے کہ یہ ظرف مکان یا ظرف زمان ہے اور یہ خبر کا مفعول فیہ ہوتا ہے اور ہم نے اعراب القرآن میں اسی کو اختیار کیا ہے۔

(۲) اہل بصرہ کی ایک جماعت کا مذہب: ان کے نزدیک اِذَا ظرف زمان ہے اور خبر کا مفعول فیہ مقدم ہوتا ہے۔

(۳) اہل کوفہ کا مذہب: یہ ہے کہ اِذَا حرف ہے اور ترکیب میں کچھ نہیں بنتا۔

اور اِذَا مفاجاتیہ جملہ اسمیہ کے ساتھ خاص ہے اور یہ ابتداء کلام میں واقع نہیں ہوتا اور اس کا معنی حال کا ہوتا ہے نہ کہ مستقبل جیسا کہ فَاِذَا هِیَ حَیَّةٌ تَسْعٰی میں ہے۔

فائدہ نمبر (۱۱) برائے اسمائے شرط:

اسمائے شرط میں سے کلمہ مَنْ کے بعد اگر فعل لازم واقع ہو تو یہ مبتدا واقع ہوتا ہے جیسے: مَنْ یَّذْهَبْ اَذْهَبْ مَعَهٗ اسی طرح اگر اس کے بعد فعل متعدی واقع ہو اور اس کا مفعول بہ مذکور ہو تو اس وقت بھی یہ مبتدا بنتا ہے جیسے: مَنْ تَبِعَ هُدَایَ فَلَا خَوْفٌ... الخ میں ہے۔ پھر عند البعض اس کی خبر فعل شرط ہوتا ہے پھر مبتدا اور خبر مل کر شرط بنتے ہیں۔ اور عند البعض جملہ جزائیہ اس کی خبر واقع ہوتا ہے اور عند البعض فعل شرط و جزاء کا مجموعہ اس کی خبر واقع ہوتا ہے اور بحمد اللہ فقیر نے معارف البیان فی اعراب القرآن میں اسی قول کو معمول بہ بنایا ہے۔

☆ اور اگر مَنْ کے بعد فعل متعدی واقع ہو اور اس کا مفعول بہ مذکور نہ ہو تو اس وقت یہ فعل شرط کا مفعول بہ مقدم واقع ہوتا ہے جیسے: وَمَنْ یُّهِنِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ مُّكْرِمٍ میں کلمہ مَنْ فعل یُھِنْ کا مفعول بہ مقدم ہے۔

☆ اور مَا کی ترکیب مَنْ کی مثل ہے۔

☆ اور مَهْمَا اور حَیْثُمَا اور مَتٰی اور اَیَّانَ اور اَیْنَ اور اَنّٰی ظرف زمان محلاً منصوب ہوتے ہیں۔ اور فعل شرط کا مفعول فیہ مقدم ہوتے ہیں۔

☆ اور کَیْفَمَا فعل شرط کے فاعل سے حال ہوتا ہے۔

☆ اور اَیٌّ کا اعراب مضاف الیہ کے مطابق ہوتا ہے اگر مضاف الیہ ظرف ہو تو یہ مفعول فیہ بنتا ہے اور اگر مضاف الیہ مصدر ہو تو مفعول مطلق بنتا ہے اور اگر مضاف الیہ ظرف اور مصدر نہ ہو تو پھر یہ مفعول بہ مقدم بنتا ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فائدہ: اَیٌّ کا استعمال چھ (۶) طریقوں پر ہوتا ہے

(۱) اَیٌّ اسم شرط جازم ہو اس کے اعراب کی تفصیل اوپر لکھی جاچکی ہے۔

(۲) اَیٌّ اسم موصول ہو اور یہ معرب ہوتا ہے اور اس کا اعراب عامل کے مطابق ہوتا ہے لیکن اگر یہ مضاف ہو اور اس کے صلہ کا پہلا جزء محذوف ہو تو اس وقت یہ مبنی بر ضمہ ہوتا ہے۔

(۳) اَیٌّ اسم استفہام ہو جیسے: اَیُّھُمْ یَکْفُلُ مَرْیَمَ میں ہے اور اس کا حکم اس اَیٌّ کی مثل ہے جو اسم موصول ہوتا ہے۔

(۴) اگر یہ نکرہ کے بعد واقع ہوتا ہے تو صفت واقع ہوتا ہے اگر معرفہ کے بعد واقع ہو تو حال واقع ہوتا ہے۔

(۵) اَیٌّ معرف باللام کی نداء کا وسیلہ ہو جیسے: یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا میں ہے۔

(۶) اَیٌّ تعجب کے لئے ہوتا ہے جیسے: سُبْحَانَ اللّٰہِ اَیُّ رَجُلٍ ھٰذَا میں ہے۔

فائدہ نمبر (۱۲) مَا اسم شرط کے علاوہ بھی مَا کی دیگر قسمیں ہیں:

(۱) مَا کافہ: جو اِنَّ وغیرہ کو عمل سے روکتی ہے جیسے: اِنَّمَا اِلٰھُکُمْ اِلٰہٌ وَّاحِدٌ میں ہے۔

(۲) مَا زائدہ: جیسے: مِمَّا خَطِیْئٰتِھِمْ میں ہے۔

(۳) مَا موصولہ: جیسے: بِمَا کَسَبَتْ اَیْدِی النَّاسِ میں ہے۔

(۴) مَا مصدریہ: جیسے: بِمَا کَانُوْا یَکْسِبُوْنَ میں ہے۔

(۵) مَا استفہامیہ اور یہ تین صورتوں میں مبتدا ہونے کی بناء پر محلاً مرفوع ہوتا ہے (۱) جب اس کے بعد اسم ہو جیسے: مَا لَیْلَۃُ الْقَدْرِ (۲) جب اس کے بعد فعل لازم ہو جیسے: مَا یَقُوْمُ مَقَامَکَ (کونسی چیز تیرے قائم مقام ہے) (۳) جب اس کے بعد ایسا فعل متعدی ہو جس کا مفعول مذکور ہو جیسے: مَا حَمَلَکَ عَلٰی ذٰلِکَ اور اگر اس کے بعد ایسا فعل متعدی ہو جس کا مفعول مذکور نہ ہو تو یہ محلاً منصوب اس کا مفعول بہ مقدم ہوتا ہے جیسے: مَا قَرَأْتَ اور اگر اس کے بعد فعل ناقص آجائے تو محلاً منصوب خبر مقدم ہوتی ہے جیسے: مَا کَانَ شَانُکَ۔

(۶) مَا حجازیہ: اس کی تفصیل آئندہ اسباق میں مذکور ہے۔

(۷) مَا نافیہ مہملہ: اس کا مابعد مبتدا اور خبر ہونے کی وجہ سے مرفوع ہوتی ہے جیسے: مَا عَلَی الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلٰغُ میں ہے

(۸) مَا موصوفہ: جیسے: مَرَرْتُ بِمَا یُعْجِبُ لَکَ۔

(۹) مَا صفت: جیسے: اَکْرَمْتُہٗ بِوَجْہٍ مَّا اَیْ وَجْہٍ۔

(۱۰) مَا تامہ: جو کہ صلہ و موصوف کی محتاج نہیں ہوتی جیسے: اِنْ تُبْدُوا الصَّدَقٰتِ فَنِعِمَّا ھِیَ۔

فائدہ نمبر (۱۳) برائے جمع شرط و قسم:

جب شرط اور قسم جمع ہو جائیں اور قسم مقدم ہو تو اس وقت مذکورہ جواب قسم کا جواب ہوگا اور شرط کا جواب محذوف ہوتا ہے جس پر جواب قسم دال ہوتا ہے اور اس کی مثالیں قرآن میں بہت ہیں۔ جیسے لَئِنْ اُخْرِجُوْا لَا یَخْرُجُوْنَ مَعَھُمْ میں ہے لَا یَخْرُجُوْنَ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جواب قسم ہے کیونکہ اگر جواب شرط ہوتا تو بحذف النون مجزوم ہوتا۔

فائدہ نمبر(۱۴) برائے مَا زائدہ:

مَا متعدد مقامات میں زائد ہوتا ہے

(۱) حرف جر کے بعد جیسے: مِمَّا خَطِیْٓئٰتِهِمْ میں ہے۔

(۲) اس جار کے بعد زائد ہوتا ہے جو اسم ہو جیسے: اَیَّمَا الْاَجَلَیْنِ قَضَیْتُ میں ہے۔

(۳) حرف جازم کے بعد زائد ہوتا ہے جیسے: اَیًّا مَّا تَدْعُوْا میں ہے۔

(۴) کلمات شرط کے بعد زائد ہوتا ہے خواہ وہ جازم ہو جیسے: اَیْنَ مَا تَكُوْنُوْا یُدْرِكْكُّمُ الْمَوْتُ میں ہے یا جازم نہ ہو جیسے: حَتّٰۤى اِذَا مَا جَآءُوْهَا شَهِدَ عَلَیْهِمْ سَمْعُهُمْ میں ہے۔

(۵) متبوع اور تابع کے درمیان زائد ہوتا ہے جیسے: مَثَلًا مَّا بَعُوْضَةً میں ہے۔

☆ **فائدہ** ☆ مَا موصولہ اور استفہامیہ اور مصدریہ اور نافیہ کے درمیان پہچان کا طریقہ یہ ہے کہ جہاں مَا کے بعد لَیْسَ، لَمْ، لَا ہو یا اس سے پہلے اِلَّا ہو تو وہ مَا موصولہ ہو گا جیسے: مَا لَیْسَ لِیْ بِحَقٍّ "مَا لَا یَعْلَمُوْنَ وغیرہ۔ اور جس جگہ مَا کاف تشبیہ کے بعد واقع ہو تو وہ مَا مصدریہ ہو گا۔ اور جس جگہ مَا حرف باء کے بعد واقع ہو وہاں اس کے موصولہ اور مصدریہ دونوں ہونے کا احتمال ہوتا ہے جیسے: بِمَا كَانُوْا یَظْلِمُوْنَ میں ہے۔ اور جس جگہ مَا ایسے دو فعلوں کے درمیان واقع ہو کہ ان میں سے پہلا فعل علم یا درایت یا نظر کے باب سے ہو اس جگہ میں مَا کے موصولہ اور استفہامیہ دونوں کا احتمال ہوتا ہے جیسے: مَا اَدْرِیْ مَا یُفْعَلُ بِیْ وَلَا بِكُمْ۔ اور جس مقام میں مَا اِلَّا سے پہلے ہو وہ مَا عام طور پر نافیہ ہوتا ہے۔

فائدہ نمبر(۱۵) برائے ہمزہ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ:

جب ھَمزہ استفہام اور حرف عطف جمع ہو جائیں جیسا کہ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ میں جمع ہیں تو اس ھَمزہ کے بارے میں دو مذہب ہیں۔

(۱) امام سیبویہ فرماتے ہیں کہ نیت میں ھَمزہ حرف عطف سے مؤخر ہے مگر چونکہ یہ صدارتِ کلام چاہتا ہے اس لئے ھَمزہ کو حرف عطف پر مقدم کیا گیا۔

(۲) اور علامہ زمخشری کا مذہب یہ ہے کہ فی الحقیقت تقدیم و تاخیر نہیں ہے ھَمزہ کے بعد واقع ہونے والا حرف عطف اپنی جگہ میں واقع ہے اور ھَمزہ اور حرف عطف کے درمیان ایک ایسا جملہ مقدر ہے جس پر بعد کے جملہ کا عطف درست ہے مثلاً یہاں تقدیر عبارت ہو گی اَتَفْعَلُوْنَ یا اَتَغْفُلُوْنَ فَلَا تَعْقِلُوْنَ۔

فائدہ نمبر(۱۶) برائے فَاء:

فَاء کی کئی قسمیں ہیں (۱) فَاء عاطفہ (۲) فَاء استینافیہ (۳) فَاء جزائیہ جو شرط کی جزاء پر داخل ہوتی ہے (۴) فَاء زائدہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

(۵) فَاء فصیحہ اور یہ شرط مقدر کے جواب پر واقع ہوتی ہے اور اس کا ماقبل مابعد کے لئے سبب ہوتا ہے اور جملہ فعلیہ میں فَاء اکثر فصیحہ ہوتی ہے (۶) فَاء تفریعیہ

فائدہ نمبر (۱۷) برائے ترکیب فَلَوْلَا فَضْلُ اللهِ عَلَيْكُمْ:

ایک لَوْلَا تحضیضیہ ہوتا ہے اور ایک لَوْلَا امتناعیہ ہوتا ہے۔ اور لَوْلَا امتناعیہ جملہ اسمیہ خبریہ کے ساتھ خاص ہے اور اس کے بعد واقع ہونے والا اسم مبتدا ہوتا ہے اور اس کی خبر واجب الحذف ہوتی ہے۔ پھر اگر کلام مثبت ہو تو لَوْلَا کے جواب پر دخول لَام کثیر ہوتا ہے جیسے: فَلَوْلَا فَضْلُ اللهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهُ لَكُنْتُمْ مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ اور اگر کلام منفی ہو تو دیکھا جائے گا کہ اگر کلام میں حرف نفی مَا ہو تو لَوْلَا کے جواب سے لَام حذف ہوتا ہے جیسا کہ متنبی کا شعر ہے۔

✿ لَوْلَا مُفَارَقَةُ الْاَحْبَابِ مَا وَجَدَتْ ✿ لَهَا الْمَنَايَا اِلٰى اَرْوَاحِنَا سُبُلًا ✿

(اگر دوستوں کی جدائی (موجود) نہ ہوتی تو اس کے لئے موتیں ہماری روحوں کی طرف راستہ نہ پاتیں)

تو اس میں مَا وَجَدَتْ جواب ہے اور اس پر لَام جوابیہ داخل نہیں ہے۔ اور اگر کلام میں حرف نفی مَا کے علاوہ کوئی دیگر حرف ہو تو اس وقت لَوْلَا کے جواب سے لَام کو حذف کرنا واجب ہے تا کہ دو لَام جمع نہ ہو جائیں جیسا کہ ایک شعر ہے۔

✿ عُوْجِيْ عَلَيْنَا رَبَّةَ الْهَوْدَجِ ✿ لَوْلَاكِ فِيْ ذَا الْعَامِ لَمْ اَحْجُجِ ✿

(ہم پر ٹھہر جائے ھودج کی مالک اگر تو موجود نہ ہوتی تو میں اس سال میں حج نہ کرتا)

فائدہ نمبر (۱۸) برائے مَا حجازیہ:

مَا حجازیہ یہ وہی مَا مشابہ بلیس ہے اور اس کا نام حجازیہ اس لئے ہے کہ یہ اہل حجاز کی لغت میں لَيْسَ کا عمل کرتی ہے اور بنو تمیم کی لغت میں یہ مَا نافیہ مُہملہ ہے اور مَا حجازیہ کے عمل کرنے کی چار شرطیں ہیں۔

(۱) اس کی خبر اس کے اسم پر مقدم نہ ہو ورنہ یہ عمل نہیں کرے گی۔

(۲) اس کی خبر کا معمول اس کے اسم پر مقدم نہ ہو ورنہ یہ مہمل ہوگی جیسے: مَا بِكَ اَنَا مُنْتَصِرٌ

(۳) مَا کے بعد حرف اِنْ زائدہ نہ ہو ورنہ عمل نہیں کرے گی۔

(۴) مَا کی نفی اِلَّا کے ساتھ ختم نہ ہوئی ہو ورنہ یہ عمل نہیں کرے گی۔ جیسے: وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ میں مَا حرف مہمل ہے اور مَا حجازیہ کا عمل یہ ہے کہ یہ اسم کو رفع اور خبر کو نصب دیتی ہے۔

فائدہ نمبر (۱۹) برائے لفظ وَيْلٌ:

جب یہ اسم کسی دوسرے اسم کی طرف مضاف ہو تو اس وقت یہ مفعول مطلق ہونے کی بناء پر منصوب ہوتا ہے اور اس کا عامل ناصب مقدر ہوتا ہے۔ اور جب یہ مضاف نہ ہو تو پھر اس میں احسن وجہ مبتدا ہونے کی بناء پر رفع ہے اور نکرہ ہونے کے باوجود اس کا مبتدا ہونا اس لئے جائز ہے کہ اس میں دعا والا معنی پایا جاتا ہے تو اس میں تخصیص آجاتی ہے۔ اور اگر یہ جہنم کی وادی کا نام

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ہو تو پھر یہ معرفہ ہے تو پھر اس لئے بھی اس کا مبتدا بننا درست ہو جاتا ہے۔

فائدہ نمبر(۲۰) برائے افعال مدح وذم کی ترکیب:

افعال مدح وذم جس جملہ میں واقع ہوں اس جملہ کی چار ترکیبیں ہو سکتی ہیں مثال کے طور پر نِعْمَ الْعَبْدُ اَیُّوْبُ جملہ کی تراکیب اربعہ اس طرح ہوں گی۔

(۱) نِعْمَ الْعَبْدُ فعل بافاعل مل کر جملہ انشائیہ خبر مقدم اور اَیُّوْبُ مخصوص بالمدح مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔

(۲) نِعْمَ فعل مدح اَلْعَبْدُ مبیّن اَیُّوْبُ عطف بیان، دونوں مل کر فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔ ان دو ترکیبوں کے مطابق پوری مثال ایک جملہ ہے۔

(۳) نِعْمَ الْعَبْدُ فعل اور فاعل مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہے اور اَیُّوْبُ مبتدا محذوف هُوَ کی خبر ہے، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

(۴) نِعْمَ الْعَبْدُ فعل اور فاعل مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔ اور اَیُّوْبُ مبتدا ہے اور خبر محذوف ہے مَمْدُوْحٌ، مبتدا اور خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ ان دو ترکیبوں کے مطابق یہ مثال دو جملے ہیں۔

اور افعال مدح وذم چار ہیں نِعْمَ "حَبَّذَا" بِئْسَ "سَآءَ" اور یہ غیر متصرف افعال ہیں یعنی ان کی گردان نہیں ہوتی (اور ان کا تثنیہ وجمع بھی نہیں آتا)

اور کبھی مخصوص بالمدح اور مخصوص بالذم کو حذف کر دیا جاتا ہے جیسے: وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا فَنِعْمَ الْمٰهِدُوْنَ یہ اصل میں نِعْمَ الْمٰهِدُوْنَ نَحْنُ ہے اور نَحْنُ کے حذف کا قرینہ وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا ہے اور کبھی ان افعال کا فاعل ایسی ضمیر ہوتی ہے جس کی تمیز نکرہ منصوب ہوتی ہے جیسے: سَآءَتْ مُرْتَفَقًا میں ہے۔ مگر اس حکم سے حَبَّذَا مستثنیٰ ہے

فائدہ نمبر(۲۱) برائے ترکیب لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ:

اس کی ترکیب میں علماء کے مختلف اقوال ہیں

قول نمبر۱: لَا کی خبر محذوف ہے اصل عبارت ہے لَآ اِلٰهَ مَوْجُوْدٌ اور اِلَّا اللّٰهُ لَا کے اسم کے محل سے بدل ہے

قول نمبر۲: اور زمخشری فرماتے ہیں کہ لَا کی خبر محذوف نہیں ہے بلکہ اصل عبارت ہی اَللّٰهُ اِلٰهٌ ہے اور یہ مبتدا اور خبر ہے پھر کلمہ حصر پایا گیا اور خبر کو اسم پر مقدم کیا گیا اور خبر کو لَا کے ساتھ مرکب کیا گیا جیسا کہ لَا رَجُلٌ فِی الدَّارِ میں مبتدا کو لَا کے ساتھ مرکب کیا گیا ہے۔

قول نمبر۳: اور علامہ حلبی فرماتے ہیں کہ لَا کی خبر محذوف ہے اور لفظ اَللّٰهُ لَا کے اسم کے محل سے بدل نہیں ہے بلکہ لَا کی خبر مَوْجُوْدٌ جو محذوف ہے اس میں جو هُوَ ضمیر مستتر ہے لفظ اللّٰهُ اس سے بدل ہے۔

فائدہ نمبر(۲۲) برائے حَتّٰی:

حَتّٰی کی کئی قسمیں ہیں

(۱) حَتّٰی انتہائے غایت کے لئے ہوتا ہے اور اس صورت میں اگر یہ اسم پر داخل ہو تو اس کو جر دیتا ہے جیسے: هِیَ حَتّٰی مَطْلَعِ الْفَجْرِ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اور اگر فعل مضارع پر داخل ہو تو اس کے بعد اَنْ مقدر ہوتا ہے اور اس کو نصب دیتا ہے جیسے: حَتّٰی یَتَبَیَّنَ لَکُمُ الْخَیْطُ الْاَبْیَضُ

(۲) حَتّٰی عاطفہ ہے۔

(۳) حَتّٰی ابتدائیہ ہے امام فراء کے بارے میں آتا ہے کہ جب ان کی موت کا وقت آیا تو انہوں نے فرمایا اَمُوْتُ وَفِیْ قَلْبِیْ شَیْءٌ مِنْ حَتّٰی

فائدہ نمبر(۲۳) برائے لَمَّا:

لَمَّا کا استعمال تین (۳) طریقوں پر ہے

(۱) اگر یہ مضارع پر داخل ہو تو اس کو جزم دیتا ہے اور مضارع کو ماضی کے معنی میں بنا دیتا ہے جیسے: لَمَّا یَقْضِ مَآ اَمَرَہٗ۔

(۲) اگر یہ ماضی پر داخل ہو تو عند البعض یہ ظرف ہوتا ہے اور حِیْنَ کے معنی میں ہوتا ہے اور عند البعض یہ دو جملوں کے درمیان ربط پیدا کرنے والا حرف ہے اور ہم نے دوران ترکیب یوں لکھا ہے لَمَّا ظرفیہ متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم۔

(۳) حرف استثناء ہوتا ہے اس وقت یہ جملہ اسمیہ پر داخل ہوتا ہے جیسے: اِنْ کُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَیْھَا حَافِظٌ اور وَاِنْ کُلُّ ذٰلِکَ لَمَّا مَتَاعُ الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا

فائدہ نمبر(۲۴) برائے حرف اَوْ:

یہ حرف عطف ہے صاحب مغنی اللبیب نے اس کے بارہ (۱۲) معانی لکھے ہیں

(۱) شک: یعنی سامع نے جس چیز کا ارادہ کیا ہے اس میں شک ڈالنے کے لئے اور متکلم کو وہ چیز معلوم ہو جیسے: وَاَرْسَلْنٰہُ اِلٰی مِائَۃِ اَلْفٍ اَوْ یَزِیْدُوْنَ۔

(۲) تخییر: یہ تخییر کے لئے آتا ہے جیسے: سورۃ مائدہ میں ہے فَکَفَّارَتُہٗٓ اِطْعَامُ عَشَرَۃِ مَسٰکِیْنَ مِنْ اَوْسَطِ مَا تُطْعِمُوْنَ اَھْلِیْکُمْ اَوْ کِسْوَتُھُمْ اَوْ تَحْرِیْرُ رَقَبَۃٍ میں حرف اَوْ تخییر کے لئے ہے۔

(۳) اباحت کے لئے: جیسے: وَلَا تُطِعْ مِنْھُمْ اٰثِمًا اَوْ کَفُوْرًا میں ہے۔

(۴) تقسیم اور تنویع کے لئے آتا ہے۔ جیسا کہ سورۃ مائدہ کی آیت نمبر 33 اِنَّمَا جَزٰٓؤُا الَّذِیْنَ یُحَارِبُوْنَ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ وَیَسْعَوْنَ فِی الْاَرْضِ فَسَادًا اَنْ یُّقَتَّلُوْٓا اَوْ یُصَلَّبُوْٓا اَوْ تُقَطَّعَ اَیْدِیْھِمْ وَاَرْجُلُھُمْ مِّنْ خِلَافٍ اَوْ یُنْفَوْا مِنَ الْاَرْضِ میں ہے کیونکہ اس میں محاربین کی سزا ان کے جرائم پر تقسیم کی گئی ہے۔

(۵) مخاطب کی طرف ابہام (دریافت طلب بات) کے معنی میں آتا ہے جیسے: وَاِنَّآ اَوْ اِیَّاکُمْ لَعَلٰی ھُدًی اَوْ فِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ۔

(۶) اجمال کے بعد تفصیل کے لئے آتا ہے جیسے: قَالُوْا کُوْنُوْا ھُوْدًا اَوْ نَصٰرٰی۔

(۷) مطلق جمع کے لئے آتا ہے جیسے: لَعَلَّہٗ یَتَذَکَّرُ اَوْ یَخْشٰی۔

(۸) اِلَّا یا اِلٰی کے معنی میں ہوتا ہے اور اس وقت اس کے بعد اَنْ مقدر ہوتا ہے اور مضارع کو نصب دیتا ہے (والتفصیل فی مغنی اللبیب)

فائدہ نمبر(۲۵) برائے مفعول مطلق:

مفعول مطلق کی تعریف اور اس کی پہچان کے لئے کتب نحو کی طرف رجوع کیا جائے یہاں چند اہم باتیں لکھنے پر اکتفاء کیا جاتا ہے۔

چند چیزیں مصدر کے قائم مقام ہوتی ہیں پھر ان کو مصدر کا حکم دیا جاتا ہے اور وہ مفعول مطلق بنتی ہے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

(۱) اسم مصدر ہے جیسے: اَعْطَنِیْ زَیْدٌ عَطَآءً میں ہے۔

(۲) مصدر کی صفت مصدر کے قائم مقام ہوتی ہے جیسے: اُذْکُرُوا اللّٰہَ کَثِیْرًا یہ اصل میں ذِکْرًا کَثِیْرًا ہے۔

(۳) مصدر کی طرف لوٹنے والی ضمیر مصدر کے قائم مقام ہوتی ہے جیسے: فَاِنِّیْٓ اُعَذِّبُہٗ عَذَابًا لَّآ اُعَذِّبُہٗٓ اَحَدًا مِّنَ الْعٰلَمِیْنَ میں ہے۔

(۴) مصدر کا مرادف اس کا قائم مقام ہوتا ہے فَرِحَ زَیْدٌ جَذْلًا

(5) مجرد کا مصدر مزید مصدر کے قائم مقام ہوتا ہے اور دونوں کا معنی ایک ہو جیسے: اَنْبَتَکُمْ نَبَاتًا میں ہے۔

(۶) مصدر کی نوع پر دلالت کرنے والا اسم مصدر کے قائم مقام ہوتا ہے جیسے: رَجَعَ فُلَانٌ الْقَھْقَرٰی میں ہے۔

(۷) مصدر کے آلہ پر جو اسم دلالت کرے جیسے: ضَرَبْتُ اللِّصَّ سَوْطًا میں ہے۔

(۸) اَیٌّ مصدر کے قائم مقام ہوتا ہے اور مفعول مطلق واقع ہوتا ہے جیسے: سَیَعْلَمُ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْٓا اَیَّ مُنْقَلَبٍ یَّنْقَلِبُوْنَ

(۹) جو اسم مصدر کے عدد پر دلالت کرے وہ مصدر کے قائم مقام ہوتا ہے فَاجْلِدُوْا کُلَّ وَاحِدٍ مِّنْھُمَا مِائَۃَ جَلْدَۃٍ میں ہے

(۱۰) لفظ کُلٌّ اور بَعْضٌ کو مصدر کی طرف مضاف کر دیا جاتا ہے جیسے: فَلَا تَمِیْلُوْا کُلَّ الْمَیْلِ

(۱۱) اسم اشارہ بشرطیکہ اس کے ساتھ مصدر کی طرف اشارہ کیا گیا ہو جیسے: اِجْتَھَدْتُ ذٰلِکَ الْاِجْتِھَادِ

(۱۲) کمال کے معنی پر دلالت کرنے والا اَیٌّ مصدر کے قائم مقام ہوتا ہے اور مفعول مطلق واقع ہوتا ہے بشرطیکہ اَیٌّ مصدر کی طرف مضاف ہو یعنی اگر اَیٌّ نکرہ کے بعد آئے گا تو اس کی صفت ہو گا اور اگر معرفہ کے بعد آئے گا تو اس کا حال ہو گا جیسے: مَرَرْتُ بِعَبْدِ اللّٰہِ اَیَّ رَجُلٍ میں حال ہے۔

فائدہ: مفعول مطلق کے عامل کی کئی قسمیں ہیں

(۱) مفعول مطلق کا عامل یا تو ایسا مصدر ہو گا جو لفظاً اور معنیً اس کی مثل ہو گا جیسے: فَاِنَّ جَھَنَّمَ جَزَآؤُکُمْ جَزَآءً مَّوْفُوْرًا میں ہے اس لئے کہ اس میں جَزَآءً مفعول مطلق ہے اس کا عامل جَزَآؤُکُمْ ہے اور وہ جَزَآءً کی مثل مصدر ہے۔

(۲) مفعول مطلق کا عامل ایسا مصدر ہو گا جو لفظاً اس کی مثل ہو گا اور معنیً اس کی مثل نہیں ہو گا جیسے: اَعْجَبَنِیْ اِیْمَانُکَ تَصْدِیْقًا میں ہے اس میں تَصْدِیْقًا ایمان کا مفعول مطلق ہے۔

(۳) مفعول مطلق کا عامل ایسا فعل ہو گا کہ مفعول مطلق اور فعل کا معنی اور باب ایک ہو گا جیسے: خَرَجْتُ خُرُوْجًا میں ہے۔

(۴) مفعول مطلق کا عامل ایسا فعل ہو گا کہ مفعول مطلق اور فعل کا معنی ایک ہو گا مگر باب مختلف ہو گا جیسے: اَنْبَتَ اللّٰہُ نَبَاتًا میں ہے۔

(۵) مفعول مطلق کا عامل ایسا فعل ہو گا کہ مفعول مطلق اور فعل کا معنی ایک ہو گا مگر مادہ اور لفظ مختلف ہو گا جیسے: قَعَدْتُ جُلُوْسًا میں ہے۔

فائدہ نمبر (۲۶) برائے مباحث شرط و جزاء:

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

صاحب کافیہ نے شرط جزاء کے کلمات گیارہ (۱۱) ذکر کئے ہیں

(۱)اِنْ (۲) مَهْمَا (۳) اِذْمَا (۴) اِذَامَا (۵) حَيْثُمَا (۶) اَيْنَ (۷) مَتٰى (۸) مَا (۹) مَنْ(۱۰)اَيٌّ(۱۱) اَنّٰى

اوران کوکلم المجازاۃ کہا جاتا ہے اوران میں سے اصل حرف اِنْ ہے اورباقی کلمات شرط حرف اِنْ کے معنی کو متضمن ہونے کی وجہ سے شرط وجزاء کے کلمات میں شمار ہوتے ہیں اور کلم المجازاۃ ایسے دو فعلوں پر داخل ہوتے ہیں کہ ان میں سے پہلا سبب ہوتا ہے اور دوسرا مسبب ہوتا ہے۔ پھر پہلے فعل کا نام شرط ہے اس وجہ سے کہ وہ فعل ثانی کے متحقق ہونے کے لئے شرط ہے، اور دوسرے فعل کا نام جزاء رکھا جاتا ہے اس وجہ سے کہ فعل ثانی کا وجود فعل اول پر مبنی ہے جیسا کہ فعل کی جزاء وبدلہ وجود فعل پر مبنی ہوتا ہے پھر اگر شرط وجزاء دونوں فعل مضارع ہوں یا شرط فعل مضارع ہو تو صورت اولی میں شرط وجزاء میں اور صورت ثانیہ میں فقط شرط میں مضارع پر جزم واجب ہے۔ اوراگر فقط جزاء فعل مضارع ہو تو اس وقت جزاء میں جزم اوررفع دونوں جائز ہیں اور جزم غالب ہے اور عند الکوفیین اس صورت میں بھی رفع واجب ہے۔

❁ باقی رہی یہ بات کہ شرط وجزاء کا عامل جازم کون ہے تو اس بارے آئمہ نحو کا اختلاف ہے ❁

(۱)امام سیرافی کے نزدیک شرط وجزاء دونوں میں حرف شرط عامل ہے۔

(۲)امام خلیل ومبرد کے نزدیک حرف شرط عامل ہے شرط میں پھر یہ دونوں جزاء میں عامل ہیں۔

(۳)اور کوفیوں کے نزدیک شرط حرف شرط کی وجہ سے مجزوم ہے اور جزاء شرط کا پڑوسی ہونے کی وجہ مجزوم ہے۔

(۴)اورامام مازنی کے نزدیک شرط وجزاء دونوں مبنی ہیں (الحواشی الجدیدہ علی الکافیہ)

❁ چند مقامات ایسے ہیں جن میں جزاء پر دخول فاء واجب ہے ❁

(۱)جب جزاء جملہ اسمیہ خبریہ ہو جیسے:وَاِنْ يَّمْسَسْكَ بِخَيْرٍ فَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ میں ہے۔

(۲)جب جزاء امر یا نہی جملہ انشائیہ ہو جیسے:اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ۔

(۳)جب جزاء فعل ماضی ہو اور قَدْ کے ساتھ ملی ہوئی ہو جیسے:اِنْ يَّسْرِقْ فَقَدْ سَرَقَ اَخٌ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ۔

(۴)جب جزاء ایسا جملہ ہو جس کا فعل جامد ہو جیسے:اِنْ تَرَنِ اَنَا اَقَلَّ مِنْكَ مَالًا وَّوَلَدًا فَعَسٰى رَبِّيْ۔۔۔الخ

(۵)جب جزاء ایسا جملہ فعلیہ ہو جس کے شروع میں مَا ہو جیسے:اِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَمَا سَاَلْتُكُمْ مِّنْ اَجْرٍ

(۶)جب جزاء ایسا جملہ فعلیہ ہو جس کے شروع میں لَنْ ہو جیسے:وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ فَلَنْ تُكْفَرُوْهُ

(۷) جب جزاء ایسا جملہ فعلیہ ہو جس کے شروع میں سین ہو جیسے:وَمَنْ يَّسْتَنْكِفْ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَيَسْتَكْبِرْ فَسَيَحْشُرُهُمْ اِلَيْهِ جَمِيْعًا

(۸)جب جزاء ایسا جملہ فعلیہ ہو جس کے شروع میں سَوْفَ ہو جیسے:وَاِنْ خِفْتُمْ عَيْلَةً فَسَوْفَ يُغْنِيْكُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ

(۹)جزاء ایسا جملہ فعلیہ ہو جس کے شروع میں کَاَنَّمَا ہو جیسے:مَنْ قَتَلَ نَفْسًا بِغَيْرِ نَفْسٍ اَوْ فَسَادٍ فِي الْاَرْضِ فَكَاَنَّمَا قَتَلَ النَّاسَ جَمِيْعًا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

(۱۰) جزاء ایسا جملہ فعلیہ ہو جس کے شروع میں رُبَّ ہو جیسے: إِنْ تَجِئْ فَرُبَّمَا أَجِیْ۔

(۱۱) جزاء ایسا جملہ فعلیہ ہو جس کے شروع میں حرف شرط ہو جیسے: إِنْ كَانَ كَبُرَ عَلَيْكَ إِعْرَاضُهُمْ فَإِنِ اسْتَطَعْتَ أَنْ تَبْتَغِيَ۔۔۔ الخ

(۱۲) جب جزاء جملہ دعائیہ ہو جیسے: إِنْ أَكْرَمْتَنِيْ فَجَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرًا۔

(۱۳) اور اگر جزاء ایسا فعل ماضی ہو جس پر حرف قَدْ نہ لفظاً ہو اور نہ مقدر ہو تو اس پر دخول فاء جائز نہیں جیسے: إِنْ خَرَجْتَ خَرَجْتُ۔

(۱۴) اور اگر جزاء مضارع مثبت ہو تو دخول فاء وعدم دخول دونوں جائز ہیں وَمَنْ عَادَ فَيَنْتَقِمُ اللّٰهُ مِنْهُ اور وَإِنْ يَكُنْ مِنْكُمْ أَلْفٌ يَغْلِبُوْا أَلْفَيْنِ۔

(۱۵) اور اگر جزاء ایسا مضارع ہو جو لَا کے ساتھ منفی ہو تو بھی دونوں صورتیں جائز ہیں فَمَنْ يُؤْمِنْ بِرَبِّهِ فَلَا يَخَافُ بَخْسًا اور عدم دخول فاء بھی درست ہے۔

فائدہ: جن مقامات میں جزاء پر دخول فاء ضروری ہے ان مقامات میں بعض اوقات فاء کو حذف کیا جاتا ہے جیسے: ایک حدیث میں ہے فَإِنْ جَاءَ بِهَا صَاحِبُهَا وَإِلَّا اسْتَمْتِعْ بِهَا اس میں اِسْتَمْتِعْ جزاء فعل امر ہے مگر اس پر فاء داخل نہیں ہے اور اسی طرح بھی ضرورت شعری کی وجہ سے بھی جزاء سے فاء حذف کیا جاتا ہے جیسے: حضرت حسان رضی اللہ عنہ کا قول ہے۔

مَنْ يَفْعَلِ الْحَسَنَاتِ اللّٰهُ يَشْكُرُهَا ۞ وَالشَّرُّ بِالشَّرِّ عِنْدَ اللّٰهِ مِثْلَانِ

اس میں فَاللّٰهُ يَشْكُرُهَا ہونا چاہیے تھا۔

فائدہ نمبر (۲۷) برائے لَوْ:

لَوْ کا استعمال پانچ صورتوں پر ہوتا ہے

(۱) تقلیل کے لئے جیسے ایک مقولہ ہے تَصَدَّقُوْا وَلَوْ بِظِلْفٍ مُحْرَقٍ

(۲) لَوْ تمنی کے لئے آتا ہے جیسے: قرآن میں ہے لَوْ أَنَّ لَنَا كَرَّةً فَنَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ان دونوں صورتوں میں لَوْ جواب کا محتاج نہیں ہوتا۔

(۳) لَوْ عرض کے لئے ہوتا ہے جیسے: لَوْ تَنْزِلُ عِنْدَنَا فَتُصِيْبَ خَيْرًا اس لَوْ کا جواب بھی نہیں ہوتا اور اس کے بعد آنے والی فاء سببیہ ہوتی ہے۔

(۴) لَوْ مصدریہ جو فعل مضارع کو نصب دیتا ہے اور یہ اکثر وَدَّ يَوَدُّ باب کے بعد آتا ہے جیسے قرآن میں ہے وَدُّوْا لَوْ تُدْهِنُ فَيُدْهِنُوْنَ اور يَوَدُّ أَحَدُهُمْ لَوْ يُعَمَّرُ أَلْفَ سَنَةٍ۔

(۵) لَوْ شرطیہ: پھر جب لَوْ شرطیہ ہو تو اس کی دو قسمیں ہیں (۱) مستقبل کے ساتھ تعلیق کے لئے ہو اس وقت یہ إِنْ شرطیہ کے مترادف ہوتا ہے۔ (۲) ماضی میں تعلیق کے لئے ہو اور اس کا استعمال اکثر یہی ہے اور اس وقت یہ اس پر دلالت کرتا ہے کہ جزاء

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

نہیں پائی گئی اس وجہ سے کہ شرط نہیں پائی گئی جیسے: لَوْ كَانَ فِيهِمَآ اٰلِهَةٌ اِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا میں ہے۔

اور لَوْ شرطیہ کا دخول فعل کے ساتھ خاص ہے اور اگر کبھی اس کے بعد اسم واقع ہو تو وہ فعل محذوف کا معمول ہوگا۔ اور لَوْ شرطیہ کا جواب یا تو ماضی لفظاً ہوگا یا ماضی معنیً ہوگا یعنی ایسا مضارع ہوگا جو لَمْ کے ساتھ منفی ہوگا اور اس کے جواب پر اکثر لَام داخل ہوتا ہے جیسے: لَوْ نَشَآءُ لَجَعَلْنٰهُ حُطَامًا اور کبھی اس کے جواب پر لَام داخل نہیں ہوتا جیسے: لَوْ نَشَآءُ جَعَلْنٰهُ اُجَاجًا اور کبھی اس کا جواب حذف کر دیا جاتا ہے اور جواب پر دلالت کرنے والے کلام کے ساتھ اکتفاء کیا جاتا ہے جیسے قرآن میں ہے لَوْ اَنَّ لِيْ بِكُمْ قُوَّةً اَوْ اٰوِيْٓ اِلٰى رُكْنٍ شَدِيْدٍ میں ہے۔

اور لَوْ شرطیہ کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ اگر یہ دو مثبت فعلوں پر داخل ہو تو وہ دونوں منفی ہو جائیں گے جیسے: لَوْ كَانَ فِيهِمَآ اٰلِهَةٌ اِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا میں ہے تو اس آیت کا مطلب یہ ہے کہ نہ متعدد معبود ہیں اور نہ آسمان و زمین تباہ ہوئے ہیں اور جب یہ دو منفی فعلوں پر داخل ہو تو وہ مثبت بن جاتے ہیں جیسے: بخاری کی حدیث میں ہے لَوْ لَآ اَنْتَ مَا اهْتَدَيْنَا۔۔ الخ یا اللہ اگر آپ نہ ہوتے تو ہم ہدایت یافتہ نہ ہوتے تو اس کا مفہوم یہ نکلے گا کہ اللہ کی ذات موجود ہے اور صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین ہدایت یافتہ ہیں۔

اور اگر یہ نفی اور ثبوت دونوں پر داخل ہو تو نفی ثبوت ہو جائے گی اور ثبوت نفی ہو جائے گا جیسے: لَوْ لَمْ يَهْتَمَّ بِاَمْرِ دُنْيَاهُ لَعَاشَ عَالَةً عَلَى النَّاسِ میں ہے۔

فائدہ نمبر (۲۸) برائے حرف واؤ:

حرف واؤ کی کئی قسمیں ہیں جن میں سے چند یہ ہیں

(۱) واؤ عاطفہ: جس کے ذریعہ مفردات یا جملوں کو ایک حکم میں شریک کیا جاتا ہے۔

(۲) واؤ استینافیہ: اس کے بعد فعل مرفوع ہوتا ہے۔

(۳) واؤ حالیہ اور یہ وہ واؤ ہے جس کی جگہ ظرف کو رکھنا صحیح ہو۔ اور واؤ حالیہ کے تین احوال ہیں۔ (۱) وہ احوال ہیں جن میں اس واؤ کا ذکر واجب ہے (۲) وہ احوال ہیں جن میں اس واؤ کا ذکر کرنا ممنوع ہے (۳) وہ احوال ہیں جن میں اس واؤ کا ذکر کرنا جائز ہے۔

✿ احوال وجوب ذکر واؤ ✿

(۱) حال کا جملہ ایسا جملہ اسمیہ ہو جو جملہ کو ذوالحال کے ساتھ ربط دینے والی چیز سے خالی ہو جیسے: لَئِنْ اَكَلَهُ الذِّئْبُ وَنَحْنُ عُصْبَةٌ میں وَنَحْنُ عُصْبَةٌ ہے۔

(۲) حال کے جملہ کے شروع میں ذوالحال کی ضمیر ہو جیسے: يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْتُمْ سُكٰرٰى میں وَاَنْتُمْ سُكٰرٰى ہے۔

✿ احوال امتناع ذکر واؤ ✿

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

☆☆☆سات صورتوں میں واؤحالیہ کا ذکر ممتنع ہے☆☆☆

(۱)واؤحالیہ حرف عطف کے بعد ہو جیسے: کَمْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا فَجَآءَهَا بَأْسُنَا بَيَاتًا اَوْهُمْ قَآئِلُوْنَ میں هُمْ قَآئِلُوْنَ جملہ حالیہ ہے۔

(۲)جملہ حالیہ جملہ سابقہ کے مضمون کی تاکید کر رہا ہو جیسے: ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَارَيْبَ فِيْهِ میں لَارَيْبَ فِيْهِ جملہ حالیہ ہے اوراس صورت کی یہ مثال اس وقت بنے گی جب وہ ترکیب اختیار کی جائے کہ لَارَيْبَ فِيْهِ کو جملہ حالیہ بنایا جائے۔

(۳)حال کا جملہ ایسا جملہ ماضیہ ہو جو اِلَّا کے بعد واقع ہو جیسے: وَمَا يَأْتِيْهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ میں اِلَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ جملہ حالیہ ہے

(۴)حال کا جملہ ایسا جملہ ماضیہ ہو جو حرف اَوْ سے پہلے ہو جیسا کہ ایک شعر ہے

✿ كُنْ لِلْخَلِيْلِ نَصِيْرًا جَارَ اَوْعَدَلَا ✿ وَلَا تَشُحَّ عَلَيْهِ جَآءَ اَمْ بَخِلَا ✿

(اپنے دوست کے لئے تو مددگار ہو جا اس حال میں کہ وہ ظلم کرے یا انصاف کرے اور تو اس پر بخیلی نہ کر وہ سخاوت کرے یا بخیلی کرے)اس شعر میں جَارَ جملہ حالیہ ہے۔

(۵)حال کا جملہ ایسا مضارع مثبت ہو جس کے شروع میں قَدْ نہ ہو جیسے: وَلَا تَمْنُنْ تَسْتَكْثِرُ میں تَسْتَكْثِرُ جملہ حالیہ ہے

(۶)حال کا جملہ ایسا مضارع ہو جو حرف مَا کے ساتھ منفی ہو جیسے ایک شعر ہے

✿ عَهِدْتُكَ مَاتَصْبُوْ وَفِيْكَ شَبِيْبَةٌ ✿ فَمَالَكَ بَعْدَ الشَّيْبِ صَبًّا مُتَيَّمًا ✿

(تجھ کو میں نے اس حال میں جانا ہے کہ تو عشق نہیں کرتا حالانکہ تجھ میں جوانی ہے تو بوڑھا ہونے کے بعد تیرے لئے ذلیل کرنے والا عشق نہیں ہے)اس شعر میں مَاتَصْبُوْ محل استشہاد ہے۔

(۷)حال کا جملہ ایسا مضارع ہو جو حرف لَا کے ساتھ منفی ہو جیسے: وَمَالَنَا لَانُؤْمِنُ بِاللّٰهِ میں لَانُؤْمِنُ بِاللّٰهِ ہے۔لیکن اگر حال کا جملہ ایسا مضارع ہو جو حرف لَمْ کے ساتھ منفی ہو تو اس کے شروع میں واؤ کا ذکر جائز ہے۔ اور اگر حال کا جملہ ایسا مضارع ہو جو حرف لَمَّا کے ساتھ منفی ہو تو اس کے شروع میں واؤ کو ذکر کرنا مختار ہے۔

✿ احوال جوازِ ذکرِ واؤ ✿

واؤ کے ذکر کے وجوب اور ذکرِ واؤ کے ممتنع ہونے کی جو صورتیں اوپر ذکر ہو چکی ہیں ان کے علاوہ واؤحالیہ کے جو احوال ہیں ان میں واؤ کو ذکر کرنا اور ذکر نہ کرنا دونوں صورتیں جائز ہیں۔

فائدہ: حال کو ذوالحال پر مقدم جائز نہیں ہوتا لیکن اگر ذوالحال نکرہ ہو اور حالت نصب میں ہو تو پھر حال کو ذوالحال پر مقدم کیا جاتا ہے لیکن اگر ذوالحال مجرور ہو تو اس کا حال اس پر مقدم ہو سکتا ہے یا نہیں تو اس بارے میں اختلاف ہے۔

عندالجمہور اگر ذوالحال مجرور ہو تو اس کا حال اس پر مقدم نہیں ہو سکتا ہے مثلاً مَرَرْتُ بِهِنْدٍ جَالِسَةً میں جَالِسَةً هِنْدٍ سے حال ہے تو اس کو یوں کہنا منع ہے مَرَرْتُ جَالِسَةً بِهِنْدٍ اور ابن جنی اور کیسان وغیرہ کے نزدیک ذوالحال مجرور پر

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اس کا حال مقدم ہونا جائز ہے۔ فریقین کے دلائل کے لئے مطولات کی طرف رجوع کیا جائے۔

فائدہ :حال فاعل کا ہوتا ہے یا مفعول کا ہوتا ہے اور کبھی مضاف الیہ سے بھی حال آتا ہے اور مضاف الیہ سے حال آنا تین شرطوں کے ساتھ مشروط ہے

(۱) مضاف مضاف الیہ کی جز ہو اس وقت مضاف الیہ سے حال آتا ہے جیسے: وَنَزَعْنَا مَا فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ إِخْوَانًا تو اس میں إِخْوَانًا هِمْ ضمیر سے حال ہے اور وہ مضاف الیہ ہے اور مضاف اس مضاف الیہ کا بعض ہے۔

(۲) مضاف مضاف الیہ کی جز کی مثل ہو یعنی مضاف کو حذف کر کے مضاف الیہ کو اس کا قائم مقام بنانا صحیح ہو جیسے: اِتَّبِعْ مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا میں ہے کیونکہ اس میں حَنِيْفًا اِبْرٰهِيْمَ سے حال ہے جو کہ مِلَّةَ کا مضاف الیہ ہے اور مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ کے بعض کی طرح ہے کہ مضاف کو حذف کر کے مضاف الیہ کو اس کے قائم مقام کرنا صحیح ہے اس لئے کہ یوں کہنا بھی صحیح ہے اِتَّبِعْ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا۔

(۳) مضاف حال میں عامل ہو مثلاً مضاف مصدر ہو یا وصف ہو تو اس وقت بھی مضاف الیہ سے حال آسکتا ہے جیسے قرآن میں ہے اِلَيْهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا میں جَمِيْعًا كُمْ ضمیر سے حال ہے اور كُمْ ضمیر مضاف الیہ ہے اور اس کا مضاف لفظ مَرْجِعُ مصدر میمی ہے جو کہ حال میں نصب کا عمل کر رہا ہے۔

فائدہ: کبھی جملہ بھی حال واقع ہوتا ہے اور جملہ کے حال واقع ہونے کی تین شرطیں ہیں۔ (۱) جملہ خبریہ ہو جملہ انشائیہ حال نہیں بن سکتا۔ (۲) وہ جملہ ایسا ہو جس کے شروع میں علامت استقبال نہ ہو جیسے: سین وغیرہ۔ (۳) اس جملہ کا ما قبل کے ساتھ ربط ہو کبھی ربط واؤ اور ضمیر دونوں کے ساتھ ہوتا ہے اور کبھی صرف ضمیر کے ساتھ ہوتا ہے اور کبھی وہ ربط صرف واؤ کے ساتھ ہوتا ہے۔

واؤ کی دیگر اقسام

(۱) واؤ قسمیہ جارہ: یہ صرف اسم ظاہر پر داخل ہوتی ہے جیسے: وَاللّٰهِ رَبِّنَا مَا كُنَّا مُشْرِكِيْنَ۔

(۲) واؤ ناصبہ بمعنی مَعَ :جو مَعَ کے معنی میں ہوتا ہے فَاَجْمِعُوْٓا اَمْرَكُمْ وَشُرَكَآءَكُمْ۔

(۳) واؤ صرف اس کی تفصیل معارف التنبیر شرح نحو میر میں دیکھیں۔

(۴) واؤ زائدہ جیسے: تَلَّهٗ لِلْجَبِيْنِ وَنَادَيْنٰهُ اَنْ۔۔۔ الخ عند البعض یہ واؤ زائدہ ہے۔ اور جیسے: حَتّٰٓى اِذَا جَآءُوْهَا وَفُتِحَتْ اَبْوَابُهَا۔

(۵) جمع مذکر سالم کی علامت واؤ جیسے: اَلْمُسْلِمُوْنَ کی واؤ۔

(۶) فعل میں جمع مذکر کی علامت واؤ جیسے: سَمِعُوا اللَّغْوَ میں ہے۔

(۷) وہ واؤ جو اس ہمزہ سے بدلی ہوئی ہو جس ہمزہ کا ما قبل مضموم ہو جیسے: يُوْمِنُ یہ اصل میں يُؤْمِنُ ہے۔

(۸) ضمیر مرفوع متصل جیسے: قَامُوْا میں ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

(۹) واؤ اشباع جیسے: ضَرَبْتُمُوْنِیْ۔

(۱۰) واؤ بمعنی حرف جر باء جیسے: اَنْتَ اَعْلَمُ وَمَالِکَ یہ اصل میں اَنْتَ اَعْلَمُ بِمَالِکَ ہے۔

(۱۱) واؤ بمعنی رُبَّ

فائدہ نمبر (۲۹) برائے حرف اِنْ:

حرف اِنْ کی کئی قسمیں ہیں

(۱) اِنْ شرطیہ جازمہ (۲) اِنْ زائدہ جو کہ آٹھ حروف زوائد میں سے ایک ہے۔ (۳) اِنْ نافیہ اور یہ کبھی ماضی کی نفی کرتا ہے جیسے: اِنْ جَآءَ اِلَّا اَنْتُمْ اور کبھی حال کی نفی کرتا ہے جیسے: اِنْ هُمْ اِلَّا یَخْرُصُوْنَ اور یہ فعل پر بھی داخل ہوتا ہے جیسے: اِنْ یَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ اور اسم پر بھی داخل ہوتا ہے جیسے: اِنْ هُمْ اِلَّا یَخْرُصُوْنَ۔ (۴) اِنْ مخففہ من المثقلہ اور یہ اِنَّ حرف مشبہ بالفعل کا مخفف ہوتا ہے اور اگر اِنْ مخففہ کے بعد فعل ہو تو یہ وجوبا مہمل ہو گا یعنی عمل نہیں کرے گا جیسے: وَاِنْ نَّظُنُّكَ لَمِنَ الْكٰذِبِیْنَ میں ہے اور اگر اس کے بعد اسم ہو تو اس وقت بھی اس میں غالب مہمل بنانا ہے اور اس کو عمل دینا قلیل ہے۔ اور جب اِنْ مخففہ من المثقلہ مہمل ہو تو اس کے بعد لام مفتوحہ ضروری ہے اور اس کا نام ہے لام فارقہ اس لئے کہ وہ اِنْ نافیہ اور اِنْ مخففہ من المثقلہ کے درمیان فرق کرتا ہے۔

فائدہ نمبر (۳۰) برائے مؤنث سماعی:

عرب بہت سارے اسموں کو تائے مقدرہ کے ساتھ مؤنث قرار دیتے ہیں اور اس مؤنث کو مؤنث سماعی کہتے ہیں اور تاء کے مقدر ہونے کی دلیل کئی چیزیں ہیں

(۱) کسی اسم کی طرف مؤنث کی ضمیر لوٹانا یہ اس اسم میں تاء کے مقدر ہونے کی دلیل ہوگا جیسے: اَلنَّارُ وَعَدَهَا اللّٰهُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا میں اَلنَّارُ کی طرف مؤنث کی ضمیر لوٹائی گئی ہے لہذا اَلنَّارُ مؤنث سماعی ہے

(۲) کسی اسم کی طرف اسم اشارہ مؤنث کے ساتھ اشارہ کیا گیا ہو تو یہ اس اسم کے مؤنث سماعی ہونے کی دلیل ہے جیسے: هٰذِهٖ جَهَنَّمُ میں جَهَنَّمَ مؤنث سماعی ہے کیونکہ اس کی طرف اسم اشارہ مؤنث کے ساتھ اشارہ کیا گیا ہے۔

(۳) کسی اسم کی تصغیر میں تاء کا موجود ہونا اس اسم میں تاء کے مقدر ہونے کی دلیل ہے کیونکہ تصغیر چیزوں کو اُن کی اصل کی طرف لوٹا دیتی ہے جیسا کہ اُذُنٌ اور عَیْنٌ مؤنث ہیں اور ان میں تاء مقدر ہے اس لئے کہ ان کی تصغیر اُذَیْنَةٌ اور عُیَیْنَةٌ آتی ہے۔

(۴) کسی اسم کے فعل میں تائے تانیث ہو تو یہ اس اسم میں تاء کے مقدر ہونے کی دلیل ہے جیسے: وَلَمَّا فَصَلَتِ الْعِیْرُ میں اَلْعِیْرُ مؤنث سماعی ہے اور اس میں تاء مقدر ہے کیونکہ اگر یہ مذکر ہوتا تو اس کا مسند فعل فَصَلَتْ مؤنث نہ ہوتا۔

(۵) کسی اسم کے عدد سے تاء کا ساقط ہونا اس اسم میں تاء کے مقدر ہونے کی دلیل ہے جیسے: شعر ہے

✿ اَرْمِیْ عَلَیْهَا وَهِیَ فَرْعٌ اَجْمَعُ ✿ وَهِیَ ثَلَاثُ اَذْرُعٍ وَاِصْبَعُ ✿

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

(میں اس پر تیر پھینکتا ہوں اس حال میں کہ پوری نفع بخش ہے اور وہ تین ہاتھ اور ایک انگلی ہے) اس میں أَذْرُعٍ ذِرَاعٌ کی جمع ہے اور ذِرَاعٌ مؤنث ہے کیونکہ اگر یہ معدود مذکر ہوتا تو عدد مؤنث ثَلَاثَةٌ آتا تو عدد ثلاث کا مذکر آنا یہ ذِرَاعٌ کے مؤنث ہونے کی دلیل ہے۔

اور انسان کے وہ اعضاء جو دو دو ہیں وہ مؤنث ہیں البتہ حاجب (آبرو) اور منخر (نتھنا) اور خد (رخسار) اگر چہ یہ بھی دو دو ہیں مگر یہ مذکر ہیں اور جو انسانی اعضاء دو دو نہیں ہیں جیسے: راس اور قلب تو ان اعضاء میں غالب مذکر ہونا ہے البتہ لسان (زبان) اور قُفَا (گدی) یہ کبھی کبھی مؤنث بھی استعمال ہوتے ہیں۔

فائدہ نمبر (۳۱) برائے تَاء:

اس کی چھ (۶) قسمیں ہیں

(۱) اسم اشارہ کی تَاء جو کہ واحد مؤنث میں آتی ہے۔

(۲) تائے تانیث اور یہ فعل میں ساکن بھی ہوتی ہے اور متحرک بھی ہوتی ہے اور اسم میں ہمیشہ متحرک ہوتی ہے۔ چونکہ تائے تانیث مذکر اور مؤنث کے درمیان فرق کرنے کے لئے ہے تو اس لئے یہ ان صفات کے ساتھ متصل نہیں ہوتی جو عورتوں کے ساتھ خاص ہیں جیسے: حامل، حائض، مرضع

(۳) جمع مکسر عجمی کی تَاء جیسے: صَیْرَفَ کی جمع صَیَارِفَةٌ میں تَاء ہے

(۴) تائے تمیز جو واحد کو اس کی جنس سے جدا کرنے کے لئے ہوتی ہے جیسے: تَمْرٌ جنس ہے تَمْرَةٌ واحد ہے۔

(۵) تائے عوض جو ایسے اسموں کو لاحق ہوتی ہے جن کا فَاء کلمہ حذف ہوتا ہے جیسے: عِدَةٌ کیونکہ اس کی اصل وِعْدٌ ہے۔

(۶) تائے قسم جیسے قرآن میں ہے تَاللّٰهِ لَتُسْئَلُنَّ

اور ایک تَاء مبالغہ کی ہوتی ہے اور یہ وصف کو لاحق ہوتی ہے اس میں مبالغہ پر دلالت کرنے کے لئے جیسے: عَلَّامَةٌ بہت علم والا اور رَاوِیَةٌ بہت زیادہ روایت کرنے والا۔

فائدہ نمبر (۳۲) برائے اقسام حرف لَام:

حرف لَام کی تین (۳) قسمیں ہیں

(۱) وہ حرف لَام جو جر کا عمل کرنے والا ہے۔ (۲) ایسا لَام جو جزم دینے کا عمل کرنے والا ہے۔ (۳) حرف لَام غیر عامل جو حرف لَام جر دیتا ہے اگر وہ اسم ظاہر پر داخل ہو تو مکسور ہوتا ہے جیسے: لِلّٰهِ البتہ جو منادیٰ مستغاث پر داخل ہو وہ مفتوح ہوتا ہے اور جو لَام جارہ ضمیر پر داخل ہو وہ مفتوح ہوتا ہے جیسے: لَکَ لَکُمَا ہے البتہ اگر یَاء ضمیر کے ساتھ ہو کر تو مکسور ہوتا ہے جیسے: لِیْ۔

❁ پھر لَام جارہ کی مدخول کے اعتبار سے دو (۲) قسمیں ہیں ❁

(۱) وہ لَام جارہ جو اسم پر داخل ہو۔ (۲) وہ لَام جارہ جو فعل پر داخل ہو۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اور جولَام جارہ فعل پر داخل ہو اس کی دو قسمیں ہیں (ا) لَام کَیْ (۲) لَام جحد اور فعل پر داخل ہونے والے لَام کے بعد اَنْ مقدر ہوتا ہے اور وہ فعل مضارع کو نصب دیتا ہے۔ اور جولَام جزم دینے والا ہے وہ لَام امر ہے اور اس کو لَام طلب بھی کہتے ہیں اور یہ اکثر مکسور ہوتا ہے اور کبھی مفتوح بھی ہوتا ہے اور کبھی ساکن بھی ہوتا ہے جیسے: وَلْيُؤْمِنُوْا بِیْ۔

❁ جو حرف لَام غیر عامل ہوتا ہے یہ ہمیشہ مفتوح ہوتا ہے اور اس کی کئی قسمیں ہیں ❁

(ا) لَام ابتدا: جیسے: لَزَيْدٌ قَائِمٌ لَام ابتدا مضمون جملہ کی تاکید کرتا ہے اور یہ مبتدا پر داخل ہوتا ہے جیسے: لَاَنْتُمْ اَشَدُّ رَهْبَةً میں ہے اور اِنَّ حرف تحقیق کے بعد واقع ہوتا ہے اور اس وقت اس کا نام لَام مزحلقہ رکھا جاتا ہے اور پھر یہ اسم پر بھی داخل ہوتا ہے جیسے: اِنَّ رَبِّیْ لَسَمِيْعُ الدُّعَآءِ میں ہے اور فعل مضارع پر بھی داخل ہوتا ہے جیسے: وَ اِنَّ رَبَّكَ لَيَحْكُمُ بَيْنَهُمْ میں ہے اور جار مجرور ظرف پر بھی داخل ہوتا ہے جیسے: وَ اِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ میں ہے۔

(۲) لَام مزحلقہ: جو اِنَّ کی خبر پر آتا ہے اور اس کا نام مزحلقہ اس لئے ہے کہ اس کا اصل مقام اِنَّ کے ساتھ ہے کیونکہ یہ بھی تاکید کے لئے ہے مگر اِنَّ کے ساتھ اس کو ذکر کرنے میں دو آلہ تاکید جمع ہو جاتے ہیں اور ایسا مکروہ ہے تو لَام کو اس کی جگہ سے ہٹا کر اِنَّ کی خبر پر داخل کر دیا جاتا ہے۔

(۳) لَام جواب: جو قسم اور لَوْ اور لَوْلَا کے جواب میں واقع ہوتا ہے۔

(۴) لَام فارقہ: جو اِنْ مخففہ من الثقلہ کی خبر پر داخل ہوتا ہے۔

(۵) لَام زائدہ: جیسے: ایک قول ہے اَرَاکَ لَشَاتِمِیْ اس قول لَشَاتِمِیْ پر حرف لَام زائد ہے۔

(۶) لَام البُعد: اور یہ وہ لَام ہے جو اسمائے اشارہ کو لاحق ہوتا ہے اور اس لَام میں اصل ساکن ہونا ہے جیسا کہ تِلْكَ میں ہے اس کے باوجود دوسرے اسمائے اشارہ میں التقائے ساکنین کی وجہ سے اس کو کسرہ دیا جاتا ہے۔ جیسے ذٰلِکَ وغیرہ میں ہے۔

(۷) لَام مُوَطِّئَہ للقسم: اور لَام مُوَطِّئَہ للقسم کلمات شرط پر یہ بتانے کے لئے داخل ہوتا ہے کہ بعد والا جواب شرط پر مبنی نہیں بلکہ قسم پر مبنی ہے اور اسی وجہ سے اس کا نام لَام مُؤذِنہ بھی رکھا جاتا ہے اور اس کا نام لَام مُوَطِّئَہ اس لئے ہے کہ مُوَطِّئَہ کا معنی ہے تیار کرنے والا اور یہ لَام بھی بعد والے جواب اور جزاء کو قسم کے لئے تیار کرتا ہے جیسے: لَئِنْ اُخْرِجُوْا لَا يَخْرُجُوْنَ مَعَهُمْ میں ہے اس میں لَا يَخْرُجُوْنَ جواب قسم محذوف کا ہے کیونکہ اگر شرط کی جزاء ہوتا تو مجزوم ہوتا اور نون اعرابی محذوف ہو جاتا۔

(۸) لَام تعجب: (محمود صافی)

فائدہ نمبر (۳۳) برائے بحث مفعول معہ:

مفعول معہ وہ اسم ہے جو ایسی واؤ کے بعد مذکور ہو جو واؤ مَعَ کے معنی میں ہو کیونکہ وہ فعل کے معمول یعنی فاعل یا مفعول کا ساتھی ہے

❁ مفعول معہ کی پانچ حالتیں ہیں ❁

(ا) جہاں عطف واجب ہو جیسے: اِشْتَرَکَ زَيْدٌ وَعَمْرٌو اس میں عَمْرٌو کا عطف واجب ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

(۲) جہاں عطف راجح ہو جیسے: جَآءَ زَیْدٌ وَّ عَمْرٌو اس میں عَمْرٌو کا معطوف ہونا راجح ہے اس لئے کہ واؤ میں اصل یہی ہے کہ وہ عطف کے لئے ہے۔

(۳) جہاں مفعول معہ ہونا واجب ہو جیسے: مَاتَ زَیْدٌ وَطُلُوْعَ الشَّمْسِ تو اس میں طُلُوْعَ الشَّمْسِ مفعول معہ ہے کیونکہ عطف شرکت کا تقاضا کرتا ہے اور یہاں موت میں زید کے ساتھ طلوع شمس کی شرکت باطل ہے۔

(۴) جہاں مفعول معہ ہونا راجح ہو جیسے: ایک شعر ہے:

✿فَكُوْنُوْا اَنْتُمْ وَبَنِيْ اَبِيْكُمْ ✿ ✿مَكَانَ الْكُلْيَتَيْنِ مِنَ الطِّحَالِ ✿

(پس تم اپنے باپ کے بیٹوں کے ساتھ ہو جاؤ جیسے تلی سے گردوں کی جگہ ہوتی ہے) تو اس مثال میں بَنِيْ اَبِيْكُمْ کا مفعول معہ ہونا راجح ہے کیونکہ اگر یہاں عطف بنایا جائے تو معنی یہ ہوگا کہ تم ان کے لئے ہو جاؤ اور وہ تمہارے لئے ہو جائیں اور یہ شاعر کے مقصود کے خلاف ہے۔ کیونکہ شاعر کا مقصود ہے کہ تم قریب قریب رہو۔ اور جیسے قُمْتُ وَزَيْدًا اس مثال میں بھی زَيْدًا کا مفعول معہ ہونا راجح ہے اس لئے کہ یہاں اگر عطف کیا جائے تو اچھا نہیں ہے اس لئے کہ ضمیر مرفوع متصل پر کسی اسم کا عطف تب ہوتا ہے جب ضمیر متصل کی تاکید ضمیر منفصل کے ساتھ لائی جائے اور یہاں تاکید نہیں ہے۔

(۵) جہاں مفعول معہ ہونا اور عطف کرنا دونوں ممتنع ہوں جیسے: ایک شعر ہے

✿ عَلَفْتُهَا تِبْنًا وَمَآءً بَارِدًا ✿

اس میں مَآءً بَارِدًا کا تِبْنًا پر عطف بھی ممتنع ہے کیونکہ عطف مشارکت کا تقاضا کرتا ہے اور یہاں مشارکت نہیں ہے۔ اس لئے کہ چارہ ہونے میں پانی بھوسے کا شریک نہیں ہے اور یہاں مَآءً بَارِدًا کا مفعول معہ ہونا بھی ممتنع ہے اس لئے کہ چرنے میں پانی بھوسے کا ساتھی نہیں ہوتا اور مفعول معہ تو فعل کے معمول کا ساتھی ہوتا ہے تو اس لئے اس میں واؤ کے بعد ایک فعل مقدر ہے اور مَآءً بَارِدًا اس کا مفعول بہ ہے اور اصل عبارت یوں ہوگی عَلَفْتُهَا تِبْنًا وَسَقَيْتُهَا مَآءً بَارِدًا اور اس میں جملہ کا عطف جملہ پر ہے اور آیت کریمہ فَاَغْرَقْنٰهُ وَمَنْ مَّعَهٗ جَمِيْعًا میں مَنْ مَّعَهٗ اَغْرَقْنَا کا مفعول معہ بھی ہو سکتا ہے اور ہٗ ضمیر منصوب پر اس کا عطف بھی جائز ہے۔ تو اس میں دونوں صورتیں جائز ہیں اور مفعول معہ کی باقی تفصیل کتب نحو میں دیکھئے۔

فائدہ نمبر (۳۴) برائے اسم تفضیل:

اسم تفضیل کا استعمال تین (۳) طریقوں پر ہوتا ہے

(۱) الف اور لام کے ساتھ اور اس صورت میں اس کے ساتھ مِنْ جارہ کا استعمال ممتنع ہے لہٰذا یوں نہیں کہا جائے گا فُلَانٌ اَلْاَفْضَلُ مِنْ فُلَانٍ اور اس صورت میں افراد اور تثنیہ اور جمع اور تذکیر و تانیث کے اعتبار سے اسم تفضیل اپنے ماقبل کے مطابق ہوگا اس لئے کہ اس صورت میں یہ ماقبل کی صفت ہوتا ہے اور صفت کی موصوف کے ساتھ ان مذکورہ چیزوں میں مطابقت ضروری ہے۔

(۲) اسم تفضیل مضاف ہو کر استعمال ہو پھر اگر یہ نکرہ کی طرف مضاف ہو تو یہ ہمیشہ مفرد اور مذکر ہوگا اور مِنْ جارہ اس کے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ساتھ ممتنع ہو گا اور اگر معرفہ کی طرف مضاف ہو تو بھی اس کے ساتھ مِن جارہ ممتنع ہو گا لیکن اس میں دو صورتیں جائز ہوں گی (۱) اسم تفضیل مفرد ہو اس کا موصوف مفرد ہو یا تثنیہ ہو یا جمع ہو۔(۲) اور اس میں یہ بھی جائز ہے کہ اسم تفضیل موصوف کے مطابق ہو جیسے: زَیْدٌ اَفْضَلُ الْقَوْمِ اور اَلزَّیْدَانِ اَفْضَلَا الْقَوْمِ اور اَلزَّیْدُوْنَ اَفْضَلُوْا الْقَوْمِ۔

(۳) اسم تفضیل کے استعمال کا تیسرا طریقہ یہ ہے کہ یہ مِن کے ساتھ استعمال ہو اور اس صورت میں اسم تفضیل ہمیشہ مفرد استعمال ہو گا اس کا موصوف مذکر ہو، مؤنث ہو، واحد ہو، تثنیہ ہو یا جمع ہو جیسا بھی ہو۔

فائدہ نمبر (۳۵) برائے کَانَ:

کَانَ کی تین (۳) قسمیں ہیں (۱) کَانَ ناقصہ (۲) کَانَ تامہ (۳) کَانَ زائدہ

کَانَ ناقصہ اسم کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے اور یہ اس پر دلالت ہے کہ اس کی خبر اس کے اسم کے لئے زمانہ ماضی میں ثابت ہے۔

اور کَانَ تامہ وہ ہے جو فاعل کے ساتھ تام ہو جاتا ہے اور خبر کا محتاج نہیں ہوتا اور یہ ثَبَتَ اور وَجَدَ اور حَصَلَ کے معنی میں ہوتا ہے جیسے: وَاِنْ کَانَ ذُوْعُسْرَۃٍ اور یہ وَاِنْ وُجِدَ ذُوْعُسْرَۃٍ کے معنی میں ہے۔ اور کَانَ زائدہ وہ ہے جو تاکید کے لئے آتا ہے اور تاکید کے علاوہ کسی چیز کا فائدہ نہیں دیتا جیسے قرآن میں ہے وَمَا عِلْمِیْ بِمَا کَانُوْا یَعْمَلُوْنَ یہ اصل میں بِمَا یَعْمَلُوْنَ ہے۔ اور کَانَ یَنْبَغِیْ کے معنی بھی آتا ہے جیسے: مَا یَکُوْنُ لَنَآ اَنْ نَّتَکَلَّمَ بِھٰذَا (ہمیں ایسی بات بولنا لائق اور سزاوار نہیں ہے)

۞ کَانَ کا استعمال قرآن میں پانچ (۵) طریقوں پر ہے ۞

(۱) ہمیشہ کے معنی میں جیسے: وَکَانَ اللّٰہُ عَلِیْمًا حَکِیْمًا میں ہے۔

(۲) ایسی ماضی کے معنی میں جو منقطع ہونے والی ہے جیسے: وَکَانَ فِی الْمَدِیْنَۃِ تِسْعَۃُ رَھْطٍ میں ہے۔

(۳) حال کے معنی میں جیسے: کُنْتُمْ خَیْرَ اُمَّۃٍ میں ہے۔

(۴) استقبال کے معنی میں جیسے: وَیَخَافُوْنَ یَوْمًا کَانَ شَرُّہٗ مُسْتَطِیْرًا میں ہے۔

(۵) صَارَ کے معنی میں استعمال ہوتا ہے جیسے: وَکَانَ مِنَ الْکٰفِرِیْنَ میں ہے۔

فائدہ نمبر (۳۶) برائے حروف جر:

حروف جر مشہور ہیں اور حروف جر کی تین قسمیں ہیں (۱) اصلی (۲) زائد (۳) شبیہ بالزائد

حروف جر اصلی وہ ہیں جو کسی متعلق کے بھی محتاج ہوتے ہیں اور معنی اور اعراب کے اعتبار سے ان سے استغناء نہیں ہوتا جیسے: کَتَبْتُہٗ بِالْقَلَمِ میں بَاء ہے۔

حروف جر زائدہ وہ ہیں جو کسی متعلق کے محتاج نہیں ہوتے اور باعتبار معنی کے ان سے استغناء بھی نہیں ہوتا البتہ اعراب اور ترکیب کے اعتبار سے ان سے استغناء ہوتا ہے اور یہ صرف مضمون کلام کی تاکید کے لئے آتے ہیں جیسے: مَا جَآءَنَا مِنْ بَشِیْرٍ میں مِنْ ہے اور وَکَفٰی بِاللّٰہِ حَسِیْبًا میں بَاء حرف جر زائد ہے اور جو حروف جر زائد ہوتے ہیں وہ چار ہیں۔ مِنْ، بَاء، کاف، لام اور شبیہ بالزائد وہ حروف جر ہیں جو کسی متعلق کے محتاج نہ ہوں لفظاً اور معنیً دونوں اعتبار سے ان سے استغناء نہ ہو۔ اور ایسے حرف جر چار ہیں۔ رُبَّ، خَلَا، عَدَا، حَاشَا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ان حروف جارہ زائدہ میں سے بَاء سب سے زیادہ زائد ہوتی ہے اور اس کا زائد ہونا پانچ (۵) جگہ میں ہوتا ہے۔

(۱) کَفٰی کے فاعل میں جیسے: وَکَفٰی بِاللّٰہِ وَکِیْلًا میں ہے۔

(۲) سماعی طور پر مفعول بہ میں زائد ہوتی ہے جیسے قرآن میں ہے وَلَا تُلْقُوْا بِاَیْدِیْکُمْ اِلَی التَّھْلُکَۃِ

(۳) مبتدا میں زائد ہوتی ہے جبکہ مبتدا حَسْبُکَ کے لفظ سے مشتق ہو جیسے: بِحَسْبِکَ دِرْھَمٌ میں ہے یا حرف بَاء لفظ نَاھِیْ کے بعد ہو جیسے: نَاھِیْکَ بِخَالِدٍ شُجَاعًا یا بَاء اِذَا مفاجاتیہ کے بعد ہو جیسے: خَرَجْتُ فَاِذَا بِالْاُسْتَاذِ یا کَیْفَ کے بعد ہو جیسے: کَیْفَ بِکَ اِذَا حَصَلَ کَذَا اس میں کاف ضمیر مبتدا ہے اور بَاء زائدہ ہے۔

(۴) اس حال میں بَاء زائد ہوتی ہے جس کا عامل منفی ہوتا ہے جیسے: فَمَا رَجَعْتُ بِخَائِبَۃٍ رِکَابٌ میں ہے

(۵) لَیْسَ اور مَا کی خبر میں بَاء زائد ہوتی ہے جیسے: اَلَیْسَ اللّٰہُ بِکَافٍ عَبْدَہٗ اور جیسے: وَمَا رَبُّکَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِیْدِ اور اَنَّ کی خبر میں بھی داخل ہوتی ہے اور زائد ہوتی ہے جیسے: اَوَلَمْ یَرَوْا اَنَّ اللّٰہَ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَمْ یَعْیَ بِخَلْقِھِنَّ بِقٰدِرٍ عَلٰۤی اَنْ یُّحْیِۦَ الْمَوْتٰی میں ہے۔

فائدہ نمبر(۳۷) برائے اوزان مخصوصہ میں مذکر و مؤنث کی مساوات

کچھ وزن ایسے ہیں جن میں مذکر اور مؤنث برابر ہیں

(۱) وزن فَعُوْلٌ: جو فاعل کے معنی میں ہو جیسے: رَجُلٌ صَبُوْرٌ اور اِمْرَاَۃٌ صَبُوْرٌ

(۲) وزن مِفْعَالٌ: جیسے: رَجُلٌ مِقْوَالٌ اور اِمْرَاَۃٌ مِقْوَالٌ

(۳) وزن مِفْعِیْلٌ: جیسے: رَجُلٌ مِعْطِیْرٌ اور اِمْرَاَۃٌ مِعْطِیْرٌ

(۴) وزن مِفْعَلٌ: جیسے: رَجُلٌ مِغْشَمٌ اور اِمْرَاَۃٌ مِغْشَمٌ

(۵) وزن فَعِیْلٌ: جو صفت کے لئے ہو اور مفعول کے معنی میں ہو جیسے: اِمْرَاَۃٌ جَرِیْحٌ اور رَجُلٌ جَرِیْحٌ اور جیسے قرآن میں ہے اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰہِ قَرِیْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِیْنَ مگر یہ یاد رہے کہ وزن فَعِیْلٌ میں مذکر اور مؤنث اس وقت برابر ہوتے ہیں جب اس سے پہلے موصوف مذکور ہو۔ اور اگر اس سے پہلے موصوف نہ ہو تو پھر مؤنث کے ساتھ تائے تانیث لاحق ہوگی جیسے: فِی الْمَیْدَانِ سِتَّۃٌ جَرْحٰی وَقَتِیْلَۃٌ۔

(۶) مصدر میں بھی مذکر و مؤنث برابر ہیں اور جب مصدر موصوف ہو تو اس میں بھی مذکر و مؤنث برابر ہوتے ہیں جیسے: ھٰذَا قَوْلٌ حَقٌّ اور ھٰذِہٖ قَضِیَّۃٌ حَقٌّ اور کچھ لوگ جب مصدر کا موصوف مؤنث ہو تو مصدر پر تائے تانیث داخل کرتے ہیں یعنی کہتے ہیں قَضِیَّۃٌ حَقَّۃٌ یہ ان کی خطاء ہے اس سے بچنا چاہیے۔

فائدہ نمبر(۳۸) برائے افعال مقاربہ:

ان کا عمل افعال ناقصہ والا ہے اور ان افعال کی تین (۳) قسمیں ہیں

(۱) وہ افعال مقاربہ ہیں جو اس پر دلالت کرتے ہیں کہ خبر کا وقوع قریب ہے اور یہ کَادَ، کَرَبَ اور اَوْشَکَ ہیں۔

(۲) وہ افعال مقاربہ ہیں جو خبر کی امید پر دلالت کرتے ہیں جیسے: عَسٰی اور اِخْلَوْلَقَ ہیں۔

(۳) وہ افعال مقاربہ ہیں جو خبر میں شروع ہونے پر دلالت کرتے ہیں ان میں سے طَفِقَ اور جَعَلَ وغیرہ ہیں (ان کی باقی مباحث کتب نحو میں دیکھیں۔)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فائدہ نمبر(۳۹) برائے مبتدا و خبر:

مبتدا کی خبر جب جملہ ہو تو خبر کو مبتدا کے ساتھ ربط دینے والی چیزیں چار(۴) ہیں

(۱) ضمیر ہے بارز ہو یا مستتر جیسے: اَلظُّلْمُ مَرْتَعُهٗ وَخِيْمٌ

(۲) اسم اشارہ جیسے قرآن میں ہے وَلِبَاسُ التَّقْوٰى ذٰلِكَ خَيْرٌ

(۳) مبتدا کا اس کے لفظ کے ساتھ اعادہ کرنا جیسے: اَلْحَآقَّةُ مَا الْحَآقَّةُ

(۴) عموم: جیسے خَالِدٌ نِعْمَ الرَّجُلُ اس میں خَالِدٌ مبتدا ہے اور نِعْمَ الرَّجُلُ اس کی خبر ہے اور ربط دینے والی چیز عموم ہے۔

جب دو اسم معرفہ ہوں عام ہے معرفہ ہونے میں ان کا رتبہ برابر ہو جیسے: اَللّٰهُ رَبُّنَا میں ہے یا ان کا رتبہ مختلف ہو جیسے: زَيْدٌ اَلْفَاضِلُ میں ہے تو اس میں جو اسم پہلے ہو گا وہ مبتدا ہو گا اور عند البعض جو مشتق ہو گا وہ خبر ہو گا اگرچہ پہلے ہو جیسے: اَلْقَائِمُ زَيْدٌ میں ہے۔ اور اگر دو اسم ایسے نکرہ ہوں کہ وہ دونوں مبتدا بن سکتے ہوں تو اس صورت میں بھی جو اسم پہلے ہو گا وہ مبتدا ہو گا جیسے: اَفْضَلُ مِنْكَ اَفْضَلُ مِنِّيْ میں ہے۔

اور اگر دو اسم معرفہ اور نکرہ میں مختلف ہوں اور پہلا اسم معرفہ ہو تو وہ مبتدا ہو گا اور دوسرا خبر ہو گا جیسے: زَيْدٌ قَائِمٌ میں ہے۔ اور اگر معرفہ اور نکرہ کے اعتبار سے جو دو اسم مختلف ہوں مگر ان میں سے پہلا نکرہ ہو اور اس کے مبتدا ہونے کو جائز کرنے والی کوئی چیز نہ ہو تو بالاتفاق پہلا اسم خبر ہو گا جیسے: خَزٌّ ثَوْبُكَ (ریشم ہے تیرا کپڑا) اور اگر پہلا اسم نکرہ ہو اس کے مبتدا ہونے کو جائز کرنے والا کوئی سبب موجود ہو تو اس صورت میں بھی عند الجمہور پہلا اسم خبر ہو گا، اور عند السیبویہ پہلا اسم مبتدا ہو گا جیسے: خَيْرٌ مِّنْكَ زَيْدٌ میں عند الجمہور خَيْرٌ مِّنْكَ خبر ہے اور عند السیبویہ مبتدا ہے اور زَيْدٌ اس کی خبر ہے۔

فائدہ: مبتدا میں اصل تو یہی ہے کہ وہ معرفہ ہوتا ہے لیکن اگر کسی طریقہ سے نکرہ میں تخصیص کر دی جائے تو پھر نکرہ مبتدا واقع ہو سکتا ہے۔

❁ پھر کئی مقامات ایسے ہیں جن میں نکرہ کا مبتدا واقع ہونا درست ہے ❁

(۱) نکرہ موصوفہ ہو جیسے: وَلَعَبْدٌ مُّؤْمِنٌ خَيْرٌ مِّنْ مُّشْرِكٍ میں ہے۔

(۲) نکرہ عمل کر رہا ہو جیسے: هَلْ مُسَافِرٌ اَخُوْكَ اس میں مُسَافِرٌ مبتدا کی قسم ثانی ہے۔

(۳) جہاں عطف ہو مگر اس میں شرط یہ ہے کہ معطوف یا معطوف علیہ میں کسی وجہ سے تخصیص ہو جیسے: قَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ وَّ مَغْفِرَةٌ خَيْرٌ مِّنْ صَدَقَةٍ يَّتْبَعُهَآ اَذًى اس میں مَغْفِرَةٌ نکرہ مبتدا ہے کیونکہ اس کا عطف نکرہ موصوفہ پر ہے۔

(۴) خبر ظرف ہو جیسے: لَدَيْنَا مَزِيْدٌ میں ہے یا خبر جار اور مجرور ہو جیسے: لِكُلِّ اَجَلٍ كِتَابٌ میں ہے۔

(۵) نکرہ عام ہو خواہ بذات خود عام ہو جیسے اسمائے استفہام وغیرہ ہیں یا کسی دوسرے کی وجہ سے عام ہو جیسے: مَا رَجُلٌ فِي الدَّارِ میں رَجُلٌ نکرہ عام ہے۔

(۶) نکرہ سے مراد مِنْ حَيْثُ هِيَ صاحب حقیقت ہو جیسے: مُؤْمِنٌ خَيْرٌ مِّنْ كَافِرٍ میں ہے۔

(۷) نکرہ فعل کے معنی میں ہو جیسے: وَيْلٌ لِّلْمُطَفِّفِيْنَ میں ہے اور اس میں بددعاء کا معنی ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

(۸) نکرہ کے لئے خبر کا ثابت ہونا خوارق عادت میں سے ہو جیسے: شَجَرَۃٌ سَجَدَتْ اور بَقَرَۃٌ تَکَلَّمَتْ

(۹) نکرہ اِذَا مفاجاتیہ کے بعد واقع ہو جیسے: خَرَجْتُ فَاِذَا اَسَدٌ بِالْبَابِ

(۱۰) نکرہ جملہ حالیہ کے شروع میں واقع ہو جیسے ایک شعر ہے

✿ سَرَیْنَا وَنَجْمٌ قَدْ اَضَآءَ فَمُذْ بَدَا ✿ مُحَیَّاکَ اَخْفٰی ضَوْءُہٗ کُلَّ شَارِقٖ ✿

تو اس شعر میں محل استشہاد نَجْمٌ قَدْ اَضَآءَ ہے اس میں نَجْمٌ مبتدا ہے جو کہ جملہ حالیہ کے شروع میں واقع ہے۔

(۱۱) نکرہ تفصیل کے لئے ہو جیسے امرؤ القیس کا شعر ہے

✿ فَاَقْبَلْتُ زَحْفًا عَلَی الرُّکْبَتَیْنِ ✿ فَثَوْبٌ نَسِیْتُ وَثَوْبٌ اَجُرُّ ✿

اس شعر میں محل استشہاد ثَوْبٌ کا لفظ ہے۔

❁ **فائدہ:** چند مقامات میں مبتدا کو حذف کر دینا کثیر ہے ❁

(۱) جیسے: وَمَآ اَدْرٰکَ مَا الْحُطَمَۃُ نَارُ اللّٰہِ الْمُوْقَدَۃُ یہ اصل میں ھِیَ نَارُ اللّٰہِ۔۔الخ ہے۔

(۲) فاء جزائیہ کے بعد جیسے: مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِہٖ یہ اصل میں فَعَمَلُہٗ لِنَفْسِہٖ ہے۔

(۳) قول کے بعد جیسے: قَالُوْٓا اَسَاطِیْرُ الْاَوَّلِیْنَ یہ اصل میں ھِیَ اَسَاطِیْرُ الْاَوَّلِیْنَ ہے۔

(۴) اس چیز کے بعد کہ معنی میں خبر مبتدا کی صفت ہو جیسے: اَلتَّآئِبُوْنَ الْعٰبِدُوْنَ یہ اصل میں ھُمُ التَّآئِبُوْنَ۔۔الخ ہے اس میں اَلتَّآئِبُوْنَ ھُمْ کی خبر ہے لیکن معنی میں اس کی صفت ہے۔

(۵) کبھی اس کے علاوہ بھی مبتدا کو حذف کیا جاتا ہے۔ جیسے: لَا یَغُرَّنَّکَ تَقَلُّبُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا فِی الْبِلَادِ مَتَاعٌ قَلِیْلٌ یہ اصل میں تَقَلُّبُھُمْ مَتَاعٌ قَلِیْلٌ ہے۔

فائدہ نمبر (۴۰) برائے حرف لَا:

حرف لَا کی کئی قسمیں ہیں

(۱) لَا حجازیہ: جو اسم کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے۔

(۲) لَا جوابیہ: جو کسی سوال کے جواب میں واقع ہوتا ہے۔

(۳) لَا زائدہ: اور یہ تاکید کے لئے آتا ہے جیسے: مَا مَنَعَکَ اَلَّا تَسْجُدَ میں ہے۔

(۴) لَا عاطفہ

(۵) لَا نفی جنس

(۶) لَا نافیہ: جو مضارع اور ماضی اور استقبال کی نفی کے لئے آتا ہے۔

(۷) لَا ناہیہ: یہ مضارع کو جزم دیتا ہے۔

(۸) کبھی لَا غَیْرَ کے معنی میں اسم ہو کر بھی استعمال ہوتا ہے اور اس وقت اس کا اعراب اس کے مابعد میں ظاہر ہوتا ہے جیسے:

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ اور لَا مَقْطُوْعَۃٍ وَّلَا مَمْنُوْعَۃٍ وغیرہ میں ہے۔

فائدہ نمبر (۴۱) برائے مَنْ:

مَنْ کی کئی قسمیں ہیں

(۱) مَنْ استفہامیہ: مَنْ استفہامیہ کے بعد جب اسم ہو تو یہ مبتدا بنتا ہے جیسے مَنْ رَّبُّکُمَا یٰمُوْسٰی اور یہ بھی جائز ہے کہ خبر مقدم ہو اور اسی طرح جب اس کے بعد فعل لازم ہو جیسے مَنْ جَآءَ عَلٰی اَخِیْہِ اَوَّلًا اسی طرح جب اس کے بعد ایسا فعل متعدی ہو جس کا مفعول مذکور ہو جیسے مَنْ فَعَلَ ھٰذَا بِاٰلِھَتِنَا تو اس وقت بھی یہ مبتدا ہوتا ہے اور جب اس کے بعد ایسا فعل متعدی ہو جس کا مفعول مذکور نہ ہو تو اس وقت یہ مفعول بہ مقدم بنتا ہے جیسے مَنْ اَکْرَمَ الْاَمِیْرُ (امیر نے کس کا اکرام کیا ہے) اور جب اس کے بعد فعل ناقص ہو تو اس وقت خبر مقدم ہوتا ہے جیسے مَنْ کَانَ جَارُکَ (تیرا پڑوسی کون ہے)

(۲) مَنْ موصولہ ہے: جیسے: وَلَہٗٓ اَسْلَمَ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ میں ہے۔

(۳) مَنْ شرطیہ: جیسے: مَنْ یَّعْمَلْ سُوْٓءًا یُّجْزَ بِہٖ

(۴) مَنْ موصوفہ: جیسے: کَفٰی بِنَا فَضْلًا عَلٰی مَنْ غَیْرِنَا میں مَنْ موصوفہ ہے اور وَ مِنَ النَّاسِ مَنْ یَّقُوْلُ میں بھی مَنْ موصوفہ ہو سکتا ہے اور کلمہ مَنْ مذکر و مؤنث نیز مفرد، تثنیہ و جمع سب کے لئے برابر ہے۔

فائدہ نمبر (۴۲) برائے نون:

نون کی دو (۲) قسمیں ہیں

(۱) اسم یہ جمع مؤنث کی ضمیر ہے جیسے: یٰنِسَآءَ النَّبِیِّ لَسْتُنَّ میں ہے۔

(۲) وہ نون جو حرف ہے پھر اس کی دو (۲) قسمیں ہیں (۱) نون تاکید یہ کبھی ثقیلہ ہوتا ہے جیسے لَتُسْئَلُنَّ میں ہے اور کبھی خفیفہ ہوتا ہے جیسے لَنَسْفَعًۢا بِالنَّاصِیَۃِ (۲) نون وقایہ یہ ایسی یاء متکلم کے ساتھ لاحق ہوتا ہے جس کو فعل نے یا حرف ناصب نے نصب دیا ہو جیسے فَاعْبُدْنِیْ اور یٰلَیْتَنِیْ کُنْتُ مَعَھُمْ میں ہے اسی طرح لَدُنْ کے مضاف الیہ ضمیر اور عَنْ اور مِنْ کے مجرور کے ساتھ بھی ملحق ہوتی ہے جیسے مِنْ لَّدُنِّیْ عُذْرًا اور مَآ اَغْنٰی عَنِّیْ مَالِیَہْ اور اَلْقَیْتُ عَلَیْکَ مَحَبَّۃً مِّنِّیْ میں ہے

❁ ایک نون تنوین ہوتا ہے ❁

یہ وہ نون ہوتا ہے جو لکھنے میں نہیں آتا اور تلفظ میں قائم اور باقی ہوتا ہے اور اس کی پانچ اقسام ہیں (۱) تمکن (۲) تنکیر (۳) عوض (۴) مقابلہ (۵) ترنم ان اقسام کی تفصیل کے لئے کتب نحو کی طرف رجوع کیا جائے۔

فائدہ نمبر (۴۳) برائے اسمائے ظروف:

(۱) حَیْثُ: حَیْثُ ظرف مکان کے لئے آتا ہے اور یہ جملہ کی طرف مضاف ہوتا ہے اور اکثر اس کا مضاف الیہ جملہ فعلیہ ہوتا ہے جیسے قرآن میں ہے یَتَبَوَّاُ مِنْھَا حَیْثُ یَشَآءُ اور اگر اس کے بعد مفرد واقع ہو تو اس صورت میں یہ مبتدا ہوتا ہے اس کی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

خبر محذوف ہوتی ہے جیسے اِجْلِسْ حَیْثُ خَالِدٌ یہ اصل میں حَیْثُ جَالِسٌ خَالِدٌ ہوگا۔ اور کبھی یہ حرف جر کے داخل ہونے کی وجہ سے محلاً مجرور ہوتا ہے۔ اور جب اس کے ساتھ کلمہ مَا متصل ہو جائے تو اس وقت یہ اسم شرط بن جاتا ہے جیسے حَیْثُمَا تَقْصِدْ اَقْصِدْ اور اس وقت یہ فعل شرط کا مفعول فیہ مقدم ہوتا ہے اور کبھی حَیْثُ مفعول بہ بھی واقع ہوتا ہے جیسے قرآن میں ہے نَتَبَوَّاُ مِنَ الْجَنَّةِ حَیْثُ نَشَآءُ۔

(۲) اِذَا: اِذَا یہ ظرف زمان ہے اور متضمن معنی شرط ہے اور جملہ فعلیہ پر داخل ہونے کے ساتھ خاص ہے اور یہ جواب کا محتاج ہوتا ہے اور اس کے جواب کی متعدد صورتیں ہیں۔ (۱) اس کا جواب فعل ہو جیسے: فَاِذَا جَآءَ اَمْرُ اللّٰهِ قُضِیَ بِالْحَقِّ (۲) اس کا جواب جملہ اسمیہ ہو جس پر فَاء داخل ہو جیسے: فَاِذَا نُفِخَ فِی الصُّوْرِ فَلَآ اَنْسَابَ (۳) اس کا جواب جملہ انشائیہ ہو جس پر فَاء داخل ہو جیسا کہ سورۃ النصر میں ہے فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ۔۔ الخ (۴) کبھی جواب ایسا جملہ اسمیہ ہوگا جس پر اِذَا مفاجاتیہ داخل ہوگا جیسے اِذَا دَعَاكُمْ دَعْوَةً مِّنَ الْاَرْضِ اِذَآ اَنْتُمْ تَخْرُجُوْنَ۔ پھر محققین کے نزدیک اِذَا کو نصب فعل شرط دیا کرتا ہے یعنی یہ فعل شرط کا مفعول فیہ مقدم واقع ہوتا ہے اور فقیر نے اعراب القرآن میں اسی قول پر عمل کیا ہے۔ نیز اِذَا کی یہ خاصیت ہے کہ اس کی جزاء شرط پر مقدم نہیں ہوسکتی نیز یہ شرط کو جزم بھی نہیں دیتا۔

(۳) مُذْ (۴) مُنْذُ

❁ مُذْ اور مُنْذُ کی تین حالتیں ہیں ❁

(۱) ان کے بعد مجرور اسم واقع ہو اس صورت میں عند البعض یہ اسم اور مضاف ہوتے ہیں مگر صحیح قول یہ ہے کہ یہ اس وقت حرف جر ہوتے ہیں پھر اگر زمانہ ماضی ہو تو مِنْ کے معنی میں ہوتے ہیں جیسے: مَارَاَیْتُهٗ مُذْ یَوْمِ الْخَمِیْسِ اور اگر زمانہ حال ہو تو فِیْ کے معنی میں ہوتے ہیں جیسے: مَارَاَیْتُهٗ مُذْ یَوْمِنَا اور اگر ان کا مدخول کوئی معدود ہو تو اس وقت مِنْ اور اِلٰی دونوں کے معنی میں ہوسکتے ہیں جیسے: مَارَاَیْتُهٗ مُذْ ثَلَاثَةَ اَیَّامٍ

(۲) مُذْ اور مُنْذُ کی دوسری حالت یہ ہے کہ ان کے بعد مرفوع اسم واقع ہو جیسے مُذْ یَوْمُ الْخَمِیْسِ اس حالت کے بارے میں اختلاف ہے (۱) مبرد اور فارسی وغیرہ کے نزدیک اس صورت میں یہ مبتدا ہوتے ہیں اور مابعد خبر ہوتا ہے پھر اگر مدخول زمانہ ماضی ہو یا معدود چیز ہو تو اس وقت ان کا معنی انتہاء مدت ہوتا ہے اور اگر مدخول ماضی ہو تو ان کا معنی اوّل مدت وابتدا مدت ہوتا ہے۔ (۲) امام اخفش وزجاج وغیرہ کے نزدیک اس صورت میں یہ خبر اور ان کا مابعد مبتدا ہوتا ہے اور اس وقت ان کا معنی دو ایسے بَیْنَ کے لفظ ہوتے ہیں جو مضاف ہوتے ہیں لہٰذا ان حضرات کے نزدیک مَالَقِیْتُهٗ مُذْ یَوْمَانِ کا معنی ہے بَیْنِیْ وَبَیْنَ لِقَآئِهٖ یَوْمَانِ (۳) اور اکثر اہل کوفہ کے نزدیک مُذْ اور مُنْذُ دوسری حالت میں ظرف ہیں جو کہ ایسے جملہ کی طرف مضاف ہیں جس کا فعل حذف کر کے اس کے فاعل کو باقی رکھا گیا ہے۔ لہٰذا مثال مذکور میں مُذْ یَوْمَانِ اصل میں مُذْ كَانَ یَوْمَانِ ہے اور كَانَ تامّہ بمعنی وُجِدَ ہے۔

(۳) مُذْ اور مُنْذُ کی تیسری حالت یہ ہے کہ ان کے بعد جملہ اسمیہ یا جملہ فعلیہ واقع ہو اس صورت میں یہ ظرف ہوتے ہیں

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جو جملہ کی طرف مضاف ہوتے ہیں۔

فائدہ نمبر(۴۴) برائے اقسام جملہ:

جملہ کی صفاتی چھ (۶) قسمیں ہیں

(۱) جملہ مستانفہ (۲) جملہ مبینہ (۳) جملہ معلّلہ (۴) جملہ معطوفہ (۵) جملہ حالیہ (۶) جملہ معترضہ

جملہ معترضہ وہ ہوتا ہے جو دو چیزوں کے درمیان بے جوڑ واقع ہو جائے پھر جملہ معترضہ کا محل وقوع متعدد ہیں (۱) فعل اور فاعل کے درمیان واقع ہوتا ہے جیسے: قَالَ اَبُوْ حَنِیْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ۔۔۔ میں ہے۔ (۲) فعل اور اس کے مفعول کے درمیان واقع ہوتا ہے جیسے:

وَقَدْ اَدْرَكَتْنِيْ وَالْحَوَادِثُ جَمَّةٌ ۞ اَسِنَّةُ قَوْمٍ لَّا ضِعَافٍ وَلَا عُزْلٍ

اس میں وَالْحَوَادِثُ جَمَّةٌ جملہ معترضہ ہے۔ (۳) مبتدا اور خبر کے درمیان واقع ہوتا ہے جیسے: وَمَآ اَكْثَرُ النَّاسِ وَلَوْ حَرَصْتَ بِمُؤْمِنِيْنَ میں وَلَوْ حَرَصْتَ ہے۔ (۴) اس چیز کے درمیان واقع ہوتا ہے جس کی اصل مبتدا اور خبر ہے جیسے شاعر کا شعر ہے

اِنَّ الثَّمَانِيْنَ وَبُلِّغْتَهَا ۞ اَحْوَجَتْ سَمْعِيْ اِلٰى تَرْجُمَانٍ

اس میں بُلِّغْتَهَا جملہ معترضہ ہے جو مبتدا اور خبر کے درمیان واقع ہے کیونکہ اِنَّ کے دخول سے پہلے الثَّمَانِيْنَ مبتدا ہے اور اَحْوَجَتْ خبر ہے۔ (۵) شرط اور جواب کے درمیان واقع ہوتا ہے جیسے

لَعَمْرِيْ وَمَا عَمْرِيْ عَلَيَّ بِهَيِّنٍ ۞ لَقَدْ نَطَقَتْ بُطْلًا عَلَى الْاَقَارِعِ

میں ہے۔ (۶) قسم اور جواب قسم کے درمیان واقع ہوتا ہے۔ (۷) موصوف اور صفت کے درمیان واقع ہوتا ہے جیسے: وَاِنَّهٗ لَقَسَمٌ لَّوْ تَعْلَمُوْنَ عَظِيْمٌ میں ہے۔ (۸) موصول اور صلہ کے درمیان واقع ہوتا ہے جیسے

ذَاكَ الَّذِيْ وَاَبِيْكَ يَعْرِفُ مَالِكًا ۞ وَالْحَقُّ يَدْفَعُ تُرَّهَاتِ الْبَاطِلِ

(۹) حرف استقبال اور فعل کے درمیان واقع ہوتا ہے جیسے:

وَمَا اَدْرِيْ وَسَوْفَ يُخَالُ اَدْرِيْ ۞ اَقَوْمٌ اٰلُ حِصْنٍ اَمْ نِسَآءٌ

(۱۰) حرف نفی اور اس کی منفی کے درمیان واقع ہوتا ہے۔ (۱۱) دو مستقل جملوں کے درمیان واقع ہوتا ہے جیسے: وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ حَمَلَتْهُ اُمُّهٗ وَهْنًا عَلٰى وَهْنٍ وَّ فِصٰلُهٗ فِيْ عَامَيْنِ۔۔۔ الخ اس میں حَمَلَتْهُ اُمُّهٗ جملہ معترضہ ہے۔ اور صاحب مغنی اللبیب نے جملہ معترضہ کی سترہ (۱۷) صورتیں ذکر کی ہیں باقی جملہ اقسام کی تعریفیں واضح ہیں لہذا ان کو ذکر نہیں کیا گیا۔

فائدہ نمبر(۴۵) برائے لٰکِنَّ:

لٰکِنَّ مشدد حرف مشبہ بالفعل ہے اور لٰکِنْ مخفف یہ کبھی حرف استدراک ہوتا ہے اور کبھی عطف کے لئے بھی آتا ہے اگر کوئی یوں کہے مَاقَامَ زَيْدٌ وَّلٰكِنْ عَمْرٌو اس جیسی مثال کے بارے میں نحویوں کے چار (۴) اقوال ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

(۱) عند یونس: لٰکِنْ عاطفہ نہیں ہے بلکہ واؤ عاطفہ ہے اور یہ عطف مفرد علی المفرد ہے۔

(۲) عند ابن مالک: لٰکِنْ عاطفہ ہے اور یہ عطف جملہ علی الجملہ ہے جملہ معطوفہ کا کچھ حصہ محذوف ہے لہٰذا مَاقَامَ زَیْدٌ وَّلٰکِنْ عَمْرٌو اصل میں وَلٰکِنْ قَامَ عَمْرٌو ہے وَلٰکِنْ رَّسُوْلَ اللّٰہِ اصل میں وَلٰکِنْ کَانَ رَسُوْلَ اللّٰہِ ہے۔

(۳) عند ابن عصفور: لٰکِنْ عاطفہ ہے اور واؤ زائدہ اس کو لازم ہے۔

(۴) عند ابن کیسان: لٰکِنْ عاطفہ ہے اور واؤ زائدہ ہے اس کو لازم نہیں ہے۔

اور لٰکِنَّ مشدد جو کہ حرف مشبہ بالفعل ہے یہ اسم کو نصب اور خبر کو رفع دیتا ہے جیسا کہ تمام حروف مشبہ بالفعل کا یہی عمل ہے۔

فائدہ نمبر (۴۶) برائے لفظ غَیْرَ:

لفظ غَیْرَ ان اسماء میں سے ہے جن میں شدید ابہام ہے اس لئے اضافت کے باوجود یہ معرفہ نہیں ہوتا پھر جب لفظ غَیْرَ مضاف ہو تو پھر یہ دو (۲) طریقے سے استعمال ہوتا ہے (۱) یہ ہے کہ یہ نکرہ کی صفت ہو جیسے: رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا نَعْمَلْ صَالِحًا غَیْرَ الَّذِیْ کُنَّا نَعْمَلُ میں ہے اور اس کا یہی استعمال اصل ہے۔ (۲) یہ استثناء کے لئے استعمال ہو تو پھر اس کا اعراب اس اسم کے اعراب کی طرح ہو گا جو اِلَّا کے بعد واقع ہو جس کی تفصیل فقیر کی تالیف معارف التنبیر شرح نحو میر میں مذکور ہے۔

اور اگر لفظ غَیْرَ دو متضاد چیزوں کے درمیان واقع ہو تو اس وقت یہ معرفہ ہو جاتا ہے چنانچہ علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اسی وجہ سے غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ میں اس کو معرفہ کی صفت بنایا گیا ہے اور اگر لفظ غَیْرَ کی جگہ لَا نافیہ آنے کی صلاحیت ہو تو اس وقت یہ حال واقع ہوتا ہے۔

فائدہ نمبر (۴۷) برائے نون وقایہ:

نون وقایہ کا نام نون عماد بھی ہے اور یہ اس یَاءِ متکلم سے پہلا آتا ہے جو تین (۳) چیزوں میں سے ایک کے ساتھ منصوب ہو۔ (۱) جو فعل کے ساتھ منصوب ہو جیسے: اَکْرَمَنِیْ زَیْدٌ (۲) اس یَاءِ متکلم سے پہلے آتا ہے جو اسم فعل کی وجہ سے منصوب ہو جیسے: عَلَیْکَنِیْ بمعنی اِلْزَمْنِیْ (۳) اس یَاءِ متکلم سے پہلے آتا ہے جو کسی حرف کی وجہ سے منصوب ہو جیسے: اِنَّنِیْ اور اسی طرح جو یَاءِ متکلم مِنْ اور عَنْ حرف جر کی وجہ سے مجرور ہو اس کے ساتھ بھی آتا ہے اور اس کا نام نون وقایہ اس لئے ہے کہ وقایہ کا معنی ہے حفاظت کرنا اور بچانا اور یہ نون بھی فعل وغیرہ کو کسرہ سے محفوظ کرتا ہے۔

فائدہ نمبر (۴۸) ان جملوں کے بارے میں جو لَا مَحَلَّ لَهَا مِنَ الْاِعْرَابِ ہیں

چند جملے ایسے ہیں جن کا کوئی محل اعراب نہیں ہے (۱) جملہ معللہ (۲) جملہ مستانفہ (۳) جواب نداء کا جملہ (۴) جو جملہ موصول کا صلہ واقع ہو (۵) جو جملہ جواب قسم واقع ہو (۶) جو جملہ معترضہ ہو (۷) جو جملہ تفسیریہ ہو جیسے: وَاَوْحَیْنَآ اِلٰی مُوْسٰٓی اَنْ اَلْقِ عَصَاکَ میں اَلْقِ عَصَاکَ ہے۔ (۸) جو جملہ مبینہ ہو جیسے: اَلْکَلِمَةُ عَلٰی ثَلٰثَةِ اَقْسَامٍ اِسْمٌ وَّفِعْلٌ وَّحَرْفٌ میں اِسْمٌ وَّفِعْلٌ وَّحَرْفٌ ہے۔ (۹) شرط غیر جازم کی جزاء جو جملہ واقع ہو۔ (۱۰) وہ جملہ جو سابقہ جملوں میں سے کسی ایک کا تابع ہو۔

اور جن جملوں کا کوئی محل اعراب ہوتا ہے اس کی سات (۷) قسمیں ہیں

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

(۱) جو جملہ خبر واقع ہو اور اس کا محل مبتدا کی خبر میں رفع ہوتا ہے اور کَانَ وغیرہ کی خبر کا محل نصب ہوتا ہے۔

(۲) جو جملہ حال واقع ہو اور اس کا محل نصب ہے جیسے: وَلَا تَمْنُنْ تَسْتَكْثِرُ

(۳) جو جملہ مفعول واقع ہو اور اس کا محل نصب ہے بشرطیکہ نائب فاعل نہ ہو۔

(۴) جو جملہ مضاف الیہ واقع ہو اور اس کا محل جر ہے اور جملہ کی طرف آٹھ (۸) چیزیں مضاف ہوتی ہیں (۱) اسماء الزمان (۲) حَيْثُ (۳) آیۃ بمعنی علامت (۴) ذُوْ (۵) لَدُنْ (۶) رَيْثَ (۷) لفظ قول (۸) قَائِلٌ کا لفظ

(۵) وہ جملہ جو فَاء کے بعد واقع ہو یا اِذَا کے بعد واقع ہو اور شرط جازم کی جزاء ہو جیسے: مَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَا هَادِيَ لَهٗ

(۶) جو جملہ کسی مفرد کا تابع ہو مثلاً مفرد کی صفت ہو جیسے: مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا بَيْعٌ فِيْهِ میں لَا بَيْعٌ فِيْهِ يَوْمٌ کی صفت ہونے کی بناء پر محلاً مرفوع ہے یا کسی حرف کے ساتھ معطوف ہو جیسے: زَيْدٌ مُنْطَلِقٌ وَاَبُوْهُ ذَاهِبٌ یہ فرض کیا جائے کہ واؤ کے ذریعہ صرف خبر پر عطف ہے۔

(۷) جو جملہ کسی ایسے جملہ کا تابع ہو جس کے لئے اعراب کا کوئی محل ہے۔

فائدہ نمبر (۴۹) برائے فرق بین الحال والتمیز

پانچ (۵) چیزوں میں حال اور تمیز جمع ہوتے ہیں وہ یہ ہیں

(۱) دونوں اسم ہوتے ہیں۔ (۲) دونوں نکرہ ہوتے ہیں۔ (۳) دونوں کلام میں زائد ہوتے ہیں بایں معنی کہ جملہ ان کے بغیر تام ہو جاتا ہے۔ (۴) دونوں منصوب ہوتے ہیں۔ (۵) دونوں ابہام دور کرتے ہیں۔

حال اور تمیز میں سات (۷) چیزوں میں فرق ہے

(۱) حال جملہ بھی ہوتا ہے جیسے رَاَيْتُ الْاَمِيْرَ وَهُوَ رَاكِبٌ میں وَهُوَ رَاكِبٌ جملہ اسمیہ خبریہ حال ہے اور ظرف بھی ہوتا ہے جیسے: رَاَيْتُ الْهِلَالَ بَيْنَ السَّحَابِ میں بَيْنَ السَّحَابِ مَوْجُوْدًا کا مفعول فیہ ہو کر اَلْهِلَالَ کا حال ہے۔ اور حال کبھی جار اور مجرور بھی ہوتا ہے جیسے: اَعْجَبَنِيْ السَّمَكُ فِي الْمَآءِ اور تمیز ہمیشہ اسم ہوتی ہے۔

(۲) کبھی حال پر کلام کا معنی مقصود موقوف ہوتا ہے جیسے: لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْتُمْ سُكٰرٰى اور تمیز ایسی نہیں ہے۔

(۳) حال کسی چیز کی حالت کو بیان کرتا ہے اور تمیز ذات کو بیان کرتی ہے۔

(۴) حال متعدد بھی ہوتا ہے اور تمیز نہیں ہوتی۔

(۵) حال کا عامل جب فعل متصرف ہو یا ایسا شبہ فعل ہو جو فعل متصرف کے مشابہ ہو تو اس وقت حال اپنے عامل پر مقدم ہو سکتا ہے۔ جیسے: خُشَّعًا اَبْصَارُهُمْ يَخْرُجُوْنَ۔۔۔ الخ میں خُشَّعًا اَبْصَارُهُمْ حال مقدم ہے اور تمیز اپنے عامل سے مقدم نہیں ہو سکتی۔

(۶) حال میں اصل یہ ہے کہ وہ مشتق ہوتا ہے اور تمیز میں اصل یہ ہے کہ وہ جامد ہوتی ہے اور کبھی حال بھی جامد ہوتا ہے جیسے: هٰذَا مَالُكَ ذَهَبًا اور کبھی تمیز مشتق بھی ہوتی ہے جیسے: لِلّٰهِ دَرُّهٗ فَارِسًا

(۷) حال اپنے عامل کے لئے مؤکد بھی ہوتا ہے جیسے: فَتَبَسَّمَ ضَاحِكًا میں ہے اور تمیز اس طرح نہیں ہوتی۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فائدہ نمبر(۵۰) برائے کَمْ استفہامیہ وکَمْ خبریہ:

کَمْ استفہامیہ ہو یا خبریہ اس کے اپنے اعراب وترکیب کی تفصیل یہ ہے کہ اگر کَمْ سے پہلے حرف جر ہو تو مجرور ہو گا اور جار با مجرور ظرف لغو فعل کا متعلق مقدم ہو گا جیسے: بِکَمْ دِرْهَمًا اِشْتَرَیْتَ (کتنے درہم کے ساتھ تو نے خریدا ہے) اور بِکَمْ طَالِبٍ اِجْتَهَدْتُ (کس قدر طالبوں کے لئے میں نے کوشش کی) اسی طرح اگر کَمْ سے پہلے مضاف ہو گا تو مجرور ہو گا جیسے: كِتَابَ كَمْ رَجُلًا اَخَذْتَ (کتنے مردوں کی کتاب تو نے لی ہے) اور عِلْمَ كَمْ اُسْتَاذًا كَتَبْتُ (کس قدر زیادہ استاذوں کا علم میں نے لکھا) کَمْ ممیز اپنی تمیز سے مل کر مضاف الیہ ہو گا مضاف یا مضاف الیہ مفعول بہ مقدم ہو گا

اور اگر کَمْ پر حرف جر اور مضاف داخل نہ ہو اور بعد والے فعل کا مفعول بہ محذوف ہو تو ایسا کَمْ بعد والے فعل کے عمل کے موافق منصوب ہو گا جیسے: كَمْ قَلَمًا بَنَیْتَ (کتنے قلم تو نے بنائے ہیں) وَكَمْ دُكَّانٍ اِشْتَرَیْتُ (کس قدر دکانیں میں نے خریدی ہیں) اس میں ممیز با تمیز مفعول بہ مقدم ہے اور منصوب ہے۔ اور كَمْ اِنْبَاتًا اَنْبَتَ اللّٰهُ (کتنی بار اگانا اللہ نے اگایا) اور كَمْ اِنْبَاتٍ اَنْبَتَ اللّٰهُ (کس قدر اگانا اللہ نے اگایا ہے) اس میں ممیز با تمیز مفعول مطلق ہونے کی وجہ سے منصوب ہے۔ اور كَمْ یَوْمًا اِعْتَكَفْتَ (کتنے دن تو نے اعتکاف کیا) وَكَمْ یَوْمٍ صُمْتُ (کس قدر دنوں میں روزہ رکھا میں نے) اس میں ممیز با تمیز مفعول فیہ ہونے کی وجہ منصوب ہے۔

اور اگر کَمْ کے بعد والے فعل کا مفعول مذکور ہو جیسے: كَمْ رَجُلًا ضَرَبْتَهٗ اور كَمْ غُلَامٍ مَلَكْتُهٗ تو اس میں دو ترکیبیں ہو سکتی ہیں۔

(۱) یہ کہ اس کو ما اضمر عاملہ علی شریطۃ التفسیر میں سے بنایا جائے اور فعل مفسَّر اس کے بعد مقدر مانا جائے کیونکہ اگر اس سے پہلے مقدر کریں تو کَمْ کی صدارت فوت ہو جائے گی مثلاً كَمْ رَجُلًا ضَرَبْتَ ضَرَبْتَهٗ پھر دوسرا ضَرَبْتَ اوّل ضَرَبْتَ کی تفسیر کر رہا ہے تو اوّل ضَرَبْتَ کو حذف کر دیا تو اب یہ ممیز با تمیز مفعول بہ ہونے کی وجہ سے منصوب ہو گا اور فعل مقدر کا مفعول بہ ہو گا۔

(۲) اس میں دوسری صورت یہ ہے کہ اس کو ما اضمر عاملہ علی شریطۃ التفسیر میں سے نہ بنایا جائے تو پھر ممیز با تمیز مل کر مبتدا ہو گا اور بعد والا جملہ اس کی خبر ہو گا اور اگر کَمْ کے بعد فعل نہ ہو بلکہ اسم ہو اور وہ اسم ظرف بھی نہ ہو تو ممیز با تمیز محلاً مرفوع مبتدا ہو گا اور بعد والا اسم خبر ہو گا جیسے: كَمْ رَجُلًا اَخُوْكَ (کتنے مرد تیرے بھائی ہیں) وَكَمْ طَالِبٍ مُجْتَهِدٌ (کس قدر طالب محنتی ہیں) اور اگر کَمْ کے بعد فعل نہ ہو اور کَمْ جس اسم پر داخل ہو وہ ظرف ہو تو ممیز با تمیز خبر مقدم ہو گا اور بعد والا اسم مبتدا ہو گا جیسے: كَمْ یَوْمًا اِعْتِكَافُكَ (کتنے دن تیرا اعتکاف ہے) اور كَمْ شَهْرٍ صَوْمِیْ (کس قدر زیادہ میرا روزہ ہے)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ترکیب سُوْرَۃُ الْفَاتِحَۃِ مع تعوّذ و تسمیہ

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَعُوْذُ فعل اَنَا مستتر فاعل بِاللّٰهِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق اوّل ہوئے مِنْ جارہ اَلشَّیْطٰنِ موصوف اَلرَّجِیْمِ صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور متعلق ثانی، فعل با فاعل و متعلقین جملہ فعلیہ انشائیہ ابتدائیہ ہوا۔ باء جارہ اِسْمِ مضاف اَللّٰهِ موصوف اَلرَّحْمٰنِ صفت اولیٰ، اَلرَّحِیْمِ صفت ثانیہ، موصوف باصفتین مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے فعل محذوف اَبْتَدِئُ کے، اَبْتَدِئُ فعل اَنَا مستتر فاعل و متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ ابتدائیہ ہوا۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝١ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝٢ مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ ۝٣ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ ۝٤

آیت نمبر ١، ٢، ٣، ٤: اَلْحَمْدُ مبتدا، لام جارہ اَللّٰهِ موصوف رَبِّ الْعَالَمِیْنَ مرکب اضافی صفت اولیٰ، اَلرَّحْمٰنِ صفت ثانیہ اَلرَّحِیْمِ صفت ثالثہ مَالِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ مرکب اضافی صفت رابعہ، موصوف باصفات اربعہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اِیَّاكَ ضمیر منصوب منفصل مفعول بہ مقدم نَعْبُدُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل اور مفعول بہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِیَّاكَ ضمیر منصوب منفصل مفعول بہ مقدم نَسْتَعِیْنُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل اور مفعول بہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۝٥ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ ۙ۬ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ ۝٧

آیت نمبر ٥، ٦، ٧: اِهْدِ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ اوّل اَلصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ مرکب توصیفی مبدل منہ صِرَاطَ مضاف اَلَّذِیْنَ اسم موصول اَنْعَمْتَ فعل تَاء مفتوحہ ضمیر فاعل عَلَیْهِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ موصوف غَیْرِ مضاف اَلْمَغْضُوْبِ اسم مفعول عَلَیْهِمْ جار با مجرور محل رفع میں اَلْمَغْضُوْبِ کا نائب فاعل، اسم مفعول با نائب فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ اَلضَّآلِّیْنَ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ اَلَّذِیْنَ کی صفت، موصوف باصفت صِرَاطَ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ بدل، مبدل منہ با بدل مفعول بہ ثانی، فعل امر با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ترکیب سُوْرَۃُ البَقَرَۃ

رکوع نمبر ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ الٓمّٓ ۝۱

وَ اِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ وَ رَفَعْنَا فَوْقَكُمُ الطُّوْرَ ؕ خُذُوْا مَاۤ اٰتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ وَّ اسْمَعُوْا ؕ قَالُوْا سَمِعْنَا وَ عَصَيْنَا ۗ وَ اُشْرِبُوْا فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْعِجْلَ بِكُفْرِهِمْ ؕ قُلْ بِئْسَمَا يَاْمُرُكُمْ بِهٖۤ اِيْمَانُكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۹۳﴾

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر ۹۳: واؤ عاطفہ اِذْ مضاف اَخَذْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مِیْثَاقَکُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ رَفَعْنَا فعل نَا ضمیر فاعل فَوْقَکُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ اَلطُّوْرَ مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول بہ ہوا فعل محذوف اُذْکُرُوْا کا، خُذُوْا فعل امر واؤ ضمیر ذوالحال بِقُوَّةٍ جار بامجرور عَازِمِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل مَا اسم موصول اٰتَیْنَا فعل نَا ضمیر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل امر بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِسْمَعُوْا فعل امر باواؤ ضمیر فاعل معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ ہے قول محذوف قُلْنَا کا، قول بامقولہ حال ہے رَفَعْنَا کی ضمیر فاعل سے۔ قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل قول، سَمِعْنَا فعل بانَا ضمیر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَصَیْنَا فعل بانَا ضمیر فاعل معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

واؤ حالیہ اُشْرِبُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل فِیْ قُلُوْبِهِمُ جار بامجرور متعلق اوّل، اَلْعِجْلَ مفعول بہ بِکُفْرِهِمْ متعلق ثانی سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قَالُوْا کی واؤ ضمیر سے حال ہے، قُلْ فعل امر با اَنْتَ مستتر فاعل قول ہوا، بِئْسَ فعل الذم هُوَ مستتر ممیز، مَا بمعنی شَیْئًا موصوف یَاْمُرُ فعل کُمْ ضمیر مفعول بہ بِهٖ جار بامجرور متعلق اِیْمَانُکُمْ مرکب اضافی فاعل سے مل کر صفت، موصوف باصفت تمیز، ممیز باتمیز بِئْسَ کا فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ انشائیہ خبر، مخصوص بالذم مبتدا محذوف ہے هٰذَا الْاَمْرُ (مظہری) مبتدا باخبر مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔ اِنْ کُنْتُمْ مُّؤْمِنِیْنَ فعل ناقص بااسم وخبر شرط، جزاء محذوف ہے مَا فَعَلْتُمْ هٰذِهِ الْقَبَائِحَ (مظہری) شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

قُلْ اِنْ کَانَتْ لَکُمُ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ عِنْدَ اللّٰهِ خَالِصَةً مِّنْ دُوْنِ النَّاسِ فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ اِنْ کُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ﴿۹۴﴾

آیت نمبر ۹۴: قُلْ فعل امر با اَنْتَ مستتر فاعل قول، اِنْ شرطیہ کَانَتْ فعل ناقص لَکُمْ کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم اَلدَّارُ الْاٰخِرَةُ مرکب توصیفی ذوالحال خَالِصَةً اسم فاعل هِیَ مستتر فاعل عِنْدَ اللّٰهِ مرکب اضافی مفعول فیہ مقدم سے مل کر ذوالحال مِنْ دُوْنِ النَّاسِ کَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال پہلے ذوالحال کا حال، ذوالحال باحال اسم مؤخر، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فاء جزائیہ تَمَنَّوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَلْمَوْتَ مفعول بہ سے مل کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔ اِنْ کُنْتُمْ صَادِقِیْنَ فعل ناقص بااسم وخبر شرط، جزاء محذوف ہے فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَلَنْ یَّتَمَنَّوْهُ اَبَدًا بِمَا قَدَّمَتْ اَیْدِیْهِمْ ط وَاللّٰهُ عَلِیْمٌ بِالظّٰلِمِیْنَ ﴿۹۵﴾

آیت نمبر ۹۵: واؤ استینافیہ لَنْ یَّتَمَنَّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل هُ ضمیر مفعول بہ اَبَدًا مفعول فیہ بَاء جارہ مَا اسم موصول قَدَّمَتْ فعل اَیْدِیْهِمْ مرکب اضافی فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق، فعل با فاعل ومفعولین ومتعلق جملہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَللّٰهُ مبتدا عَلِیْمٌ صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل بِالظَّالِمِیْنَ متعلق سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ مستانفہ ہوا

وَلَتَجِدَنَّهُمْ اَحْرَصَ النَّاسِ عَلٰی حَیٰوةٍ ج وَمِنَ الَّذِیْنَ اَشْرَکُوْا ج یَوَدُّ اَحَدُهُمْ لَوْ یُعَمَّرُ اَلْفَ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سَنَةٍ ۚ وَمَا هُوَ بِمُزَحْزِحِهٖ مِنَ الْعَذَابِ اَنْ يُّعَمَّرَ ؕ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ۝

آیت نمبر ۹۶: واؤ عاطفہ لَامِ موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے تَجِدَنَّ فعل اَنْتَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل اَحْرَصَ اسم تفضیل مضاف اَلنَّاسِ مضاف الیہ، عَلٰی حَيٰوةٍ جار با مجرور متعلق، اسم تفضیل مضاف اپنے مضاف الیہ اور متعلق سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مِنْ جارہ اَلَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوا اَحْرَصَ مقدر کے، پھر یہ معطوف ہے، معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جواب قسم، قسم محذوف با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

يَوَدُّ فعل اَحَدُهُمْ مرکب اضافی فاعل لَوْ بمعنی اَنْ مصدریہ يُعَمَّرُ فعل مجہول هُوَ مستتر فاعل اَلْفَ سَنَةٍ مرکب اضافی یا ممیز با تمیز ذوالحال واؤ حالیہ مَا مشابہ "بہ لَيْسَ هُوَ ضمیر اس کا اسم بَاء جارہ زائدہ مُزَحْزِحِ اسم فاعل مضاف ہٖ ضمیر مضاف الیہ معنًی مفعول بہ مِنَ الْعَذَابِ جار با مجرور متعلق اَنْ ناصبہ يُعَمَّرَ فعل مجہول با هُوَ مستتر نائب فاعل بتاویل مصدر فاعل، اسم فاعل مضاف اپنے مضاف الیہ معنًی مفعول بہ و متعلق و فاعل سے مل کر خبر بِمَا اپنے اسم و خبر سے مل کر حال، ذوالحال با حال مفعول فیہ، فعل مجہول با نائب فاعل و مفعول فیہ بتاویل مصدر يَوَدُّ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ مستانفہ ہوا۔ یا تَجِدَنَّ کے مفعول اوّل سے حال ہے۔ واؤ استینافیہ اَللّٰهُ مبتدا بَصِيْرٌ صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل بَاء جارہ مَا يَعْمَلُوْنَ موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق، صیغہ صفت با فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ مستانفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۱۲ ❁

قُلْ مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّجِبْرِيْلَ فَاِنَّهٗ نَزَّلَهٗ عَلٰى قَلْبِكَ بِاِذْنِ اللّٰهِ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَ
هُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ۝

آیت نمبر ۹۷: قُلْ فعل امر با اَنْتَ مستتر فاعل قول، مَنْ اسم شرط مبتدا، كَانَ فعل ناقص هُوَ مستتر اس کا اسم عَدُوًّا موصوف لِجِبْرِيْلَ جار با مجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت خبر، كَانَ با اسم و خبر شرط، جزاء محذوف ہے فَلْيَمُتْ غَيْظًا، شرط با جزاء خبر، مبتدا با خبر مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔ فَاء تعلیلیہ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم نَزَّلَ فعل هُوَ مستتر ذوالحال بِاِذْنِ اللّٰهِ مُتَلَبِّسًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال فاعل ہٗ ضمیر ذوالحال مُصَدِّقًا اسم فاعل هُوَ مستتر فاعل لَام جارہ مَا اسم موصول بَيْنَ يَدَيْهِ مرکب اضافی فعل محذوف ثَبَتَ کا مفعول فیہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق، اسم فاعل با فاعل و متعلق معطوف علیہ، واؤ عاطفہ هُدًى معطوف اوّل، واؤ عاطفہ بُشْرٰى موصوف لِلْمُؤْمِنِيْنَ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین حال، ذوالحال با حال مفعول بہ عَلٰى قَلْبِكَ جار با مجرور نَزَّلَ کے متعلق، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّلّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَرُسُلِهٖ وَجِبْرِيْلَ وَمِيْكٰلَ فَاِنَّ اللّٰهَ عَدُوٌّ لِّلْكٰفِرِيْنَ ۝

آیت نمبر ۹۸: مَنْ اسم شرط مبتدا، كَانَ فعل ناقص هُوَ مستتر اس کا اسم عَدُوًّا موصوف لَام جارہ اَللّٰهِ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَ مَلٰٓئِکَتِهٖ مرکب اضافی معطوف اوّل، واؤ عاطفہ رُسُلِهٖ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ جِبْرِیْلَ معطوف ثالث، واؤ عاطفہ مِیْکٰىلَ معطوف رابع، معطوف علیہ با معطوفات اربعہ مجرور، جار با مجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت خبر، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، جزاء محذوف ہے فَلْیَمُتْ غَیْظًا، شرط باجزاء خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فاء تعلیلیہ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اس کا اسم عَدُوٌّ موصوف لِلْكَافِرِیْنَ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت خبر اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَلَقَدْ اَنْزَلْنَآ اِلَیْكَ اٰیٰتٍۭ بَیِّنٰتٍ ۚ وَمَا یَكْفُرُ بِهَآ اِلَّا الْفٰسِقُوْنَ ﴿۹۹﴾

آیت نمبر ۹۹: واؤ استنافیہ لَام موطئہ للقسم قَدْ علامت فعل اَنْزَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اِلَیْكَ جار با مجرور متعلق اٰیَاتٍ بَیِّنَاتٍ مرکب توصیفی مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا نافیہ یَكْفُرُ فعل بِهَا جار با مجرور متعلق اِلَّا حرف استثناء اَلْفَاسِقُوْنَ مستثنیٰ مفرغ فاعل، فعل بافاعل و متعلق معطوف، معطوف علیہ با معطوف جواب قسم، قسم محذوف با جواب قسم جملہ انشائیہ ہوا۔

اَوَكُلَّمَا عٰهَدُوْا عَهْدًا نَّبَذَهٗ فَرِیْقٌ مِّنْهُمْ ۭ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا یُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۰۰﴾

آیت نمبر ۱۰۰: همزہ استفہامیہ واؤ عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے تقدیر عبارت ہے اَكَفَرُوْا بِالْاٰیَاتِ الْبَیِّنَاتِ، كُلَّمَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم عَاهَدُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل عَهْدًا مفعول مطلق سے مل کر شرط نَبَذَ فعل هٗ ضمیر منصوب مفعول بہ فَرِیْقٌ موصوف مِنْهُمْ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ بَلْ حرف عطف اَكْثَرُهُمْ مرکب اضافی مبتدا، لَا یُؤْمِنُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَلَمَّا جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمْ نَبَذَ فَرِیْقٌ مِّنَ الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ ۙ كِتٰبَ اللّٰهِ وَرَآءَ ظُهُوْرِهِمْ كَاَنَّهُمْ لَا یَعْلَمُوْنَ ﴿۱۰۱﴾

آیت نمبر ۱۰۱: واؤ عاطفہ لَمَّا متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم جَآءَ فعل هُمْ ضمیر مفعول بہ رَسُوْلٌ موصوف مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت اولیٰ، مُصَدِّقٌ اسم فاعل هُوَ مستتر فاعل لَام جارہ مَا اسم موصول مَعَهُمْ مرکب اضافی فعل محذوف ثَبَتَ کا مفعول فیہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق، اسم فاعل با فاعل و متعلق صفت ثانیہ، موصوف با صفتین فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ شرط، نَبَذَ فعل فَرِیْقٌ موصوف مِنْ جارہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول اُوْتُوْا فعل مجہول باواؤ ضمیر نائب فاعل اَلْكِتَابَ مفعول بہ سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت ذوالحال كَاَنَّ حرف تشبیہ هُمْ ضمیر اس کا اسم لَا یَعْلَمُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، كَاَنَّ با اسم و خبر حال، ذوالحال باحال نَبَذَ کا فاعل، كِتَابَ اللّٰهِ مرکب اضافی مفعول بہ اوّل وَرَآءَ ظُهُوْرِهِمْ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَاتَّبَعُوْا مَا تَتْلُوا الشَّیٰطِیْنُ عَلٰی مُلْكِ سُلَیْمٰنَ ۚ وَمَا كَفَرَ سُلَیْمٰنُ وَلٰكِنَّ الشَّیٰطِیْنَ كَفَرُوْا یُعَلِّمُوْنَ النَّاسَ السِّحْرَ ۚ وَمَآ اُنْزِلَ عَلَى الْمَلَكَیْنِ بِبَابِلَ هَارُوْتَ وَمَارُوْتَ ۭ وَمَا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

يُعَلِّمٰنِ مِنْ اَحَدٍ حَتّٰى يَقُوْلَآ اِنَّمَا نَحْنُ فِتْنَةٌ فَلَا تَكْفُرْ ؕ فَيَتَعَلَّمُوْنَ مِنْهُمَا مَا يُفَرِّقُوْنَ بِهٖ بَيْنَ الْمَرْءِ وَ زَوْجِهٖ ؕ وَ مَا هُمْ بِضَآرِّيْنَ بِهٖ مِنْ اَحَدٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَ يَتَعَلَّمُوْنَ مَا يَضُرُّهُمْ وَ لَا يَنْفَعُهُمْ ؕ وَ لَقَدْ عَلِمُوْا لَمَنِ اشْتَرٰىهُ مَا لَهٗ فِى الْاٰخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ ؕ وَ لَبِئْسَ مَا شَرَوْا بِهٖٓ اَنْفُسَهُمْ ؕ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۰۲﴾

آیت نمبر ۱۰۲: واؤ عاطفہ اِتَّبَعُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مَا اسم موصول تَتْلُوْا فعل اَلشَّيٰطِيْنُ فاعل عَلٰى جارہ مُلْكِ سُلَيْمٰنَ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق، فعل با فاعل و متعلق صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہے نَبَذَ فَرِيْقٌ پر۔ واؤ عاطفہ مَا نافیہ كَفَرَ فعل سُلَيْمٰنُ فاعل سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لٰكِنَّ حرف استدراک اَلشَّيٰطِيْنَ اسم كَفَرُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال يُعَلِّمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَلنَّاسَ مفعول بہ اوّل، اَلسِّحْرَ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا اسم موصول اُنْزِلَ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل عَلٰى جارہ اَلْمَلَكَيْنِ ذوالحال بَاءٌ جارہ بَابِلَ مجرور، جار با مجرور كَائِنَيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مبدل منہ هَارُوْتَ وَمَارُوْتَ معطوف علیہ با معطوف بدل، مبدل منہ بابدل، مجرور، جار با مجرور متعلق، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال كَفَرُوْا کا فاعل، فعل بافاعل خبر، لٰكِنَّ بااسم و خبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

واؤ استینافیہ مَا نافیہ يُعَلِّمٰنِ فعل الف ضمیر فاعل مِنْ جارہ زائدہ اَحَدٍ محلًا منصوب مفعول بہ حَتّٰى جارہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے يَقُوْلَآ فعل با الف ضمیر فاعل قول، اِنَّ حرف تحقیق مَا کافہ نَحْنُ مبتدا، فِتْنَةٌ خبر، مبتدا با خبر مقولہ، قول بامقولہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ فَاءٌ فصیحہ شرط محذوف ہے اِذَا شِئْتَ اِتِّبَاعَ الصِّرَاطِ السَّوِيِّ، لَا تَكْفُرْ فعل نہی با اَنْتَ مستتر فاعل جملہ انشائیہ جزاء، شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

فَاءٌ استینافیہ يَتَعَلَّمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْهُمَا جار با مجرور متعلق مَا اسم موصول يُفَرِّقُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِهٖ جار با مجرور متعلق بَيْنَ مضاف اَلْمَرْءِ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ زَوْجِهٖ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول فیہ صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

واؤ حالیہ مَا حجازیہ هُمْ ضمیر اس کا اسم بَاءٌ جارہ زائدہ ضَآرِّيْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر ذوالحال اِلَّا حرف استثناء بِاِذْنِ اللّٰهِ جار با مجرور كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل بِهٖ جار با مجرور متعلق مِنْ جارہ زائدہ اَحَدٍ محلًا منصوب مفعول بہ، اسم فاعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ شبہ جملہ ہو کر محلًا منصوب خبر، مَا با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال ہے يَتَعَلَّمُوْنَ کی واؤ ضمیر فاعل سے۔ واؤ عاطفہ يَتَعَلَّمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مَا اسم موصول يَضُرُّ فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا يَنْفَعُ فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہے يَتَعَلَّمُوْنَ مِنْهُمَا پر۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

واؤ استینا فیہ لَام موطئہ للقسم قَدْ علامت فعل عَلِمُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل لَام ابتدائیہ ہے مَنْ اسم موصول اِشْتَرٰی فعل هُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مبتدا مَالَہٗ فِیهِ لَہٗ جار بامجرور ظرف مستقر ثَابِتٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم فِي الْاٰخِرَةِ كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم مِنْ زائدہ خَلَاقٍ محلا مرفوع ذوالحال موخر، ذوالحال باحال مبتدا موخر، مبتدا باخبر مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبر محلا منصوب عَلِمُوْا کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل بافاعل و مفعولین قسم محذوف کا جواب، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔

واؤ عاطفہ لَام موطئہ للقسم بِئْسَ فعل ذم هُوَ ضمیر مستتر ممیز، مَا نکرہ بمعنی شَيْئًا موصوف شَرَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِهٖ متعلق اَنْفُسَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر صفت، موصوف باصفت تمیز، ممیز باتمیز فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مخصوص بالذم مبتدا محذوف ہے مَا تَفْعَلُوْنَ مِنَ الْقَبَائِحِ الْمَذْكُوْرَةِ فِي الْاٰيَةِ، مبتدا باخبر قسم محذوف کا جواب ہے، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ لَوْ شرطیہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم يَعْلَمُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، فعل ناقص بااسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، جزاء محذوف ہے لَمَا شَرَوْا بِهٖ اَنْفُسَهُمْ، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَلَوْ اَنَّهُمْ اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا لَمَثُوْبَةٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ خَيْرٌ ؕ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۰۳﴾

آیت نمبر ۱۰۳: واؤ عاطفہ لَوْ شرطیہ اَنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اس کا اسم اٰمَنُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اتَّقَوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف، معطوف علیہ بامعطوف خبر، اَنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ بتاویل مفرد فاعل ہوا فعل محذوف ثَبَتَ کا، فعل بافاعل شرط لَام جوابیہ مَثُوْبَةٌ موصوف مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مبتدا، خَيْرٌ اسم تفضیل باهِيَ مستتر فاعل خبر، مبتدا باخبر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ لَوْ شرطیہ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ کی ترکیب چند سطور اوپر گزری ہے اور یہ شرط ہے جزاء محذوف ہے لَاٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا فَاُثِيْبُوْا (فقیر) شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۱۳ ❁

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقُوْلُوْا رَاعِنَا وَقُوْلُوا انْظُرْنَا وَاسْمَعُوْا ؕ وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۰۴﴾

آیت نمبر ۱۰۴: يَا حرف ندا اَدْعُوْ کے قائم مقام، اَدْعُوْ فعل اَنَا مستتر فاعل اَيُّ موصوف یا مبدل منہ هَا برائے تنبیہ اَلَّذِيْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ صفت یا بدل، موصوف باصفت یا مبدل منہ بابدل محلا منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ ہو کر ندا، لَا تَقُوْلُوْا فعل نہی باواؤ ضمیر فاعل قول، رَاعِ فعل امر اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ سے مل کر مقولہ، قول بامقولہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ قُوْلُوْا فعل امر باواؤ ضمیر فاعل قول، اُنْظُرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ سے مل کر مقولہ، قول بامقولہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اِسْمَعُوْا فعل امر باواؤ ضمیر فاعل معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جواب ندا، ندا باجواب ندا جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ لِلْكَافِرِيْنَ جار بامجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، عَذَابٌ اَلِيْمٌ مرکب توصیفی مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مَا يَوَدُّ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ وَلَا الْمُشْرِكِينَ أَنْ يُنَزَّلَ عَلَيْكُمْ مِنْ خَيْرٍ مِنْ رَبِّكُمْ ۗ وَاللَّهُ يَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهِ مَنْ يَشَاءُ ۚ وَاللَّهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيمِ ﴿۱۰۵﴾

آیت نمبر ۱۰۵: مَا نافیہ یَوَدُّ فعل اَلَّذِیْنَ اسم موصول کَفَرُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ ذوالحال مِنْ جارہ اَهْلِ الْکِتَابِ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ اَلْمُشْرِکِیْنَ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور کَائِنِیْنَ کے متعلق ہوکر حال، ذوالحال باحال فاعل، اَنْ ناصبہ یُنَزَّلَ فعل مجہول عَلَیْکُمْ جار بامجرور متعلق مِنْ جارہ زائدہ خَیْرٍ موصوف مِنْ جارہ رَبِّکُمْ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور کَائِنٌ کے متعلق ہوکر صفت، موصوف باصفت محلاً مرفوع نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق بتاویل مصدر مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَللّٰہُ مبتدا، یَخْتَصُّ فعل هُوَ مستتر فاعل بِرَحْمَتِهٖ متعلق مَنْ اسم موصول یَشَآءُ فعل با هُوَ مستتر فاعل صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ خبر مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَللّٰہُ مبتدا، ذُوْ مضاف اَلْفَضْلِ الْعَظِیْمِ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

مَا نَنْسَخْ مِنْ آيَةٍ أَوْ نُنْسِهَا نَأْتِ بِخَيْرٍ مِنْهَا أَوْ مِثْلِهَا ۗ أَلَمْ تَعْلَمْ أَنَّ اللَّهَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ﴿۱۰۶﴾

آیت نمبر ۱۰۶: مَا اسم شرط موصوف مِنْ اٰيَةٍ ظرف مستقر کَائِنَةٍ کے متعلق ہوکر صفت، موصوف باصفت مفعول بہ مقدم نَنْسَخْ فعل نَحْنُ مستتر فاعل مفعول بہ مقدم سے مل کر معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ نُنْسِ فعل نَحْنُ مستتر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف شرط، نَاْتِ فعل نَحْنُ مستتر فاعل باء جارہ خَیْرٍ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل مِنْهَا متعلق سے مل کر معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ مِثْلِهَا مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور متعلق، فعل بافاعل و متعلق جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ ہمزہ استفہامیہ لَمْ تَعْلَمْ فعل اَنْتَ مستتر فاعل اَنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ اس کا اسم، عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ جار بامجرور متعلق مقدم قَدِیْرٌ صیغہ صفت با هُوَ مستتر فاعل و متعلق مقدم خبر، اَنَّ با اسم و خبر بتاویل مفرد لَمْ تَعْلَمْ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل بافاعل و مفعولین جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

أَلَمْ تَعْلَمْ أَنَّ اللَّهَ لَهُ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۗ وَمَا لَكُمْ مِنْ دُونِ اللَّهِ مِنْ وَلِيٍّ وَلَا نَصِيرٍ ﴿۱۰۷﴾

آیت نمبر ۱۰۷: ہمزہ حرف استفہام لَمْ تَعْلَمْ فعل اَنْتَ مستتر فاعل اَنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ اس کا اسم لَهٗ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہوکر خبر مقدم مُلْکُ مضاف اَلسَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ معطوف علیہ بامعطوف مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر اَنَّ کی خبر، اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ بتاویل مفرد دو مفعول بہ کے قائم مقام، فعل بافاعل و مفعولین جملہ انشائیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ مَا نافیہ لَکُمْ جار بامجرور کَائِنَانِ کے متعلق ہوکر خبر مقدم مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہوکر حال مقدم مِنْ جارہ زائدہ وَلِیٍّ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ نَصِیْرٍ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف محلاً مرفوع ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اَمْ تُرِيْدُوْنَ اَنْ تَسْـَٔلُوْا رَسُوْلَكُمْ كَمَا سُئِلَ مُوْسٰى مِنْ قَبْلُ ؕ وَ مَنْ يَّتَبَدَّلِ الْكُفْرَ بِالْاِيْمَانِ فَقَدْ ضَلَّ سَوَآءَ السَّبِيْلِ ﴿۱۰۸﴾

آیت نمبر ۱۰۸ : اَمْ عاطفہ منقطعہ تُرِيْدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَنْ ناصبہ تَسْـَٔلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل رَسُوْلَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، کَ جارہ مَا مصدریہ سُئِلَ فعل مجہول مُوْسٰى نائب فاعل مِنْ قَبْلُ متعلق سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف سُؤَالًا کے مفعول مطلق، فعل بافاعل و مفعولین بتاویل مصدر مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ مَنْ اسم شرط مبتدا، يَتَبَدَّلِ فعل هُوَ مستتر فاعل الْكُفْرَ مفعول بہ بِالْاِيْمَانِ متعلق سے مل کر شرط، فاء جزائیہ قَدْ علامت فعل ضَلَّ فعل هُوَ مستتر فاعل سَوَآءَ السَّبِيْلِ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جزاء، شرط باجزاء خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَدَّ كَثِيْرٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَوْ يَرُدُّوْنَكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ اِيْمَانِكُمْ كُفَّارًا ۖۚ حَسَدًا مِّنْ عِنْدِ اَنْفُسِهِمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْحَقُّ ۚ فَاعْفُوْا وَ اصْفَحُوْا حَتّٰى يَاْتِيَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۰۹﴾

آیت نمبر ۱۰۹: وَدَّ فعل كَثِيْرٌ موصوف مِنْ اَهْلِ الْكِتَابِ جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت فاعل لَوْ بمعنٰی اَنْ (اور یہ معنٰی میں اَنْ کا نائب ہوتا ہے لفظ میں عمل کرنے میں نائب نہیں ہوتا۔ مظہری) يَرُدُّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ اول مِنْ جارہ بَعْدِ اِيْمَانِكُمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق اول، كُفَّارًا مفعول بہ ثانی، حَسَدًا موصوف مِنْ عِنْدِ اَنْفُسِهِمْ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مفعول لہ، مِنْ جارہ بَعْدِ مضاف مَا مصدریہ تَبَيَّنَ فعل لَهُمْ متعلق اَلْحَقُّ فاعل سے مل کر بتاویل مصدر مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار با مجرور يَرُدُّوْنَ کے متعلق ثانی، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلقین و مفاعیل ثلاثہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فاء فصیحہ شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ حَالُهُمْ مَاذُكِرَ، اُعْفُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِصْفَحُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل حَتّٰى جارہ يَاْتِيَ فعل اَللّٰهُ فاعل بِاَمْرِهٖ متعلق سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق، فعل بافاعل و متعلق معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ کی ترکیب آیت (۱۰۶) میں دیکھیے۔

وَ اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَ اٰتُوا الزَّكٰوةَ ؕ وَ مَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۱۱۰﴾

آیت نمبر ۱۱۰ : واؤ استینافیہ اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَ اٰتُوا الزَّكٰوةَ کی ترکیب آیت (۴۳) میں دیکھیے۔ واؤ استینافیہ مَا اسم شرط موصوف مِنْ خَيْرٍ کَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مفعول بہ مقدم تُقَدِّمُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل لِاَنْفُسِكُمْ متعلق و مفعول بہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مقدم سے مل کر شرط، تَجِدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل ہُ ضمیر مفعول بہ عِنْدَ اللّٰہِ مرکب اضافی مفعول فیہ سے مل کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ اس کا اسم بَاء جارہ مَاتَعْمَلُوْنَ موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق مقدم بَصِیْرٌ صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَ قَالُوْا لَنْ يَّدْخُلَ الْجَنَّةَ اِلَّا مَنْ كَانَ هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰى ؕ تِلْكَ اَمَانِيُّهُمْ ؕ قُلْ هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۱۱﴾

آیت نمبر ۱۱۱: واؤ عاطفہ قَالُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل قول، لَنْ يَّدْخُلَ فعل اَلْجَنَّةَ مفعول بہ اِلَّا حرف استثناء مَنْ اسم موصول كَانَ ناقصہ هُوْدًا اَوْ نَصَارٰى معطوف علیہ با معطوف خبر، فعل ناقص با اسم و خبر صلہ، موصول باصلہ فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ مقولہ، قول با مقولہ معطوف ہے وَدَّ كَثِيْرٌ پر۔ تِلْكَ اسم اشارہ مبتدا، اَمَانِيُّهُمْ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ قُلْ فعل امر اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر قول، هَاتُوْا اسم فعل بمعنی امر واؤ ضمیر فاعل بُرْهَانَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔ اِنْ كُنْتُمْ صَادِقِيْنَ فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، جزاء محذوف ہے فَهَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

بَلٰى ۗ مَنْ اَسْلَمَ وَجْهَهٗ لِلّٰهِ وَ هُوَ مُحْسِنٌ فَلَهٗۤ اَجْرُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ۪ وَ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَ لَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۱۱۲﴾

آیت نمبر ۱۱۲: بَلٰى حرف ایجاب مَنْ اسم شرط مبتدا، اَسْلَمَ فعل ھُوَ مستتر ذوالحال واؤ حالیہ ھُوَ ضمیر مبتدا، مُحْسِنٌ اسم فاعل با ھُوَ مستتر فاعل خبر، مبتدا با خبر حال، ذوالحال با حال اَسْلَمَ کا فاعل وَجْهَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ لِلّٰهِ متعلق، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فاء جزائیہ لَهٗ جار با مجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، اَجْرُهٗ مرکب اضافی ذوالحال عِنْدَ رَبِّهٖ مرکب اضافی ثَابِتًا کا مفعول فیہ ہو کر حال، ذوالحال با حال مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا نافیہ خَوْفٌ مبتدا عَلَيْهِمْ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ لَا نافیہ هُمْ ضمیر مبتدا يَحْزَنُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل خبر، مبتدا با خبر معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جزاء، شرط با جزاء مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۱۴ ❁

وَ قَالَتِ الْيَهُوْدُ لَيْسَتِ النَّصٰرٰى عَلٰى شَيْءٍ ۪ وَّ قَالَتِ النَّصٰرٰى لَيْسَتِ الْيَهُوْدُ عَلٰى شَيْءٍ ۙ وَّ هُمْ يَتْلُوْنَ الْكِتٰبَ ؕ كَذٰلِكَ قَالَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ مِثْلَ قَوْلِهِمْ ۚ فَاللّٰهُ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿۱۱۳﴾

آیت نمبر ۱۱۳: واؤ استینافیہ قَالَتْ فعل اَلْيَهُوْدُ فاعل سے مل کر قول، لَيْسَتْ فعل ناقص اَلنَّصَارٰى اس کا اسم عَلٰى شَيْءٍ جار با مجرور

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

كَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم وخبر مقولہ، قول با مقولہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ واؤ حالیہ هُمْ ضمیر مبتدا، یَتْلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَلْكِتٰبَ مفعول بہ سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال ہے اَلْیَهُوْدُ وَالنَّصٰرٰی سے۔ كَذٰلِكَ جار با مجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف قولًا کے مفعول مطلق مقدم قَالَ فعل اَلَّذِیْنَ لَا یَعْلَمُوْنَ موصول با صلہ فاعل مِثْلَ قَوْلِهِمْ مرکب اضافی قَالَ کا مفعول بہ (املاءما من بہ الرحمٰن) فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فاء استینافیہ اَللّٰهُ مبتدا، یَحْكُمُ فعل هُوَ مستتر فاعل بَیْنَ مضاف هُمْ ضمیر ذوالحال یَوْمَ الْقِیٰمَةِ كَائِنِیْنَ کا مفعول فیہ ہو کر حال، ذوالحال با حال مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ فِیْ جارہ مَا اسم موصول كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم یَخْتَلِفُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فِیْهِ متعلق مقدم سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم وخبر صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور متعلق، فعل با فاعل و مفعول فیہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ مَّنَعَ مَسٰجِدَ اللّٰهِ اَنْ یُّذْكَرَ فِیْهَا اسْمُهٗ وَسَعٰی فِیْ خَرَابِهَا ؕ اُولٰٓئِكَ مَا كَانَ لَهُمْ اَنْ یَّدْخُلُوْهَآ اِلَّا خَآئِفِیْنَ ؕ لَهُمْ فِی الدُّنْیَا خِزْیٌ وَّلَهُمْ فِی الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِیْمٌ ﴿۱۱۴﴾

آیت نمبر ۱۱۴: واؤ استینافیہ مَنْ اسم استفہام مبتدا، اَظْلَمُ اسم تفضیل هُوَ ضمیر مستتر فاعل مِنْ جارہ مَنْ اسم موصول مَنَعَ فعل هُوَ مستتر فاعل مَسٰجِدَ اللّٰهِ مرکب اضافی مفعول بہ اوّل، اَنْ ناصبہ یُذْكَرَ فعل مجہول فِیْهَا متعلق اِسْمُهٗ مرکب اضافی نائب فاعل سے مل کر بتاویل مصدر مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین معطوف علیہ، واؤ عاطفہ سَعٰی فعل هُوَ مستتر فاعل فِیْ خَرَابِهَا متعلق سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور اَظْلَمُ کے متعلق، اسم تفضیل با فاعل و متعلق خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا، مَا نافیہ كَانَ فعل ناقص لَهُمْ جار با مجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم، اَنْ ناصبہ یَدْخُلُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال اِلَّا حرف استثناء خَآئِفِیْنَ حال، ذوالحال با حال فاعل هَا ضمیر مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ بتاویل مصدر اسم موخر، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ لَهُمْ جار با مجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم فِی الدُّنْیَا كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم، خِزْیٌ ذوالحال موخر، ذوالحال باحال مبتدا موخر، مبتدا با خبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَهُمْ جار با مجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، فِی الْاٰخِرَةِ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم عَذَابٌ عَظِیْمٌ مرکب توصیفی ذوالحال موخر، ذوالحال با حال مبتدا موخر، مبتدا با خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

وَلِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ ۚ فَاَیْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ وَاسِعٌ عَلِیْمٌ ﴿۱۱۵﴾

آیت نمبر ۱۱۵: واؤ عاطفہ لِلّٰهِ جار با مجرور كَائِنَانِ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، اَلْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ معطوف علیہ با معطوف مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ فاء استینافیہ اَیْنَمَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم تُوَلُّوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل و مفعول فیہ مقدم شرط، فاء جزائیہ ثَمَّ ظرف مکان كَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم وَجْهُ اللّٰهِ مرکب اضافی مبتدا موخر، مبتدا با خبر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ہوا۔اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ اس کا اسم وَاسِعٌ عَلِیْمٌ دو خبر اِنَّ با اسم و خبر ین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَقَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا ۙ سُبْحٰنَهٗ ؕ بَلْ لَّهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ كُلٌّ لَّهٗ قٰنِتُوْنَ ﴿۱۱۶﴾

آیت نمبر ۱۱۶: واؤ عاطفہ قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل قول، اِتَّخَذَ فعل اَللّٰہُ فاعل وَلَدًا مفعول بہ سے مل کر مقولہ، قول بامقولہ وَقَالُوا لَنْ یَّدْخُلَ ....الخ پر معطوف ہے۔ سُبْحَانَهٗ مرکب اضافی مفعول مطلق فعل محذوف اُسَبِّحُ کا، فعل بافاعل و مفعول مطلق جملہ معترضہ ہوا۔ بَلْ عاطفہ لَهٗ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَا اسم موصول فِیْ جارہ اَلسَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر فعل محذوف ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ مبتدا، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ کُلٌّ مبتدا، قَانِتُوْنَ اسم فاعل ھُمْ مستتر فاعل لَهٗ متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَاِذَا قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿۱۱۷﴾

آیت نمبر ۱۱۷: بَدِیْعُ مضاف اَلسَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ خبر ہے مبتدا محذوف ھُوَ کی، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم قَضٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل اَمْرًا مفعول بہ سے مل کر شرط، فاء جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق مَا کافہ یَقُوْلُ فعل ھُوَ مستتر فاعل لَهٗ متعلق سے مل کر قول، کُنْ فعل امر تام اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر مقولہ، قول بامقولہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ فاء استینافیہ یَکُوْنُ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر خبر ہے مبتدا محذوف ھُوَ کی، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ مستانفہ ہوا۔

وَقَالَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ لَوْلَا يُكَلِّمُنَا اللّٰهُ اَوْ تَاْتِيْنَآ اٰيَةٌ ؕ كَذٰلِكَ قَالَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّثْلَ قَوْلِهِمْ ؕ تَشَابَهَتْ قُلُوْبُهُمْ ؕ قَدْ بَيَّنَّا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ﴿۱۱۸﴾

آیت نمبر ۱۱۸: واؤ استینافیہ قَالَ فعل اَلَّذِیْنَ لَا یَعْلَمُوْنَ موصول باصلہ فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، لَوْلَا حرف تحضیض یُکَلِّمُ فعل نَا ضمیر مفعول بہ اَللّٰہُ فاعل سے مل کر معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ تَاْتِیْ فعل نَا ضمیر مفعول بہ اٰیَةٌ فاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول بامقولہ جملہ مستانفہ ہوا۔ کَذٰلِکَ جار با مجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف قَوْلًا کے مفعول مطلق مقدم، قَالَ فعل اَلَّذِیْنَ اسم موصول مِنْ قَبْلِهِمْ جار با مجرور ثَبَتُوْا کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ فاعل مِثْلَ قَوْلِهِمْ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ تَشَابَهَتْ فعل قُلُوْبُهُمْ مرکب اضافی فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ قَدْ علامت فعل بَیَّنَّا فعل نَا ضمیر فاعل اَلْاٰیَاتِ مفعول بہ لام جارہ قَوْمٍ موصوف یُوْقِنُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور متعلق، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ خبریہ ہوا۔

اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ بِالْحَقِّ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا ۙ وَّلَا تُسْـَٔلُ عَنْ اَصْحٰبِ الْجَحِيْمِ ﴿۱۱۹﴾

آیت نمبر ۱۱۹: اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم اَرْسَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل کَ ضمیر ذوالحال بِالْحَقِّ ظرف مستقر مُتَلَبِّسًا کے متعلق ہو کر حال اولیٰ، بَشِیْرًا وَّنَذِیْرًا معطوف علیہ با معطوف حال دوم، ذوالحال باحالین مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ خبر، اِنَّ با اسم و خبر

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔واؤ استینافیہ لَا تُسْئَلُ فعل مجہول اَنْتَ مستتر نائب فاعل عَنْ اَصْحٰبِ الْجَحِیْمِ متعلق سے مل کر جملہ مستانفہ ہوا۔

وَلَنْ تَرْضٰی عَنْكَ الْیَهُوْدُ وَلَا النَّصٰرٰی حَتّٰی تَتَّبِعَ مِلَّتَهُمْ ؕ قُلْ اِنَّ هُدَی اللّٰهِ هُوَ الْهُدٰی ؕ وَ

لَئِنِ اتَّبَعْتَ اَهْوَآءَهُمْ بَعْدَ الَّذِیْ جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ ۙ مَا لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ وَّلِیٍّ وَّلَا نَصِیْرٍ ﴿۱۲۰﴾

آیت نمبر ۱۲۰: واؤ استینافیہ لَنْ تَرْضٰی فعل عَنْکَ جار با مجرور متعلق اَلْیَهُوْدُ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ اَلنَّصَارٰی معطوف، معطوف علیہ با معطوف فاعل حَتّٰی جارہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تَتَّبِعَ فعل اَنْتَ مستتر فاعل مِلَّتَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق ثانی، فعل با فاعل و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اِنَّ حرف تحقیق هُدَی اللّٰهِ مرکب اضافی اس کا اسم هُوَ مبتدا، اَلْهُدٰی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ خبر، اِنَّ با اسم و خبر مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔

واؤ استینافیہ لَام موطئہ للقسم قسم محذوف ہے اِنْ شرطیہ اِتَّبَعْتَ فعل تَاء مفتوحہ فاعل اَهْوَآءَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ بَعْدَ مضاف اَلَّذِیْ اسم موصول جَآءَ فعل هُوَ مستتر ذوالحال مِنَ الْعِلْمِ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال فاعل کَ ضمیر مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ صلہ، موصول با صلہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ شرط، مَا نافیہ لَکَ جار با مجرور ظرف مستقر متعلق ثَابِتَانِ کے خبر مقدم مِنَ اللّٰهِ ظرف مستقر دَافِعَیْنِ کے متعلق ہو کر حال مقدم، مِنْ جارہ زائدہ وَلِیٍّ وَّلَا نَصِیْرٍ محلاً مرفوع ذوالحال موخر، ذوالحال با حال مبتدا موخر، مبتدا با خبر جزاء، شرط با جزاء جواب قسم، قسم محذوف با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

اَلَّذِیْنَ اٰتَیْنٰهُمُ الْكِتٰبَ یَتْلُوْنَهٗ حَقَّ تِلَاوَتِهٖ ؕ اُولٰٓئِكَ یُؤْمِنُوْنَ بِهٖ ؕ وَمَنْ یَّكْفُرْ بِهٖ فَاُولٰٓئِكَ

هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۱۲۱﴾

آیت نمبر ۱۲۱: اَلَّذِیْنَ اسم موصول اٰتَیْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل اَلْکِتٰبَ ذوالحال یَتْلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ حَقَّ تِلَاوَتِهٖ مرکب اضافی مفعول مطلق سے مل کر حال، ذوالحال با حال مفعول ثانی، فعل با فاعل و مفعولین صلہ، موصول با صلہ مبتدا اوّل، اُولٰٓئِکَ اسم اشارہ مبتدا، یُؤْمِنُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل بِهٖ متعلق سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ مَنْ اسم شرط مبتدا یَکْفُرْ فعل هُوَ مستتر فاعل بِهٖ متعلق سے مل کر شرط، فَاء جزائیہ اُولٰٓئِکَ اسم اشارہ مبتدا هُمْ ضمیر مبتدا ثانی اَلْخَاسِرُوْنَ خبر، مبتدا با خبر مبتدا، اوّل کی خبر، مبتدا با خبر جزاء، شرط با جزاء مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۱۵ ❁

یٰبَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِیَ الَّتِیْٓ اَنْعَمْتُ عَلَیْكُمْ وَاَنِّیْ فَضَّلْتُكُمْ عَلَی الْعٰلَمِیْنَ ﴿۱۲۲﴾ وَ

اتَّقُوْا یَوْمًا لَّا تَجْزِیْ نَفْسٌ عَنْ نَّفْسٍ شَیْئًا وَّلَا یُقْبَلُ مِنْهَا عَدْلٌ وَّلَا تَنْفَعُهَا شَفَاعَةٌ وَّ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

لَا هُمْ یُنْصَرُوْنَ ﴿۱۲۳﴾

آیت نمبر ۱۲۲، ۱۲۳: یٰبَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِیَ الَّتِیْٓ اَنْعَمْتُ عَلَیْكُمْ وَاَنِّیْ فَضَّلْتُكُمْ عَلَی الْعٰلَمِیْنَ ﴿۱۲۲﴾ وَاتَّقُوْا یَوْمًا لَّا تَجْزِیْ نَفْسٌ عَنْ نَّفْسٍ شَیْـًٔا وَّلَا یُقْبَلُ مِنْهَا عَدْلٌ وَّلَا تَنْفَعُهَا شَفَاعَةٌ وَّلَا هُمْ یُنْصَرُوْنَ ﴿۱۲۳﴾ ان دونوں آیتوں کی ترکیب آیت نمبر ۴۷ اور ۴۸ میں دیکھیے۔

وَاِذِ ابْتَلٰٓی اِبْرٰهٖمَ رَبُّهٗ بِكَلِمٰتٍ فَاَتَمَّهُنَّ ؕ قَالَ اِنِّیْ جَاعِلُكَ لِلنَّاسِ اِمَامًا ؕ قَالَ وَمِنْ ذُرِّیَّتِیْ ؕ قَالَ لَا یَنَالُ عَهْدِی الظّٰلِمِیْنَ ﴿۱۲۴﴾

آیت نمبر ۱۲۴: واؤ استینافیہ اِذْ مضاف اِبْتَلٰی فعل اِبْرَاهِیْمَ مفعول بہ رَبُّهٗ مرکب اضافی فاعل بِكَلِمَاتٍ متعلق سے مل کر معطوف علیہ، فاء عاطفہ اَتَمَّ فعل هُوَ مستتر فاعل هُنَّ ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ ہوا فعل محذوف اُذْكُرْ کا، قَالَ فعل با هُوَ مستتر فاعل قول، اِنَّ حرف تحقیق یاء ضمیر اس کا اسم جَاعِلُ اسم فاعل مضاف ک ضمیر مضاف الیہ معنی مفعول بہ اوّل، لِلنَّاسِ جار با مجرور متعلق اِمَامًا مفعول بہ ثانی، اسم فاعل با مفعولین و متعلق خبر، اِنَّ با اسم و خبر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ قَالَ فعل با هُوَ مستتر فاعل قول، واؤ عاطفہ مِنْ ذُرِّیَّتِیْ اس کی تقدیر عبارت اِجْعَلْ فَرِیْقًا مِنْ ذُرِّیَّتِیْ اِمَامًا، قَالَ فعل با هُوَ مستتر فاعل قول، لَا یَنَالُ فعل عَهْدِیْ مرکب اضافی فاعل الظَّالِمِیْنَ مفعول بہ سے مل کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَاِذْ جَعَلْنَا الْبَیْتَ مَثَابَةً لِّلنَّاسِ وَاَمْنًا ؕ وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ اِبْرٰهٖمَ مُصَلًّی ؕ وَعَهِدْنَآ اِلٰٓی اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِیْلَ اَنْ طَهِّرَا بَیْتِیَ لِلطَّآىِٕفِیْنَ وَالْعٰكِفِیْنَ وَالرُّكَّعِ السُّجُوْدِ ﴿۱۲۵﴾

آیت نمبر ۱۲۵: واؤ عاطفہ اِذْ مضاف جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اَلْبَیْتَ مفعول بہ اوّل، مَثَابَةً موصوف لِلنَّاسِ جار با مجرور كَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَمْنًا معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول ثانی، فعل با فاعل و مفعولین معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِتَّخِذُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل مِنْ مَقَامِ اِبْرَاهِیْمَ متعلق مُصَلًّی مفعول بہ سے مل کر قُلْنَا محذوف کا مقولہ، قول با مقولہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ ہوا فعل محذوف اُذْكُرْ کا۔ واؤ عاطفہ عَهِدْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اِلٰی جارہ اِبْرَاهِیْمَ وَاِسْمَاعِیْلَ معطوف علیہ با معطوف مفسَّر، اَنْ حرف تفسیر طَهِّرَا فعل الف ضمیر فاعل بَیْتِیَ مرکب اضافی مفعول بہ، لام جارہ الطَّآئِفِیْنَ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلْعَاكِفِیْنَ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اَلرُّكَّعِ السُّجُوْدِ مرکب توصیفی معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین مجرور، جار با مجرور متعلق، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ مفسِّر، مفسَّر با مفسِّر مجرور عَهِدْنَا کے متعلق، فعل با فاعل و متعلق معطوف ہے جَعَلْنَا پر۔

وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهٖمُ رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا بَلَدًا اٰمِنًا وَّارْزُقْ اَهْلَهٗ مِنَ الثَّمَرٰتِ مَنْ اٰمَنَ مِنْهُمْ بِاللّٰهِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ قَالَ وَمَنْ كَفَرَ فَاُمَتِّعُهٗ قَلِیْلًا ثُمَّ اَضْطَرُّهٗٓ اِلٰی عَذَابِ النَّارِ ؕ وَ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بِئْسَ الْمَصِیْرُ ﴿۱۲۶﴾

آیت نمبر ۱۲۶: واؤ عاطفہ اِذْ مضاف قَالَ فعل اِبْرَاهِیْمُ فاعل سے مل کر قول، رَبِّ یہ اصل میں یَارَبِّیْ ہے اور یہ نداء ہے اِجْعَلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل هٰذَا اسم اشارہ محلاً منصوب مفعول بہ اوّل بَلَدًا اٰمِنًا مرکب توصیفی مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اُرْزُقْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل مِنَ الثَّمَرَاتِ جار بامجرور متعلق اَهْلَهٗ مرکب اضافی مبدل منہ، مَنْ اسم موصول اٰمَنَ فعل هُوَ مستتر ذوالحال مِنْهُمْ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل بِاَ جارہ اللّٰهِ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلْیَوْمِ الْاٰخِرِ مرکب توصیفی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور متعلق، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ بدل، مبدل منہ بابدل اُرْزُقْ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جواب نداء، نداء باجواب نداء مقولہ، قول بامقولہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول بہ ہوا فعل محذوف اُذْکُرْ کا، قَالَ فعل باهُوَ مستتر فاعل قول، واؤ عاطفہ مَنْ اسم موصول کَفَرَ فعل باهُوَ مستتر فاعل صلہ، موصول باصلہ بواسطہ عطف کے مفعول بہ ہوا اُرْزُقْ کا، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ مستانفہ ہوا۔

فاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے اَرْزُقُهٗ، اُمَتِّعُ فعل اَنَا مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ اوّل، قَلِیْلًا بواسطہ موصوف محذوف تَمَتُّعًا کے مفعول مطلق، فعل بافاعل و مفعولین معطوف اوّل، ثُمَّ عاطفہ اَضْطَرُّ فعل اَنَا مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ اِلٰی عَذَابِ النَّارِ متعلق سے مل کر معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین مقولہ ہوا قَالَ اللّٰهُ محذوف کا، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ بِئْسَ فعل ذم اَلْمَصِیْرُ فاعل سے مل کر خبر مقدم، مخصوص بالذم مبتدا محذوف ہے اَلنَّارُ، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ معطوفہ ہوا۔

وَ اِذْ یَرْفَعُ اِبْرٰهٖمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَیْتِ وَ اِسْمٰعِیْلُ ؕ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا ؕ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ﴿۱۲۷﴾

آیت نمبر ۱۲۷: واؤ عاطفہ اِذْ مضاف یَرْفَعُ فعل اِبْرَاهِیْمُ وَاِسْمَاعِیْلُ معطوف علیہ بامعطوف ذوالحال رَبَّنَا اصل میں یَارَبَّنَا ہے اور یہ نداء ہے تَقَبَّلْ فعل امر اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل مِنَّا متعلق سے مل کر جواب نداء، نداء باجواب نداء یَقُوْلَانِ محذوف کا مقولہ ہوا، قول بامقولہ حال، ذوالحال باحال یَرْفَعُ کا فاعل اَلْقَوَاعِدَ ذوالحال مِنَ الْبَیْتِ ظرف مستقر کَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول بہ ہوا فعل محذوف اُذْکُرْ کا، اِنَّ حرف تحقیق کَ ضمیر اس کا اسم اَنْتَ ضمیر مبتدا، اَلسَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ دو خبر، مبتدا باخبرین اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

رَبَّنَا وَ اجْعَلْنَا مُسْلِمَیْنِ لَكَ وَ مِنْ ذُرِّیَّتِنَآ اُمَّةً مُّسْلِمَةً لَّكَ ص وَ اَرِنَا مَنَاسِكَنَا وَ تُبْ عَلَیْنَا ۚ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ ﴿۱۲۸﴾

آیت نمبر ۱۲۸: رَبَّنَا یہ اصل میں یَارَبَّنَا ہے اور یہ نداء ہے واؤ عاطفہ اِجْعَلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ اوّل مُسْلِمَیْنِ موصوف لَكَ جار بامجرور کَائِنَیْنِ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مفعول ثانی، فعل بافاعل و مفعولین معطوف علیہ،

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

واؤ عاطفہ مِنْ ذُرِّیَّتِنَا جار با مجرور فعل محذوف اِجْعَلْ کا مفعول بہ ثانی، اُمَّۃً موصوف مُسْلِمَۃً اسم فاعل ھِیَ مستتر فاعل لَکَ متعلق سے مل کر صفت، موصوف باصفت مفعول بہ اوّل، اِجْعَلْ مقدر بافاعل و مفعولین معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اَرِ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ اوّل، مَنَاسِکَنَا مرکب اضافی مفعول بہ ثانی سے مل کر معطوف ثانی، واؤ عاطفہ تُبْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل عَلَیْنَا جار با مجرور متعلق، تینوں مل کر معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ جواب نداء، نداء با جواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق کَ ضمیر اس کا اسم اَنْتَ ضمیر فصل اَلتَّوَّابُ الرَّحِیْمُ دو خبر، اِنَّ با اسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

رَبَّنَا وَ ابْعَثْ فِیْھِمْ رَسُوْلًا مِّنْھُمْ یَتْلُوْا عَلَیْھِمْ اٰیٰتِکَ وَ یُعَلِّمُھُمُ الْکِتٰبَ وَ الْحِکْمَۃَ وَ یُزَکِّیْھِمْ ؕ اِنَّکَ اَنْتَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ ﴿۱۲۹﴾

آیت نمبر ۱۲۹: رَبَّنَا یہ اصل یَا رَبَّنَا ہے اور یہ نداء ہے واؤ عاطفہ اِبْعَثْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل فِیْھِمْ جار با مجرور متعلق رَسُوْلًا موصوف مِنْھُمْ کَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت اولیٰ، یَتْلُوْا فعل ھُوَ مستتر فاعل عَلَیْھِمْ متعلق اٰیٰتِکَ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یُعَلِّمُ فعل ھُوَ مستتر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل اَلْکِتَابَ وَالْحِکْمَۃَ معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ ثانی سے مل کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ یُزَکِّیْ فعل ھُوَ مستتر فاعل ھِمْ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین رَسُوْلًا کی صفت ثانیہ، موصوف با صفتین مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جواب نداء، نداء با جواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔ اِنَّکَ اَنْتَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ کی ترکیب اِنَّکَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ کی مثل ہے۔

رکوع نمبر ۱۶

وَ مَنْ یَّرْغَبُ عَنْ مِّلَّۃِ اِبْرٰھٖمَ اِلَّا مَنْ سَفِہَ نَفْسَہٗ ؕ وَ لَقَدِ اصْطَفَیْنٰہُ فِی الدُّنْیَا ۚ وَ اِنَّہٗ فِی الْاٰخِرَۃِ لَمِنَ الصّٰلِحِیْنَ ﴿۱۳۰﴾

آیت نمبر ۱۳۰: واؤ استینافیہ مَنْ اسم استفہام مبتدا، یَرْغَبُ فعل ھُوَ ضمیر مستتر مبدل منہ، اِلَّا حرف استثناء مَنْ اسم موصول سَفِہَ فعل ھُوَ مستتر فاعل نَفْسَہٗ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر بدل، مبدل منہ بابدل فاعل عَنْ جارہ مِلَّۃِ اِبْرَاھِیْمَ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ انشائیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ لَام موطئہ للقسم قَدْ علامت فعل اِصْطَفَیْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ہٗ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر ذوالحال فِی الْاٰخِرَۃِ کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال اس کا اسم لَام مذحلقہ مِنَ الصَّالِحِیْنَ جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فِی الدُّنْیَا جار با مجرور متعلق، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جواب قسم، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ ہوا۔

اِذْ قَالَ لَہٗ رَبُّہٗٓ اَسْلِمْ ۙ قَالَ اَسْلَمْتُ لِرَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۱۳۱﴾

آیت نمبر ۱۳۱: اِذْ مضاف قَالَ فعل لَہٗ جار با مجرور متعلق رَبُّہٗ مرکب اضافی فاعل سے مل کر قول، اَسْلِمْ فعل امر با اَنْتَ مستتر

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فاعل مقولہ، قول بامقولہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول بہ ہوا فعل محذوف اُذْکُرْ کا، قَالَ فعل باھُوَ مستتر فاعل قول ہوا۔ اَسْلَمْتُ فعل تَاء مضمومہ فاعل لِرَبِّ الْعٰلَمِیْنَ متعلق سے مل کر مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَ وَصّٰى بِهَآ اِبْرٰهٖمُ بَنِیْهِ وَ یَعْقُوْبُ ؕ یٰبَنِیَّ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰى لَكُمُ الدِّیْنَ فَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ؕ﴿۱۳۲﴾

آیت نمبر ۱۳۲: واؤ عاطفہ وَصّٰى فعل بِهَا جار بامجرور متعلق اِبْرَاهِیْمُ وَیَعْقُوْبُ معطوف علیہ بامعطوف فاعل بَنِیْهِ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ یَاء حرف نداء اَدْعُوْ کے قائم مقام، بَنِیَّ مرکب اضافی منادی مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ نداء، اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اس کا اسم اِصْطَفٰى فعل هُوَ مستتر فاعل لَكُمْ جار بامجرور متعلق اَلدِّیْنَ مفعول بہ سے مل کر نداء کا جواب، نداء باجواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہو کر مقولہ ہے قُلْنَا محذوف کا، قول بامقولہ حال ہے وَصّٰى کے فاعل سے، فاء فصیحہ شرط محذوف ہے اِذَا عَرَفْتُمْ هٰذَا، لَا تَمُوْتُنَّ فعل واؤ محذوفہ ذوالحال اِلَّا حرف استثناء واؤ حالیہ اَنْتُمْ ضمیر مبتدا، مُسْلِمُوْنَ خبر، مبتدا باخبر حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل جملہ انشائیہ نہیہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اَمْ كُنْتُمْ شُهَدَآءَ اِذْ حَضَرَ یَعْقُوْبَ الْمَوْتُ ۙ اِذْ قَالَ لِبَنِیْهِ مَا تَعْبُدُوْنَ مِنْۢ بَعْدِیْ ؕ قَالُوْا نَعْبُدُ اِلٰهَكَ وَ اِلٰهَ اٰبَآىِٕكَ اِبْرٰهٖمَ وَ اِسْمٰعِیْلَ وَ اِسْحٰقَ اِلٰهًا وَّاحِدًا ۖۚ وَّ نَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ﴿۱۳۳﴾

آیت نمبر ۱۳۳: اَمْ عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے تقدیر عبارت ہے اَتَدَّعُوْنَ عَلَى الْاَنْبِیَآءِ الْیَهُوْدِیَّةَ، كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم شُهَدَآءَ صیغہ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل اِذْ مضاف حَضَرَ فعل یَعْقُوْبَ مفعول بہ اَلْمَوْتُ فاعل سے مل کر مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مبدل منہ، اِذْ مضاف قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل لِبَنِیْهِ متعلق سے مل کر قول، مَا اسم استفہام مفعول بہ مقدم تَعْبُدُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال مِنْ بَعْدِیْ ظرف مستقر كَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ مقدم مقولہ، قول بامقولہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ بدل، مبدل منہ بابدل شُهَدَآءَ کا مفعول فیہ، اسم فاعل بافاعل ومفعول فیہ خبر، فعل ناقص بااسم وخبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ انشائیہ ہوا۔

قَالُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل قول ہوا، نَعْبُدُ فعل نَحْنُ ضمیر مستتر فاعل اِلٰهَكَ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِلٰهَ مضاف اٰبَآئِكَ مرکب اضافی مبدل منہ اِبْرَاهِیْمَ وَاِسْمَاعِیْلَ وَاِسْحَاقَ معطوف علیہ بامعطوفین بدل، مبدل منہ بابدل معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مبدل منہ، اِلٰهًا وَّاحِدًا مرکب توصیفی بدل، مبدل منہ با بدل مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ حالیہ نَحْنُ ضمیر مبتدا، مُسْلِمُوْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل لَهٗ متعلق مقدم سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ حال ہے نَعْبُدُ کے فاعل سے یا مفعول سے، اور اگر واؤ عاطفہ ہو تو پھر یہ جملہ اسمیہ معطوف ہوگا نَعْبُدُ پر۔

تِلْكَ اُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ ۚ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَ لَكُمْ مَّا كَسَبْتُمْ ۚ وَ لَا تُسْـَٔلُوْنَ عَمَّا كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ﴿۱۳۴﴾

آیت نمبر ۱۳۴: تِلْكَ اسم اشارہ مبتدا، اُمَّةٌ موصوف قَدْ علامت فعل خَلَتْ فعل هِیَ مستتر فاعل سے مل کر صفت، موصوف با

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

صفت خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ لَهَا جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَا کَسَبَتْ موصول باصلہ مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ لَا تُسْئَلُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل عَنْ جارہ مَا اسم موصول كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم يَعْمَلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، فعل ناقص با اسم و خبر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق جملہ مستانفہ ہوا۔

وَقَالُوْا كُوْنُوْا هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰى تَهْتَدُوْا ؕ قُلْ بَلْ مِلَّةَ اِبْرٰهٖمَ حَنِيْفًا ؕ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۱۳۵﴾

آیت نمبر ۱۳۵: واؤ استینافیہ قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل قول، كُوْنُوْا فعل امر ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم هُوْدًا اَوْ نَصَارٰى معطوف علیہ بامعطوف خبر، فعل ناقص با اسم و خبر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ تَهْتَدُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جزاء، شرط محذوف ہے اِنْ تَكُوْنُوْا هُوْدًا اَوْ نَصَارٰى، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ قُلْ فعل امر با اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل قول، بَلْ عاطفہ معطوف علیہ محذوف ہے لَا نَتَّبِعُ مِلَّةَ الْيَهُوْدِ وَالنَّصَارٰى، مِلَّةَ مضاف اِبْرَاهِيْمَ ذوالحال حَنِيْفًا حال، ذوالحال باحال مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول بہ فعل محذوف نَتَّبِعُ کا، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ مَا نافیہ كَانَ فعل ناقص هُوَ مستتر فاعل مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، كَانَ بااسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

قُوْلُوْٓا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْنَا وَمَآ اُنْزِلَ اِلٰٓى اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطِ وَمَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى وَعِيْسٰى وَمَآ اُوْتِيَ النَّبِيُّوْنَ مِنْ رَّبِّهِمْ ۚ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ ۖ وَنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ﴿۱۳۶﴾

آیت نمبر ۱۳۶: قُوْلُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل قول، اٰمَنَّا فعل نَا ضمیر فاعل بَاء جارہ اَللّٰهِ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا اسم موصول اُنْزِلَ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل اِلَيْنَا جار با مجرور متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ مَا اسم موصول اُنْزِلَ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل اِلٰى جارہ اِبْرَاهِيْمَ وَاِسْمَاعِيْلَ وَاِسْحَاقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطِ معطوف علیہ بامعطوفات اربعہ مجرور، جار با مجرور متعلق، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ مَا اسم موصولہ اُوْتِيَ فعل مجہول مُوْسٰى وَعِيْسٰى معطوف علیہ بامعطوف نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل صلہ، موصول باصلہ معطوف ثالث، واؤ عاطفہ مَا اسم موصول اُوْتِيَ فعل مجہول اَلنَّبِيُّوْنَ نائب فاعل مِنْ رَّبِّهِمْ متعلق سے مل کر معطوف رابع، معطوف علیہ بامعطوفات اربعہ مجرور، جار با مجرور اٰمَنَّا کے متعلق، فعل بافاعل و متعلق مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔ لَا نُفَرِّقُ فعل نَحْنُ مستتر ذوالحال واؤ حالیہ نَحْنُ ضمیر مبتدا، مُسْلِمُوْنَ اسم فاعل نَحْنُ مستتر فاعل لَهٗ متعلق مقدم سے مل کر خبر، مبتدا با خبر حال، ذوالحال باحال لَا نُفَرِّقُ کا فاعل بَيْنَ مضاف اَحَدٍ موصوف مِنْهُمْ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ، فعل بافاعل، مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ حال ہے اٰمَنَّا کے فاعل سے۔

فَاِنْ اٰمَنُوْا بِمِثْلِ مَآ اٰمَنْتُمْ بِهٖ فَقَدِ اهْتَدَوْا ۚ وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا هُمْ فِيْ شِقَاقٍ ۚ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اللّٰهُ ج وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۱۳۷﴾

آیت نمبر ۱۳: قَدْ علامت فعل كَانَ فعل ناقص لَكُمْ جار با مجرور كَآئِنَةٌ کے متعلق ہو کر كَانَ کی خبر مقدم، اٰيَةٌ موصوف فِيْ جارہ فِئَتَيْنِ موصوف اِلْتَقَتَا فعل با الف ضمیر فاعل صفت، موصوف با صفت مجرور، جار با مجرور كَآئِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت كَانَ کا اسم، كَانَ با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فِئَةٌ موصوف تُقَاتِلُ فعل هِيَ ضمیر فاعل اور فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ متعلق سے مل کر صفت اولی يَرَوْنَ فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ اول مِثْلَيْهِمْ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی رَاْيَ الْعَيْنِ مرکب اضافی مفعول مطلق، فعل بافاعل و مفاعیل ثلاثہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر دوسری صفت، موصوف با صفتین خبر ہے مبتدا محذوف اِحْدٰهُمَا کی، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اُخْرٰى كَافِرَةٌ موصوف با صفت خبر ہے مبتدا محذوف ثَانِيَتُهُمَا کی، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

واؤ استینافیہ اَللّٰهُ مبتدا يُؤَيِّدُ فعل هُوَ ضمیر فاعل بِنَصْرِهٖ جار با مجرور متعلق مَنْ اسم موصول يَّشَآءُ فعل هُوَ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول با صلہ مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق فِيْ ذٰلِكَ كَآئِنَةٌ کے متعلق ہو کر اِنَّ کی خبر مقدم، لَام مزحلقہ برائے تاکید عِبْرَةً موصوف لِّاُولِي الْاَبْصَارِ جار با مجرور كَآئِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

زُيِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوٰتِ مِنَ النِّسَآءِ وَ الْبَنِيْنَ وَ الْقَنَاطِيْرِ الْمُقَنْطَرَةِ مِنَ الذَّهَبِ وَ الْفِضَّةِ وَ الْخَيْلِ الْمُسَوَّمَةِ وَ الْاَنْعَامِ وَ الْحَرْثِ ؕ ذٰلِكَ مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَ اللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ الْمَاٰبِ ﴿۱۴﴾

آیت نمبر ۱۴: زُیِّنَ فعل مجہول لِلنَّاسِ جار با مجرور متعلق ہوئے، حُبُّ مضاف اَلشَّھَوٰتِ ذوالحال مِنْ حرف جار اَلنِّسَآءِ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلْبَنِیْنَ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اَلْقَنَاطِیْرِ الْمُقَنْطَرَۃِ مرکب توصیفی ذوالحال مِنْ حرف جار اَلذَّھَبِ وَالْفِضَّۃِ وَالْخَیْلِ الْمُسَوَّمَۃِ وَالْاَنْعَامِ وَالْحَرْثِ معطوف علیہ بامعطوفات اربعہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنَۃً کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنَۃً کے متعلق ہو کر اَلشَّھَوَاتِ کا حال، ذوالحال باحال حُبُّ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ ذٰلِکَ اسم اشارہ مبتدا، مَتَاعُ مضاف اَلْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَللّٰہُ مبتدا، عِنْدَہٗ مرکب اضافی کَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم، حُسْنُ الْمَاٰبِ مرکب اضافی مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مبتدا اوّل کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

قُلْ اَؤُنَبِّئُكُمْ بِخَيْرٍ مِّنْ ذٰلِكُمْ ؕ لِلَّذِيْنَ اتَّقَوْا عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا وَ اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ وَّ رِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ ؕ وَ اللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ ﴿۱۵﴾

آیت نمبر ۱۵: قُلْ فعل امر اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل سے مل کر قول، ہمزہ حرف استفہام اُنَبِّئُ فعل اَنَا ضمیر پوشیدہ فاعل کُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، بَاءِ حرف جار خَیْرٍ اسم تفضیل ھُوَ مستتر فاعل مِنْ ذٰلِکُمْ متعلق سے مل کر شبہ جملہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ استفہامیہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ لَامِ حرف جار اَلَّذِیْنَ اسم موصول اِتَّقَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنَۃٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، جَنّٰتٌ موصوف تَجْرِیْ فعل مِنْ تَحْتِھَا جار با مجرور متعلق ہوئے اَلْاَنْھٰرُ فاعل، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صفت، موصوف باصفت ذوالحال مؤخر، عِنْدَ رَبِّھِمْ مرکب اضافی کَائِنَۃً کا مفعول فیہ ہو کر حال مقدم، ذوالحال باحال معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَزْوَاجٌ مُّطَھَّرَۃٌ مرکب توصیفی معطوف اوّل، واؤ عاطفہ رِضْوَانٌ موصوف مِنَ اللّٰہِ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین مبتدا، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ خَالِدِیْنَ اسم فاعل ھُمْ ضمیر فاعل اور فِیْھَا متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر رَبِّھِمْ کی ضمیر سے حال ہے، واؤ استینافیہ اَللّٰہُ مبتدا، بَصِیْرٌ صیغہ صفت ھُوَ ضمیر فاعل اور بِالْعِبَادِ متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اَلَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَاۤ اِنَّنَاۤ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَ قِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿۱۶﴾

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر ۱۶: اَلَّذِیْنَ اسم موصول یَقُوْلُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل قول، رَبَّنَا اصل میں یَارَبَّنَا ہے اور یہ نداء ہے اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم، اٰمَنَّا فعل نَا ضمیر اس کا فاعل، فعل با فاعل خبر، اِنَّ با اسم و خبر جواب نداء، نداء با جواب نداء مقولہ، قول با مقولہ صلہ، موصول باصلہ خبر ہے مبتدا محذوف ھُمْ کی، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اِغْفِرْ فعل امر اَنْتَ ضمیر اس کا فاعل لَنَا جار بامجرور متعلق ذُنُوْبَنَا مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ قِ فعل امر اَنْتَ ضمیر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ اوّل، عَذَابَ النَّارِ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی، فعل امر با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ امریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء ہے شرط محذوف اِذَا اٰمَنَّا کے لئے، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اَلصّٰبِرِیْنَ وَالصّٰدِقِیْنَ وَالْقٰنِتِیْنَ وَالْمُنْفِقِیْنَ وَالْمُسْتَغْفِرِیْنَ بِالْاَسْحَارِ ﴿۱۷﴾

آیت نمبر ۱۷: اَلصّٰبِرِیْنَ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلصَّادِقِیْنَ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اَلْقٰنِتِیْنَ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ اَلْمُنْفِقِیْنَ معطوف ثالث، واؤ عاطفہ اَلْمُسْتَغْفِرِیْنَ اسم فاعل ھُمْ ضمیر فاعل اور بِالْاَسْحَارِ متعلق سے مل کر معطوف رابع، معطوف علیہ با معطوفات اربعہ منصوب علی المدح مفعول بہ ہے فعل محذوف اَمْدَحُ کے لئے، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۙ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ ؕ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ﴿۱۸﴾

آیت نمبر ۱۸: شَهِدَ فعل اَللّٰهُ ذوالحال قَآئِمًا اسم فاعل ھُوَ ضمیر فاعل اور بِالْقِسْطِ متعلق سے مل کر حال، ذوالحال با حال معطوف علیہ ہوا، واؤ عاطفہ اَلْمَلٰٓئِكَةُ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اُولُوا الْعِلْمِ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین فاعل، اَنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم، لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اس کی ترکیب گزر چکی ہے جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر اَنَّ کی خبر، اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ شَهِدَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اس کی ترکیب گزر چکی ہے یہ جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اَلْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ دو خبر ہے مبتدا محذوف ھُوَ کی، مبتدا با خبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّ الدِّیْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ ۟ وَمَا اخْتَلَفَ الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْعِلْمُ بَغْیًۢا بَیْنَهُمْ ؕ وَمَنْ یَّكْفُرْ بِاٰیٰتِ اللّٰهِ فَاِنَّ اللّٰهَ سَرِیْعُ الْحِسَابِ ﴿۱۹﴾

آیت نمبر ۱۹: اِنَّ حرف تحقیق اَلدِّیْنَ ذوالحال عِنْدَ اللّٰهِ مُعْتَبَرًا کا مفعول فیہ ہو کر حال، ذوالحال با حال اِنَّ کا اسم اَلْاِسْلَامُ اس کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ مَا نافیہ اِخْتَلَفَ فعل اَلَّذِیْنَ اسم موصول اُوْتُوا فعل مجہول واؤ ضمیر اس کا نائب فاعل اِلَّا حرف استثناء لغو مِنْ جارہ بَعْدِ مضاف مَا مصدریہ جَآءَ فعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ اَلْعِلْمُ فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مصدر کے معنی میں ہو کر مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مجرور، جار با مجرور مستثنٰی مفرغ متعلق ہوئے، بَغْیًا مصدر بَیْنَهُمْ مرکب اضافی اس کا مفعول فیہ یا بَغْیًا موصوف بَیْنَهُمْ مرکب اضافی کَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر صفت، پھر یہ مفعول لہ ہے اِخْتَلَفَ فعل کے لئے، فعل با فاعل و متعلق و مفعول لہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ مَنْ اسم شرط مبتدا یَكْفُرْ فعل ھُوَ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ضمیر فاعل بِاٰیٰتِ اللّٰہِ متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط،فَاء جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ اس کا اسم سَرِیْعُ الْحِسَابِ مرکب اضافی خبر اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر جزاء،شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فَاِنْ حَآجُّوْكَ فَقُلْ اَسْلَمْتُ وَجْهِيَ لِلّٰهِ وَ مَنِ اتَّبَعَنِ ؕ وَ قُلْ لِّلَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ وَ الْاُمِّيّٖنَ ءَاَسْلَمْتُمْ ؕ فَاِنْ اَسْلَمُوْا فَقَدِ اهْتَدَوْا ۚ وَ اِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلٰغُ ؕ وَ اللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ ﴿۲۰﴾

آیت نمبر ۲۰: فَاء استینافیہ اِنْ حرف شرط حَآجُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل، کَ ضمیر مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فَاء جزائیہ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ قول، اَسْلَمْتُ فعل تَاء مضمومہ فاعل وَجْهِيَ مرکب اضافی مفعول بہ، لِلّٰهِ جار با مجرور متعلق ہوئے، واؤ بمعنی مَعَ،مَنْ اسم موصول اِتَّبَعَ فعل هُوَ ضمیر فاعل،نون وقایہ کا یَاء ضمیر متکلم محذوف مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ،موصول باصلہ مفعول معہ، فعل بافاعل و متعلق ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔واؤ عاطفہ قُلْ فعل امر اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل لَام حرف جار اَلَّذِيْنَ اسم موصول اُوْتُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل اَلْكِتٰبَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ،موصول باصلہ معطوف علیہ،واؤ عاطفہ اَلْاُمِّيّٖنَ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار با مجرور متعلق ، فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ قول ہوا۔ھمزہ حرف استفہام اَسْلَمْتُمْ فعل بافاعل جملہ فعلیہ انشائیہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

فَاء استینافیہ اِنْ حرف شرط اَسْلَمُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط،فَاء جزائیہ قَدْ علامت فعل اِهْتَدَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ جزاء،شرط باجزاء جملہ شرطیہ معطوف علیہ،واؤ عاطفہ اِنْ شرطیہ تَوَلَّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط،فَاء جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق مَا کافہ عَلَيْكَ ظرف مستقر كَآئِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم،اَلْبَلٰغُ مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء،شرط باجزاء جملہ شرطیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔واؤ استینافیہ اَللّٰهُ مبتداء بَصِيْرٌ صیغہ صفت هُوَ ضمیر فاعل بِالْعِبَادِ متعلق سے مل کر شبہ جملہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

www.kitabosunnat.com

﴿ رکوع نمبر ۳ ﴾

اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَ يَقْتُلُوْنَ النَّبِيّٖنَ بِغَيْرِ حَقٍّ ۙ وَّ يَقْتُلُوْنَ الَّذِيْنَ يَاْمُرُوْنَ بِالْقِسْطِ مِنَ النَّاسِ ۙ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۲۱﴾

آیت نمبر ۲۱: اِنَّ حرف تحقیق اَلَّذِيْنَ اسم موصول يَكْفُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بَاء حرف جار اٰيٰتِ اللّٰهِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ،واؤ عاطفہ يَقْتُلُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال بَاء حرف جار غَيْرِ حَقٍّ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور كَآئِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال،ذوالحال باحال فاعل اَلنَّبِيّٖنَ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فعلیہ خبریہ معطوف اول، واؤ عاطفہ یَقْتُلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَلَّذِیْنَ اسم موصول یَاْمُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال مِنَ النَّاسِ ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل بِالْقِسْطِ جار با مجرور یَاْمُرُوْنَ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ یَقْتُلُوْنَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین صلہ، موصول باصلہ اِنَّ کا اسم متضمن معنی شرط فاء جزائیہ بَشِّرْ فعل امر اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ بَاء حرف جار عَذَابٍ اَلِیْمٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ امریہ خبر قائم مقام جزاء، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اُولٰٓئِكَ الَّذِیْنَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فِی الدُّنْیَا وَ الْاٰخِرَةِ٘ وَ مَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِیْنَ۝۲۲

آیت نمبر ۲۲: اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا، اَلَّذِیْنَ اسم موصول حَبِطَتْ فعل اَعْمَالُهُمْ مرکب اضافی فاعل فِیْ حرف جار اَلدُّنْیَا وَ الْاٰخِرَةِ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا نافیہ لَهُمْ ظرف مستقر کَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مِنْ حرف جار زائدہ نّٰصِرِیْنَ مجرور در محلاً مرفوع مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِیْنَ اُوْتُوْا نَصِیْبًا مِّنَ الْكِتٰبِ یُدْعَوْنَ اِلٰى كِتٰبِ اللّٰهِ لِیَحْكُمَ بَیْنَهُمْ ثُمَّ یَتَوَلّٰى فَرِیْقٌ مِّنْهُمْ وَ هُمْ مُّعْرِضُوْنَ۝۲۳

آیت نمبر ۲۳: ھمزہ حرف استفہام لَمْ تَرَ فعل اَنْتَ ضمیر فاعل اِلٰی حرف جار اَلَّذِیْنَ اسم موصول اُوْتُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل نَصِیْبًا موصوف مِنَ الْكِتٰبِ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مفعول بہ، فعل مجہول بانائب فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ ذوالحال یُدْعَوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل اِلٰی حرف جار كِتٰبِ اللّٰهِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور یُدْعَوْنَ کے متعلق ہوئے لام حرف جار (اس کے بعد اَنْ مصدریہ مقدر ہے) یَحْكُمَ فعل ھُوَ مستتر فاعل بَیْنَهُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ثُمَّ حرف عطف یَتَوَلّٰى فعل فَرِیْقٌ موصوف مِنْهُمْ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت ذوالحال واؤ حالیہ ھُمْ ضمیر مبتدا مُعْرِضُوْنَ اسم فاعل ھُمْ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا باخبر حال، ذوالحال باحال یَتَوَلّٰى کا فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور یُدْعَوْنَ کے متعلق ہوئے، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال مجرور، جار با مجرور لَمْ تَرَ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْا لَنْ تَمَسَّنَا النَّارُ اِلَّاۤ اَیَّامًا مَّعْدُوْدٰتٍ١۪ وَّ غَرَّهُمْ فِیْ دِیْنِهِمْ مَّا كَانُوْا یَفْتَرُوْنَ۝۲۴

آیت نمبر ۲۴: ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا بَاء حرف جار اَنَّ حرف تحقیق ھُمْ ضمیر اس کا اسم قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جملہ فعلیہ خبریہ قول، لَنْ تَمَسَّ فعل نَا ضمیر منصوب مفعول بہ مقدم اَلنَّارُ فاعل اِلَّا حرف استثنا اَیَّامًا مَّعْدُوْدٰتٍ مرکب توصیفی مستثنیٰ مفرغ مفعول فیہ، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ غَرَّ فعل ھُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ فِیْ دِیْنِھِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے مَا اسم موصول کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم یَفْتَرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ غَرَّ کا فاعل، فعل با فاعل و متعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف اَنَّ کی خبر، اَنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر بِ مفرد مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر ذٰلِکَ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فَكَيْفَ إِذَا جَمَعْنٰهُمْ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ ۚ وَوُفِّيَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۲۵﴾

آیت نمبر ۲۵: فَاء استینافیہ کَیْفَ ظرف زمان کَائِنَۃً کا مفعول فیہ ہو کر حال ہے فعل محذوف اِسْتَقَرَّتْ کی ضمیر فاعل ھِیَ سے اور ھِیَ کا مرجع کُلُّ نَفْسٍ ہے، اِسْتَقَرَّتْ فعل ھِیَ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ جزاء مقدم، اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم، جَمَعْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ھُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، لام حرف جار یَوْمٍ موصوف لَا نفی جنس رَیْبَ اس کا اسم فِیْهِ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، لَا نفی جنس با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور جَمَعْنَا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ وُفِّیَتْ فعل مجہول کُلُّ نَفْسٍ مرکب اضافی ذوالحال، واؤ حالیہ ھُمْ ضمیر مبتدا، لَا یُظْلَمُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال نائب فاعل مَا کَسَبَتْ موصول باصلہ مفعول بہ، فعل مجہول بانائب فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف شرط مؤخر، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ ۡ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ؕ بِيَدِكَ الْخَيْرُ ؕ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۲۶﴾

آیت نمبر ۲۶: قُلْ فعل امر اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ قول، اَللّٰھُمَّ یہ اصل میں یَا اَللّٰہُ ہے یاء حرف ندا اَدْعُوْ کے قائم مقام اَدْعُوْ فعل اَنَا ضمیر فاعل، اَللّٰہُ منادیٰ مفرد معرفہ مبنی رفع کی علامت ضمہ لفظی پر محلاً منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ ندائیہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ مَالِکَ الْمُلْکِ منادیٰ مضاف منصوب صفت ہے اَللّٰہُ کی جو کہ مفعول بہ ہے اَدْعُوْ کا، تُؤْتِی فعل اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل اَلْمُلْکَ مفعول بہ اوّل، مَنْ تَشَآءُ موصول باصلہ مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَنْزِعُ فعل اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل اَلْمُلْکَ مفعول بہ مِنْ حرف جار مَنْ تَشَآءُ موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور تَنْزِعُ کے متعلق، فعل با فاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ تُعِزُّ فعل اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل مَنْ تَشَآءُ موصول باصلہ مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ تُذِلُّ فعل اَنْتَ ضمیر فاعل مَنْ تَشَآءُ موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ثلاثہ جواب نداء ہے۔۔۔۔الخ بَاء حرف جار یَدِكَ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، اَلْخَيْرُ مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔اِنَّ حرف تحقیق کَ ضمیر منصوب اس کا اسم قَدِيْرٌ صیغہ صفت اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

تُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَ تُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ۫ وَ تُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَ تُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ ۫ وَ تَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۲۷﴾

آیت نمبر ۲۷: تُوْلِجُ فعل اَنْتَ پوشیدہ فاعل اَلَّيْلَ مفعول بہ فِي النَّهَارِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تُوْلِجُ فعل اَنْتَ مستتر فاعل اَلنَّهَارَ مفعول بہ فِي اللَّيْلِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ تُخْرِجُ فعل اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل اَلْحَيَّ مفعول بہ مِنَ الْمَيِّتِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ تُخْرِجُ فعل اَنْتَ پوشیدہ فاعل اَلْمَيِّتَ مفعول بہ مِنَ الْحَيِّ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثالث، واؤ عاطفہ تَرْزُقُ فعل اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل مَنْ تَشَآءُ موصول باصلہ مفعول بہ بِغَيْرِ حِسَابٍ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف رِزْقًا کے مفعول مطلق، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف رابع، معطوف علیہ با معطوفات اربعہ جواب نداء ہے۔۔۔۔الخ

لَا يَتَّخِذِ الْمُؤْمِنُوْنَ الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ وَ مَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَلَيْسَ مِنَ اللّٰهِ فِيْ شَيْءٍ اِلَّآ اَنْ تَتَّقُوْا مِنْهُمْ تُقٰىةً ؕ وَ يُحَذِّرُكُمُ اللّٰهُ نَفْسَهٗ ؕ وَ اِلَى اللّٰهِ الْمَصِيْرُ ﴿۲۸﴾

آیت نمبر ۲۸: لَا يَتَّخِذْ فعل نہی اَلْمُؤْمِنُوْنَ ذوالحال مِنْ حرف جار دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور مُتَجَاوِزِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال فاعل اَلْكَافِرِيْنَ مفعول بہ اوّل، اَوْلِيَآءَ مفعول بہ ثانی، اِلَّا حرف استثناء اَنْ ناصبہ تَتَّقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْهُمْ متعلق تُقٰىةً مفعول مطلق، فعل با فاعل و متعلق و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مصدر کے معنی میں ہو کر مفعول لہ ہوا لَا يَتَّخِذْ کا، فعل نہی با فاعل و مفعولین و مفعول لہ جملہ انشائیہ نہیہ ہوا۔واؤ استینافیہ مَنْ اسم شرط مبتدا يَفْعَلْ فعل هُوَ ضمیر فاعل اور ذَالِكَ مفعول بہ سے مل کر شرط فاء جزائیہ لَيْسَ فعل ناقص هُوَ ضمیر اس کا اسم مِنَ اللّٰهِ جار با مجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم فِيْ حرف جار شَيْءٍ ذوالحال مؤخر، ذوالحال با حال مجرور، جار با مجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر لَيْسَ کی خبر، لَيْسَ اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ يُحَذِّرُ فعل كُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل، اَللّٰهُ فاعل نَفْسَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔واؤ استینافیہ اِلَى اللّٰهِ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، اَلْمَصِيْرُ مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

قُلْ اِنْ تُخْفُوْا مَا فِيْ صُدُوْرِكُمْ اَوْ تُبْدُوْهُ يَعْلَمْهُ اللّٰهُ ؕ وَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۲۹﴾

آیت نمبر ۲۹: قُلْ فعل امر اَنْتَ ضمیر فاعل سے مل کر قول، اِنْ شرطیہ تُخْفُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مَا اسم موصول فِيْ صُدُوْرِكُمْ جار با مجرور ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ تُبْدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اور ہٗ ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف شرط، يَعْلَمْ فعل ہٗ ضمیر مفعول بہ اَللّٰهُ اس کا فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ واؤ استینا فیہ يَعْلَمُ فعل هُوَ ضمیر فاعل مَا اسم موصول فِي السَّمٰوٰتِ جار با مجرور ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول با صلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا اسم موصول فِي الْاَرْضِ ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینا فیہ اَللّٰهُ مبتدا عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ متعلق مقدم قَدِيْرٌ صیغہ صفت اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

يَوْمَ تَجِدُ كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ مِنْ خَيْرٍ مُّحْضَرًا ۖۚ وَّ مَا عَمِلَتْ مِنْ سُوْٓءٍ ۚ تَوَدُّ لَوْ اَنَّ بَيْنَهَا وَ بَيْنَهٗٓ اَمَدًۢا بَعِيْدًا ؕ وَ يُحَذِّرُكُمُ اللّٰهُ نَفْسَهٗ ؕ وَاللّٰهُ رَءُوْفٌۢ بِالْعِبَادِ ﴿۳۰﴾

آیت نمبر ۳۰: يَوْمَ مضاف تَجِدُ فعل كُلُّ نَفْسٍ مرکب اضافی فاعل مَا اسم موصول عَمِلَتْ فعل بافاعل هِيَ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ ذوالحال مِنْ خَيْرٍ كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ اول مُحْضَرًا مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ ہے فعل محذوف اُذْكُرْ کا، فعل امر بافاعل و مفعول فیہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ مَا اسم موصول عَمِلَتْ فعل هِيَ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ ذوالحال مِنْ سُوْٓءٍ كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مبتدا، تَوَدُّ فعل هِيَ ضمیر فاعل لَوْ شرطیہ اَنَّ حرف تحقیق بَيْنَهَا مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ بَيْنَهٗ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف كَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر اَنَّ کی خبر مقدم، اَمَدًا بَعِيْدًا مرکب توصیفی اَنَّ کا اسم موخر، اَنَّ اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر بتاویل مفرد فعل محذوف ثَبَتَ کا فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ شرط جزاء محذوف ہے لَفَرِحَتْ، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر تَوَدُّ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ يُحَذِّرُ فعل كُمْ ضمیر مفعول بہ اول اَللّٰهُ اس کا فاعل نَفْسَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَللّٰهُ مبتدا، رَءُوْفٌ صیغہ صفت هُوَ ضمیر اس کا فاعل بِالْعِبَادِ متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۴ ❁

قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ وَ يَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

رَّحِیْمٌ ﴿۳۱﴾

آیت نمبر ۳۱: قُلْ فعل امر اَنْتَ ضمیر فاعل، فعل بافاعل جملہ انشائیہ امریہ ہو کر قول،اِنْ شرطیہ کُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم تُحِبُّوْنَ فعل واؤ ضمیر اس کا فاعل اَللّٰہَ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر فعل ناقص کی خبر، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط،فَاء جزائیہ اِتَّبِعُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل نون وقایہ کا،یَاء ضمیر مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر مقول، قول بامقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔یُحْبِبْ فعل کُمْ ضمیر مفعول بہ اللّٰہُ اس کا فاعل، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ،واؤ عاطفہ یَغْفِرْ فعل ھُوَ مستتر فاعل لَکُمْ متعلق اور ذُنُوْبَکُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف،معطوف علیہ بامعطوف جزاء،شرط محذوف ہے اِنْ تَتَّبِعُوْنِیْ شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَللّٰہُ مبتدا غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ دو خبر، مبتدا باخبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

قُلْ اَطِیْعُوا اللّٰهَ وَ الرَّسُوْلَ ۚ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّ اللّٰهَ لَا یُحِبُّ الْكٰفِرِیْنَ ﴿۳۲﴾

آیت نمبر ۳۲: قُلْ فعل امر اَنْتَ ضمیر اس کا فاعل، فعل امر بافاعل قول،اَطِیْعُوْا فعل امر واؤ ضمیر اس کا فاعل اَللّٰہَ وَ الرَّسُوْلَ معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ، فعل امر با فاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ ہو کر مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ فَاء استینافیہ تَوَلَّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فَاء جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ اس کا اسم لَایُحِبُّ فعل ھُوَ ضمیر فاعل اَلْکَافِرِیْنَ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اِنَّ کی خبر،اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰۤى اٰدَمَ وَ نُوْحًا وَّ اٰلَ اِبْرٰهِیْمَ وَ اٰلَ عِمْرٰنَ عَلَى الْعٰلَمِیْنَ ﴿۳۳﴾

آیت نمبر ۳۳: اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ اس کا اسم اِصْطَفٰی فعل ھُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل اٰدَمَ معطوف علیہ،واؤ عاطفہ نُوْحًا معطوف اوّل،واؤ عاطفہ اٰلَ اِبْرَاہِیْمَ مرکب اضافی معطوف ثانی،واؤ عاطفہ اٰلَ عِمْرَانَ مرکب اضافی معطوف ثالث،معطوف علیہ بامعطوفات ثلاثہ مفعول بہ،عَلَی الْعَالَمِیْنَ جار بامجرور متعلق ہوئے،فعل با فاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر اِنَّ،اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

ذُرِّیَّةًۢ بَعْضُهَا مِنْۢ بَعْضٍ ؕ وَ اللّٰهُ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ ﴿۳۴﴾

آیت نمبر ۳۴: ذُرِّیَّۃً موصوف بَعْضُھَا مرکب اضافی مبتدا مِنْ بَعْضٍ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ صفت، موصوف باصفت بدل ہے اٰدَمَ سے۔۔۔۔الخ واؤ استینافیہ اَللّٰہُ مبتدا، سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ دو خبر، مبتدا باخبرین جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اِذْ قَالَتِ امْرَاَتُ عِمْرٰنَ رَبِّ اِنِّیْ نَذَرْتُ لَكَ مَا فِیْ بَطْنِیْ مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ مِنِّیْ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ﴿۳۵﴾

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر ۳۵: اِذْ ظرف زمان مضاف قَالَتْ فعل اِمْرَاَۃُ عِمْرَانَ مرکب اضافی فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، رَبِّ یہ اصل میں یَارَبِّیْ ہے اور یہ نداء ہے اِنَّ حرف تحقیق یْ ضمیر اس کا اسم نَذَرْتُ فعل تُ مضمومہ ضمیر فاعل لَکَ جار با مجرور متعلق ہوئے مَا اسم موصول فِیْ بَطْنِیْ ظرف مستقر فعل محذوف ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول با صلہ ذو الحال مُحَرَّرًا حال، ذو الحال با حال مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ نداء کا جواب، نداء با جواب نداء مقولہ، قول با مقولہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ ہوا فعل محذوف اُذْکُرْ کا، اُذْکُرْ فعل امر اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل و مفعول فیہ سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ فاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا کَانَ کَذَالِکَ، تَقَبَّلْ فعل امر اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل اور مِنِّیْ متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ جزاء، شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق کاف ضمیر اس کا اسم اَنْتَ ضمیر فصل اَلسَّمِیْعُ اَلْعَلِیْمُ دو خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

فَلَمَّا وَضَعَتْهَا قَالَتْ رَبِّ اِنِّیْ وَضَعْتُهَاۤ اُنْثٰی ؕ وَ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا وَضَعَتْ ؕ وَ لَیْسَ الذَّكَرُ كَالْاُنْثٰی ۚ وَ اِنِّیْ سَمَّیْتُهَا مَرْیَمَ وَ اِنِّیْۤ اُعِیْذُهَا بِكَ وَ ذُرِّیَّتَهَا مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ﴿۳۶﴾

آیت نمبر ۳۶: فاء استینافیہ لَمَّا حرف جازم مفعول فیہ مقدم، وَضَعَتْ فعل ہِیَ ضمیر فاعل ھَا ضمیر مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، قَالَتْ فعل ہِیَ ضمیر فاعل سے مل کر قول، رَبِّ یہ اصل میں یَا رَبِّیْ ہے اور یہ نداء ہے اِنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر اس کا اسم وَضَعْتُ فعل تُ ضمیر مضمومہ ضمیر فاعل ھَا ضمیر منصوب ذو الحال اُنْثٰی حال، ذو الحال با حال مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر اس کا اسم سَمَّیْتُ فعل تَاء مضمومہ ضمیر فاعل ھَا ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، مَرْیَمَ مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر اس کا اسم اُعِیْذُ فعل اَنَا ضمیر فاعل ھَا ضمیر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ ذُرِّیَّتَهَا مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، بِکَ جار با مجرور متعلق ثانی ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین نداء کا جواب، نداء با جواب نداء مقولہ، قول با مقولہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔

واؤ اعتراضیہ اَللّٰهُ مبتدا، اَعْلَمُ اسم تفضیل ھُوَ ضمیر فاعل بَاء حرف جار مَا اسم موصول وَضَعَتْ فعل ہِیَ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، اسم تفضیل با فاعل و متعلق شبہ جملہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَیْسَ فعل ناقص اَلذَّکَرُ اس کا اسم کَالْاُنْثٰی ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہے، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

فَتَقَبَّلَهَا رَبُّهَا بِقَبُوْلٍ حَسَنٍ وَّ اَنْۢبَتَهَا نَبَاتًا حَسَنًا ۙ وَّ كَفَّلَهَا زَكَرِیَّا ؕ كُلَّمَا دَخَلَ عَلَیْهَا زَكَرِیَّا الْمِحْرَابَ ۙ وَجَدَ عِنْدَهَا رِزْقًا ۚ قَالَ یٰمَرْیَمُ اَنّٰی لَكِ هٰذَا ؕ قَالَتْ هُوَ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ ﴿۳۷﴾

آیت نمبر ۳۷: فاء عاطفہ تَقَبَّلَ فعل هَا ضمیر منصوب مفعول بہ رَبُّهَا مرکب اضافی فاعل بِ حرف جار قَبُوْلٍ حَسَنٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا وَ عاطفہ اَنْبَتَ فعل هُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل هَا ضمیر منصوب مفعول بہ نَبَاتًا حَسَنًا مرکب توصیفی مفعول مطلق، فعل با فاعل و مفعول بہٖ و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل ہوا وَ عاطفہ كَفَّلَ فعل هُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل هَا ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل زَكَرِيَّا مفعول بہ ثانی سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جملہ معطوفہ ہوا۔

كُلَّمَا ظرف زمان متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم دَخَلَ فعل عَلَیْهَا متعلق زَكَرِيَّا فاعل الْمِحْرَابَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، وَجَدَ فعل هُوَ ضمیر فاعل عِنْدَهَا مرکب اضافی مفعول فیہ رِزْقًا مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ قَالَ فعل هُوَ ضمیر فاعل سے مل کر قول، یٰمَرْیَمُ یہ نداء ہے اَنّٰى اسم استفہام كَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم لَكِ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم هٰذَا ذوالحال مؤخر، ذوالحال با حال مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ جواب نداء، نداء با جواب نداء مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

قَالَتْ فعل هِیَ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، هُوَ ضمیر مبتدا، مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اس کا اسم یَرْزُقُ فعل هُوَ ضمیر فاعل مَنْ یَّشَآءُ موصول با صلہ مفعول بہ بِغَیْرِ حِسَابٍ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف رِزْقًا کے مفعول مطلق، فعل با فاعل و مفعول بہ و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

هُنَالِكَ دَعَا زَكَرِيَّا رَبَّهٗ ۚ قَالَ رَبِّ هَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّیَّةً طَیِّبَةً ۚ اِنَّكَ سَمِیْعُ الدُّعَآءِ ﴿۳۸﴾

آیت نمبر ۳۸: هُنَالِكَ محلاً منصوب مفعول فیہ مقدم دَعَا فعل زَكَرِيَّا فاعل رَبَّهٗ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ قَالَ فعل هُوَ ضمیر فاعل سے مل کر قول، رَبِّ یہ اصل میں یَا رَبِّیْ ہے اور یہ نداء ہے هَبْ فعل امر اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل لِیْ جار با مجرور متعلق ہوئے، مِنْ حرف جار لَدُنْكَ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور كَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال مقدم ذُرِّیَّةً طَیِّبَةً مرکب توصیفی ذوالحال مؤخر، ذوالحال با حال مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ نداء کا جواب، نداء با جواب نداء مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا اِنَّ حرف تحقیق كَ ضمیر منصوب اس کا اسم سَمِیْعُ الدُّعَآءِ مرکب اضافی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

فَنَادَتْهُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَهُوَ قَآئِمٌ یُّصَلِّیْ فِی الْمِحْرَابِ ۙ اَنَّ اللّٰهَ یُبَشِّرُكَ بِیَحْیٰی مُصَدِّقًا بِكَلِمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَسَیِّدًا وَّحَصُوْرًا وَّنَبِیًّا مِّنَ الصّٰلِحِیْنَ ﴿۳۹﴾

آیت نمبر ۳۹: فاء عاطفہ نَادَتْ فعل هُ ضمیر منصوب ذوالحال واؤ حالیہ هُوَ ضمیر مبتدا قَآئِمٌ خبر اوّل، یُصَلِّیْ فعل هُوَ ضمیر فاعل فِیْ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

الْمِحْرَابِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر ثانی، مبتدا باخبرین جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال مفعول بہ اَلْمَلٰٓئِکَۃُ فاعل، اَنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ اس کا اسم یُبَشِّرُ فعل ھُوَ مستتر فاعل کاف ضمیر منصوب مفعول بہ، بَاء حرف جار یَحْیٰی ذوالحال مُصَدِّقًا اسم فاعل ھُوَ مستتر فاعل بَاء حرف جار کَلِمَۃٍ موصوف مِنَ اللّٰہِ کَائِنَۃٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، اسم فاعل بافاعل و متعلق شبہ جملہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ سَیِّدًا معطوف اوّل، واؤ عاطفہ حَصُوْرًا معطوف ثانی، واؤ عاطفہ نَبِیًّا موصوف مِنَ الصّٰلِحِیْنَ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف ثالث، معطوف علیہ بامعطوفات ثلاثہ حال، ذوالحال با حال مجرور، جار بامجرور یُبَشِّرُ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ اَنَّ کی خبر، اَنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ منصوب بنزع الخافض یہ اصل میں بِاَنَّ ــــ الخ ہے اور یہ جار بامجرور متعلق ہوئے نَادَتْ کے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

قَالَ رَبِّ اَنّٰی یَکُوْنُ لِیْ غُلٰمٌ وَّقَدْ بَلَغَنِیَ الْکِبَرُ وَامْرَاَتِیْ عَاقِرٌ ؕ قَالَ کَذٰلِکَ اللّٰہُ یَفْعَلُ مَا یَشَآءُ ﴿۴۰﴾

آیت نمبر ۴۰: قَالَ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر قول ہے، رَبِّ یہ اصل میں یَا رَبِّیْ ہے اور یہ نداء ہے اَنّٰی اسم استفہام کَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر یَکُوْنُ کی خبر مقدم، لِیْ جار بامجرور ظرف مستقر حال مقدم غُلٰمٌ ذوالحال موخر، ذوالحال باحال پھر ذوالحال ہے واؤ حالیہ قَدْ علامت فعل بَلَغَ فعل نون وقایہ کا یَاء ضمیر منصوب مفعول بہ، اَلْکِبَرُ ذوالحال واؤ حالیہ اِمْرَاَتِیْ مرکب اضافی مبتدا عَاقِرٌ خبر، مبتدا باخبر حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال یَکُوْنُ کا اسم، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ انشائیہ استفہامیہ نداء کا جواب، نداء باجواب نداء مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ قَالَ فعل ھُوَ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، کَذٰلِکَ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف فِعْلًا کے یَفْعَلُ کا مفعول مطلق، اَللّٰہُ مبتدا یَفْعَلُ فعل ھُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل مَا یَشَآءُ موصول باصلہ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ و مفعول مطلق خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

قَالَ رَبِّ اجْعَلْ لِّیْٓ اٰیَۃً ؕ قَالَ اٰیَتُکَ اَلَّا تُکَلِّمَ النَّاسَ ثَلٰثَۃَ اَیَّامٍ اِلَّا رَمْزًا ؕ وَاذْکُرْ رَّبَّکَ کَثِیْرًا وَّسَبِّحْ بِالْعَشِیِّ وَالْاِبْکَارِ ﴿۴۱﴾

آیت نمبر ۴۱: قَالَ فعل ھُوَ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، رَبِّ یہ اصل میں یَا رَبِّیْ ہے اور یہ نداء ہے اِجْعَلْ فعل امر اَنْتَ ضمیر فاعل لِیْ متعلق اٰیَۃً مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ نداء کا جواب ہے، نداء باجواب نداء مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ قَالَ فعل ھُوَ ضمیر فاعل سے مل کر قول، اٰیَتُکَ مرکب اضافی مبتدا، اَنْ ناصبہ لَا تُکَلِّمَ فعل اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل اَلنَّاسَ مفعول بہ ثَلٰثَۃَ اَیَّامٍ مرکب اضافی مفعول فیہ اِلَّا حرف استثناء رَمْزًا بواسطہ موصوف محذوف کَلَامًا کے مفعول مطلق، فعل بافاعل و مفاعیل ثلاثہ جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر محلًا مرفوع خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

واؤ استینافیہ اُذْکُرْ فعل امر اَنْتَ ضمیر فاعل رَبَّکَ مرکب اضافی مفعول بہ کَثِیْرًا بواسطہ موصوف محذوف ذِکْرًا کے مفعول مطلق، فعل بافاعل ومفعول بہ ومفعول مطلق جملہ انشائیہ امریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ سَبِّحْ فعل امر اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل بَاء حرف جار اَلْعَشِیِّ وَالْاِبْکَارِ معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور سَبِّحْ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ انشائیہ امریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۵ ❁

وَاِذْ قَالَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ یٰمَرْیَمُ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰىكِ وَطَهَّرَكِ وَاصْطَفٰىكِ عَلٰى نِسَآءِ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۴۲﴾

آیت نمبر ۴۲: واؤ عاطفہ اِذْ ظرف زمان مضاف قَالَتْ فعل اَلْمَلَائِکَۃُ فاعل سے مل کر قول، یَاء حرف نداء قائم مقام اَدْعُوْ کے، اَدْعُوْ فعل اَنَا ضمیر فاعل مَرْیَمُ محلًا منصوب مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر نداء، اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ اس کا اسم اِصْطَفٰی فعل ھُوَ ضمیر فاعل کَ ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ طَھَّرَ فعل ھُوَ ضمیر فاعل اور کاف ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اِصْطَفٰی فعل ھُوَ ضمیر فاعل اور عَلٰی نِسَآءِ الْعَالَمِیْنَ متعلق سے مل کر معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر جواب نداء، نداء باجواب نداء مقولہ، قول بامقولہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ ہوا فعل محذوف اُذْکُرْ کا، فعل امر بافاعل ومفعول فیہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

یٰمَرْیَمُ اقْنُتِیْ لِرَبِّكِ وَاسْجُدِیْ وَارْكَعِیْ مَعَ الرّٰكِعِیْنَ ﴿۴۳﴾

آیت نمبر ۴۳: یَاء حرف نداء قائم مقام اَدْعُوْ کے، اَدْعُوْ فعل اَنَا ضمیر فاعل مَرْیَمُ محلًا منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ، نداء، اُقْنُتِیْ فعل امر یَاء ضمیر اس کا فاعل لِرَبِّکِ اس کے متعلق، فعل امر بافاعل ومتعلق معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اُسْجُدِیْ فعل امر یَاء ضمیر اس کا فاعل، فعل با فاعل معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اِرْکَعِیْ فعل امر یَاء ضمیر فاعل اور مَعَ الرَّاکِعِیْنَ مرکب اضافی مفعول فیہ سے مل کر دوسرا معطوف، معطوف علیہ بامعطوفین جواب نداء، نداء باجواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَیْبِ نُوْحِیْهِ اِلَیْكَ ؕ وَمَا كُنْتَ لَدَیْهِمْ اِذْ یُلْقُوْنَ اَقْلَامَهُمْ اَیُّهُمْ یَكْفُلُ مَرْیَمَ ۪ وَمَا كُنْتَ لَدَیْهِمْ اِذْ یَخْتَصِمُوْنَ ﴿۴۴﴾

آیت نمبر ۴۴: ذَالِکَ اسم اشارہ مبتدا، مِنْ حرف جار اَنْبَآءِ الْغَیْبِ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ نُوْحِیْ فعل نَحْنُ ضمیر فاعل ہٖ ضمیر مفعول بہ اِلَیْکَ متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اَلْغَیْبُ سے حال ہے یا جملہ مستانفہ ہے۔ واؤ استینافیہ مَا نافیہ کُنْتَ فعل ناقص تَاء ضمیر مفتوحہ اس کا اسم لَدَیْھِمْ ظرف مستقر کَائِنًا کے مفعول فیہ اِذْ ظرف زمان مضاف یُلْقُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَقْلَامَھُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ ہوا کَائِنًا کا، کَائِنًا اسم فاعل ھُوَ ضمیر فاعل اور دونوں مفعول فیہ سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اَیُّھُمْ مرکب اضافی مبتدا یَکْفُلُ فعل ھُوَ مستتر فاعل مَرْیَمَ مفعول بہ۔ تینوں مل کر جملہ فعلیہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ مفعول بہ، فعل محذوف یَتَسَآءَلُوْنَ کا، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ حال ہے یُلْقُوْنَ کی واؤ ضمیر سے، واؤ عاطفہ مَا نافیہ کُنْتَ فعل ناقص تاء مفتوحہ ضمیر اس کا اسم لَدَیْهِمْ مرکب اضافی مفعول فیہ ہوا کَائِنًا کا، اِذْ مضاف یَخْتَصِمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ ہوا کَائِنًا کا، کَائِنًا اسم فاعل ھُوَ ضمیر فاعل اور دونوں مفعول فیہ سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

اِذْ قَالَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ يٰمَرْيَمُ اِنَّ اللّٰهَ يُبَشِّرُكِ بِكَلِمَةٍ مِّنْهُ ۖ اسْمُهُ الْمَسِيْحُ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ وَجِيْهًا فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَمِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ﴿۴۵﴾

آیت نمبر ۴۵: اِذْ ظرف زمان مضاف قَالَتْ فعل اَلْمَلَائِكَةُ فاعل سے مل کر قول، يٰمَرْيَمُ جملہ فعلیہ انشائیہ نداء ہے، اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اس کا اسم يُبَشِّرُ فعل ھُوَ مستتر فاعل كِ کی ضمیر منصوب مفعول بہ، بَاء حرف جار كَلِمَةٍ موصوف مِنْهُ ظرف مستقر كَائِنَةٍ کے متعلق ہو کر صفت اولیٰ، اِسْمُهٗ مرکب اضافی مبتدا، اَلْمَسِيْحُ مبدل منہ عِيْسٰى بدل، مبدل منہ با بدل پھر مبدل منہ، اِبْنُ مَرْيَمَ مرکب اضافی بدل، مبدل منہ با بدل خبر، مبتدا با خبر صفت ثانیہ، موصوف با صفتین ذوالحال وَجِيْهًا صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل فِيْ حرف جار اَلدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور متعلق، صیغہ صفت با فاعل و متعلق شبہ جملہ حال كَلِمَةٍ سے، ذوالحال با حال مجرور، جار با مجرور يُبَشِّرُ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ نداء کا جواب، نداء با جواب نداء مقولہ، قول با مقولہ اِذْ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ ہوا فعل محذوف اُذْكُرْ کا، اُذْكُرْ فعل امر اَنْتَ ضمیر فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ مِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال ہے وَجِيْهًا کی ھُوَ ضمیر سے۔

وَيُكَلِّمُ النَّاسَ فِي الْمَهْدِ وَكَهْلًا وَّمِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۴۶﴾

آیت نمبر ۴۶: واؤ عاطفہ يُكَلِّمُ فعل ھُوَ ضمیر پوشیدہ ذوالحال فِي الْمَهْدِ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال فاعل اَلنَّاسَ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ وَجِيْهًا پر معطوف ہے وَكَهْلًا کا فِي الْمَهْدِ پر عطف ہے اور مِنَ الصَّالِحِيْنَ کا مِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ پر عطف ہے۔

قَالَتْ رَبِّ اَنّٰى يَكُوْنُ لِيْ وَلَدٌ وَّلَمْ يَمْسَسْنِيْ بَشَرٌ ۭ قَالَ كَذٰلِكِ اللّٰهُ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ۭ اِذَا قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿۴۷﴾

آیت نمبر ۴۷: قَالَتْ فعل ھِيَ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، رَبِّ یہ اصل میں يَا رَبِّيْ ہے اور یہ نداء ہے اَنّٰى استفہامیہ كَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر يَكُوْنُ کی خبر مقدم، يَكُوْنُ فعل ناقص لِيْ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم وَلَدٌ ذوالحال مؤخر، ذوالحال با حال پھر ذوالحال، واؤ حالیہ لَمْ يَمْسَسْ فعل نون وقایہ کا، یَاء ضمیر مفعول بہ اور بَشَرٌ فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال با حال يَكُوْنُ کا اسم، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ انشائیہ استفہامیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ قَالَ فعل

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

هُوَ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، کَذٰلِکِ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر ہوئی مبتدا محذوف الْاَمْرُ کی، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اَللّٰهُ مبتدا، یَخْلُقُ فعل هُوَ ضمیر فاعل مَایَشَاءُ موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ یہ بھی مقولہ ہے۔

اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم قَضٰی فعل هُوَ ضمیر فاعل اَمْرًا مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فاء جزائیہ اِنَّمَا کفوفہ وکافہ یَقُوْلُ فعل هُوَ ضمیر فاعل لَهٗ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، کُنْ فعل امر تام اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر مقولہ، قول با مقولہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ فاء استینافیہ یَکُوْنُ فعل تام هُوَ ضمیر فاعل سے مل کر خبر ہے مبتدا محذوف هُوَ کی، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَ يُعَلِّمُهُ الْكِتٰبَ وَ الْحِكْمَةَ وَ التَّوْرٰىةَ وَ الْاِنْجِيْلَ ﴿۴۸﴾ وَ رَسُوْلًا اِلٰى بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۙ اَنِّيْ قَدْ
جِئْتُكُمْ بِاٰيَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ ۙ اَنِّيْٓ اَخْلُقُ لَكُمْ مِّنَ الطِّيْنِ كَهَيْـَٔةِ الطَّيْرِ فَاَنْفُخُ فِيْهِ فَيَكُوْنُ
طَيْرًۢا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ وَ اُبْرِئُ الْاَكْمَهَ وَ الْاَبْرَصَ وَ اُحْيِ الْمَوْتٰى بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ وَ اُنَبِّئُكُمْ بِمَا
تَاْكُلُوْنَ وَ مَا تَدَّخِرُوْنَ ۙ فِيْ بُيُوْتِكُمْ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۴۹﴾

آیت نمبر ۴۸،۴۹: واؤ استینافیہ یُعَلِّمُ فعل هُوَ مستتر فاعل هٗ ضمیر مفعول بہ اوّل، اَلْکِتٰبَ وَالْحِکْمَةَ وَالتَّوْرٰةَ وَالْاِنْجِیْلَ معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ رَسُوْلًا موصوف اِلٰی بَنِیْ اِسْرَآئِیْلَ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت اَنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر اس کا اسم قَدْ علامت فعل جِئْتُ فعل تَاء ضمیر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ بَاء حرف جار اٰیَةٍ موصوف مِنْ رَّبِّکُمْ ظرف مستقر کَائِنَةٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مبدل منہ اَنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر اس کا اسم اَخْلُقُ فعل اَنَا ضمیر ذوالحال لَکُمْ ظرف مستقر هَادِیًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال فاعل مِنَ الطِّیْنِ جار با مجرور متعلق ہوئے، کاف حرف جار هَیْئَةِ الطَّیْرِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف شَیْئًا کے مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوعف علیہ، فاء عاطفہ اَنْفُخُ فعل اَنَا ضمیر فاعل فِیْهِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، فاء عاطفہ یَکُوْنُ فعل ناقص هُوَ ضمیر اس کا اسم طَیْرًا خبر، بِاِذْنِ اللّٰهِ متعلق، فعل ناقص با اسم و خبر و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ اُبْرِئُ فعل اَنَا ضمیر فاعل اَلْاَکْمَهَ وَالْاَبْرَصَ معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل بافاعل ، مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثالث، واؤ عاطفہ اُحْیِیْ فعل اَنَا ضمیر فاعل اَلْمَوْتٰی منصوب تقدیرًا مفعول بہ بِاِذْنِ اللّٰهِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف رابع، واؤ عاطفہ اُنَبِّئُ فعل اَنَا ضمیر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ، بَاء حرف جار مَا تَاْکُلُوْنَ موصول باصلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا موصولہ تَدَّخِرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فِیْ بُیُوْتِکُمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور اُنَبِّئُ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف خامس، معطوف علیہ با معطوفات خمسہ اَنَّ کی خبر، اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ بدل، مبدل منہ بابدل بتاویل مصدر منصوب بنزع الخافض اصل میں بِاَنِّیْ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ہے، جار با مجرور نَاطِقًا کے متعلق ہو کر رَسُوْلًا کی صفت ثانیہ، موصوف باصفتین مفعول بہ ہوا فعل محذوف یَجْعَلُهٗ کا، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ مستانفہ ہوا۔

اِنَّ حرف تحقیق فِيْ ذٰلِكَ ظرف مستقر کَائِنَةً کے متعلق ہو کر خبر مقدم، لام مذحلقہ اٰيَةً موصوف لَّكُمْ ظرف مستقر کَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت اسم موخر، اِنَّ با اسم وخبر دال بر جزاء، اِنْ شرطیہ كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اسم مُّؤْمِنِيْنَ خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط موخر، شرط دال بر جزاء مقدم سے مل کر جملہ شرطیہ ہوا۔

وَ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيَّ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَ لِاُحِلَّ لَكُمْ بَعْضَ الَّذِيْ حُرِّمَ عَلَيْكُمْ وَ جِئْتُكُمْ بِاٰيَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَ اَطِيْعُوْنِ ﴿۵۰﴾

آیت نمبر ۵۰: واؤ عاطفہ مُصَدِّقًا اسم فاعل هُوَ ضمیر فاعل لام جارہ مَا اسم موصول بَيْنَ يَدَيَّ مرکب اضافی فعل محذوف ثَبَتَ کا مفعول فیہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ ذوالحال مِنَ التَّوْرٰىةِ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مجرور، جار با مجرور مُصَدِّقًا کے متعلق ہوئے، اسم فاعل با فاعل ومتعلق شبہ جملہ ہو کر فعل محذوف جِئْتُكُمْ کی ضمیر فاعل سے حال ہے ـــــ الخ واؤ عاطفہ لام حرف جار برائے تعلیل اُحِلَّ فعل اَنَا ضمیر فاعل لَكُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے بَعْضَ مضاف الَّذِيْ اسم موصول حُرِّمَ فعل مجہول هُوَ ضمیر نائب فاعل عَلَيْكُمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبر صلہ، موصول باصلہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ اُحِلَّ کا مفعول بہ، فعل با فاعل ومتعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے فعل محذوف جِئْتُ کے ـــــ الخ واؤ عاطفہ جِئْتُ فعل تُ ضمیر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ بَاء حرف جار اٰيَةٍ موصوف مِّنْ رَّبِّكُمْ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنَةٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور جِئْتُ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ كَذٰلِكَ، اِتَّقُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَللّٰهَ مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَطِيْعُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل نون برائے وقایہ یَاء ضمیر مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اِنَّ اللّٰهَ رَبِّيْ وَ رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ؕ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ﴿۵۱﴾

آیت نمبر ۵۱: اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اس کا اسم رَبِّيْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ رَبُّكُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا شِئْتُمْ حُسْنَ الْمَصِيْرِ، اُعْبُدُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل هٗ ضمیر مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ جزاء، شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ هٰذَا اسم اشارہ مبتدا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ مرکب توصیفی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

فَلَمَّاۤ اَحَسَّ عِيْسٰى مِنْهُمُ الْكُفْرَ قَالَ مَنْ اَنْصَارِيْۤ اِلَى اللّٰهِ ؕ قَالَ الْحَوَارِيُّوْنَ نَحْنُ اَنْصَارُ اللّٰهِ ۚ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ ۚ وَ اشْهَدْ بِاَنَّا مُسْلِمُوْنَ ﴿۵۲﴾

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر ۵۲: فاء عاطفہ اور اس کا معطوف علیہ محذوف ہے فَکَذَّبُوْا عِیْسٰی، لَمَّا شرطیہ مفعول فیہ مقدم اَحَسَّ فعل عِیْسٰی فاعل مِنْهُمْ متعلق اَلْکُفْرَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، قَالَ فعل ھُوَ ضمیر فاعل سے مل کر قول، مَنْ استفہامیہ مبتداء اَنْصَارِیْ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ معطوف ہوا اِلَی اللّٰہِ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر یاء ضمیر سے حال ہے قَالَ فعل اَلْحَوَارِیُّوْنَ فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، نَحْنُ ضمیر مبتداء اَنْصَارُ اللّٰہِ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اٰمَنَّا فعل نَا ضمیر فاعل بِاللّٰہِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ نَحْنُ کی دوسری خبر ہے۔ واؤ استینافیہ اِشْھَدْ فعل امر اَنْتَ ضمیر فاعل باء حرف جار اَنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم مُسْلِمُوْنَ اس کی خبر، اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔

رَبَّنَآ اٰمَنَّا بِمَآ اَنْزَلْتَ وَاتَّبَعْنَا الرَّسُوْلَ فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ۝۵۳

آیت نمبر ۵۳: رَبَّنَا یہ اصل میں یَا رَبَّنَا ہے اور یہ نداء ہے اٰمَنَّا فعل نَا ضمیر فاعل باء حرف جار مَآ اَنْزَلْتَ موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِتَّبَعْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اَلرَّسُوْلَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف نداء کا جواب، نداء با جواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔ فاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا کَانَ الْاَمْرُ کَذٰلِکَ، اُکْتُبْ فعل امر اَنْتَ ضمیر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ اور مَعَ الشّٰھِدِیْنَ مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ امریہ جزاء، شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَمَكَرُوْا وَمَكَرَ اللّٰهُ ؕ وَاللّٰهُ خَيْرُ الْمٰكِرِيْنَ ۝۵۴

آیت نمبر ۵۴: واؤ استینافیہ مَکَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَکَرَ فعل اَللّٰہُ فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ مستانفہ ہوا۔ واؤ حالیہ اَللّٰہُ مبتدا خَیْرُ الْمٰکِرِیْنَ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال ہے مَکَرَ کے فاعل سے۔

❁ ۰ رکوع نمبر ۶ ❁

اِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسٰٓى اِنِّىْ مُتَوَفِّيْكَ وَرَافِعُكَ اِلَىَّ وَمُطَهِّرُكَ مِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَجَاعِلُ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْكَ فَوْقَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۚ ثُمَّ اِلَىَّ مَرْجِعُكُمْ فَاَحْكُمُ بَيْنَكُمْ فِيْمَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ۝۵۵

آیت نمبر ۵۵: اِذْ ظرف زمان مضاف۔ قَالَ فعل اَللّٰہُ فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، یَاء حرف نداء اَدْعُوْ کے قائم مقام، اَدْعُوْ فعل اَنَا ضمیر فاعل عِیْسٰی محلاً منصوب مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ نداء، اِنَّ حرف تحقیق یَا ضمیر اس کا اسم مُتَوَفِّیْکَ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ رَافِعُ اسم فاعل مضاف کاف ضمیر مضاف الیہ معنًی مفعول بہ اور اِلَیْکَ متعلق سے مل کر شبہ جملہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ مُطَھِّرُ اسم فاعل مضاف کاف ضمیر مضاف الیہ معنًی مفعول بہ مِنْ حرف جار اَلَّذِیْنَ کَفَرُوْا موصول با صلہ

آیت نمبر ۲۳: حُرِّمَتْ فعل مجہول عَلَیْکُمْ ظرف لغو متعلق ہوئے اُمَّهَاتُکُمْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ حرف عطف بَنَاتُکُمْ مرکب اضافی معطوف اوّل، واؤ حرف عطف اَخَوَاتُکُمْ مرکب اضافی معطوف ثانی، واؤ حرف عطف عَمَّاتُکُمْ مرکب اضافی معطوف ثالث، واؤ حرف عطف خَالَاتُکُمْ مرکب اضافی معطوف رابع، واؤ حرف عطف بَنَاتُ الْاَخِ مرکب اضافی معطوف خامس، واؤ حرف عطف بَنَاتُ الْاُخْتِ مرکب اضافی معطوف سادس، واؤ حرف عطف اُمَّهَاتُکُمْ مرکب اضافی موصوف اَلّٰتِیْ اسم موصول اَرْضَعْنَکُمْ فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ صفت، موصوف باصفت معطوف سابع، واؤ حرف عطف اَخَوَاتُکُمْ مرکب اضافی ذوالحال مِنَ الرَّضَاعَةِ ظرف مستقر کَائِنَاتٍ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال معطوف ثامن، واؤ حرف عطف اُمَّهَاتُ نِسَآئِکُمْ مرکب اضافی معطوف تاسع، واؤ حرف عطف رَبَآئِبُکُمْ مرکب اضافی موصوف اَلّٰتِیْ اسم موصول فِیْ حُجُوْرِکُمْ ظرف مستقر فعل محذوف ثَبَتَتْ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ صفت، موصوف باصفت ذوالحال، مِنْ حرف جار نِسَآئِکُمْ مرکب اضافی موصوف اَلّٰتِیْ اسم موصول دَخَلْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل بِهِنَّ متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ نِسَآئِکُمْ کی صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنَاتٍ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال معطوف عاشر، واؤ حرف عطف حَلَآئِلُ اَبْنَآئِکُمْ مرکب اضافی موصوف اَلَّذِیْنَ اسم موصول مِنْ حرف جار اَصْلَابِکُمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر فعل محذوف خَرَجُوْا کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ صفت، موصوف باصفت معطوف حَادِیْ عَشَرَ، واؤ حرف عطف اَنْ حرف مصدری ونصب تَجْمَعُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بَیْنَ الْاُخْتَیْنِ مرکب اضافی مفعول فیہ سے مل کر بتاویل مصدر معطوف ثَانِیْ عَشَرَ،

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

معطوف علیہ اپنے تمام معطوفات سے مل کر حُرِّمَتْ کا نائب فاعل، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فَاء استینا فیہ اِنْ حرف شرط لَمْ تَكُوْنُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم دَخَلْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل بِهِنَّ متعلق سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فَاء جزائیہ لَا نفی جنس جُنَاحَ اس کا اسم عَلَيْكُمْ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، لَا با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔ اِلَّا حرف استثناء بمعنی لٰكِنْ مَا قَدْ سَلَفَ موصول باصلہ مبتداء اور خبر محذوف ہے مَغْفُوٌّ عَنْكُمْ، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم الجلالہ اس کا اسم كَانَ فعل ناقص هُوَ مستتر اس کا اسم غَفُوْرًا رَّحِيْمًا دو خبر، فعل ناقص با اسم و خبرین جملہ فعلیہ خبریہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَالْمُحْصَنٰتُ مِنَ النِّسَآءِ اِلَّا مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ ۚ كِتٰبَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ ۚ وَاُحِلَّ لَكُمْ مَّا وَرَآءَ ذٰلِكُمْ اَنْ تَبْتَغُوْا بِاَمْوَالِكُمْ مُّحْصِنِيْنَ غَيْرَ مُسٰفِحِيْنَ ۚ فَمَا اسْتَمْتَعْتُمْ بِهٖ مِنْهُنَّ فَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ فَرِيْضَةً ۚ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا تَرٰضَيْتُمْ بِهٖ مِنْۢ بَعْدِ الْفَرِيْضَةِ ۚ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿۲۴﴾

آیت نمبر ۲۴: واؤ حرف عطف اَلْمُحْصَنَاتُ ذوالحال مِنَ النِّسَآءِ ظرف مستقر کَائِنَاتٍ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مستثنیٰ منہ اِلَّا حرف استثناء مَا اسم موصول مَلَكَتْ فعل اَيْمَانُكُمْ مرکب اضافی فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مستثنیٰ، مستثنیٰ منہ با مستثنیٰ حُرِّمَتْ کے نائب فاعل پر معطوف ہے۔ كِتٰبَ اللّٰهِ مفعول مطلق ہے فعل محذوف كَتَبَ اللّٰهُ کا اور عَلَيْكُمْ کتاب مصدر کے متعلق ہے۔ واؤ استینافیہ اُحِلَّ فعل مجہول لَكُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے مَا اسم موصول وَرَآءَ ذٰلِكُمْ مرکب اضافی فعل محذوف ثَبَتَ کا مفعول فیہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ نائب فاعل اَنْ حرف مصدری ونصب تَبْتَغُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال مُحْصِنِيْنَ حال اولیٰ، غَيْرَ مُسٰفِحِيْنَ مرکب اضافی حال دوم، ذوالحال باحالین فاعل بَاء حرف جار اَمْوَالِكُمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق بتاویل مصدر اُحِلَّ کا مفعول لہ، فعل مجہول با متعلق و نائب فاعل و مفعول لہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

فَاء استینافیہ مَا اسم شرط ذوالحال مِنْهُنَّ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مبتدا، اِسْتَمْتَعْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل بِهٖ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فَاء جزائیہ اٰتُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل، هُنَّ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل اُجُوْرَهُنَّ مرکب اضافی ذوالحال فَرِيْضَةً حال، ذوالحال باحال مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جزاء، شرط با جزاء مَا کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ لَا نفی جنس جُنَاحَ ذوالحال فِيْ حرف جار مَا اسم موصول تَرَاضَيْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل بِهٖ متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ ذوالحال، مِنْۢ بَعْدِ الْفَرِيْضَةِ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مجرور، جار با مجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال لَا کا اسم عَلَيْكُمْ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، لَا نفی جنس با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم الجلالہ اس کا اسم كَانَ فعل ناقص هُوَ ضمیر مستتر اس کا اسم عَلِيْمًا حَكِيْمًا دو خبر، فعل ناقص با اسم و خبرین جملہ فعلیہ خبریہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَمَنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ مِنْكُمْ طَوْلًا اَنْ يَّنْكِحَ الْمُحْصَنٰتِ الْمُؤْمِنٰتِ فَمِنْ مَّا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ مِّنْ فَتَيٰتِكُمُ الْمُؤْمِنٰتِ ؕ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِاِيْمَانِكُمْ ؕ بَعْضُكُمْ مِّنْۢ بَعْضٍ ۚ فَانْكِحُوْهُنَّ بِاِذْنِ اَهْلِهِنَّ وَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ مُحْصَنٰتٍ غَيْرَ مُسٰفِحٰتٍ وَّلَا مُتَّخِذٰتِ اَخْدَانٍ ۚ فَاِذَاۤ اُحْصِنَّ فَاِنْ اَتَيْنَ بِفَاحِشَةٍ فَعَلَيْهِنَّ نِصْفُ مَا عَلَى الْمُحْصَنٰتِ مِنَ الْعَذَابِ ؕ ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ الْعَنَتَ مِنْكُمْ ؕ وَاَنْ تَصْبِرُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۲۵﴾

آیت نمبر ۲۵: واؤ استینا فیہ مَنْ اسم شرط مبتدا، لَمْ يَسْتَطِعْ فعل هُوَ مستتر ذوالحال مِنْكُمْ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل طَوْلًا مصدر اَنْ حرف مصدری و نصب يَّنْكِحَ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل اَلْمُحْصَنٰتِ الْمُؤْمِنٰتِ موصوف باصفت مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ مل کر بتاویل مصدر ہو کر مفعول بہ ہوا طَوْلًا کا، مصدر اپنے مفعول بہ سے مل کر مفعول بہ ہوا لَمْ يَسْتَطِعْ کا، فعل با فاعل و مفعول بہ شرط، فاء جزائیہ مِنْ حرف جار مَا اسم موصول مَلَكَتْ فعل اَيْمَانُكُمْ مرکب اضافی ہو کر فاعل، فعل بافاعل صلہ، موصول باصلہ ذوالحال مِنْ حرف جار فَتَيٰتِكُمْ مرکب اضافی ہو کر موصوف اَلْمُؤْمِنٰتِ صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر ہو کر متعلق ہوا کَائِنَةً کا، کَائِنَةً اسم فاعل با فاعل صفت ہوا اَمَةً محذوف کا، اَمَةً موصوف اپنی صفت سے مل کر مفعول بہ ہوا فعل محذوف لِيَنْكِحَ کا، لِيَنْكِحَ فعل امر اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جزاء، شرط با جزاء مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

واؤ اعتراضیہ لفظ اَللّٰهُ مبتدا، اَعْلَمُ اسم تفضیل هُوَ ضمیر مستتر اس کا فاعل بَاء جار اِيْمَانِكُمْ مرکب اضافی ہو کر مجرور، جار با مجرور متعلق، اسم تفضیل بافاعل و متعلق خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معترضہ ہوا۔ بَعْضُكُمْ مرکب اضافی مبتدا، مِنْۢ بَعْضٍ جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا عَلِمْتُمُ الْوَجْهَ الْجَدِيْدَ بِالْاِتِّبَاعِ، اِنْكِحُوْا فعل امر واؤ ضمیر ذوالحال بِاِذْنِ اَهْلِهِنَّ ظرف مستقر مُتَلَبِّسِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل هُنَّ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اٰتُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل هُنَّ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، اُجُوْرَهُنَّ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی بِالْمَعْرُوْفِ متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

مُحْصَنٰتٍ "اِنْكِحُوْهُنَّ" کے مفعول بہ کا حال اولیٰ ہے غَيْرَ مُسَافِحَاتٍ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ حرف عطف لَا زائدہ مُتَّخِذَاتِ اَخْدَانٍ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف دوسرا حال ہے۔ فَاء استینافیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم اُحْصِنَّ فعل مجہول نون مفتوحہ ضمیر نائب فاعل سے مل کر شرط، فَاء جزائیہ اِنْ حرف شرط اَتَيْنَ فعل نون مفتوحہ فاعل بِفَاحِشَةٍ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فَاء جزائیہ عَلَيْهِنَّ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم نِصْفُ مضاف مَا اسم موصول عَلَى الْمُحْصَنَاتِ ظرف مستقر فعل محذوف ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ ذوالحال، مِنَ الْعَذَابِ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال نِصْفُ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر شرط اوّل کی جزاء، شرط

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

یا جزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔

ذٰلِکَ اسم اشارہ مبتدا، لام حرف جار، مَنْ اسم موصول، خَشِیَ فعل ھُوَ ضمیر مستتر ذو الحال، مِنْکُمْ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذو الحال با حال فاعل، اَلْعَنَتَ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَنْ حرف مصدری و ناصب، تَصْبِرُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل بتاویل مصدر مبتدا، خَیْرٌ اسم تفضیل اَنْتُمْ ضمیر مستتر فاعل، لَکُمْ متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَللّٰہُ اسم الجلالہ مبتدا، غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ دو خبر، مبتدا با خبرین جملہ اسمیہ مستانفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۵ ❁

يُرِيدُ اللَّهُ لِيُبَيِّنَ لَكُمْ وَيَهْدِيَكُمْ سُنَنَ الَّذِينَ مِن قَبْلِكُمْ وَيَتُوبَ عَلَيْكُمْ ۗ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ ﴿٢٦﴾

آیت نمبر ۲۶: يُرِيْدُ فعل اَللّٰہُ اسم الجلالہ فاعل، لام حرف جار برائے تعلیل، یُبَیِّنَ فعل ھُوَ مستتر فاعل، لَکُمْ متعلق سے مل کر معطوف علیہ، واؤ حرف عطف، یَھْدِیَ فعل ھُوَ مستتر فاعل کُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اول، سُنَنَ مضاف، اَلَّذِیْنَ اسم موصول، مِنْ قَبْلِکُمْ ظرف مستقر فعل محذوف مَضَوْا کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول، واؤ حرف عطف، یَتُوْبَ فعل ھُوَ مستتر فاعل عَلَیْکُمْ متعلق سے مل کر معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین بتاویل مصدر لام کا مجرور، جار با مجرور یُرِیْدُ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَللّٰہُ اسم الجلالہ مبتدا، عَلِیْمٌ حَکِیْمٌ دو خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ مستانفہ ہوا۔

وَاللَّهُ يُرِيدُ أَن يَتُوبَ عَلَيْكُمْ وَيُرِيدُ الَّذِينَ يَتَّبِعُونَ الشَّهَوَاتِ أَن تَمِيلُوا مَيْلًا عَظِيمًا ﴿٢٧﴾

آیت نمبر ۲۷: واؤ استینافیہ اَللّٰہُ اسم الجلالہ مبتدا، یُرِیْدُ فعل ھُوَ مستتر فاعل، اَنْ حرف مصدری و ناصب، یَتُوْبَ فعل ھُوَ مستتر فاعل عَلَیْکُمْ متعلق سے مل کر بتاویل مصدر مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ خبر، مبتدا با خبر معطوف علیہ، واؤ حرف عطف، یُرِیْدُ فعل اَلَّذِیْنَ اسم موصول، یَتَّبِعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَلشَّھَوَاتِ مفعول بہ سے مل کر صلہ، موصول باصلہ فاعل، اَنْ حرف مصدری و ناصب تَمِیْلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مَیْلًا عَظِیْمًا مرکب توصیفی مفعول مطلق سے مل کر بتاویل مصدر یُرِیْدُ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

يُرِيدُ اللَّهُ أَن يُخَفِّفَ عَنكُمْ ۚ وَخُلِقَ الْإِنسَانُ ضَعِيفًا ﴿٢٨﴾

آیت نمبر ۲۸: یُرِیْدُ فعل اَللّٰہُ اسم الجلالہ فاعل، اَنْ حرف مصدری و ناصب، یُخَفِّفَ فعل ھُوَ مستتر فاعل عَنْکُمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ خُلِقَ فعل مجہول اَلْاِنْسَانُ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ضَعِيْفًا ذوالحال باحال، نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل جملہ مستانفہ معللہ ہوا۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ اِلَّآ اَنْ تَكُوْنَ تِجَارَةً عَنْ تَرَاضٍ مِّنْكُمْ ۣ وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُمْ رَحِيْمًا ﴿٢٩﴾

آیت نمبر ۲۹: يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اس کی ترکیب متعدد بار گزر چکی ہے اور یہ نداء ہے لَا تَاْكُلُوْٓا فعل نہی واؤ ضمیر ذوالحال بِالْبَاطِلِ ظرف مستقر مُتَلَبِّسِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل اَمْوَالَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ بَيْنَكُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل با فاعل ومفعولین جملہ انشائیہ نہیہ نداء کا جواب، نداء باجواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔ اِلَّا حرف استثناء اَنْ حرف مصدری ونصب تَكُوْنَ فعل ناقص ھِیَ ضمیر اس کا اسم تِجَارَةً موصوف عَنْ حرف جار تَرَاضٍ موصوف مِنْكُمْ ظرف مستقر كَائِنٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت خبر، فعل ناقص با اسم وخبر بتاویل مصدر مستثنیٰ منقطع ہے۔ واؤ عاطفہ لَا تَقْتُلُوْٓا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل اَنْفُسَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ نہیہ لَا تَاْكُلُوْٓا پر معطوف ہے۔ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم الجلالہ اس کا اسم، كَانَ فعل ناقص ھُوَ مستتر اس کا اسم رَحِيْمًا صفت مشبہ ھُوَ مستتر فاعل بِكُمْ متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ كَانَ کی خبر، فعل ناقص بااسم وخبر اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ عُدْوَانًا وَّظُلْمًا فَسَوْفَ نُصْلِيْهِ نَارًا ۭ وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرًا ﴿٣٠﴾

آیت نمبر ۳۰: واؤ استینافیہ مَنْ اسم شرط مبتدا، يَفْعَلْ فعل ھُوَ مستتر فاعل ذٰلِكَ مفعول بہ عُدْوَانًا وَّظُلْمًا معطوف علیہ با معطوف مفعول لہ، فعل با فاعل ومفعولین شرط، فاء جزائیہ سَوْفَ علامت فعل نُصْلِيْ فعل نَحْنُ مستتر فاعل ہٖ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، نَارًا مفعول بہ ثانی سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ كَانَ فعل ناقص ذٰلِكَ اسم اشارہ اس کا اسم يَسِيْرًا صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل عَلَى اللّٰهِ متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ مستانفہ ہوا۔

اِنْ تَجْتَنِبُوْا كَبَاۗىِٕرَ مَا تُنْهَوْنَ عَنْهُ نُكَفِّرْ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَنُدْخِلْكُمْ مُّدْخَلًا كَرِيْمًا ﴿٣١﴾

آیت نمبر ۳۱: اِنْ حرف شرط تَجْتَنِبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل كَبَاۗىِٕرَ مضاف مَا اسم موصول تُنْهَوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل عَنْهُ متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط نُكَفِّرْ فعل نَحْنُ مستتر فاعل عَنْكُمْ متعلق سَيِّاٰتِكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ نُدْخِلْ فعل نَحْنُ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ مُّدْخَلًا كَرِيْمًا مرکب توصیفی مفعول مطلق، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔

وَلَا تَتَمَنَّوْا مَا فَضَّلَ اللّٰهُ بِهٖ بَعْضَكُمْ عَلٰي بَعْضٍ ۭ لِلرِّجَالِ نَصِيْبٌ مِّمَّا اكْتَسَبُوْا ۭ وَلِلنِّسَاۗءِ نَصِيْبٌ مِّمَّا اكْتَسَبْنَ ۭ وَسْـَٔـلُوا اللّٰهَ مِنْ فَضْلِهٖ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ﴿٣٢﴾

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر ۳۲: واؤ استینافیہ لَا تَتَمَنَّوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل مَا اسم موصول فَضَّلَ فعل اَللّٰہُ اسم الجلالہ فاعل بِہٖ ظرف لغو متعلق اوّل بَعْضَکُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، عَلٰی بَعْضٍ ظرف لغو متعلق ثانی ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلقین جملہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ ہوا۔ لِلرِّجَالِ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم نَصِیْبٌ موصوف مِنْ حرف جار مَا اکْتَسَبُوْا موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ مستانفہ ہوا۔ واؤ حرف عطف لِلنِّسَآءِ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم نَصِیْبٌ موصوف مِنْ حرف جار مَا اکْتَسَبْنَ موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ معطوفہ ہوا۔

واؤ حرف عطف اِسْئَلُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَللّٰہَ اسم الجلالہ مفعول بہ مِنْ فَضْلِہٖ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف شَیْئًا کے مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ معطوفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ اسم الجلالہ اس کا اسم کَانَ فعل ناقص ھُوَ مستتر اس کا اسم بِ حرف جار کُلِّ شَیْءٍ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق مقدم ہوئے، عَلِیْمًا صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر کَانَ کی خبر، فعل ناقص با اسم و خبر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَ لِکُلٍّ جَعَلْنَا مَوَالِیَ مِمَّا تَرَکَ الْوَالِدٰنِ وَ الْاَقْرَبُوْنَ ؕ وَ الَّذِیْنَ عَقَدَتْ اَیْمَانُکُمْ فَاٰتُوْھُمْ نَصِیْبَھُمْ ؕ اِنَّ اللّٰہَ کَانَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ شَھِیْدًا ﴿۳۳﴾

آیت نمبر ۳۳: واؤ استینافیہ لَام حرف جار کُلٍّ دراصل کُلِّ قَوْمٍ ہے اور یہ موصوف ہے جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ھُمْ ضمیر محذوف مفعول بہ اوّل، مَوَالِیَ مفعول بہ ثانی سے مل کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، مِنْ حرف جار مَا اسم موصول تَرَکَ فعل اَلْوَالِدٰنِ وَالْاَقْرَبُوْنَ معطوف علیہ با معطوف فاعل، فعل بافاعل صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف نَصِیْبٌ کے مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ مستانفہ ہوا۔ (اعراب القرآن علامہ درویش)

واؤ استینافیہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول عَقَدَتْ اَیْمَانُکُمْ فعل با فاعل و مفعول بہ صلہ، موصول باصلہ مبتدا متضمن معنٰی شرط فاء جزائیہ اٰتُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل نَصِیْبَھُمْ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی سے مل کر خبر قائم مقام جزاء، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ مستانفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ اسم الجلالہ اس کا اسم کَانَ فعل ناقص ھُوَ مستتر اس کا اسم شَھِیْدًا صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ متعلق مقدم سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر اِنَّ کی خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۶ ❁

اَلرِّجَالُ قَوّٰمُوْنَ عَلَی النِّسَآءِ بِمَا فَضَّلَ اللّٰہُ بَعْضَھُمْ عَلٰی بَعْضٍ وَّ بِمَآ اَنْفَقُوْا مِنْ اَمْوَالِھِمْ ؕ فَالصّٰلِحٰتُ قٰنِتٰتٌ حٰفِظٰتٌ لِّلْغَیْبِ بِمَا حَفِظَ اللّٰہُ ؕ وَ الّٰتِیْ تَخَافُوْنَ نُشُوْزَھُنَّ فَعِظُوْھُنَّ وَ اھْجُرُوْھُنَّ فِی الْمَضَاجِعِ وَ اضْرِبُوْھُنَّ ۚ فَاِنْ اَطَعْنَکُمْ فَلَا تَبْغُوْا عَلَیْھِنَّ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سَبِيْلًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيًّا كَبِيْرًا ﴿۳۴﴾

آیت نمبر ۳۴: اَلرِّجَالُ مبتدا، قَوّٰمُوْنَ صیغہ مبالغہ هُمْ مستترفاعل عَلَى النِّسَآءِ ظرف لغو متعلق اوّل ہوئے بَاء حرف جار مَا اسم موصول فَضَّلَ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل بَعْضَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ عَلٰى بَعْضٍ متعلق سے مل کرصلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور معطوف علیہ، واؤ حرف عطف بَاء حرف جار مَا اسم موصول اَنْفَقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ اَمْوَالِهِمْ متعلق سے مل کرصلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور معطوف، معطوف علیہ بامعطوف متعلق ثانی ہوئے، صیغہ مبالغہ بافاعل و متعلقین شبہ جملہ ہوکر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ فاء استینافیہ اَلصّٰلِحٰتُ مبتدا، قٰنِتٰتٌ اسم فاعل هُنَّ ضمیر مستترفاعل سے مل کرخبر اوّل حٰفِظٰتٌ اسم فاعل هُنَّ مستتر فاعل لِلْغَيْبِ جار با مجرور متعلق اوّل ہوئے، بَاء حرف جار مَا مصدریہ حَفِظَ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل سے مل کرتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق ثانی ہوئے، اسم فاعل با فاعل و متعلقین شبہ جملہ ہوکر خبر ثانی، مبتدا باخبرین جملہ اسمیہ مستانفہ ہوا۔

واؤ استینافیہ اَلّٰتِیْ اسم موصول تَخَافُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل نُشُوْزَهُنَّ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کرصلہ، موصول باصلہ مبتدا متضمن معنی شرط، فاء جزائیہ عِظُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل هُنَّ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ حرف عطف اُهْجُرُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل هُنَّ ضمیر منصوب مفعول بہ فِي الْمَضَاجِعِ متعلق سے مل کر معطوف اوّل، واؤ حرف عطف اِضْرِبُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل هُنَّ ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین خبر قائم مقام جزاء، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ مستانفہ ہوا۔ فاء استینافیہ اِنْ حرف شرط اَطَعْنَ فعل نون مفتوحہ فاعل كُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فاء جزائیہ لَا تَبْغُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عَلَيْهِنَّ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہوکر حال مقدم سَبِيْلًا ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم الجلالہ اس کا اسم كَانَ فعل ناقص هُوَ مستتر اس کا اسم عَلِيًّا كَبِيْرًا دو خبر، فعل ناقص بااسم و خبرین اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَ اِنْ خِفْتُمْ شِقَاقَ بَيْنِهِمَا فَابْعَثُوْا حَكَمًا مِّنْ اَهْلِهٖ وَ حَكَمًا مِّنْ اَهْلِهَا ۚ اِنْ يُّرِيْدَاۤ اِصْلَاحًا يُّوَفِّقِ اللّٰهُ بَيْنَهُمَا ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا خَبِيْرًا ﴿۳۵﴾

آیت نمبر ۳۵: واؤ استینافیہ اِنْ حرف شرط خِفْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل شِقَاقَ بَيْنِهِمَا مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فاء جزائیہ اِبْعَثُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل حَكَمًا موصوف مِنْ اَهْلِهٖ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہوکر صفت، موصوف باصفت معطوف علیہ، واؤ حرف عطف حَكَمًا موصوف مِنْ اَهْلِهَا ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہوکر صفت، موصوف باصفت معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔ اِنْ حرف شرط يُرِيْدَا فعل الف ضمیر فاعل اِصْلَاحًا مفعول بہ سے مل کر شرط، يُوَفِّقِ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل بَيْنَهُمَا مرکب اضافی مفعول فیہ سے مل کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا خَبِيْرًا کی ترکیب آیت نمبر ۳۴ میں دیکھئے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَ لَا تُشْرِكُوْا بِهٖ شَیْـًٔا وَّ بِالْوَالِدَیْنِ اِحْسَانًا وَّ بِذِی الْقُرْبٰی وَ الْیَتٰمٰی وَ الْمَسٰكِیْنِ وَ الْجَارِ ذِی الْقُرْبٰی وَ الْجَارِ الْجُنُبِ وَ الصَّاحِبِ بِالْجَنْۢبِ وَ ابْنِ السَّبِیْلِ ۙ وَ مَا مَلَكَتْ اَیْمَانُكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا یُحِبُّ مَنْ كَانَ مُخْتَالًا فَخُوْرَا ۝۳۶

آیت نمبر ۳۶: واؤ استینافیہ اُعْبُدُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَللّٰهَ اسم الجلالہ مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ حرف عطف لَا تُشْرِكُوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل بِهٖ متعلق شَیْـًٔا مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف اوّل، واؤ حرف عطف بِالْوَالِدَیْنِ جار با مجرور معطوف علیہ، واؤ حرف عطف بَاء حرف جار ذِی الْقُرْبٰی مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ حرف عطف اَلْیَتٰمٰی معطوف اوّل، واؤ حرف عطف اَلْمَسَاكِیْنِ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ اَلْجَارِ ذِی الْقُرْبٰی مرکب توصیفی معطوف ثالث، واؤ حرف عطف اَلْجَارِ الْجُنُبِ مرکب توصیفی معطوف رابع، واؤ حرف عطف اَلصَّاحِبِ ذوالحال بِالْجَنْۢبِ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال معطوف خامس، واؤ حرف عطف اِبْنِ السَّبِیْلِ مرکب اضافی معطوف سادس، واؤ حرف عطف مَا اسم موصول مَلَكَتْ فعل اَیْمَانُكُمْ مرکب اضافی فاعل سے مل کر جملہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ معطوف سابع، معطوف علیہ با معطوفات سبعہ مجرور، جار با مجرور معطوف، معطوف علیہ با معطوف ظرف مستقر متعلق ہوئے فعل محذوف اَحْسِنُوْا کے، اِحْسَانًا مفعول مطلق، فعل با فاعل و متعلق و مفعول مطلق جملہ انشائیہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جملہ مستانفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم الجلالہ اس کا اسم لَا یُحِبُّ فعل هُوَ ضمیر مستتر اس کا فاعل مَنْ اسم موصول كَانَ فعل ناقص هُوَ مستتر اس کا اسم مُخْتَالًا فَخُوْرًا دو خبر، فعل ناقص با اسم و خبرین جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اۨلَّذِیْنَ یَبْخَلُوْنَ وَ یَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبُخْلِ وَ یَكْتُمُوْنَ مَاۤ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ وَ اَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِیْنَ عَذَابًا مُّهِیْنًا ۝۳۷

آیت نمبر ۳۷: اَلَّذِیْنَ اسم موصول یَبْخَلُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل معطوف علیہ، واؤ حرف عطف یَاْمُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَلنَّاسَ مفعول بہ بِالْبُخْلِ متعلق سے مل کر معطوف اوّل، واؤ حرف عطف یَكْتُمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مَا اسم موصول اٰتٰی فعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل مِنْ فَضْلِهٖ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ یَكْتُمُوْنَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین صلہ، موصول باصلہ خبر ہے مبتدا محذوف هُمْ کی، یا مَنْ كَانَ مُخْتَالًا فَخُوْرًا سے بدل ہے۔ واؤ استینافیہ اَعْتَدْنَا فعل نَا ضمیر فاعل لِلْكَافِرِیْنَ متعلق عَذَابًا مُّهِیْنًا مرکب توصیفی مفعول بہ سے مل کر جملہ مستانفہ ہوا۔

وَ الَّذِیْنَ یُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ رِئَآءَ النَّاسِ وَ لَا یُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَ لَا بِالْیَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ وَ مَنْ یَّكُنِ الشَّیْطٰنُ لَهٗ قَرِیْنًا فَسَآءَ قَرِیْنًا ۝۳۸

آیت نمبر ۳۸: واؤ حرف عطف اَلَّذِیْنَ اسم موصول یُنْفِقُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَمْوَالَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ رِئَآءَ النَّاسِ مرکب اضافی مفعول لہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ حرف عطف لَا یُؤْمِنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِاللّٰهِ جار با

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مجرور معطوف علیہ، واؤ حرف عطف لَا زائدہ بَاء حرف جار اَلْيَوْمِ الْاٰخِرِ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور معطوف، معطوف علیہ با معطوف ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ معطوف ہے اوپر ذکر کئے ہوئے اَلَّذِيْنَ پر۔

واؤ استینافیہ مَنْ اسم شرط مبتدا، يَكُنْ فعل ناقص اَلشَّيْطٰنُ اس کا اسم لَهٗ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم، قَرِيْنًا ذوالحال مؤخر، پھر یہ خبر ہے، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ شرط فَاء جزائیہ سَآءَ فعل ذم هُوَ مستتر ممیز قَرِيْنًا تمیز، ممیز با تمیز فاعل، فعل با فاعل خبر، اور مبتدا هُوَ محذوف ہے، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ مستانفہ ہوا۔

وَمَاذَا عَلَيْهِمْ لَوْ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقَهُمُ اللّٰهُ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِهِمْ عَلِيْمًا ﴿۳۹﴾

آیت نمبر ۳۹: واؤ استینافیہ مَاذَا اسم استفہام مبتدا، عَلَيْهِمْ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ مستانفہ ہوا۔ لَوْ حرف شرط اٰمَنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بَاء حرف جار اَللّٰهِ اسم الجلالہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلْيَوْمِ الْاٰخِرِ مرکب توصیفی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ حرف عطف اَنْفَقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ جارہ مَا اسم موصول رَزَقَ فعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق معطوف، معطوف علیہ با معطوف شرط، جزاء محذوف ہے فَمَا ذَا يَضُرُّهُمْ ذٰلِكَ، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ كَانَ فعل ناقص اَللّٰهُ اسم الجلالہ اس کا اسم عَلِيْمًا صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل بِهِمْ متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ مستانفہ ہوا۔

اِنَّ اللّٰهَ لَا يَظْلِمُ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ ۚ وَاِنْ تَكُ حَسَنَةً يُّضٰعِفْهَا وَيُؤْتِ مِنْ لَّدُنْهُ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۴۰﴾

آیت نمبر ۴۰: اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم الجلالہ اس کا اسم لَا يَظْلِمُ فعل هُوَ مستتر فاعل مِثْقَالَ ذَرَّةٍ مرکب اضافی بواسطہ موصوف محذوف ظُلْمًا کے مفعول مطلق، فعل با فاعل و مفعول مطلق خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ حرف عطف اِنْ حرف شرط، تَكُ فعل ناقص هِيَ مستتر اس کا اسم حَسَنَةً خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط يُضٰعِفْ فعل هُوَ مستتر فاعل هَا ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يُؤْتِ فعل هُوَ مستتر فاعل مِنْ لَّدُنْهُ متعلق اَجْرًا عَظِيْمًا مرکب توصیفی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

فَكَيْفَ اِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ اُمَّةٍۭ بِشَهِيْدٍ وَّجِئْنَا بِكَ عَلٰى هٰٓؤُلَآءِ شَهِيْدًا ﴿۴۱﴾

آیت نمبر ۴۱: فَاء استینافیہ كَيْفَ یہ اصل میں كَيْفَ يَصْنَعُوْنَ ہے يَصْنَعُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال كَيْفَ كَائِنِيْنَ کا مفعول فیہ ہو کر حال مقدم، ذوالحال باحال فاعل اِذَا مضاف جِئْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم بَاء حرف جار شَهِيْدٍ ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ معطوف علیہ، واؤ حرف عطف، جِئْنَا فعل نَا ضمیر فاعل بَاء حرف جار كَ ضمیر ذوالحال شَهِيْدًا صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل عَلٰى هٰٓؤُلَآءِ متعلق مقدم سے مل کر شبہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جملہ ہو کر حال، ذوالحال باحال مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق معطوف، معطوف علیہ بامعطوف اِذًا کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ یَصْنَعُوْنَ کا مفعول فیہ، فعل بافاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

يَوْمَئِذٍ يَّوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَ عَصَوُا الرَّسُوْلَ لَوْ تُسَوّٰى بِهِمُ الْاَرْضُ ؕ وَ لَا يَكْتُمُوْنَ اللّٰهَ حَدِيْثًا ﴿۴۲﴾

آیت نمبر ۴۲ يَوْمَئِذٍ مرکب اضافی مفعول فیہ مقدم يَوَدُّ فعل الَّذِيْنَ اسم موصول كَفَرُوْا فعل واوٗ ضمیر اس کا فاعل، فعل با فاعل معطوف علیہ، واوٗ عاطفہ عَصَوْا فعل واوٗ ضمیر فاعل الرَّسُوْلَ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ فاعل، لَوْ مصدریہ تُسَوّٰى فعل مجہول بِهِمُ جار با مجرور متعلق ہوئے، الْاَرْضُ نائب فاعل، فعل مجہول با متعلق و نائب فاعل بتاویل مصدر مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ و مفعول فیہ مقدم جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واوٗ استینافیہ لَا يَكْتُمُوْنَ فعل واوٗ ضمیر اس کا فاعل اللّٰهَ اسم الجلالہ مفعول بہ اوّل، حَدِيْثًا مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۷ ❁

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوةَ وَ اَنْتُمْ سُكٰرٰى حَتّٰى تَعْلَمُوْا مَا تَقُوْلُوْنَ وَ لَا جُنُبًا اِلَّا عَابِرِيْ سَبِيْلٍ حَتّٰى تَغْتَسِلُوْا ؕ وَ اِنْ كُنْتُمْ مَّرْضٰۤى اَوْ عَلٰى سَفَرٍ اَوْ جَآءَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ مِّنَ الْغَآىِٕطِ اَوْ لٰمَسْتُمُ النِّسَآءَ فَلَمْ تَجِدُوْا مَآءً فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا فَامْسَحُوْا بِوُجُوْهِكُمْ وَ اَيْدِيْكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَفُوًّا غَفُوْرًا ﴿۴۳﴾

آیت نمبر ۴۳ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اس کی ترکیب متعدد بار گزر چکی ہے اور یہ نداء ہے لَا تَقْرَبُوْا فعل واوٗ ضمیر ذوالحال، واوٗ حالیہ اَنْتُمْ مبتدا سُكٰرٰى معطوف علیہ، واوٗ عاطفہ لَا زائدہ جُنُبًا معطوف، معطوف علیہ بامعطوف خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ پہلا حال، اِلَّا استثنائیہ عَابِرِيْ سَبِيْلٍ مرکب اضافی دوسرا حال، ذوالحال باحالین فاعل الصَّلٰوةَ مفعول بہ حَتّٰى حرف غایت و جر تَعْلَمُوْا فعل واوٗ ضمیر فاعل مَا موصولہ تَقُوْلُوْنَ فعل واوٗ ضمیر فاعل، فعل با فاعل صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق اوّل ہوئے حَتّٰى حرف غایت و جر اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تَغْتَسِلُوْا فعل واوٗ ضمیر فاعل، دونوں مل کر مجرور، جار با مجرور لَا تَقْرَبُوْا کے متعلق ثانی ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلقین جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر جواب نداء، نداء باجواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

واوٗ استینافیہ اِنْ شرطیہ كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم مَرْضٰۤى معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ عَلٰى سَفَرٍ كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف خبر، فعل ناقص با اسم و خبر معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ جَآءَ فعل اَحَدٌ موصوف مِنْكُمْ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت فاعل مِنَ الْغَآىِٕطِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، اَوْ عاطفہ لٰمَسْتُمُ فعل تُمْ ضمیر اس کا فاعل النِّسَآءَ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، فاء عاطفہ لَمْ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

تَجِدُوْا فعل واؤ ضمیر اس کا فاعل مَآءً مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ شرط، فاء جزائیہ تَیَمَّمُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل صَعِیْدًا طَیِّبًا مرکب توصیفی مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ انشائیہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ اِمْسَحُوْا فعل امر واؤ ضمیر اس کا فاعل، بَاء جارہ وُجُوْهِكُمْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَیْدِیْكُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل امر با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم الجلالہ اس کا اسم كَانَ فعل ناقص هُوَ ضمیر مستتر اس کا اسم عَفُوًّا غَفُوْرًا دو خبر، فعل ناقص با اسم و خبر مل کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا نَصِيْبًا مِّنَ الْكِتٰبِ يَشْتَرُوْنَ الضَّلٰلَةَ وَ يُرِيْدُوْنَ اَنْ تَضِلُّوا السَّبِيْلَ ﴿۴۴﴾

آیت نمبر ۴۴: هَمزہ حرف استفہام لَمْ تَرَ فعل اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل اِلٰی حرف جر اَلَّذِیْنَ اسم موصول اُوْتُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل نَصِیْبًا موصوف مِنَ الْكِتٰبِ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مفعول بہ، فعل مجہول با نائب فاعل و مفعول بہ صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، يَشْتَرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَلضَّلٰلَةَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ حرف عطف يُرِيْدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَنْ حرف مصدری و نصب تَضِلُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَلسَّبِيْلَ مفعول بہ سے مل کر بتاویل مصدر يُرِيْدُوْنَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف اُوْتُوْا کے نائب فاعل سے حال ہے، فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِاَعْدَآئِكُمْ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَلِيًّا ۙ وَّكَفٰى بِاللّٰهِ نَصِيْرًا ﴿۴۵﴾

آیت نمبر ۴۵: واؤ استینافیہ اَللّٰهُ اسم الجلالہ مبتدا اَعْلَمُ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل بِاَعْدَآئِكُمْ متعلق سے مل کر شبہ جملہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ كَفٰى فعل بَاء حرف جار زائدہ اَللّٰهِ اسم الجلالہ لفظاً مجرور محلاً مرفوع ذوالحال وَلِيًّا حال، ذوالحال با حال فاعل، فعل با فاعل معطوف علیہ، وَ حرف عطف كَفٰى فعل بَاء حرف جار زائدہ اَللّٰهِ اسم الجلالہ لفظاً مجرور محلاً مرفوع ذوالحال نَصِيْرًا حال، ذوالحال با حال فاعل، فعل با فاعل معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

مِنَ الَّذِيْنَ هَادُوْا يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ عَنْ مَّوَاضِعِهٖ وَ يَقُوْلُوْنَ سَمِعْنَا وَ عَصَيْنَا وَ اسْمَعْ غَيْرَ مُسْمَعٍ وَّرَاعِنَا لَيًّا بِاَلْسِنَتِهِمْ وَطَعْنًا فِي الدِّيْنِ ؕ وَلَوْ اَنَّهُمْ قَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا وَ اسْمَعْ وَ انْظُرْنَا لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ وَاَقْوَمَ ۙ وَلٰكِنْ لَّعَنَهُمُ اللّٰهُ بِكُفْرِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۴۶﴾

آیت نمبر ۴۶: مِنْ حرف جار اَلَّذِیْنَ اسم موصول هَادُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، يُحَرِّفُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَلْكَلِمَ مفعول بہ عَنْ مَّوَاضِعِهٖ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

معطوف علیہ، واؤ حرف عطف یَقُوْلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، سَمِعْنَا فعل نَا ضمیر فاعل سے مل کر معطوف علیہ، واؤ حرف عطف عَصَيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل سے مل کر معطوف اوّل، واؤ حرف عطف اِسْمَعْ فعل امر اَنْتَ ضمیر ذوالحال غَيْرَ مُسْمَعٍ مرکب اضافی حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل معطوف ثانی، واؤ حرف عطف رَاعِ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف ثالث، معطوف علیہ بامعطوفات ثلاثہ مقولہ، قول بامقولہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف قَوْمٌ موصوف محذوف کی صفت، موصوف باصفت مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ لَيًّا مصدر بِاَلْسِنَتِهِمْ متعلق سے مل کر معطوف علیہ، واؤ حرف عطف طَعْنًا مصدر فِي الدِّيْنِ متعلق سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف یَقُوْلُوْنَ کا مفعول لہ ہے۔

واؤ استینافیہ لَوْ حرف شرط اَنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر منصوب اس کا اسم قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول سَمِعْنَا فعل بافاعل جملہ فعلیہ معطوف علیہ، واؤ حرف عطف اَطَعْنَا جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ حرف عطف اِسْمَعْ جملہ فعلیہ معطوف ثانی، واؤ حرف عطف اُنْظُرْنَا فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ معطوف ثالث، معطوف علیہ بامعطوفات ثلاثہ مقولہ، قول با مقولہ اَنَّ کی خبر، اَنَّ با اسم وخبر بتاویل مفرد فاعل ہوا فعل محذوف ثَبَتَ کا، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ شرط، لَامْ جوابیہ کَانَ فعل ناقص هُوَ مستتر اس کا اسم خَيْرًا اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل لَهُمْ متعلق سے مل کر شبہ جملہ معطوف علیہ، واؤ حرف عطف اَقْوَمَ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف کَانَ کی خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

واؤ حالیہ لٰكِنْ مہملہ لَعَنَ فعل هُمْ ضمیر مفعول بہ اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل بِكُفْرِهِمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء حرف عطف لَا يُؤْمِنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء قَلِيْلًا بواسطہ موصوف محذوف اِيْمَانًا کے مفعول مطلق، فعل بافاعل ومفعول مطلق معطوف، معطوف علیہ بامعطوف حال ہے لَهُمْ کی هُمْ ضمیر سے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ اٰمِنُوْا بِمَا نَزَّلْنَا مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ نَّطْمِسَ وُجُوْهًا فَنَرُدَّهَا عَلٰٓى اَدْبَارِهَآ اَوْ نَلْعَنَهُمْ كَمَا لَعَنَّآ اَصْحٰبَ السَّبْتِ ؕ وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ مَفْعُوْلًا ﴿۴۷﴾

آیت نمبر ۴۷: يَا حرف نداء اَدْعُوْ کے قائم مقام، اَدْعُوْ فعل اَنَا ضمیر مستتر فاعل اَيُّ مبدل منہ هَا برائے تنبیہ اَلَّذِيْنَ اسم موصول اُوْتُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل اَلْكِتَابَ مفعول بہ سے مل کر صلہ، موصول باصلہ بدل، مبدل منہ با بدل مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ ہو کر نداء، اٰمِنُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل بَاء حرف جار مَا اسم موصول نَزَّلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ ذوالحال مُصَدِّقًا اسم فاعل هُوَ مستتر فاعل لَام حرف جار مَا اسم موصول مَعَكُمْ مرکب اضافی فعل محذوف ثَبَتَ کا مفعول فیہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور مُصَدِّقًا کے متعلق ہوئے، اسم فاعل با فاعل و متعلق حال، ذوالحال باحال مجرور، جار با مجرور اٰمِنُوْا کے متعلق اوّل ہوئے مِنْ حرف جار قَبْلِ مضاف اَنْ حرف مصدری ونصب نَطْمِسَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل وُجُوْهًا مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، فَاء حرف عطف نَرُدَّ فعل نَحْنُ مستتر فاعل هَا ضمیر منصوب مفعول بہ، عَلٰى اَدْبَارِهَا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، اَوْ حرف عطف نَلْعَنَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، کاف حرف جار مَا مصدریہ لَعَنَّا فعل نَا ضمیر فاعل اَصْحٰبَ السَّبْتِ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف لَعْنًا کے مفعول مطلق، فعل بافاعل و مفعولین معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین بتاویل مصدر قَبْلِ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار با مجرور اٰمِنُوْا کا متعلق ثانی، فعل با فاعل و متعلقین جملہ انشائیہ نداء کا جواب، نداء باجواب نداء جملہ ندائیہ انشائیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ کَانَ فعل ناقص اَمْرُ اللّٰهِ مرکب اضافی کَانَ کا اسم مَفْعُوْلًا اسم مفعول هُوَ مستتر نائب فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص بااسم و خبر جملہ فعلیہ مستانفہ ہوا۔

اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَآءُ ۚ وَمَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدِ افْتَرٰٓى اِثْمًا عَظِيْمًا ﴿۴۸﴾

آیت نمبر ۴۸: اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم الجلالہ اس کا اسم لَا يَغْفِرُ فعل هُوَ مستتر فاعل اَنْ حرف مصدری و نصب يُشْرَكَ فعل مجہول بِهٖ جار با مجرور محلاً مرفوع نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل بتاویل مصدر مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ حرف عطف يَغْفِرُ فعل هُوَ مستتر فاعل مَا اسم موصول دُوْنَ ذٰلِكَ مرکب اضافی فعل محذوف حَصَلَ کا مفعول فیہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، لَام حرف جار مَنْ يَّشَآءُ موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق معطوف، معطوف علیہ بامعطوف خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ مَنْ اسم شرط مبتدا، يُشْرِكْ فعل هُوَ مستتر فاعل بِاللّٰهِ متعلق سے مل کر شرط، فاء جزائیہ قَدْ علامت فعل اِفْتَرٰى فعل هُوَ مستتر فاعل اِثْمًا عَظِيْمًا مرکب توصیفی مفعول بہ سے مل کر جزاء، شرط باجزاء مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ مستانفہ ہوا۔

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ يُزَكُّوْنَ اَنْفُسَهُمْ ۭ بَلِ اللّٰهُ يُزَكِّيْ مَنْ يَّشَآءُ وَلَا يُظْلَمُوْنَ فَتِيْلًا ﴿۴۹﴾

آیت نمبر ۴۹: همزہ حرف استفہام لَمْ تَرَ فعل اَنْتَ مستتر فاعل اِلٰى حرف جار اَلَّذِيْنَ اسم موصول يُزَكُّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَنْفُسَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔ بَلْ حرف اضراب اَللّٰهُ مبتدا يُزَكِّيْ فعل هُوَ مستتر فاعل مَنْ يَّشَآءُ موصول با صلہ مفعول بہ، تینوں مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ حرف عطف اور معطوف علیہ محذوف ہے هُمْ يُثَابُوْنَ، لَا يُظْلَمُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل فَتِيْلًا بواسطہ موصوف محذوف ظُلْمًا کے مفعول مطلق، فعل مجہول بانائب فاعل و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہے

اُنْظُرْ كَيْفَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ ۭ وَكَفٰى بِهٖٓ اِثْمًا مُّبِيْنًا ﴿۵۰﴾

آیت نمبر ۵۰: اُنْظُرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل كَيْفَ كَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر بواسطہ موصوف محذوف اِفْتَرَآءً کے مفعول مطلق مقدم، يَفْتَرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل عَلَى اللّٰهِ متعلق اَلْكَذِبَ مفعول بہ و مفعول مطلق مقدم سے مل کر محلاً منصوب اُنْظُرْ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ كَفٰى فعل هُوَ مستتر ممیز، اِثْمًا مُّبِيْنًا مرکب توصیفی تمیز، ممیز باتمیز فاعل

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بَاء حرف جار زائدہ ضمیر لفظاً مجرور محلاً منصوب مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ مستانفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۸ ❁

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا نَصِيْبًا مِّنَ الْكِتٰبِ يُؤْمِنُوْنَ بِالْجِبْتِ وَ الطَّاغُوْتِ وَ يَقُوْلُوْنَ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا هٰٓؤُلَآءِ اَهْدٰى مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا سَبِيْلًا ﴿۵۱﴾

آیت نمبر ۵۱ : هَمزہ حرف استفہام لَمْ تَرَ فعل اَنْتَ مستتر فاعل اِلٰی حرف جار اَلَّذِيْنَ اسم موصول اُوْتُوْا فعل مجہول، واؤ ضمیر نائب فاعل نَصِيْبًا موصوف مِنَ الْكِتَابِ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مفعول بہ، فعل مجہول با نائب فاعل ومفعول بہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، يُؤْمِنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بَاء حرف جار اَلْجِبْتِ وَالطَّاغُوْتِ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يَقُوْلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل لَام حرف جار اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ قول، هٰٓؤُلَآءِ اسم اشارہ مبتدا، اَهْدٰى اسم تفضیل هُمْ مستتر فاعل مِنْ حرف جار اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے سَبِيْلًا تمیز، اسم تفضیل با فاعل و متعلق و تمیز شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر مقولہ، قول با مقولہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف محلاً منصوب اُوْتُوْا کی ضمیر نائب فاعل سے حال ہے، فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ ؕ وَمَنْ يَّلْعَنِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ نَصِيْرًا ﴿۵۲﴾ؕ

آیت نمبر ۵۲: اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا، اَلَّذِيْنَ اسم موصول لَعَنَ فعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا واؤ استینافیہ مَنْ اسم شرط مبتدا، يَلْعَنِ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل سے مل کر شرط، فَاء جزائیہ لَنْ تَجِدَ فعل اَنْتَ مستتر فاعل لَهٗ ظرف لغو متعلق نَصِيْرًا مفعول بہ سے مل کر جزاء، شرط با جزاء مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اَمْ لَهُمْ نَصِيْبٌ مِّنَ الْمُلْكِ فَاِذًا لَّا يُؤْتُوْنَ النَّاسَ نَقِيْرًا ﴿۵۳﴾ۙ

آیت نمبر ۵۳: اَمْ منقطعہ بمعنی بَلْ "لَهُمْ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم نَصِيْبٌ موصوف مِنَ الْمُلْكِ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا جُعِلَ لَهُمْ نَصِيْبٌ مِنَ الْمُلْكِ، اِذًا ناصبہ مہملہ مفعول فیہ مقدم لَا يُؤْتُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَلنَّاسَ مفعول بہ اول نَقِيْرًا مفعول بہ ثانی سے مل کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا

اَمْ يَحْسُدُوْنَ النَّاسَ عَلٰى مَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ۚ فَقَدْ اٰتَيْنَآ اٰلَ اِبْرٰهِيْمَ الْكِتٰبَ وَ الْحِكْمَةَ وَ اٰتَيْنٰهُمْ مُّلْكًا عَظِيْمًا ﴿۵۴﴾

آیت نمبر ۵۴ : اَمْ منقطعہ بمعنی بَلْ "يَحْسُدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَلنَّاسَ مفعول بہ عَلٰى حرف جار مَا اسم موصول اٰتٰى فعل هُمْ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ضمیر مفعول بہ اَللّٰہُ اسم الجلالہ فاعل مِنْ فَضْلِہٖ متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ معطوفہ ہوا۔ فَاء تعلیلیہ قَدْ علامت فعل اٰتَیْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اٰلَ اِبْرَاھِیْمَ مرکب اضافی مفعول بہ اوّل، اَلْکِتَابَ وَالْحِکْمَۃَ معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ معللہ ہوا۔ واؤ حرف عطف اٰتَیْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل مُلْکًا عَظِیْمًا مرکب توصیفی مفعول بہ ثانی سے مل کر اٰتَیْنَا اوّل پر معطوف ہے۔

فَمِنْهُمْ مَّنْ اٰمَنَ بِهٖ وَمِنْهُمْ مَّنْ صَدَّ عَنْهُ ؕ وَكَفٰى بِجَهَنَّمَ سَعِيْرًا ﴿۵۵﴾

آیت نمبر ۵۵: فَاء استینافیہ مِنْهُمْ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَنْ اسم موصول اٰمَنَ فعل ھُوَ مستتر فاعل مِنْهُمْ متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر معطوف علیہ، واؤ حرف عطف مِنْهُمْ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَنْ اسم موصول صَدَّ فعل ھُوَ مستتر فاعل عَنْهُ متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ کَفٰی فعل بَاء حرف جار زائد جَھَنَّمَ محلا مرفوع ذوالحال سَعِیْرًا حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل جملہ مستانفہ ہوا۔

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِنَا سَوْفَ نُصْلِيْهِمْ نَارًا ؕ كُلَّمَا نَضِجَتْ جُلُوْدُهُمْ بَدَّلْنٰهُمْ جُلُوْدًا غَيْرَهَا لِيَذُوْقُوا الْعَذَابَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿۵۶﴾

آیت نمبر ۵۶: اِنَّ حرف تحقیق اَلَّذِیْنَ اسم موصول کَفَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِاٰیٰتِنَا متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ اسم سَوْفَ علامت فعل نُصْلِیْ فعل نَحْنُ مستتر فاعل ھُمْ ضمیر منصوب مفعول اوّل کُلَّمَا متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم نَضِجَتْ فعل جُلُوْدُھُمْ مرکب اضافی فاعل سے مل کر شرط بَدَّلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ھُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، جُلُوْدًا موصوف غَیْرَھَا مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت مفعول بہ ثانی، لَام حرف جر و تعلیل اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یَذُوْقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَلْعَذَابَ مفعول بہ سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور بَدَّلْنَا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق ومفعولین جزاء، شرط باجزاء نَارًا کی صفت، موصوف باصفت نُصْلِیْ کا مفعول ثانی، فعل با فاعل ومفعولین خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ اسم الجلالہ اسم کَانَ فعل ناقص ھُوَ مستتر اس کا اسم عَزِیْزًا حَکِیْمًا دو خبر، فعل ناقص بااسم وخبرین جملہ فعلیہ خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَنُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ لَهُمْ فِيْهَآ اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ ؗ وَّنُدْخِلُهُمْ ظِلًّا ظَلِيْلًا ﴿۵۷﴾

آیت نمبر ۵۷: واؤ حرف عطف اَلَّذِیْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر معطوف علیہ، واؤ حرف عطف عَمِلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَلصَّالِحَاتِ مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ مبتدا، سین علامت فعل نُدْخِلُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل ھُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل جَنَّاتٍ موصوف تَجْرِیْ فعل مِنْ تَحْتِھَا متعلق اَلْاَنْھَارُ فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صفت اولیٰ، لَام حرف جار ھُمْ ضمیر ذوالحال فِیْھَا ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مجرور، جار با مجرور

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ظرف مستقر کَائِنَۃٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَۃٌ مرکب توصیفی مبتدا موخر، مبتدا باخبر جَنّٰتٍ کی صفت ثانیہ، موصوف باصفتین نُدْخِلُ کا مفعول ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ حرف عطف نُدْخِلُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، ظِلًّا ظَلِيْلًا مرکب توصیفی مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مبتدا کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ معطوفہ ہوا۔ خَالِدِیْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل فِيْهَآ متعلق اَبَدًا مفعول فیہ سے مل کر شبہ جملہ ہو کر سَنُدْخِلُهُمْ کی هُمْ ضمیر منصوب سے حال ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ اَنْ تُؤَدُّوا الْاَمٰنٰتِ اِلٰٓى اَهْلِهَا ۙ وَاِذَا حَكَمْتُمْ بَيْنَ النَّاسِ اَنْ تَحْكُمُوْا بِالْعَدْلِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ نِعِمَّا يَعِظُكُمْ بِهٖ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ سَمِيْعًۢا بَصِيْرًا ﴿۵۸﴾

آیت نمبر ۵۸: اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم الجلالہ اس کا اسم يَاْمُرُ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل، اَنْ حرف مصدری ونصب تُؤَدُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَلْاَمَانَاتِ مفعول بہ اِلٰٓى اَهْلِهَا متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر يَاْمُرُ کا مفعول ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ حرف عطف اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم حَكَمْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل بَيْنَ النَّاسِ مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، اَنْ حرف مصدری ونصب تَحْكُمُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِالْعَدْلِ متعلق سے مل کر بتاویل مصدر فعل محذوف يَاْمُرُكُمْ کا مفعول ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جزء، شرط باجزاء معطوف، معطوف علیہ بامعطوف خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم الجلالہ اس کا اسم، نِعْمَ فعل مدح هُوَ ضمیر مستتر ممیز، مَا نکرہ تمیز، ممیز باتمیز فاعل، فعل بافاعل خبر مقدم، يَعِظُ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اور بِهٖ ظرف لغو متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صفت ہے موصوف محذوف شَیْءٌ کی، موصوف باصفت مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ خبر، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم الجلالہ اس کا اسم كَانَ فعل ناقص هُوَ مستتر اس کا اسم سَمِيْعًۢا بَصِيْرًا دو خبر، فعل ناقص با اسم وخبرین خبر، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِي الْاَمْرِ مِنْكُمْ ۚ فَاِنْ تَنَازَعْتُمْ فِيْ شَيْءٍ فَرُدُّوْهُ اِلَى اللّٰهِ وَالرَّسُوْلِ اِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۭ ذٰلِكَ خَيْرٌ وَّاَحْسَنُ تَاْوِيْلًا ﴿۵۹﴾

آیت نمبر ۵۹: يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اس کی ترکیب متعدد بار گزر چکی ہے اور یہ نداء ہے اَطِيْعُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَللّٰهَ اسم الجلالہ مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ حرف عطف اَطِيْعُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَلرَّسُوْلَ معطوف علیہ، واؤ حرف عطف اُولِي الْاَمْرِ مرکب اضافی ذوالحال مِنْكُمْ ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف نداء کا جواب، نداء باجواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فاء استینا فیہ إِنْ حرف شرط تَنَازَعْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل فِیْ شَیْءٍ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط فَاء جزائیہ رُدُّوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل إِلٰی حرف جار اَللّٰہِ و الرَّسُوْلِ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

إِنْ حرف شرط کُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم تُؤْمِنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بَاء حرف جار اَللّٰہِ اسم الجلالہ معطوف علیہ، واؤ حرف عطف اَلْیَوْمِ الْاٰخِرِ مرکب توصیفی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، اور اس کی جزاء محذوف ہے فَرُدُّوْهُ إِلَى اللّٰہِ وَالرَّسُوْلِ، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا خَیْرٌ اسم تفضیل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ أَحْسَنُ اسم تفضیل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل تَأْوِیْلًا تمیز، تینوں مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۹ ❁

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ يَزْعُمُوْنَ اَنَّهُمْ اٰمَنُوْا بِمَاۤ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَاۤ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّتَحَاكَمُوْۤا اِلَى الطَّاغُوْتِ وَقَدْ اُمِرُوْۤا اَنْ يَّكْفُرُوْا بِهٖ ؕ وَيُرِيْدُ الشَّيْطٰنُ اَنْ يُّضِلَّهُمْ ضَلٰلًاۢ بَعِيْدًا ۝۶۰

آیت نمبر ۱۳۸، ۱۳۹: بَشِّرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل اَلْمُنَافِقِیْنَ موصوف اَلَّذِیْنَ اسم موصول یَتَّخِذُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَلْکٰفِرِیْنَ مفعول بہ اوّل، اَوْلِیَآءَ موصوف مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِیْنَ ظرف مستقر کَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مفعول ثانی، فعل با فاعل و مفعولین صلہ، موصول باصلہ اَلْمُنَافِقِیْنَ کی صفت، موصوف باصفت بَشِّرْ کا مفعول بہ بَاء حرف جار اَنَّ حرف تحقیق لَهُمْ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، عَذَابًا اَلِیْمًا مرکب توصیفی اسم مؤخر، اَنَّ با اسم وخبر بتاویل مفرد مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ ہوا۔ ھمزہ حرف استفہام یَبْتَغُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل عِنْدَهُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ اَلْعِزَّةَ مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ ہوا۔ فاء تعلیلیہ اِنَّ حرف تحقیق اَلْعِزَّةَ اس کا اسم لِلّٰهِ ظرف مستقر ثَابِتَةٌ کے متعلق ہوئے، ثَابِتَةٌ اسم فاعل ھِیَ مستتر ذوالحال جَمِیْعًا حال، ذوالحال باحال فاعل، اسم فاعل با فاعل و متعلق خبر، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَقَدْ نَزَّلَ عَلَیْکُمْ فِی الْکِتٰبِ اَنْ اِذَا سَمِعْتُمْ اٰیٰتِ اللّٰهِ یُکْفَرُ بِهَا وَ یُسْتَهْزَاُ بِهَا فَلَا تَقْعُدُوْا مَعَهُمْ حَتّٰی یَخُوْضُوْا فِیْ حَدِیْثٍ غَیْرِهٖۤ ۖ اِنَّکُمْ اِذًا مِّثْلُهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ جَامِعُ الْمُنٰفِقِیْنَ وَالْکٰفِرِیْنَ فِیْ جَهَنَّمَ جَمِیْعًا ﴿۱۴۰﴾

آیت نمبر ۱۴۰: واؤ استینا فیہ قَدْ علامت فعل، نَزَّلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل عَلَیْکُمْ جار بامجرور متعلق اوّل فِی الْکِتٰبِ جار بامجرور متعلق ثانی، اَنْ مخففہ من المثقلہ ضمیر شان مقدر اس کا اسم اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم سَمِعْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل اٰیَاتِ اللّٰهِ مرکب

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اضافی ذوالحال یُکْفَرُ فعل مجہول ھُوَ مستتر نائب فاعل بِھَا متعلق سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یُسْتَھْزَءُ فعل مجہول ھُوَ مستتر نائب فاعل بِھَا متعلق سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف حال، ذوالحال باحال سَمِعْتُمْ کا مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعولین جملہ فعلیہ شرط، فاء جزائیہ لَاتَقْعُدُوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل مَعَھُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ، حَتّٰی حرف غایت وجر یَخُوْضُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل فِیْ حرف جار حَدِیْثٍ موصوف غَیْرِہٖ مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور یَخُوْضُوْا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور لَاتَقْعُدُوْا کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل ومفعول فیہ ومتعلق جزاء، شرط باجزاء خبر، اَنَّ بااسم وخبر نَزَّلَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومتعلقین ومفعول بہ جملہ مستانفہ ہوا۔

اِنَّ حرف تحقیق کُمْ ضمیر اس کا اسم اِذًا مہملہ مِثْلُکُمْ مرکب اضافی خبر، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰہُ اسم الجلالہ اس کا اسم جَامِعُ صیغہ صفت مضاف اَلْمُنَافِقِیْنَ وَالْکَافِرِیْنَ معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ معنًی مفعول بہ ذوالحال جَمِیْعًا حال، ذوالحال باحال جَامِعُ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ خبر، فِیْ جَھَنَّمَ ظرف لغو جَامِعُ کے متعلق ہے، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

اَلَّذِیْنَ یَتَرَبَّصُوْنَ بِکُمْ ۚ فَاِنْ کَانَ لَکُمْ فَتْحٌ مِّنَ اللّٰہِ قَالُوْٓا اَلَمْ نَکُنْ مَّعَکُمْ ۡ ۖ وَاِنْ
کَانَ لِلْکٰفِرِیْنَ نَصِیْبٌ ۙ قَالُوْٓا اَلَمْ نَسْتَحْوِذْ عَلَیْکُمْ وَنَمْنَعْکُمْ مِّنَ الْمُؤْمِنِیْنَ ؕ فَاللّٰہُ
یَحْکُمُ بَیْنَکُمْ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ ؕ وَلَنْ یَّجْعَلَ اللّٰہُ لِلْکٰفِرِیْنَ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ سَبِیْلًا ﴿۱۴۱﴾

آیت نمبر ۱۴۱: اَلَّذِیْنَ اسم موصول یَتَرَبَّصُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِکُمْ متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ اَلْمُنَافِقِیْنَ کی صفت ہے یا فعل محذوف اَذُمُّ کا مفعول بہ ہے، فاء استینافیہ اِنْ حرف شرط کَانَ فعل ناقص لَکُمْ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہوکر خبر مقدم، فَتْحٌ موصوف مِنَ اللّٰہِ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہوکر صفت، موصوف باصفت اسم مؤخر، فعل ناقص با اسم وخبر شرط، قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل قول، ھمزہ حرف استفہام لَمْ نَکُنْ فعل ناقص نَحْنُ مستتر اس کا اسم مَعَکُمْ ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کا مفعول فیہ ہوکر خبر، فعل ناقص با اسم وخبر مقولہ، قول بامقولہ جزاء، شرط باجزاء معطوف علیہ، واؤ حرف عطف اِنْ حرف شرط کَانَ فعل ناقص لِلْکٰفِرِیْنَ جار بامجرور کَائِنًا کے متعلق ہوکر خبر مقدم نَصِیْبٌ اسم مؤخر، فعل ناقص بااسم وخبر شرط، قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل قول، ھمزہ حرف استفہام لَمْ نَسْتَحْوِذْ فعل نَحْنُ مستتر فاعل عَلَیْکُمْ جار بامجرور متعلق، فعل با فاعل ومتعلق معطوف علیہ، واؤ عاطفہ نَمْنَعْ فعل نَحْنُ مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ متعلق سے معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول بامقولہ جزاء، شرط باجزاء معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

فاء استینافیہ اَللّٰہُ اسم الجلالہ مبتدا یَحْکُمُ فعل ھُوَ مستتر فاعل بَیْنَکُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ اوّل یَوْمَ الْقِیَامَۃِ مرکب اضافی مفعول فیہ ثانی، فعل با فاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَنْ یَجْعَلَ فعل اَللّٰہُ فاعل لِلْکٰفِرِیْنَ جار بامجرور متعلق عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہوکر حال مقدم سَبِیْلًا ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل ومتعلق ومفعول بہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

❁ رکوع نمبر ۲۱ ❁

اِنَّ الْمُنٰفِقِیْنَ یُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ وَهُوَ خَادِعُهُمْ ۚ وَ اِذَا قَامُوْٓا اِلَى الصَّلٰوةِ قَامُوْا كُسَالٰى ۙ یُرَآءُوْنَ النَّاسَ وَ لَا یَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ اِلَّا قَلِیْلًا ﴿۱۴۲﴾ مُّذَبْذَبِیْنَ بَیْنَ ذٰلِكَ ۖ لَاۤ اِلٰى هٰٓؤُلَآءِ وَ لَاۤ اِلٰى هٰٓؤُلَآءِ ؕ وَ مَنْ یُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ سَبِیْلًا ﴿۱۴۳﴾

آیت نمبر ۱۴۲، ۱۴۳: اِنَّ حرف تحقیق اَلْمُنَافِقِیْنَ اس کا اسم یُخَادِعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَللّٰهَ اسم الجلالہ ذوالحال واؤ حالیہ هُوَ ضمیر مبتداء، خَادِعُهُمْ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر حال، ذوالحال با حال مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ حرف عطف اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم قَامُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَى الصَّلٰوةِ متعلق سے مل کر شرط، قَامُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال یُرَآءُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَلنَّاسَ مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا یَذْكُرُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل هُوَ ضمیر ذوالحال مُذَبْذَبِیْنَ اسم مفعول هُمْ مستتر نائب فاعل بَیْنَ ذَالِکَ مرکب اضافی مفعول فیہ سے مل کر حال، ذوالحال با حال فاعل، اَللّٰهَ اسم الجلالہ مفعول بہ اِلَّا حرف استثناء قَلِیْلًا بواسطہ موصوف محذوف ذِکْرًا کے مفعول مطلق، فعل با فاعل و مفعولین معطوف، معطوف علیہ با معطوف قَامُوْا کی واؤ ضمیر کا حال دوم، کُسَالٰى حال اوّل، ذوالحال با حالین فاعل، فعل با فاعل جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ معطوفہ ہوا۔

لَا زائدہ اِلٰى هٰٓؤُلَآءِ جار با مجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِلٰى هٰٓؤُلَآءِ جار با مجرور معطوف، معطوف علیہ با معطوف ظرف مستقر مَنْسُوْبِیْنَ کے متعلق ہو کر مُذَبْذَبِیْنَ کے نائب فاعل سے حال ہے۔ واؤ استینافیہ مَنْ اسم شرط محلاً منصوب مفعول بہ مقدم یُضْلِلْ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل و مفعول بہ مقدم سے مل کر شرط، فاء جزائیہ لَنْ تَجِدَ فعل اَنْتَ مستتر فاعل لَهٗ متعلق سَبِیْلًا مفعول بہ سے مل کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ مستانفہ ہوا۔

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الْكٰفِرِیْنَ اَوْلِیَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِیْنَ ؕ اَتُرِیْدُوْنَ اَنْ تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ عَلَیْكُمْ سُلْطٰنًا مُّبِیْنًا ﴿۱۴۴﴾

آیت نمبر ۱۴۴: یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا کی ترکیب متعدد بار گزر چکی ہے اور یہ نداء ہے، لَا تَتَّخِذُوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل اَلْكَافِرِیْنَ مفعول بہ اوّل، اَوْلِیَآءَ موصوف مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِیْنَ ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مفعول ثانی، فعل با فاعل و مفعولین نداء کا جواب، نداء با جواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔ همزہ حرف استفہام تُرِیْدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَنْ حرف مصدری و نصب تَجْعَلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل لِلّٰهِ جار با مجرور محلاً منصوب مفعول بہ اوّل، عَلَیْكُمْ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم، سُلْطٰنًا مُّبِیْنًا مرکب توصیفی ذوالحال مؤخر، ذوالحال با حال مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین بتاویل مصدر مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

اِنَّ الْمُنٰفِقِیْنَ فِی الدَّرْكِ الْاَسْفَلِ مِنَ النَّارِ ۚ وَ لَنْ تَجِدَ لَهُمْ نَصِیْرًا ﴿۱۴۵﴾ۙ

آیت نمبر ۱۴۵: اِنَّ حرف تحقیق اَلْمُنَافِقِیْنَ اس کا اسم فِیْ حرف جار اَلدَّرْكِ الْاَسْفَلِ ذوالحال مِنَ النَّارِ ظرف مستقر كَائِنًا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر معطوف علیہ ہوا وَ عاطفہ لَنْ تَجِدَ فعل اَنْتَ مستتر فاعل لَهُمْ کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم نَصِیْرًا ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

اِلَّا الَّذِیْنَ تَابُوْا وَ اَصْلَحُوْا وَ اعْتَصَمُوْا بِاللّٰهِ وَ اَخْلَصُوْا دِیْنَهُمْ لِلّٰهِ فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الْمُؤْمِنِیْنَ ؕ وَ سَوْفَ یُؤْتِ اللّٰهُ الْمُؤْمِنِیْنَ اَجْرًا عَظِیْمًا ﴿۱۴۶﴾

آیت نمبر ۱۴۶: اِلَّا حرف استثناء اَلَّذِیْنَ اسم موصول تَابُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف علیہ ہوا وَ عاطفہ اَصْلَحُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف اوّل، وَ عاطفہ اِعْتَصَمُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِاللّٰهِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ معطوف ثانی ہوا وَ عاطفہ اَخْلَصُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل دِیْنَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ لِلّٰهِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ معطوف ثالث، معطوف علیہ بامعطوفات ثلاثہ صلہ، موصول باصلہ اَلْمُنَافِقِیْنَ سے مستثنیٰ ہے فاء استینافیہ اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا، مَعَ الْمُؤْمِنِیْنَ مرکب اضافی کَائِنُوْنَ کا مفعول فیہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ سَوْفَ علامت فعل، یُؤْتِیْ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل اَلْمُؤْمِنِیْنَ مفعول بہ اوّل اَجْرًا عَظِیْمًا مرکب توصیفی مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

مَا یَفْعَلُ اللّٰهُ بِعَذَابِكُمْ اِنْ شَكَرْتُمْ وَ اٰمَنْتُمْ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ شَاكِرًا عَلِیْمًا ﴿۱۴۷﴾

آیت نمبر ۱۴۷: مَا اسم استفہام مفعول بہ مقدم یَفْعَلُ فعل اللّٰهُ فاعل بِعَذَابِكُمْ متعلق سے مل کر دال بر جزاء، اِنْ حرف شرط شَكَرْتُمْ فعل با تُمْ ضمیر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اٰمَنْتُمْ فعل با تُمْ ضمیر فاعل معطوف، معطوف علیہ بامعطوف شرط مؤخر، شرط با دال بر جزاء مل کر جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ كَانَ فعل ناقص اَللّٰهُ اسم الجلالہ اس کا اسم شَاكِرًا عَلِیْمًا دو خبر، فعل ناقص با اسم و خبرین جملہ فعلیہ مستانفہ ہوا۔

لَا یُحِبُّ اللّٰهُ الْجَهْرَ بِالسُّوْٓءِ مِنَ الْقَوْلِ اِلَّا مَنْ ظُلِمَ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ سَمِیْعًا عَلِیْمًا ﴿۱۴۸﴾

آیت نمبر ۱۴۸: لَا یُحِبُّ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل اَلْجَهْرَ مستثنیٰ منہ اِلَّا حرف استثناء مَنْ ظُلِمَ موصول باصلہ بواسطہ جَهْرَ مضاف محذوف کے مستثنیٰ، مستثنیٰ منہ با مستثنیٰ مفعول بہ، باء حرف جار اَلسُّوْٓءِ ذوالحال مِنَ الْقَوْلِ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مجرور، جار بامجرور لَا یُحِبُّ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ مستانفہ ہوا۔ وَكَانَ اللّٰهُ سَمِیْعًا عَلِیْمًا کی ترکیب وَكَانَ اللّٰهُ شَاكِرًا عَلِیْمًا کی مثل ہے۔

اِنْ تُبْدُوْا خَیْرًا اَوْ تُخْفُوْهُ اَوْ تَعْفُوْا عَنْ سُوْٓءٍ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَفُوًّا قَدِیْرًا ﴿۱۴۹﴾

آیت نمبر ۱۴۹: اِنْ حرف شرط تُبْدُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل خَیْرًا مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ تُخْفُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ معطوف اوّل، اَوْ عاطفہ تَعْفُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عَنْ سُوْٓءٍ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین شرط اور اس کی جزاء محذوف ہے فَالْعَفْوُ خَیْرٌ، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ فاء تعلیلیہ اِنَّ حرف

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

تحقیق اَللّٰهُ اسم الجلالہ اس کا اسم کَانَ فعل ناقص ھُوَ مستتر اس کا اسم عَفُوًّا قَدِیْرًا دو خبر، فعل ناقص بااسم وخبرین جملہ فعلیہ خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا

اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ وَ رُسُلِهٖ وَ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّفَرِّقُوْا بَيْنَ اللّٰهِ وَ رُسُلِهٖ وَ يَقُوْلُوْنَ نُؤْمِنُ بِبَعْضٍ وَّ نَكْفُرُ بِبَعْضٍ ۙ وَّ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّتَّخِذُوْا بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا ۝۱۵۰ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰفِرُوْنَ حَقًّا ۚ وَ اَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا مُّهِيْنًا ۝۱۵۱

آیت نمبر ۱۵۰، ۱۵۱: اِنَّ حرف تحقیق اَلَّذِیْنَ اسم موصول یَکْفُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بَاء حرف جار اَللّٰهِ وَرُسُلِهٖ معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یُرِیْدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَنْ حرف مصدری و نصب یُفَرِّقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بَیْنَ مضاف اَللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ معطوف علیہ بامعطوف مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعول فیہ بتاویل مصدر یُرِیْدُوْنَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ یَقُوْلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل قول، نُؤْمِنُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل بِبَعْضٍ متعلق سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مقولہ، قول بامقولہ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ یُرِیْدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَنْ حرف مصدری و نصب یَتَّخِذُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بَیْنَ ذَالِکَ مرکب اضافی کَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر حال مقدم، سَبِیْلًا ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ بتاویل مصدر یُرِیْدُوْنَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ صلہ، موصول باصلہ اِنَّ کا اسم، اُولٰٓئِکَ اسم اشارہ مبتدا، ھُمْ ضمیر فصل اَلْکٰفِرُوْنَ خبر، مبتدا باخبر اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ حَقًّا یہ مفعول مطلق ہے فعل محذوف حَقَّ ذَالِکَ حَقًّا کا۔ واؤ استینافیہ اَعْتَدْنَا فعل نَا ضمیر فاعل لِلْکٰفِرِیْنَ متعلق عَذَابًا مُّهِیْنًا مرکب توصیفی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ مستانفہ ہوا۔

وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَ رُسُلِهٖ وَ لَمْ يُفَرِّقُوْا بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ اُولٰٓئِكَ سَوْفَ يُؤْتِيْهِمْ اُجُوْرَهُمْ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝۱۵۲

آیت نمبر ۱۵۲: واؤ استینافیہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بَاء حرف جار اَللّٰهِ وَرُسُلِهٖ معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَمْ یُفَرِّقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بَیْنَ مضاف اَحَدٍ موصوف مِنْھُمْ ظرف مستقر کَائِنٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ، فعل با فاعل ومفعول بہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ مبتدا، اُولٰٓئِکَ اسم اشارہ مبتدا، سَوْفَ علامت فعل، یُؤْتِیْ فعل ھُوَ مستتر فاعل، ھُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، اُجُوْرَھُمْ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبر، مبتدا باخبر مبتدا اوّل کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ وَکَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِیْمًا کی ترکیب وَکَانَ اللّٰهُ شَاکِرًا عَلِیْمًا کی مثل ہے دیکھئے آیت نمبر ۱۴۷ میں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

رکوع نمبر ۲۲

يَسْئَلُكَ اَهْلُ الْكِتٰبِ اَنْ تُنَزِّلَ عَلَيْهِمْ كِتٰبًا مِّنَ السَّمَآءِ فَقَدْ سَاَلُوْا مُوْسٰۤى اَكْبَرَ مِنْ ذٰلِكَ فَقَالُوْۤا اَرِنَا اللّٰهَ جَهْرَةً فَاَخَذَتْهُمُ الصّٰعِقَةُ بِظُلْمِهِمْ ۚ ثُمَّ اتَّخَذُوا الْعِجْلَ مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنٰتُ فَعَفَوْنَا عَنْ ذٰلِكَ ۚ وَاٰتَيْنَا مُوْسٰى سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا ﴿۱۵۳﴾

آیت نمبر ۱۵۳: يَسْئَلُ فعل کاف ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل اَهْلَ الْكِتَابِ مرکب اضافی فاعل اَنْ حرف مصدری ونصب تُنَزِّلَ فعل اَنْتَ مستتر فاعل عَلَيْهِمْ ظرف لغو متعلق ہوئے كِتٰبًا موصوف مِنَ السَّمَآءِ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مفعول ثانی، فعل با فاعل ومفعولین جملہ فعلیہ مستانفہ ہوا۔ فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا اسْتَكْبَرْتَ مَاقَالُوْهُ، قَدْ علامت فعل، سَاَلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مُوْسٰى مفعول بہ اوّل، اَكْبَرَ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل مِنْ ذَالِكَ متعلق سے مل کر شبہ جملہ مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل ومفعولین جملہ فعلیہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، اَرِ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ اوّل، اَللّٰهَ اسم الجلالہ مفعول بہ ثانی، جَهْرَةً مفعول مطلق من غیر لفظہ، فعل بافاعل ومفاعیل ثلاثہ مقولہ، قول با مقولہ معطوف اوّل، فاء عاطفہ اَخَذَتْ فعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، اَلصَّاعِقَةُ فاعل بِظُلْمِهِمْ متعلق سے مل کر معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

ثُمَّ عاطفہ اِتَّخَذُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَلْعِجْلَ مفعول بہ مِنْ حرف جار بَعْدِ مضاف مَا مصدریہ جَآءَتْ فعل هُمْ ضمیر مفعول بہ، اَلْبَيِّنَاتُ فاعل، فعل با فاعل ومفعول بہ بتاویل مصدر مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار بامجرور اِتَّخَذُوْا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق معطوف علیہ، فاء عاطفہ عَفَوْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَنْ ذَالِكَ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اٰتَيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مُوْسٰى مفعول بہ اوّل سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا مرکب توصیفی مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل ومفعولین معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جملہ معطوفہ ہوا۔

وَرَفَعْنَا فَوْقَهُمُ الطُّوْرَ بِمِيْثَاقِهِمْ وَقُلْنَا لَهُمُ ادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا وَّقُلْنَا لَهُمْ لَا تَعْدُوْا فِي السَّبْتِ وَاَخَذْنَا مِنْهُمْ مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا ﴿۱۵۴﴾

آیت نمبر ۱۵۴: واؤ عاطفہ رَفَعْنَا فعل نَا ضمیر فاعل فَوْقَهُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ اَلطُّوْرَ مفعول بہ بِمِيْثَاقِهِمْ متعلق، فعل بافاعل ومفعولین ومتعلق جملہ فعلیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ قُلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل لَهُمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، اُدْخُلُوْا فعل امر واؤ ضمیر ذوالحال سُجَّدًا اسم فاعل اَنْتُمْ ضمیر فاعل سے مل کر حال، ذوالحال باحال فاعل، اَلْبَابَ مفعول فیہ، فعل با فاعل ومفعول فیہ مقولہ، قول بامقولہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ قُلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل لَهُمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ قول، لَا تَتَّخِذُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل فِي السَّبْتِ متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ مقولہ، قول بامقولہ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ اَخَذْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مِنْهُمْ متعلق مِيْثَاقًا غَلِيْظًا مرکب توصیفی مفعول بہ سے مل کر معطوف ثالث، معطوف علیہ بامعطوفات ثلاثہ جملہ معطوفہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فَبِمَا نَقْضِهِمْ مِّيْثَاقَهُمْ وَ كُفْرِهِمْ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَ قَتْلِهِمُ الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ وَّ قَوْلِهِمْ قُلُوْبُنَا غُلْفٌ ؕ بَلْ طَبَعَ اللّٰهُ عَلَيْهَا بِكُفْرِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۱۵۵﴾

آیت نمبر ۱۵۵: فاء استینا فیہ بَاء حرف جار مَا زائدہ نَقْضِ مصدر مضاف ھِمْ ضمیر مضاف الیہ معنًی فاعل مِيْثَاقَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ كُفْرِ مصدر مضاف ھِمْ ضمیر مضاف الیہ معنًی فاعل بِاٰيَاتِ اللّٰهِ متعلق سے مل کر شبہ جملہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ قَتْلِ مصدر مضاف ھِمْ ضمیر ذوالحال بِغَيْرِ حَقٍّ ظرف مستقر مُتَلَبِّسِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مضاف الیہ معنًی فاعل اَلْاَنْبِيَآءَ مفعول بہ، مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ اور مفعول بہ سے مل کر معطوف ثانی، واؤ عاطفہ قَوْلِهِمْ مضاف بامضاف الیہ قول، قُلُوْبُنَا مرکب اضافی مبتدا، غُلْفٌ خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل محذوف فَعَلْنَا بِهِمْ مَا فَعَلْنَا کے۔ بَلْ عاطفہ طَبَعَ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل عَلَيْهَا متعلق اوّل، بِكُفْرِهِمْ متعلق ثانی سے مل کر معطوف علیہ، فاء عاطفہ لَا يُؤْمِنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء قَلِيْلًا بواسطہ موصوف محذوف زَمَانًا کے مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعول فیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

وَ بِكُفْرِهِمْ وَ قَوْلِهِمْ عَلٰى مَرْيَمَ بُهْتَانًا عَظِيْمًا ﴿۱۵۶﴾ وَّ قَوْلِهِمْ اِنَّا قَتَلْنَا الْمَسِيْحَ عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ رَسُوْلَ اللّٰهِ ۚ وَ مَا قَتَلُوْهُ وَ مَا صَلَبُوْهُ وَ لٰكِنْ شُبِّهَ لَهُمْ ؕ وَ اِنَّ الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِيْهِ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ ؕ مَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ اِلَّا اتِّبَاعَ الظَّنِّ ۚ وَ مَا قَتَلُوْهُ يَقِيْنًا ﴿۱۵۷﴾ بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿۱۵۸﴾

آیت نمبر ۱۵۶، ۱۵۷، ۱۵۸: واؤ عاطفہ بَاء حرف جار كُفْرِهِمْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ قَوْلِ مصدر مضاف ھِمْ ضمیر مضاف الیہ معنًی فاعل عَلٰى مَرْيَمَ متعلق بُهْتَانًا عَظِيْمًا مرکب توصیفی مفعول بہ، مصدر اپنے مضاف الیہ اور متعلق و مفعول بہ سے مل کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ قَوْلِهِمْ مضاف بامضاف الیہ قول، اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم قَتَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اَلْمَسِيْحَ مبدل منہ عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ مرکب توصیفی پھر موصوف رَسُوْلَ اللّٰهِ مرکب اضافی صفت، موصوف با صفت بدل، مبدل منہ با بدل ذوالحال، واؤ حالیہ مَا نافیہ قَتَلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل هٗ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف مستدرک منہ، واؤ عاطفہ لٰكِنْ حرف استدراک مہملہ شُبِّهَ فعل مجہول ھُوَ مستتر نائب فاعل لَهُمْ متعلق سے مل کر مستدرک ہوا۔ مستدرک منہ با مستدرک حال، ذوالحال باحال قَتَلْنَا کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ خبر، اِنَّ با اسم و خبر مقولہ، قول با مقولہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور معطوف ہے طَبَعَ اللّٰهُ عَلَيْهَا بِكُفْرِهِمْ میں بِكُفْرِهِمْ پر۔

واؤ استینا فیہ اِنَّ حرف تحقیق اَلَّذِيْنَ اسم موصول اِخْتَلَفُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل فِيْهِ متعلق سے مل کر صلہ، موصول با صلہ اِنَّ کا اسم، لام مزحلقہ فِيْ حرف جار شَكٍّ موصوف مِنْهُ ظرف مستقر كَائِنٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ مَا حجازیہ لَهُمْ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم بِهٖ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

متعلق مقدم عِلْمٍ کا، مِنْ جارہ زائدہ عِلْمٍ مصدر اپنے متعلق سے مل کر مستثنیٰ منہ، اِلَّا حرف استثناء اِتِّبَاعَ الظَّنِّ مرکب توصیفی مستثنیٰ منقطع ہوا، مستثنیٰ منہ با مستثنیٰ لفظاً مجرور محلاً مرفوع اسم مؤخر، مَا با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

واؤ عاطفہ مَا نافیہ قَتَلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ یَقِیْنًا ہوا۔ ط موصوف محذوف قَتْلًا کے مفعول مطلق، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، بَلْ حرف عطف رَفَعَ فعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ، اَللّٰہُ اسم الجلالۃ فاعل اِلَیْہِ ظرف لغو متعلق سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ کَانَ اللّٰہُ عَزِیْزًا حَکِیْمًا کی ترکیب وَکَانَ اللّٰہُ شَاکِرًا عَلِیْمًا کی مثل ہے دیکھئے آیت نمبر ۱۴۷۔

وَ اِنْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ ۚ وَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكُوْنُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا ﴿۱۵۹﴾

آیت نمبر ۱۵۹: واؤ استینافیہ اِنْ نافیہ مِنْ حرف جار اَهْلِ الْكِتٰبِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت ہے موصوف محذوف اَحَدٌ کی، موصوف باصفت مبتداء، اِلَّا حرف استثناء لام مؤطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے یُؤْمِنَنَّ فعل ھُوَ مستتر فاعل بِهٖ متعلق، قَبْلَ مَوْتِهٖ مرکب اضافی مفعول فیہ سے مل کر قسم کا جواب، قسم باجواب قسم خبر مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ یَكُوْنُ فعل ناقص ھُوَ مستتر اس کا اسم شَهِيْدًا صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل عَلَيْهِمْ متعلق یَوْمَ الْقِيٰمَةِ مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ معطوفہ ہوا۔

فَبِظُلْمٍ مِّنَ الَّذِيْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ طَيِّبٰتٍ اُحِلَّتْ لَهُمْ وَ بِصَدِّهِمْ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَثِيْرًا ﴿۱۶۰﴾ وَّ اَخْذِهِمُ الرِّبٰوا وَ قَدْ نُهُوْا عَنْهُ وَ اَكْلِهِمْ اَمْوَالَ النَّاسِ بِالْبَاطِلِ ؕ وَ اَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ مِنْهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۱۶۱﴾

آیت نمبر ۱۶۰، ۱۶۱: فاء استینافیہ بَاء حرف جار ظُلْمٍ موصوف مِنْ حرف جار اَلَّذِيْنَ اسم موصول هَادُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور معطوف علیہ، واؤ حرف عطف بَاء حرف جار صَدِّ مصدر مضاف هِمْ ضمیر مضاف الیہ معنیً فاعل عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ظرف لغو متعلق ہوئے، كَثِيْرًا بواسطہ موصوف محذوف مِرَارًا کے مفعول فیہ، مصدر اپنے مضاف الیہ و متعلق و مفعول فیہ سے مل کر معطوف اوّل، واؤ حرف عطف اَخْذِ مصدر مضاف هِمْ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ قَدْ علامت فعل نُهُوْا فعل مجہول عَنْهُ متعلق سے مل کر حال، ذوالحال باحال مضاف الیہ معنیً فاعل اَلرِّبٰوا مفعول بہ، مصدر اپنے مضاف الیہ و مفعول بہ سے مل کر معطوف ثانی، واؤ عاطفہ اَكْلِ مصدر مضاف هِمْ مضاف الیہ معنیً فاعل اَمْوَالَ النَّاسِ مرکب اضافی مفعول بہ، مصدر مضاف بامضاف الیہ و مفعول بہ ذوالحال، بِالْبَاطِلِ ظرف مستقر مُتَلَبِّسِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ حَرَّمْنَا کے متعلق مقدم، حَرَّمْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَلَيْهِمْ ظرف لغو متعلق ہوئے طَيِّبٰتٍ موصوف اُحِلَّتْ فعل مجہول ھِیَ مستتر نائب فاعل لَهُمْ متعلق سے مل کر صفت، موصوف باصفت حَرَّمْنَا کا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ مستانفہ ہوا۔

واؤ عاطفہ اَعْتَدْنَا فعل نَا ضمیر فاعل لَام حرف جار اَلْکَافِرِیْنَ ذوالحال مِنْهُمْ ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے عَذَابًا اَلِیْمًا مرکب توصیفی مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ معطوفہ ہوا۔

لٰکِنِ الرّٰسِخُوْنَ فِی الْعِلْمِ مِنْهُمْ وَ الْمُؤْمِنُوْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَیْكَ وَ مَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ وَ الْمُقِیْمِیْنَ الصَّلٰوةَ وَ الْمُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَ الْمُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَ الْیَوْمِ الْاٰخِرِ ط اُولٰٓئِكَ سَنُؤْتِیْهِمْ اَجْرًا عَظِیْمًا ﴿۱۶۲﴾

آیت نمبر ۱۶۲: لٰکِنْ حرف استدراک مہملہ اَلرَّاسِخُوْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل فِی الْعِلْمِ متعلق سے مل کر شبہ جملہ ذوالحال مِنْهُمْ ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلْمُؤْمِنُوْنَ ذوالحال یُؤْمِنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بَاء حرف جار مَا اسم موصول اُنْزِلَ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل اِلَیْکَ متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا اسم موصول اُنْزِلَ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب مِنْ قَبْلِکَ ظرف لغو متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار با مجرور یُؤْمِنُوْنَ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق حال، ذوالحال باحال معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اَلْمُؤْتُوْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل اَلزَّکٰوةَ مفعول بہ سے مل کر معطوف ثانی، واؤ عاطفہ اَلْمُؤْمِنُوْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل بَاء حرف جار اَللّٰه اسم الجلالہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلْیَوْمِ الْاٰخِرِ مرکب توصیفی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار با مجرور اَلْمُؤْمِنُوْنَ کے متعلق ہوئے، اسم فاعل بافاعل و متعلق معطوف ثالث، معطوف علیہ بامعطوفات ثلاثہ مبتدا، اُولٰٓئِکَ اسم اشارہ مبتدا، سین علامت فعل، نُؤْتِیْ فعل نَحْنُ مستتر فاعل هِمْ ضمیر مفعول بہ اوّل، اَجْرًا عَظِیْمًا مرکب توصیفی مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین خبر، مبتدا با خبر مبتدا اوّل کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ اعتراضیہ اَلْمُقِیْمِیْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر مستتر فاعل اَلصَّلٰوةَ مفعول بہ، اسم فاعل بافاعل و مفعول بہ فعل محذوف اَعْنِیْ یا اَمْدَحُ کا مفعول بہ ہے۔

رکوع نمبر ۲۳

اِنَّآ اَوْحَیْنَآ اِلَیْكَ كَمَآ اَوْحَیْنَآ اِلٰی نُوْحٍ وَّ النَّبِیّٖنَ مِنْۢ بَعْدِهٖ ج وَ اَوْحَیْنَآ اِلٰٓی اِبْرٰهِیْمَ وَ اِسْمٰعِیْلَ وَ اِسْحٰقَ وَ یَعْقُوْبَ وَ الْاَسْبَاطِ وَ عِیْسٰی وَ اَیُّوْبَ وَ یُوْنُسَ وَ هٰرُوْنَ وَ سُلَیْمٰنَ ج وَ اٰتَیْنَا دَاوٗدَ زَبُوْرًا ﴿۱۶۳﴾

آیت نمبر ۱۶۳: اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم اَوْحَیْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اِلَیْکَ ظرف لغو متعلق ہوئے کاف حرف جار مَا مصدریہ اَوْحَیْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اِلٰی حرف جار نُوْحٍ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلنَّبِیِّیْنَ ذوالحال مِنْ بَعْدِهٖ ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار با مجرور اَوْحَیْنَا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف اِیْحَاءً کے اَوْحَیْنَا کا مفعول مطلق، فعل بافاعل

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

و متعلق و مفعول مطلق خبر،اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔واؤ عاطفہ اَوْحَیْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اِلٰی حرف جار اِبْرٰهِیْمَ وَاِسْمٰعِیْلَ وَاِسْحٰقَ وَیَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطِ وَعِیْسٰی وَاَیُّوْبَ وَیُوْنُسَ وَهٰرُوْنَ وَسُلَیْمٰنَ معطوف علیہ با معطوفات تسعہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ معطوف علیہ،واؤ عاطفہ اٰتَیْنَا فعل نَا ضمیر فاعل دَاوٗدَ مفعول بہ اوّل، زَبُوْرًا مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل مفعولین معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

وَ رُسُلًا قَدْ قَصَصْنٰهُمْ عَلَیْكَ مِنْ قَبْلُ وَ رُسُلًا لَّمْ نَقْصُصْهُمْ عَلَیْكَ ؕ وَ كَلَّمَ اللّٰهُ مُوْسٰی تَكْلِیْمًا ﴿۱۶۴﴾

آیت نمبر ۱۶۴: واؤ عاطفہ رُسُلًا موصوف قَدْ علامت فعل، قَصَصْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر ذوالحال مِنْ قَبْلُ ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، عَلَیْکَ متعلق، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ صفت، موصوف با صفت معطوف علیہ،واؤ عاطفہ رُسُلًا موصوف لَمْ نَقْصُصْ فعل نَحْنُ مستتر فاعل عَلَیْکَ متعلق هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر صفت، موصوف با صفت معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ فعل محذوف اٰتَیْنَا کا یا پھر اَوْحَیْنَا پر معطوف ہے۔واؤ استینافیہ کَلَّمَ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل مُوْسٰی مفعول بہ تَکْلِیْمًا مفعول مطلق سے مل کر جملہ مستانفہ ہوا۔

رُسُلًا مُّبَشِّرِیْنَ وَ مُنْذِرِیْنَ لِئَلَّا یَكُوْنَ لِلنَّاسِ عَلَی اللّٰهِ حُجَّةٌۢ بَعْدَ الرُّسُلِ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ عَزِیْزًا حَكِیْمًا ﴿۱۶۵﴾

آیت نمبر ۱۶۵: رُسُلًا موصوف مُبَشِّرِیْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل سے مل کر معطوف علیہ،واؤ عاطفہ مُنْذِرِیْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف صفت، موصوف با صفت بدل ہے اوپر مذکور رُسُلًا کا، لَام حرف جار و تعلیل اَنْ حرف مصدری و نصب لَا یَکُوْنَ فعل ناقص لِلنَّاسِ ظرف مستقر کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، عَلَی اللّٰهِ ظرف لغو حُجَّةٌ کا متعلق مقدم حُجَّةٌ موصوف بَعْدَ الرُّسُلِ مرکب اضافی کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت و متعلق مقدم خبر، فعل ناقص با اسم و خبر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے مُبَشِّرِیْنَ کے، یا مُنْذِرِیْنَ کے۔واؤ استینافیہ کَانَ فعل ناقص اَللّٰهُ اسم الجلالہ اس کا اسم عَزِیْزًا حَکِیْمًا دو خبر، فعل ناقص با اسم و خبرین جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

لٰكِنِ اللّٰهُ یَشْهَدُ بِمَاۤ اَنْزَلَ اِلَیْكَ اَنْزَلَهٗ بِعِلْمِهٖ ۚ وَ الْمَلٰٓىِٕكَةُ یَشْهَدُوْنَ ؕ وَ كَفٰی بِاللّٰهِ شَهِیْدًا ﴿۱۶۶﴾

آیت نمبر ۱۶۶: لٰکِنْ مہملہ اَللّٰهُ اسم الجلالہ مبتدا، یَشْهَدُ فعل هُوَ مستتر فاعل بَاء حرف جار مَا اسم موصول اَنْزَلَ فعل هُوَ مستتر فاعل اِلَیْکَ متعلق سے مل کر مفسَّر، اَنْزَلَ فعل هُوَ مستتر فاعل هٗ ضمیر ذوالحال بِعِلْمِهٖ مُتَلَبِّسًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ مفسِّر، مفسَّر با مفسِّر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور یَشْهَدُ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق خبر، مبتدا با خبر معطوف علیہ،واؤ عاطفہ اَلْمَلٰٓئِکَةُ مبتدا، یَشْهَدُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل خبر، مبتدا با خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔واؤ استینافیہ کَفٰی فعل بَاء جارہ زائدہ اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل شَهِیْدًا تمیز، فعل با فاعل و تمیز جملہ فعلیہ مستانفہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا وَصَدُّوا عَن سَبِيلِ اللَّهِ قَدْ ضَلُّوا ضَلَالًا بَعِيدًا ﴿١٦٧﴾

آیت نمبر ۱۶۷: اِنَّ حرف تحقیق اَلَّذِیْنَ اسم موصول کَفَرُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ صَدُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عَنْ سَبِیْلَ اللّٰہِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ اِنَّ کا اسم قَدْ علامت فعل ضَلُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل ضَلَالًا بَعِیْدًا مرکب توصیفی مفعول مطلق سے مل کر خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا وَظَلَمُوا لَمْ يَكُنِ اللَّهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ وَلَا لِيَهْدِيَهُمْ طَرِيقًا ﴿١٦٨﴾ إِلَّا طَرِيقَ جَهَنَّمَ خَالِدِينَ فِيهَا أَبَدًا ۚ وَكَانَ ذَٰلِكَ عَلَى اللَّهِ يَسِيرًا ﴿١٦٩﴾

آیت نمبر ۱۶۸، ۱۶۹: اِنَّ حرف تحقیق اَلَّذِیْنَ اسم موصول کَفَرُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ ظَلَمُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ اِنَّ کا اسم لَمْ یَکُنْ فعل ناقص اَللّٰہُ اسم الجلالہ اس کا اسم لَامِ جحدیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یَغْفِرَ فعل ھُوَ مستتر فاعل لَھُمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا نافیہ زائدہ، لَامِ جحدیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یَھْدِیَ فعل ھُوَ مستتر فاعل ھُمْ ضمیر منصوب ذوالحال خَالِدِیْنَ اسم فاعل ھُمْ ضمیر فاعل فِیْھَا متعلق اَبَدًا مفعول فیہ سے مل کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ اوّل طَرِیْقًا مستثنیٰ منہ اِلَّا حرف استثناء طَرِیْقَ جَھَنَّمَ مرکب اضافی مستثنیٰ، مستثنیٰ منہ بامستثنیٰ مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل ومفعولین بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور معطوف، معطوف علیہ بامعطوف ظرف مستقر مُرِیْدًا کے متعلق ہوکر لَمْ یَکُنْ کی خبر، فعل ناقص با اسم وخبر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ کَانَ فعل ناقص ذَالِکَ محلًا مرفوع اس کا اسم یَسِیْرًا صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل عَلَی اللّٰہِ متعلق مقدم سے مل کر خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ مستانفہ ہوا۔

يَا أَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَاءَكُمُ الرَّسُولُ بِالْحَقِّ مِن رَّبِّكُمْ فَآمِنُوا خَيْرًا لَّكُمْ ۚ وَإِن تَكْفُرُوا فَإِنَّ لِلَّهِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۚ وَكَانَ اللَّهُ عَلِيمًا حَكِيمًا ﴿١٧٠﴾

آیت نمبر ۱۷۰: یَا حرف نداء اَدْعُوْ کے قائم مقام، اَدْعُوْ فعل اَنَا مستتر فاعل، اَیُّ موصوف ھَا برائے تنبیہ اَلنَّاسُ صفت، موصوف باصفت محلًا منصوب مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ نداء، قَدْ علامت فعل، جَآءَ فعل کُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اَلرَّسُوْلُ فاعل بَاء حرف جار اَلْحَقِّ ذوالحال مِنْ رَّبِّکُمْ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہوکر حال، ذوالحال باحال مجرور، جار بامجرور جَآءَ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل ومفعول بہ ومتعلق نداء کا جواب، نداء باجواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔
فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا کَانَ الْاَمْرُ کَمَا عَرَفْتَ، اٰمِنُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل خَیْرًا اسم تفضیل ھُوَ مستتر فاعل لَکُمْ متعلق سے مل کر بواسطہ موصوف محذوف اِیْمَانًا کے مفعول مطلق، فعل بافاعل ومفعول مطلق جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اِنْ شرطیہ تَکْفُرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر شرط، اور اس کی جزاء محذوف ہے لَا یَضُرُّ اللّٰہَ کُفْرُکُمْ، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ فاء تعلیلیہ اِنَّ حرف تحقیق لِلّٰہِ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہوکر خبر مقدم، مَا اسم موصول فِیْ حرف جار اَلسَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ معطوف

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

علیہ بامعطوف مجرور،جار با مجرور ظرف مستقر فعل محذوف ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ اِنَّ کا اسم مؤخر،اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا کی ترکیب وَكَانَ اللّٰهُ شَاكِرًا عَلِيْمًا کی طرح ہے دیکھئے آیت نمبر ۱۴۷ میں۔

يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لَا تَغْلُوْا فِيْ دِيْنِكُمْ وَلَا تَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ اِلَّا الْحَقَّ ؕ اِنَّمَا الْمَسِيْحُ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَكَلِمَتُهٗ ۚ اَلْقٰهَآ اِلٰى مَرْيَمَ وَرُوْحٌ مِّنْهُ ؗ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ ۚ وَلَا تَقُوْلُوْا ثَلٰثَةٌ ؕ اِنْتَهُوْا خَيْرًا لَّكُمْ ؕ اِنَّمَا اللّٰهُ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ؕ سُبْحٰنَهٗٓ اَنْ يَّكُوْنَ لَهٗ وَلَدٌ ۘ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿۱۷۱﴾

آیت نمبر ۱۷۱ :یَا،حرف ندا اَدْعُوْ کے قائم مقام،اَدْعُوْ فعل اَنَا ضمیر مستتر فاعل اَهْلَ الْكِتٰبِ منادیٰ مضاف مفعول بہ،فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ انشائیہ نداء،لَا تَغْلُوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل عَلَى اللّٰهِ ظرف لغو متعلق ہوئے،اِلَّا حرف استثناء،اَلْحَقَّ بواسطہ موصوف محذوف اَلْقَوْلَ کے مفعول مطلق،فعل بافاعل و متعلق ومفعول مطلق جملہ انشائیہ معطوف،معطوف علیہ بامعطوف نداء کا جواب،نداء باجواب نداء جملہ ندائیہ ہوا۔

اِنَّ کفوفہ مَا کافہ اَلْمَسِيْحُ مبدل منہ عِيْسٰى بدل اوّل،اِبْنُ مَرْيَمَ بدل ثانی،مبدل منہ با بدلین مبتدا،رَسُوْلُ اللّٰهِ مرکب اضافی معطوف علیہ،واؤ عاطفہ كَلِمَتُهٗ مرکب اضافی ذوالحال اَلْقٰى فعل هُوَ مستتر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ اِلٰى مَرْيَمَ متعلق سے مل کر حال، ذوالحال باحال معطوف اوّل،واؤ عاطفہ رُوْحٌ موصوف مِنْهُ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت،موصوف باصفت معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔فاء فصیحہ اوراس کی شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ،یا اِنْ صَدَّقْتُمْ ذٰلِكَ،اٰمِنُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل باء حرف جار اَللّٰهِ وَرُسُلِهٖ معطوف علیہ بامعطوف مجرور،جار با مجرور متعلق ہوئے،فعل با فاعل و متعلق جزاء،شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔واؤ عاطفہ لَا تَقُوْلُوْا فعل نہی باواؤ ضمیر فاعل قول،ثَلٰثَةٌ خبر ہے مبتدا محذوف اٰلِهَتُنَا کی، مبتدا باخبر مقولہ،قول بامقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔

اِنْتَهُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل خَيْرًا اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل لَكُمْ متعلق سے مل کر بواسطہ موصوف محذوف اِنْتِهَآءً کے مفعول مطلق پھر یہ جملہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔اِنَّ کفوفہ مَا کافہ اَللّٰهُ اسم الجلالہ مبتدا،اِلٰهٌ وَّاحِدٌ موصوف باصفت خبر،مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔سُبْحٰنَ مصدر مضاف هٗ ضمیر مضاف الیہ،اَنْ حرف مصدری و نصب يَكُوْنَ فعل ناقص لَهٗ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم،وَلَدٌ اسم مؤخر،فعل ناقص با اسم وخبر منصوب بنزع الخافض ہے اور یہ اصل میں مِنْ اَنْ ہے اور یہ سُبْحَانَ کے متعلق ہے، مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ اور متعلق سے مل کر مفعول مطلق فعل محذوف سَبِّحُوْا کا،فعل بافاعل ومفعول مطلق حال ہے لفظ اَللّٰهُ سے لَهٗ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم،مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ کی ترکیب آیت نمبر ۱۳۱ میں دیکھئے اور یہ معطوف علیہ بامعطوف مبتدا مؤخر ہے،مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا کی ترکیب وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا کی مثل ہے آیت نمبر ۱۶۶ میں دیکھئے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

❁ رکوع نمبر ۲۴ ❁

لَنْ يَّسْتَنْكِفَ الْمَسِيْحُ اَنْ يَّكُوْنَ عَبْدًا لِّلّٰهِ وَلَا الْمَلٰٓئِكَةُ الْمُقَرَّبُوْنَ ؕ وَمَنْ يَّسْتَنْكِفْ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَيَسْتَكْبِرْ فَسَيَحْشُرُهُمْ اِلَيْهِ جَمِيْعًا ﴿۱۷۲﴾

آیت نمبر ۱۷۲: لَنْ یَّسْتَنْکِفَ فعل اَلْمَسِیْحُ فاعل اَنْ حرف مصدر و نصب یَکُوْنَ فعل ناقص هُوَ مستتر اس کا اسم عَبْدًا موصوف لِلّٰهِ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت خبر، فعل ناقص با اسم و خبر بتاویل مصدر منصوب بنزع الخافض ہے اور یہ اصل میں عَنْ اَنْ ہے، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لَا زائدہ الْمَلٰٓئِکَۃُ الْمُقَرَّبُوْنَ مرکب توصیفی اَلْمَسِیْحُ پر معطوف ہے۔ واؤ استینافیہ مَنْ اسم شرط مبتدا، یَسْتَنْکِفْ فعل هُوَ مستتر فاعل عَنْ عِبَادَتِهٖ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَسْتَکْبِرْ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف شرط، فاء جزائیہ سین علامت فعل، یَحْشُرُ فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب ذوالحال جَمِیْعًا حال، ذوالحال باحال مفعول بہ اِلَیْهِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ مستانفہ ہوا۔

فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَيُوَفِّيْهِمْ اُجُوْرَهُمْ وَيَزِيْدُهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ۚ وَاَمَّا الَّذِيْنَ اسْتَنْكَفُوْا وَاسْتَكْبَرُوْا فَيُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ۙ وَّلَا يَجِدُوْنَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ﴿۱۷۳﴾

آیت نمبر ۱۷۳: فاء تفریعیہ اَمَّا حرف شرط و تفسیر اَلَّذِیْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَمِلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَلصَّالِحَاتِ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول با صلہ مبتدا متضمن معنی شرط، فاء جزائیہ یُوَفِّیْ فعل هُوَ مستتر فاعل هِمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، اُجُوْرَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی سے مل کر جملہ فعلیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَزِیْدُ فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، مِنْ فَضْلِهٖ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر قائم مقام جزاء، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَمَّا حرف شرط تفسیر اَلَّذِیْنَ اسم موصول اِسْتَنْکَفُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِسْتَکْبَرُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول با صلہ مبتدا قائم مقام شرط، فاء جزائیہ یُعَذِّبُ فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، عَذَابًا اَلِیْمًا مرکب توصیفی مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا یَجِدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل لَهُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، مِنْ حرف جار دُوْنِ اللّٰهِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم وَلِیًّا معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ نَصِیْرًا معطوف، معطوف علیہ با معطوف ذوالحال مؤخر، ذوالحال با حال مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر قائم مقام جزاء، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمْ بُرْهَانٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكُمْ نُوْرًا مُّبِيْنًا ﴿۱۷۴﴾

آیت نمبر ۱۷۴: یَا حرف نداء قائم مقام اَدْعُوْ کے، اَدْعُوْ فعل اَنَا مستتر فاعل، اَیُّ موصوف ھَا برائے تنبیہ اَلنَّاسُ صفت، موصوف باصفت مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول جملہ انشائیہ ہو کر نداء، قَدْ علامت فعل، جَآءَ فعل کُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، بُرْھَانٌ موصوف مِنْ رَّبِّکُمْ جار باجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت فاعل، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَنْزَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اِلَیْکُمْ جار باجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، نُوْرًا مُّبِیْنًا موصوف باصفت مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف نداء کا جواب، نداء باجواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَاعْتَصَمُوْا بِهٖ فَسَيُدْخِلُهُمْ فِيْ رَحْمَةٍ مِّنْهُ وَفَضْلٍ ۙ وَّيَهْدِيْهِمْ اِلَيْهِ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ﴿۱۷۵﴾

آیت نمبر ۱۷۵: فَاء تفریعیہ اَمَّا حرف شرط و تفسیر اَلَّذِیْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِاللّٰہِ جار باجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِعْتَصَمُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِہٖ جار باجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ مبتدا قائم مقام شرط، فاء جزائیہ سین علامت فعل، یُدْخِلُ فعل ھُوَ مستتر فاعل ھُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، فِیْ جارہ رَحْمَةٍ موصوف مِنْہُ کَائِنَةٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف علیہ، واؤ حرف عطف فَضْلٍ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار باجرور یُدْخِلُ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَھْدِیْ فعل ھُوَ مستتر فاعل ھُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، اِلَیْہِ جار باجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم صِرَاطًا مُّسْتَقِیْمًا ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال مفعول بہ ثانی ہوئے، فعل بافاعل ومفعولین و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف خبر قائم مقام جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

يَسْتَفْتُوْنَكَ ۭ قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِي الْكَلٰلَةِ ۭ اِنِ امْرُؤٌا هَلَكَ لَيْسَ لَهٗ وَلَدٌ وَّلَهٗٓ اُخْتٌ فَلَهَا نِصْفُ مَا تَرَكَ ۚ وَهُوَ يَرِثُهَآ اِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّهَا وَلَدٌ ۭ فَاِنْ كَانَتَا اثْنَتَيْنِ فَلَهُمَا الثُّلُثٰنِ مِمَّا تَرَكَ ۭ وَاِنْ كَانُوْٓا اِخْوَةً رِّجَالًا وَّنِسَآءً فَلِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَيَيْنِ ۭ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اَنْ تَضِلُّوْا ۭ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۱۷۶﴾

آیت نمبر ۱۷۶: یَسْتَفْتُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل کَ ضمیر منصوب مفعول سے مل کر جملہ مستانفہ ہوا۔ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اَللّٰہُ مبتدا، یُفْتِیْ فعل ھُوَ مستتر فاعل کُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ فِی الْکَلٰلَةِ جار باجرور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مبتدا کی خبر، مبتدا باخبر مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔ اِنْ حرف شرط اِمْرُؤٌا فاعل ہے فعل محذوف ھَلَکَ کا، فعل بافاعل مفسَّر، ھَلَکَ فعل ھُوَ مستتر ذوالحال لَیْسَ فعل ناقص لَہٗ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم وَلَدٌ ذوالحال واؤ حالیہ لَہٗ ظرف مستقر کَائِنَةٌ کے متعلق

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ہو کر خبر مقدم،اُخْتٌ مبتدا موخر، مبتدا با خبر حال،ذوالحال باحال اسم موخر، فعل ناقص با اسم و خبر حال،ذوالحال باحال هَلَكَ کا فاعل، فعل بافاعل مفسِّر، مفسَّر با مفسِّر شرط،فَاء جزائیہ لَهَا ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم،نِصْفُ مضاف مَا تَرَكَ موصول باصلہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مبتدا موخر، مبتدا با خبر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

واؤ استینافیہ هُوَ ضمیر مبتدا،یَرِثُ فعل هُوَ مستتر فاعل هَا ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر خبر، مبتدا با خبر دال بر جزاء،اِنْ حرف شرط لَمْ یَكُنْ فعل ناقص لَهَا ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم،وَلَدٌ اسم موخر، فعل ناقص با اسم و خبر شرط، شرط با دال بر جزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔فَاء عاطفہ اِنْ حرف شرط کَانَتَا فعل ناقص الف ضمیر اس کا اسم اثْنَتَيْنِ خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ شرط،فَاء جزائیہ لَهُمَا ظرف مستقر کَائِنَانِ کے متعلق ہو کر خبر مقدم الثُّلُثٰنِ ذوالحال مِنْ حرف جار مَا تَرَكَ موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور کَائِنَيْنِ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مبتدا موخر، مبتدا با خبر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ معطوفہ ہوا۔

واؤ عاطفہ اِنْ حرف شرط کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم اِخْوَةً مبدل منہ رِجَالًا وَّنِسَآءً معطوف علیہ با معطوف بدل، مبدل منہ با بدل خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ شرط،فَاء استینافیہ لِلذَّكَرِ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَيَيْنِ مرکب اضافی مبتدا موخر، مبتدا با خبر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔یُبَیِّنُ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل لَكُمْ ظرف لغو متعلق ہوئے،اَنْ حرف مصدری و نصب تَضِلُّوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل بتاویل مصدر مفعول لہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول لہ جملہ مستانفہ ہوا۔واؤ استینافیہ اَللّٰهُ اسم الجلالہ مبتدا، عَلِیْمٌ صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل بِكُلِّ شَیْءٍ متعلق مقدم سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ مستانفہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ترکیب سُوْرَةُ الْمَآئِدَة

رکوع نمبر ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَوْفُوْا بِالْعُقُوْدِ ؕ اُحِلَّتْ لَكُمْ بَهِيْمَةُ الْاَنْعَامِ اِلَّا مَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ غَيْرَ مُحِلِّي الصَّيْدِ وَاَنْتُمْ حُرُمٌ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَحْكُمُ مَا يُرِيْدُ ①

آیت نمبر ۱: يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اس کی ترکیب متعدد بار گزر چکی ہے اور یہ نداء ہے اَوْفُوْا فعل واؤ ضمیر اس کا فاعل بِالْعُقُوْدِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ ہو کر جواب نداء، نداء باجواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔ اُحِلَّتْ فعل مجہول لَكُمْ جار با مجرور متعلق بَهِيْمَةُ الْاَنْعَامِ مرکب اضافی مستثنیٰ منہ اِلَّا حرف استثناء مَا موصولہ يُتْلٰى فعل مجہول هُوَ ضمیر نائب فاعل عَلٰى حرف جار كُمْ ضمیر ذوالحال غَيْرَ مضاف مُحِلِّي الصَّيْدِ مرکب اضافی ذوالحال واؤ حالیہ اَنْتُمْ مبتدا، حُرُمٌ خبر، مبتدا با خبر حال، ذوالحال باحال غَيْرَ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ حال، ذوالحال باحال مجرور، جار با مجرور يُتْلٰى کے متعلق ہوئے، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق صلہ، موصول باصلہ مستثنیٰ، مستثنیٰ منہ بامستثنیٰ نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ مفسّر ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم الجلالہ اس کا اسم يَحْكُمُ فعل هُوَ مستتر اس کا فاعل مَا موصولہ يُرِيْدُ فعل هُوَ مستتر فاعل، فعل با فاعل صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُحِلُّوْا شَعَآئِرَ اللّٰهِ وَلَا الشَّهْرَ الْحَرَامَ وَلَا الْهَدْيَ وَلَا الْقَلَآئِدَ وَلَآ اٰمِّيْنَ الْبَيْتَ الْحَرَامَ يَبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنْ رَّبِّهِمْ وَرِضْوَانًا ؕ وَاِذَا حَلَلْتُمْ فَاصْطَادُوْا ؕ وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ اَنْ صَدُّوْكُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اَنْ تَعْتَدُوْا ۘ وَتَعَاوَنُوْا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوٰى ۠ وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَى الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ ۠ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ②

آیت نمبر ۲: يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اس کی ترکیب متعدد بار گزر چکی ہے اور یہ نداء ہے لَا تُحِلُّوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل شَعَآئِرَ اللّٰهِ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ اَلشَّهْرَ الْحَرَامَ مرکب توصیفی معطوف اوّل، واؤ عاطفہ لَا زائدہ اَلْهَدْيَ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ لَا زائدہ اَلْقَلَآئِدَ معطوف ثالث، واؤ عاطفہ لَا زائدہ اٰمِّيْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر مستتر ذوالحال يَبْتَغُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فَضْلًا موصوف مِنْ رَّبِّهِمْ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف علیہ، واؤ عاطفہ رِضْوَانًا معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل اَلْبَيْتَ الْحَرَامَ مرکب توصیفی مفعول بہ، اسم فاعل با فاعل و مفعول بہ بواسطہ مضاف محذوف قِتَالَ کے معطوف رابع، معطوف علیہ بامعطوفات اربعہ لَا تُحِلُّوْا کا مفعول بہ، فعل نہی بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ ہو کر جواب نداء، نداء باجواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم حَلَلْتُمْ فعل تُمْ ضمیر اس کا فاعل، فعل با فاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فاء جزائیہ اِصْطَادُوْا فعل واؤ ضمیر اس کا فاعل، فعل با فاعل جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لَا یَجْرِمَنَّ فعل کُمْ ضمیر مفعول بہ شَنَاٰنُ مصدر مضاف قَوْمٍ مضاف الیہ معنًی مفعول بہ، اَنْ حرف مصدری و نصب صَدُّوْا فعل واؤ ضمیر اس کا فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ عَنْ جار اَلْمَسْجِدِ الْحَرَامِ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر بتاویل مصدر مفعول لہ ہوا شَنَاٰنُ کا، مصدر مضاف با مضاف الیہ و مفعول لہ فاعل، اَنْ حرف مصدری و نصب تَعْتَدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل، فعل با فاعل مفعول ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَعَاوَنُوْا فعل واؤ ضمیر اس کا فاعل عَلَی حرف جار اَلْبِرِّ وَ التَّقْوٰی معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق معطوف اوّل، واؤ عاطفہ لَا تَعَاوَنُوْا فعل نہی واؤ ضمیر اس کا فاعل عَلٰی جار اَلْاِثْمِ وَ الْعُدْوَانِ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق معطوف ثانی، واؤ عاطفہ اِتَّقُوْا فعل امر واؤ ضمیر اس کا فاعل اَللّٰهَ اسم الجلالہ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ جملہ معطوفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم الجلالہ اس کا اسم شَدِیْدُ الْعِقَابِ مرکب اضافی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

حُرِّمَتْ عَلَیْكُمُ الْمَیْتَةُ وَالدَّمُ وَلَحْمُ الْخِنْزِیْرِ وَمَاۤ اُهِلَّ لِغَیْرِ اللّٰهِ بِهٖ وَالْمُنْخَنِقَةُ وَالْمَوْقُوْذَةُ وَالْمُتَرَدِّیَةُ وَالنَّطِیْحَةُ وَمَاۤ اَكَلَ السَّبُعُ اِلَّا مَا ذَكَّیْتُمْ وَمَا ذُبِحَ عَلَی النُّصُبِ وَاَنْ تَسْتَقْسِمُوْا بِالْاَزْلَامِ ؕ ذٰلِكُمْ فِسْقٌ ؕ اَلْیَوْمَ یَىِٕسَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا مِنْ دِیْنِكُمْ فَلَا تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِ ؕ اَلْیَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِیْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَیْكُمْ نِعْمَتِیْ وَرَضِیْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِیْنًا ؕ فَمَنِ اضْطُرَّ فِیْ مَخْمَصَةٍ غَیْرَ مُتَجَانِفٍ لِّاِثْمٍ ۙ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ۝۳

آیت نمبر ۳: حُرِّمَتْ فعل مجہول عَلَیْكُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے اَلْمَیْتَةُ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلدَّمُ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ لَحْمُ الْخِنْزِیْرِ مرکب اضافی معطوف ثانی، واؤ عاطفہ مَا اسم موصول اُهِلَّ فعل مجہول هُوَ ضمیر نائب فاعل لَامْ جارہ غَیْرِ اللّٰهِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق اوّل، بِهٖ جار با مجرور دوسرے متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلقین صلہ، موصول با صلہ معطوف ثالث، واؤ عاطفہ اَلْمُنْخَنِقَةُ معطوف رابع، واؤ عاطفہ اَلْمَوْقُوْذَةُ معطوف خامس، واؤ عاطفہ اَلْمُتَرَدِّیَةُ معطوف سادس، واؤ عاطفہ اَلنَّطِیْحَةُ معطوف سابع، واؤ عاطفہ مَا موصولہ اَكَلَ فعل اَلسَّبُعُ فاعل، فعل با فاعل صلہ، موصول با صلہ مستثنٰی منہ اِلَّا حرف استثناء مَا موصولہ ذَكَّیْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل، فعل با فاعل صلہ، موصول با صلہ مستثنٰی، مستثنٰی منہ با مستثنٰی معطوف ثامن، واؤ عاطفہ مَا موصولہ ذُبِحَ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل عَلَی النُّصُبِ جار با مجرور متعلق، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق صلہ، موصول با صلہ معطوف تاسع، واؤ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

عاطفہ اَنْ حرف مصدری ونصب تَسْتَقْسِمُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِالْاَزْلَامِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق بتاویل مصدر معطوف عاشر، معطوف علیہ با معطوفات عشرہ حُرِّمَتْ کا نائب فاعل، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ذٰلِكُمْ اسم اشارہ مبتدا، فِسْقٌ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اَلْيَوْمَ مفعول فیہ مقدم يَئِسَ فعل اَلَّذِيْنَ اسم موصول كَفَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل، فعل با فاعل صلہ، موصول باصلہ يَئِسَ کا فاعل مِنْ دِيْنِكُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق ومفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فَا فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ، يااِنْ يَغْلِبُوْا عَلَيْكُمْ، لَا تَخْشَوْا فعل نہی واؤ ضمیر اس کا فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِخْشَوْا فعل واؤ ضمیر اس کا فاعل نون وقایہ، یاء ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اَلْيَوْمَ مفعول فیہ مقدم اَكْمَلْتُ فعل تاء مضمومہ ضمیر اس کا فاعل لَكُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے دِيْنَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق ومفعول بہ ومفعول فیہ مقدم جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَتْمَمْتُ فعل تاء مضمومہ ضمیر اس کا فاعل عَلَيْكُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے نِعْمَتِيْ مرکب اضافی منصوب تقدیرًا مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ رَضِيْتُ فعل تاء مضمومہ ضمیر اس کا فاعل لَكُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے اَلْاِسْلَامَ مفعول بہ دِيْنًا تمیز، فعل با فاعل و متعلق ومفعول بہ وتمیز جملہ فعلیہ معطوفہ ہوا۔

فاء استینافیہ مَنْ اسم شرط مبتدا، اُضْطُرَّ فعل مجہول هُوَ ضمیر مستتر ذوالحال غَيْرَ مضاف مُتَجَانِفٍ اسم فاعل هُوَ ضمیر اس کا فاعل لِاِثْمٍ جار با مجرور متعلق، اسم فاعل با فاعل و متعلق مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ حال، ذوالحال با حال نائب فاعل، فِيْ مَخْمَصَةٍ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق شرط، فاء جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم الجلالہ اس کا اسم غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ دو خبر، اِنَّ با اسم و خبرین جملہ خبریہ ہو کر خبر قائم مقام جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

يَسْـَٔلُوْنَكَ مَاذَآ اُحِلَّ لَهُمْ ۭ قُلْ اُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبٰتُ ۙ وَمَا عَلَّمْتُمْ مِّنَ الْجَوَارِحِ مُكَلِّبِيْنَ تُعَلِّمُوْنَهُنَّ مِمَّا عَلَّمَكُمُ اللّٰهُ ۡ فَكُلُوْا مِمَّآ اَمْسَكْنَ عَلَيْكُمْ وَاذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهِ ۠ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ۝۴

آیت نمبر ۴: يَسْـَٔلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل کَ ضمیر مفعول بہ اوّل مَاذَا استفہامیہ مبتدا، اُحِلَّ فعل مجہول هُوَ ضمیر نائب فاعل لَهُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر مفعول ثانی، فعل با فاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر اس کا فاعل، فعل با فاعل قول، اُحِلَّ فعل مجہول لَكُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے اَلطَّيِّبٰتُ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا موصولہ عَلَّمْتُمْ فعل تُمْ ضمیر اس کا فاعل، فعل با فاعل صلہ، موصول باصلہ ذوالحال مِنَ الْجَوَارِحِ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال معطوف، معطوف علیہ با معطوف نائب فاعل، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔ مُكَلِّبِيْنَ اسم فاعل اس میں اَنْتُمْ ضمیر اس کا فاعل، اسم فاعل با فاعل شبہ جملہ ہو کر

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

حال ہے عَلَّمْتُمْ کی تُمْ ضمیر سے۔

تُعَلِّمُوْنَ فعل واؤ ضمیر اس کا فاعل ھُنَّ ضمیر منصوب مفعول بہ مِنْ جارہ مَا موصولہ عَلَّمَ فعل کُمْ ضمیر مفعول بہ اَللّٰہُ فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور تُعَلِّمُوْنَ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ عَلَّمْتُمْ کی ضمیر فاعل سے حال ہوا۔ فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا کَانَ الْاَمْرُ کَذَالِکَ، یا اِنْ صِدْتُّمْ شَیْئًا مِنَ الْحَیَوَانِ، کُلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ جارہ مَا موصولہ اَمْسَکْنَ فعل نون مفتوحہ اس کا فاعل عَلَیْکُمْ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور کُلُوْا کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ ہوکر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اُذْکُرُوْا فعل امر واؤ ضمیر اس کا فاعل اِسْمَ اللّٰہِ مرکب اضافی مفعول بہ عَلَیْہِ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ ہوکر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اِتَّقُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَللّٰہَ اسم الجلالہ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ ہوکر معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جزاء، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ اسم الجلالہ اس کا اسم سَرِیْعُ الْحِسَابِ مرکب اضافی خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَلْیَوْمَ اُحِلَّ لَکُمُ الطَّیِّبٰتُ ؕ وَ طَعَامُ الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْکِتٰبَ حِلٌّ لَّکُمْ ۪ وَ طَعَامُکُمْ حِلٌّ لَّهُمْ ۫ وَ الْمُحْصَنٰتُ مِنَ الْمُؤْمِنٰتِ وَ الْمُحْصَنٰتُ مِنَ الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْکِتٰبَ مِنْ قَبْلِکُمْ اِذَاۤ اٰتَیْتُمُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ مُحْصِنِیْنَ غَیْرَ مُسٰفِحِیْنَ وَ لَا مُتَّخِذِیْۤ اَخْدَانٍ ؕ وَ مَنْ یَّکْفُرْ بِالْاِیْمَانِ فَقَدْ حَبِطَ عَمَلُهٗ وَ هُوَ فِی الْاٰخِرَةِ مِنَ الْخٰسِرِیْنَ ۟

آیت نمبر ۵: اَلْیَوْمَ مفعول فیہ مقدم اُحِلَّ فعل مجہول لَکُمْ متعلق اَلطَّیِّبَاتُ نائب فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ طَعَامُ مضاف اَلَّذِیْنَ اسم موصول اُوْتُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل اَلْکِتَابَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ صلہ، موصول باصلہ طَعَامُ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مبتدا، حِلٌّ مصدر لَکُمْ متعلق سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ طَعَامُکُمْ مرکب اضافی مبتدا، حِلٌّ مصدر لَھُمْ متعلق سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

واؤ عاطفہ اَلْمُحْصَنٰتُ ذوالحال مِنَ الْمُؤْمِنَاتِ ظرف مستقر کَائِنَاتٍ کے متعلق ہوکر حال، ذوالحال باحال معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلْمُحْصَنَاتُ ذوالحال مِنْ حرف جار اَلَّذِیْنَ اسم موصول اُوْتُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر ذوالحال مِنْ قَبْلِکُمْ ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہوکر حال، ذوالحال باحال نائب فاعل اَلْکِتَابَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنَاتٍ کے متعلق ہوکر حال، ذوالحال باحال معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مبتدا، اور خبر محذوف ہے حِلٌّ لَّکُمْ، حِلٌّ مصدر لَکُمْ جار بامجرور متعلق ہوئے، اِذَا ظرف زمان مضاف اٰتَیْتُمْ فعل تُمْ ضمیر ذوالحال مُحْصِنِیْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل سے مل کر حال اولیٰ، غَیْرَ مُسَافِحِیْنَ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ مُتَّخِذِیْ اَخْدَانٍ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف حال دوم، ذوالحال باحالین اٰتَیْتُمْ کا فاعل ھُنَّ ضمیر مفعول بہ اوّل، اُجُوْرَھُنَّ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین اِذَا کا مضاف الیہ،

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مضاف با مضاف الیہ حِلٌّ کا مفعول فیہ، مصدر با متعلق و مفعول فیہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

واؤ استینا فیہ مَنْ اسم شرط مبتدا، یَکْفُرْ فعل هُوَ مستتر فاعل بِالْاِیْمَانِ ظرف لغو متعلق سے مل کر شرط، فاء جزائیہ قَدْ علامت فعل، حَبِطَ فعل عَمَلُهٗ مرکب اضافی فاعل سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ هُوَ ضمیر مبتدا، فِی الْاٰخِرَةِ ظرف مستقر کَائِنٌ کا متعلق اوّل، مِنَ الْخٰسِرِیْنَ متعلق ثانی، کَائِنٌ اسم فاعل با هُوَ مستتر فاعل و متعلقین شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ مستانفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۲ ❁

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا قُمْتُمْ اِلَی الصَّلٰوةِ فَاغْسِلُوْا وُجُوْهَكُمْ وَ اَیْدِیَكُمْ اِلَی الْمَرَافِقِ وَ امْسَحُوْا بِرُءُوْسِكُمْ وَ اَرْجُلَكُمْ اِلَی الْكَعْبَیْنِ ؕ وَ اِنْ كُنْتُمْ جُنُبًا فَاطَّهَّرُوْا ؕ وَ اِنْ كُنْتُمْ مَّرْضٰۤی اَوْ عَلٰی سَفَرٍ اَوْ جَآءَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ مِّنَ الْغَآئِطِ اَوْ لٰمَسْتُمُ النِّسَآءَ فَلَمْ تَجِدُوْا مَآءً فَتَیَمَّمُوْا صَعِیْدًا طَیِّبًا فَامْسَحُوْا بِوُجُوْهِكُمْ وَ اَیْدِیْكُمْ مِّنْهُ ؕ مَا یُرِیْدُ اللّٰهُ لِیَجْعَلَ عَلَیْكُمْ مِّنْ حَرَجٍ وَّ لٰكِنْ یُّرِیْدُ لِیُطَهِّرَكُمْ وَ لِیُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَیْكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝۶

آیت نمبر ۶: یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اس کی ترکیب متعدد بار گزر چکی ہے اور یہ نداء ہے، اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم قُمْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل اِلَی الصَّلٰوةِ متعلق سے مل کر شرط، فاء جزائیہ اِغْسِلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل وُجُوْهَكُمْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَیْدِیَكُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، اِلَی الْمَرَافِقِ ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِمْسَحُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بَاء جارہ رُءُوْسِكُمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء نداء کا جواب، نداء با جواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

واؤ عاطفہ اَرْجُلَكُمْ مرکب اضافی بواسطہ عطف اِغْسِلُوْا کا مفعول بہ اِلَی الْكَعْبَیْنِ بواسطہ عطف کے اِغْسِلُوْا کے متعلق ہوئے واؤ عاطفہ اِنْ حرف شرط كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اسم جُنُبًا خبر سے مل کر شرط، فاء جزائیہ اِطَّهَّرُوْا فعل امر با واؤ ضمیر فاعل جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ معطوفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اِنْ حرف شرط كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم مَرْضٰۤی معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ عَلٰی سَفَرٍ ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ جَآءَ فعل اَحَدٌ موصوف مِنْكُمْ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت فاعل مِنَ الْغَآئِطِ ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق معطوف اوّل، اَوْ عاطفہ لٰمَسْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل اَلنِّسَآءَ مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، فاء عاطفہ لَمْ تَجِدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مَآءً مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین شرط، فاء جزائیہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

تَیَمَّمُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل صَعِیْدًا طَیِّبًا مرکب توصیفی مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ اِمْسَحُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بَاء جارہ وُجُوْھِکُمْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَیْدِیْکُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ مِنْہُ ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

مَا نافیہ یُرِیْدُ فعل اَللّٰہُ اسم الجلالہ فاعل لَام جارہ برائے تعلیل اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یَجْعَلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل عَلَیْکُمْ ظرف لغو متعلق ہوئے، مِنْ جارہ زائدہ حَرَجٍ لفظاً مجرور محلاً منصوب مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور یُرِیْدُ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لٰکِنْ حرف استدراک مہملہ یُرِیْدُ فعل ھُوَ مستتر فاعل لَام حرف جارہ و تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یُطَھِّرَ فعل ھُوَ مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَام حرف جر و تعلیل اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یُتِمَّ فعل ھُوَ مستتر فاعل نِعْمَتَہٗ مرکب اضافی مفعول بہ، عَلٰی حرف جر کُمْ ضمیر ذوالحال لَعَلَّ حرف ترجی کُمْ ضمیر اس کا اسم تَشْکُرُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، لَعَلَّ با اسم و خبر راجی الشُّکْرِ کی تاویل میں ہو کر حال، ذوالحال باحال مجرور، جار با مجرور یُتِمُّ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مَا یُرِیْدُ پر معطوف ہوا۔

وَاذْکُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَیْکُمْ وَمِیْثَاقَهُ الَّذِیْ وَاثَقَکُمْ بِهٖۤ ۙ اِذْ قُلْتُمْ سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ۫ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِیْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝

آیت نمبر ۷: واؤ استینافیہ اُذْکُرُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل نِعْمَۃَ مصدر مضاف اَللّٰہِ اسم الجلالہ مضاف الیہ معنیً فاعل عَلَیْکُمْ متعلق ہوئے، مصدر با مضاف الیہ و متعلق شبہ جملہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مِیْثَاقَہٗ مرکب اضافی موصوف اَلَّذِیْ اسم موصول وَاثَقَ فعل ھُوَ مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ بِہٖ ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق صلہ، موصول باصلہ صفت، موصوف باصفت معطوف، معطوف علیہ با معطوف اُذْکُرُوْا کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ معطوفہ ہوا۔ اِذْ مضاف قُلْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل سے مل کر قول سَمِعْنَا فعل نَا ضمیر فاعل سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَطَعْنَا فعل نَا ضمیر فاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول با مقولہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ وَاثَقَ کا مفعول فیہ ہے۔ واؤ استینافیہ اِتَّقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَللّٰہَ اسم الجلالہ مفعول بہ سے مل کر جملہ مستانفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ اسم الجلالہ اسم عَلِیْمٌ صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل بِذَاتِ الصُّدُوْرِ متعلق سے مل کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِیْنَ لِلّٰهِ شُهَدَآءَ بِالْقِسْطِ ۫ وَلَا یَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ عَلٰۤی اَلَّا تَعْدِلُوْا ؕ اِعْدِلُوْا ۫ هُوَ اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰی ۫ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ خَبِیْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۝۸

آیت نمبر ۸: یٰۤاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا کی ترکیب متعدد بار گزر چکی ہے اور یہ نداء ہے کُوْنُوْا فعل امر ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم قَوّٰمِیْنَ صیغہ مبالغہ اَنْتُمْ مستتر فاعل لِلّٰہِ ظرف لغو متعلق سے مل کر شبہ جملہ خبر اوّل، شُھَدَآءَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل بِالْقِسْطِ متعلق سے مل

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

کر شبہ جملہ خبر ثانی فعل ناقص با اسم و خبرین جملہ انشائیہ معطوف علیہ ہوا و عاطفہ لَا یَجْرِمَنَّ فعل کُمْ ضمیر مفعول بہ شَنَاٰنُ قَوْمٍ مرکب اضافی فاعل عَلٰی حرف جار اَنْ حرف مصدری و نصب لَا تَعْدِلُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف ندا کا جواب، ندا با جواب ندا جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا اِعْدِلُوْا فعل امر با واؤ ضمیر فاعل جملہ انشائیہ ہوا هُوَ ضمیر مبتدا اَقْرَبُ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل لِلتَّقْوٰی متعلق سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا وَاتَّقُوا اللّٰهَ کی ترکیب آیت نمبر ۲ میں دیکھئے اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم الجلالہ اس کا اسم خَبِیْرٌ صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل بِ جار مَا تَعْمَلُوْنَ موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، صیغہ صفت با فاعل و متعلق خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ عَظِيْمٌ ۝

آیت نمبر ۹: وَعَدَ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل اَلَّذِیْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل معطوف علیہ ہوا و عاطفہ عَمِلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَلصّٰلِحٰتِ مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول با صلہ مفعول بہ اول، لَهُمْ ظرف مستقر کَائِنَانِ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَغْفِرَةٌ معطوف علیہ ہوا و عاطفہ اَجْرٌ عَظِیْمٌ مرکب توصیفی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر محلاً منصوب مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ۝

آیت نمبر ۱۰: واؤ استئنافیہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول كَفَرُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل معطوف علیہ ہوا و عاطفہ كَذَّبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِاٰیٰتِنَا متعلق سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول با صلہ مبتدا اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا ثانی اَصْحٰبُ الْجَحِیْمِ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر مبتدا اول کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ هَمَّ قَوْمٌ اَنْ يَّبْسُطُوْٓا اِلَيْكُمْ اَيْدِيَهُمْ فَكَفَّ اَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝

آیت نمبر ۱۱: يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا کی ترکیب متعدد بار گزر چکی ہے اور یہ ندا ہے اُذْكُرُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل نِعْمَةَ مصدر مضاف اَللّٰهِ اسم الجلالہ مضاف الیہ معنیً فاعل عَلَيْكُمْ ظرف لغو متعلق ہوئے اِذْ مضاف هَمَّ فعل قَوْمٌ فاعل اَنْ حرف مصدری و نصب يَبْسُطُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَيْكُمْ ظرف لغو متعلق ہوئے اَيْدِيَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ بتاویل مصدر نِعْمَةَ کا مفعول فیہ، مصدر اپنے مضاف الیہ و متعلق و مفعول فیہ سے مل کر اُذْكُرُوْا کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ ندا کا جواب ندا با جواب ندا جملہ انشائیہ ہوا فَا عاطفہ كَفَّ فعل هُوَ مستتر فاعل اَيْدِيَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ عَنْكُمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ هَمَّ پر معطوف ہے۔

واؤ استئنافیہ اِتَّقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَللّٰهَ اسم الجلالہ مفعول بہ سے مل کر جملہ مستانفہ ہوا واؤ عاطفہ فاء تفسیریہ اور اس کی شرط محذوف

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ہے اِذَا کَانَ الْاَمْرُ کَذَالِکَ، یا اِنْ تَوَکَّلَ النَّاسُ عَلٰی غَیْرِ اللّٰہِ، لِیَتَوَکَّلْ فعل اَلْمُؤْمِنُوْنَ فاعل عَلَی اللّٰہِ متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۳ ❁

وَلَقَدْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۚ وَبَعَثْنَا مِنْهُمُ اثْنَيْ عَشَرَ نَقِيْبًا ۭ وَقَالَ اللّٰهُ اِنِّىْ
مَعَكُمْ ۭ لَىِٕنْ اَقَمْتُمُ الصَّلٰوةَ وَاٰتَيْتُمُ الزَّكٰوةَ وَاٰمَنْتُمْ بِرُسُلِيْ وَعَزَّرْتُمُوْهُمْ وَ
اَقْرَضْتُمُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا لَّاُكَفِّرَنَّ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَلَاُدْخِلَنَّكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ
تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۚ فَمَنْ كَفَرَ بَعْدَ ذٰلِكَ مِنْكُمْ فَقَدْ ضَلَّ سَوَاۗءَ السَّبِيْلِ ⑫

آیت نمبر ۱۲: واؤ استینا فیہ لام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل اَخَذَ فعل اَللّٰہُ اسم الجلالہ فاعل مِیْثَاقَ بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ بَعَثْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مِنْھُمْ ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال مقدم اِثْنَیْ عَشَرَ ذوالحال موخر، ذوالحال باحال ممیز نَقِیْبًا تمیز، ممیز باتمیز بَعَثْنَا کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ قَالَ فعل اَللّٰہُ اسم الجلالہ فاعل سے مل کر قول، اِنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر اس کا اسم مَعَکُمْ مرکب اضافی کَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر، اِنَّ با اسم وخبر مقولہ، قول بامقولہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین قسم کا جواب، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

لام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے اِنْ حرف شرط، اَقَمْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل اَلصَّلٰوۃَ مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اٰتَیْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل اَلزَّکٰوۃَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اٰمَنْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل بِرُسُلِیْ متعلق سے مل کر معطوف ثانی، واؤ عاطفہ عَزَّرْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل ھُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر معطوف ثالث، واؤ عاطفہ اَقْرَضْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل اَللّٰہَ اسم الجلالہ مفعول بہ، قَرْضًا حَسَنًا مرکب توصیفی مفعول مطلق، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ معطوف رابع، معطوف علیہ بامعطوفات اربعہ شرط، لام جوابیہ اُکَفِّرَنَّ فعل اَنَا مستتر فاعل عَنْکُمْ ظرف لغو متعلق ہوئے، سَیِّاٰتِکُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق ومفعول بہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لام جوابیہ اُدْخِلَنَّ فعل اَنَا ضمیر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل، جَنّٰتٍ موصوف تَجْرِیْ فعل مِنْ تَحْتِھَا متعلق اَلْاَنْھٰرُ فاعل سے صفت، موصوف باصفت اُدْخِلَنَّ کا مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین معطوف، معطوف علیہ بامعطوف قسم کا جواب، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا، اور شرط کی جزاء محذوف ہے۔ فاء استینافیہ مَنْ اسم شرط مبتداء، کَفَرَ فعل ھُوَ مستتر ذوالحال مِنْکُمْ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل بَعْدَ ذٰلِکَ مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل بافاعل ومفعول فیہ جملہ فعلیہ شرط، فاء جزائیہ قَدْ علامت فعل، ضَلَّ فعل ھُوَ مستتر فاعل سَوَآءَ السَّبِیْلِ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جزاء، شرط باجزاء مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

فَبِمَا نَقْضِهِمْ مِّيْثَاقَهُمْ لَعَنّٰهُمْ وَجَعَلْنَا قُلُوْبَهُمْ قٰسِيَةً ۚ يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ عَنْ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مَوَاضِعِهٖ ۙ وَنَسُوْا حَظًّا مِّمَّا ذُكِّرُوْا بِهٖ ۚ وَلَا تَزَالُ تَطَّلِعُ عَلٰى خَآئِنَةٍ مِّنْهُمْ اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْهُمْ فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاصْفَحْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ۝

آیت نمبر ۱۳: فاء استینافیہ بَا حرف جار مَا زائدہ نَقْضِ مصدر مضاف ھِمْ ضمیر مضاف الیہ معنیً فاعل مِیْثَاقَھُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، مصدر مضاف باضاف الیہ و مفعول بہ مجرور، جار بامجرور متعلق مقدم لَعَنَّا فعل نَا ضمیر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق مقدم جملہ فعلیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل قُلُوْبَھُمْ مرکب اضافی مفعول بہ اوّل قٰسِیَةً مفعول بہ ثانی سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا، یُحَرِّفُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَلْکَلِمَ مفعول بہ عَنْ جار مَوَاضِعِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ مستانفہ یا لَعَنّٰھُمْ کی ضمیر مفعول بہ سے حال ہوا۔

واؤ عاطفہ نَسُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل حَظًّا موصوف مِنْ جارہ مَا موصولہ ذُكِّرُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل بِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور کَآئِنًا کے متعلق ہو کر حَظًّا کی صفت، موصوف باصفت مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اس کا عطف ہے یُحَرِّفُوْنَ پر۔ واؤ عاطفہ لَا تَزَالُ فعل ناقص اَنْتَ ضمیر مستتر اس کا اسم تَطَّلِعُ فعل اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل عَلٰی جارہ خَآئِنَةٍ موصوف کَآئِنَةٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور تَطَّلِعُ کے متعلق ہوئے، اِلَّا حرف استثناء قَلِيْلًا موصوف مِنْھُمْ جار با مجرور کَآئِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مِنْھُمْ کی ھُمْ ضمیر سے مستثنیٰ ہے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا کَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ یا اِنْ تَابُوْا وَاَصْلَحُوْا اُعْفُ فعل امر اَنْتَ ضمیر فاعل عَنْھُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ ہو کر معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ اِصْفَحْ فعل امر با اَنْتَ ضمیر فاعل معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم الجلالہ اس کا اسم یُحِبُّ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَلْمُحْسِنِیْنَ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَمِنَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّا نَصٰرٰٓى اَخَذْنَا مِيْثَاقَهُمْ فَنَسُوْا حَظًّا مِّمَّا ذُكِّرُوْا بِهٖ ۠ فَاَغْرَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۭ وَسَوْفَ يُنَبِّئُهُمُ اللّٰهُ بِمَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ ۝

آیت نمبر ۱۴: واؤ استینافیہ مِنْ حرف جار اَلَّذِیْنَ اسم موصول قَالُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل قول اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم نَصَارٰی خبر سے مل کر مقولہ، قول با مقولہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق مقدم اَخَذْنَا کے، اَخَذْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مِیْثَاقَھُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق معطوف علیہ فاء عاطفہ نَسُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل حَظًّا موصوف مِنْ حرف جار مَا اسم موصول ذُكِّرُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل بِهٖ متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور کَآئِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت نَسُوْا کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ معطوف اوّل فاء عاطفہ اَغْرَیْنَا فعل نَا ضمیر فاعل

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بَيْنَهُمُ مرکب اضافی مفعول فیہ، الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ معطوف علیہ با معطوف ذوالحال، اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ظرف مستقر کَائِنَیْنِ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ معطوف یعنی معطوف علیہ با معطوفین جملہ معطوفہ ہوا۔ واؤ استیناف سَوْفَ علامت فعل، يُنَبِّئُ فعل، هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، اللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل، بِ حرف جار، مَا اسم موصول، كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم، يَصْنَعُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل خبر، فعل ناقص با اسم و خبر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ قَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ كَثِيْرًا مِّمَّا كُنْتُمْ تُخْفُوْنَ مِنَ الْكِتٰبِ وَ يَعْفُوْا عَنْ كَثِيْرٍ ۬ؕ قَدْ جَآءَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ نُوْرٌ وَّ كِتٰبٌ مُّبِيْنٌ ۙ﴿۱۵﴾ يَّهْدِيْ بِهِ اللّٰهُ مَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَهٗ سُبُلَ السَّلٰمِ وَ يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ بِاِذْنِهٖ وَ يَهْدِيْهِمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۱۶﴾

آیت نمبر ۱۵، ۱۶: يَا حرف ندا، اُدْعُوْ کے قائم مقام، اُدْعُوْ فعل، اَنَا مستتر فاعل، اَهْلَ الْكِتٰبِ منادیٰ مضاف مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ ندا، قَدْ علامت فعل، جَآءَ فعل، كُمْ ضمیر مفعول بہ، رَسُوْلُنَا مرکب اضافی ذوالحال، يُبَيِّنُ فعل هُوَ ضمیر فاعل، لَكُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، كَثِيْرًا موصوف، مِنْ جار، مَا موصول، كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم، تُخْفُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، هٗ ضمیر منصوب محذوف ذوالحال، مِنَ الْكِتٰبِ جار با مجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت يُبَيِّنُ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ، يَعْفُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل، عَنْ كَثِيْرٍ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف رَسُوْلُنَا کا حال، ذوالحال با حال جَآءَ کا فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جواب ندا، ندا با جواب ندا جملہ انشائیہ ہوا۔ قَدْ علامت فعل، جَآءَ فعل هُوَ ضمیر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ مِنَ اللّٰهِ جار با مجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم نُوْرٌ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ كِتٰبٌ مُّبِيْنٌ مرکب توصیفی ہو کر موصوف، يَهْدِيْ فعل بِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے، اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل، مَنْ اسم موصول، اِتَّبَعَ فعل هُوَ مستتر فاعل، رِضْوَانَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ اول، سُبُلَ السَّلٰمِ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ صلہ، موصول باصلہ اِتَّبَعَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يُخْرِجُ فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ، مِنَ الظُّلُمٰتِ ظرف لغو متعلق اول، اِلَى النُّوْرِ ظرف لغو متعلق ثانی، بِاِذْنِهٖ مُتَلَبِّسًا کے متعلق ہو کر يُخْرِجُ کی ضمیر فاعل سے حال ہے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلقین جملہ فعلیہ معطوف اول، واؤ عاطفہ يَهْدِيْ فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، اِلٰى حرف جار، صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین كِتٰبٌ کی صفت، موصوف با صفت نُوْرٌ کے لئے معطوف، معطوف علیہ با معطوف ذوالحال مؤخر، ذوالحال با حال جَآءَ کا فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مستانفہ ہوا۔

لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ ؕ قُلْ فَمَنْ يَّمْلِكُ مِنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا اِنْ اَرَادَ اَنْ يُّهْلِكَ الْمَسِيْحَ ابْنَ مَرْيَمَ وَ اُمَّهٗ وَ مَنْ فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا ؕ وَ لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ مَا بَيْنَهُمَا ؕ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ؕ وَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۷﴾

آیت نمبر ۱۷: لَام موطئہ لقسم قَدْ علامت فعل كَفَرَ فعل اَلَّذِيْنَ اسم موصول قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ قول، اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم الجلالہ اسم هُوَ ضمیر فصل اَلْمَسِيْحُ موصوف اِبْنُ مَرْيَمَ مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم وخبر مقولہ، قول بامقولہ صلہ، موصول باصلہ كَفَرَ کا فاعل، فعل بافاعل قسم کا جواب، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، فاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے كَذَبُوْا (حاشیہ جمل) مَنْ اسم استفہام مبتدا، يَمْلِكُ فعل هُوَ مستتر فاعل مِنَ اللّٰهِ متعلق شَيْـًٔا مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبر، مبتدا باخبر شرط مقدم، اِنْ حرف شرط اَرَادَ فعل هُوَ مستتر فاعل اَنْ حرف مصدری ونصب يُّهْلِكَ فعل هُوَ مستتر فاعل اَلْمَسِيْحَ ابْنَ مَرْيَمَ مرکب توصیفی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اُمَّهٗ مرکب اضافی معطوف اوّل، واؤ عاطفہ مَنْ اسم موصول فِي الْاَرْضِ ظرف مستقر فعل محذوف ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ ذوالحال جَمِيْعًا حال، ذوالحال باحال معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین يُّهْلِكَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ بتاویل مصدر اَرَادَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ شرط موخر، شرط باجزاء معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔

واؤ استینافیہ لِلّٰهِ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مُلْكُ مضاف اَلسَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ معطوف علیہ بامعطوف مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ يَخْلُقُ فعل هُوَ مستتر فاعل مَا يَشَآءُ موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ معللہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَللّٰهُ اسم الجلالہ مبتدا، قَدِيْرٌ صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ متعلق مقدم سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ مستانفہ ہوا۔

وَ قَالَتِ الْيَهُوْدُ وَ النَّصٰرٰى نَحْنُ اَبْنٰٓؤُا اللّٰهِ وَ اَحِبَّآؤُهٗ ؕ قُلْ فَلِمَ يُعَذِّبُكُمْ بِذُنُوْبِكُمْ ؕ بَلْ اَنْتُمْ بَشَرٌ مِّمَّنْ خَلَقَ ؕ يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَ يُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَ لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ مَا بَيْنَهُمَا وَ اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ﴿۱۸﴾

آیت نمبر ۱۸: واؤ استینافیہ قَالَتْ فعل اَلْيَهُوْدُ وَالنَّصَارٰى معطوف علیہ بامعطوف فاعل، فعل بافاعل قول، نَحْنُ ضمیر مبتدا، اَبْنَآءُ اللّٰهِ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَحِبَّآؤُهٗ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر، مبتدا باخبر مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَمَا تَزْعُمُوْنَ، لِمَ جار بامجرور متعلق مقدم يُعَذِّبُ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ بِذُنُوْبِكُمْ متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ جزاء، شرط باجزاء مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔ بَلْ حرف عطف اس کا معطوف علیہ محذوف ہے لَيْسَتْ دَرَجَتُكُمْ كَمَا زَعَمْتُمْ، اَنْتُمْ ضمیر

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مبتدا بَشَرٌ موصوف مِمَّنْ حرف جار مَنْ خَلَقَ موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق صفت، موصوف باصفت خبر، مبتدا با خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

یَغْفِرُ فعل ھُوَ مستتر فاعل لام حرف جار مَنْ یَّشَآءُ موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یُعَذِّبُ فعل ھُوَ مستتر فاعل مَنْ یَّشَآءُ موصول باصلہ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استیناف لِلّٰہِ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، مُلْکُ مضاف اَلسَّمٰوٰتِ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلْاَرْضِ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ مَا اسم موصول بَیْنَھُمَا مرکب اضافی فعل محذوف ثَبَتَ کا مفعول فیہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِلَیْہِ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، اَلْمَصِیْرُ مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

یٰۤاَھْلَ الْکِتٰبِ قَدْ جَآءَکُمْ رَسُوْلُنَا یُبَیِّنُ لَکُمْ عَلٰی فَتْرَةٍ مِّنَ الرُّسُلِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا جَآءَنَا مِنْۢ بَشِیْرٍ وَّلَا نَذِیْرٍ فَقَدْ جَآءَکُمْ بَشِیْرٌ وَّنَذِیْرٌ ؕ وَاللّٰہُ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ﴿۱۹﴾

آیت نمبر ۱۹: یٰۤاَھْلَ الْکِتٰبِ کی ترکیب آیت نمبر ۱۵ میں گزر چکی ہے اور یہ نداء ہے قَدْ علامت فعل، جَآءَ فعل کُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ رَسُوْلُنَا مرکب اضافی ذوالحال یُبَیِّنُ فعل ھُوَ مستتر فاعل لَکُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، عَلٰی حرف جار فَتْرَةٍ موصوف مِنَ الرُّسُلِ ظرف مستقر کَائِنَةٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور یُبَیِّنُ کے متعلق ثانی ہوئے، اَنْ حرف مصدری و نصب تَقُوْلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول مَا نافیہ جَآءَ فعل نَا ضمیر منصوب مفعول بہ مِنْ حرف جار زائد بَشِیْرٍ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ، نَذِیْرٍ معطوف، معطوف علیہ با معطوف لفظاً مجرور محلاً مرفوع فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ مقولہ، قول با مقولہ بتاویل مصدر یُبَیِّنُ کا مفعول لہ، فعل با فاعل و متعلقین و مفعول لہ رَسُوْلُنَا کا حال، ذوالحال با حال جَآءَ کا فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ نداء کا جواب، نداء با جواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔ فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا اعْتَذَرْتُمْ بِذٰلِکَ قَدْ علامت فعل جَآءَ فعل کُمْ ضمیر مفعول بہ بَشِیْرٌ وَّنَذِیْرٌ معطوف علیہ با معطوف فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ جزاء، شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ وَاللّٰہُ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ کی ترکیب آیت نمبر ۱۷ میں گزر چکی ہے۔

❁ رکوع نمبر ۴ ❁

وَاِذْ قَالَ مُوْسٰی لِقَوْمِہٖ یٰقَوْمِ اذْکُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰہِ عَلَیْکُمْ اِذْ جَعَلَ فِیْکُمْ اَنْۢبِیَآءَ وَجَعَلَکُمْ مُّلُوْکًا ۖ وَّاٰتٰىکُمْ مَّا لَمْ یُؤْتِ اَحَدًا مِّنَ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۲۰﴾

آیت نمبر ۲۰: واؤ استینافیہ اِذْ مضاف قَالَ فعل مُوْسٰی فاعل لِقَوْمِہٖ جار با مجرور متعلق، فعل با فاعل و متعلق قول، یٰقَوْمِ اصل میں یَا قَوْمِیْ تھا اور یہ نداء ہے، اذْکُرُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل نِعْمَةَ مصدر مضاف اَللّٰہِ اسم الجلالہ مضاف الیہ معنی فاعل عَلَیْکُمْ جار با مجرور مصدر کے متعلق ہوئے، اِذْ مضاف جَعَلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل فِیْکُمْ جار با مجرور ظرف مستقر لغو منصوب مفعول بہ اوّل، اَنْۢبِیَآءَ مفعول بہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ جَعَلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل، مُلُوْکًا مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اٰتٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل، مَا موصولہ لَمْ یُؤْتِ فعل ھُوَ ضمیر فاعل اَحَدًا موصوف مِنَ الْعٰلَمِیْنَ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت لَمْ یُؤْتِ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ صلہ، موصول باصلہ مفعول ثانی، فعل با فاعل ومفعولین معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین اِذْ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ نِعْمَۃَ کا، نِعْمَۃَ مصدر مضاف بامضاف الیہ و متعلق ومفعول فیہ اُذْکُرُوْا کا مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ نداء کا جواب، نداء باجواب نداء مقولہ، قول بامقولہ اِذْ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ ہوا فعل محذوف اُذْکُرْ کا، اُذْکُرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل ومفعول فیہ سے مل کر جملہ انشائیہ ہوا۔

یٰقَوْمِ ادْخُلُوا الْاَرْضَ الْمُقَدَّسَۃَ الَّتِیْ کَتَبَ اللّٰہُ لَکُمْ وَ لَا تَرْتَدُّوْا عَلٰۤی اَدْبَارِکُمْ فَتَنْقَلِبُوْا خٰسِرِیْنَ ﴿۲۱﴾

آیت نمبر ۲۱: یٰقَوْمِ اصل میں یَاقَوْمِیْ ہے اور یہ نداء ہے اُدْخُلُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَلْاَرْضَ موصوف اَلْمُقَدَّسَۃَ صفت اوّل اَلَّتِیْ اسم موصول کَتَبَ فعل اَللّٰہُ اسم الجلالہ فاعل لَکُمْ جار با مجرور متعلق، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ صلہ، موصول باصلہ صفت ثانی، موصوف باصفتین اُدْخُلُوْا کا مفعول بہ، فعل امر بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَاتَرْتَدُّوْا فعل نہی واؤ ضمیر ذوالحال عَلٰۤی اَدْبَارِکُمْ جار با مجرور کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل با فاعل جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جواب نداء، نداء باجواب نداء جملہ انشائیہ ہوا۔ فاء عاطفہ تَنْقَلِبُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال خٰسِرِیْنَ حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ ہو کر اس کا عطف تَرْتَدُّوْا سے حاصل ہونے والے مصدر پر ہے۔

قَالُوْا یٰمُوْسٰۤی اِنَّ فِیْھَا قَوْمًا جَبَّارِیْنَ ق وَ اِنَّا لَنْ نَّدْخُلَھَا حَتّٰی یَخْرُجُوْا مِنْھَا ج فَاِنْ یَّخْرُجُوْا مِنْھَا فَاِنَّا دٰخِلُوْنَ ﴿۲۲﴾

آیت نمبر ۲۲: قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل قول، یَا ء حرف نداء اَدْعُوْ کے قائم مقام، اَدْعُوْ فعل اَنَا مستتر فاعل مُوْسٰی محلًا منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ نداء، اِنَّ حرف تحقیق فِیْھَا ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم قَوْمًا جَبَّارِیْنَ مرکب توصیفی اسم مؤخر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم لَنْ نَّدْخُلَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل ھَا ضمیر منصوب مفعول بہ، حَتّٰی حرف غایت وجر یَخْرُجُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْھَا متعلق سے مل کر بتاویل مصدر مجرور (کیونکہ حَتّٰی کے بعد اَنْ مقدر ہے) جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف نداء کا جواب، نداء باجواب نداء مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فاء استیئنافیہ اِنْ حرف شرط یَخْرُجُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْھَا متعلق سے مل کر شرط، فاء جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم دٰخِلُوْنَ اسم فاعل نَحْنُ مستتر فاعل سے مل کر خبر، اِنَّ بااسم وخبر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

قَالَ رَجُلٰنِ مِنَ الَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمَا ادْخُلُوْا عَلَيْهِمُ الْبَابَ ۚ فَاِذَا دَخَلْتُمُوْهُ فَاِنَّكُمْ غٰلِبُوْنَ ۚ وَعَلَى اللّٰهِ فَتَوَكَّلُوْۤا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۲۳﴾

آیت نمبر ۲۳: قَالَ فعل رَجُلَانِ موصوف مِنْ حرف جار اَلَّذِيْنَ اسم موصول يَخَافُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور کَائِنَانِ کے متعلق ہو کر صفت اولیٰ، اَنْعَمَ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل عَلَيْهِمَا متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ صفت ثانیہ، موصوف باصفتین قَالَ کا فاعل، فعل با فاعل قول، اُدْخُلُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل عَلَيْهِمْ متعلق اَلْبَابَ مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔

فاء استینافیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم دَخَلْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل ہُ ضمیر مفعول بہ سے مل کر شرط، فاء جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق كُمْ ضمیر اس کا اسم غَالِبُوْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل سے مل کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ عَلَى اللّٰهِ متعلق مقدم تَوَكَّلُوْا کا، فاء جزائیہ تَوَكَّلُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر معطوف ہے اور معطوف علیہ تُنَبِّهُوْا محذوف ہے پھر معطوف علیہ با معطوف دال بر جزاء، اِنْ حرف شرط كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اسم اور مُؤْمِنِيْنَ خبر سے مل کر شرط، شرط اپنے دال بر جزاء مقدم سے مل کر جملہ شرطیہ ہوا۔

قَالُوْا يٰمُوْسٰۤى اِنَّا لَنْ نَّدْخُلَهَاۤ اَبَدًا مَّا دَامُوْا فِيْهَا فَاذْهَبْ اَنْتَ وَرَبُّكَ فَقَاتِلَاۤ اِنَّا هٰهُنَا قٰعِدُوْنَ ﴿۲۴﴾

آیت نمبر ۲۴: قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل قول، يٰمُوْسٰى یہ نداء ہے اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم لَنْ نَّدْخُلَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ اَبَدًا مبدل منہ مَا ظرفیہ دَامُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم فِيْهَا ظرف مستقر كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر بتاویل مصدر بدل، مبدل منہ با بدل مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر نداء کا جواب، نداء با جواب نداء مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ یا اِنْ اَرَدْتَ قِتَالًا، اِذْهَبْ فعل امر اَنْتَ مستتر مؤکد، اَنْتَ مرفوع منفصل تاکید، مؤکد با تاکید معطوف علیہ، واؤ عاطفہ رَبُّكَ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف فاعل، فعل با فاعل معطوف علیہ، فاء عاطفہ قَاتِلَا فعل امر الف ضمیر فاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم قَاعِدُوْنَ اسم فاعل نَحْنُ مستتر فاعل هٰهُنَا مفعول فیہ مقدم سے مل کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

قَالَ رَبِّ اِنِّىْ لَاۤ اَمْلِكُ اِلَّا نَفْسِىْ وَاَخِىْ فَافْرُقْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ ﴿۲۵﴾

آیت نمبر ۲۵: قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، رَبِّ اصل میں يَا رَبِّىْ ہے اور یہ نداء ہے اِنَّ حرف تحقیق یاء ضمیر اس کا اسم لَا اَمْلِكُ فعل اَنَا مستتر فاعل اِلَّا حرف استثناء نَفْسِىْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَخِىْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مستثنیٰ مفرغ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ خبر، اِنَّ با اسم و خبر جواب نداء، نداء با جواب نداء مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

خبریہ ہوا۔ فاء عاطفہ اُفْرُقْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل بَیْنَنَا مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ بَیْنَ مضاف اَلْقَوْمِ الْفَاسِقِیْنَ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مفعول فیہ، فعل بافاعل ومفعول فیہ جملہ انشائیہ معطوفہ ہوا۔

قَالَ فَاِنَّهَا مُحَرَّمَةٌ عَلَيْهِمْ اَرْبَعِيْنَ سَنَةً ۚ يَتِيْهُوْنَ فِي الْاَرْضِ ؕ فَلَا تَاْسَ عَلَى الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ ﴿۲۶﴾

آیت نمبر ۲۶: قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، فاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِنْ کُنْتَ ضَیِّقًا بِھِمْ، اِنَّ حرف تحقیق ھَا ضمیر اس کا اسم مُحَرَّمَۃٌ اسم مفعول ھِیَ مستتر نائب فاعل عَلٰی حرف جارہ ھِمْ ضمیر ذوالحال یَتِیْھُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فِی الْاَرْضِ متعلق سے مل کر حال، ذوالحال باحال مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے اَرْبَعِیْنَ سَنَۃً ممیز باتمیز مفعول فیہ، اسم مفعول بانائب فاعل و متعلق ومفعول فیہ خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط محذوف باجزاء مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا عَرَفْتَ ھٰذَا، لَا تَاْسَ فعل نہی اَنْتَ مستتر فاعل عَلٰی جارہ اَلْقَوْمِ الْفَاسِقِیْنَ مرکب توصیفی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ جزاء، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

رکوع نمبر ۵

وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ ابْنَيْ اٰدَمَ بِالْحَقِّ ۘ اِذْ قَرَّبَا قُرْبَانًا فَتُقُبِّلَ مِنْ اَحَدِهِمَا وَلَمْ يُتَقَبَّلْ مِنَ الْاٰخَرِ ؕ قَالَ لَاَقْتُلَنَّكَ ؕ قَالَ اِنَّمَا يَتَقَبَّلُ اللّٰهُ مِنَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۲۷﴾

آیت نمبر ۲۷: واؤ استینافیہ اُتْلُ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل عَلَیْھِمْ ظرف لغو متعلق ہوئے نَبَاَ مصدر مضاف اِبْنَیْ اٰدَمَ مرکب اضافی مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول بہ بِالْحَقِّ ظرف مستقر مُتَلَبِّسًا کے متعلق ہو کر اُتْلُ کی ضمیر فاعل سے حال ہے، فعل بافاعل و متعلق ومفعول بہ جملہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔ اِذْ مضاف قَرَّبَا فعل الف ضمیر فاعل قُرْبَانًا مفعول مطلق سے مل کر معطوف علیہ، فاء عاطفہ تُقُبِّلَ فعل مجہول ھُوَ مستتر نائب فاعل مِنْ اَحَدِھِمَا متعلق سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَمْ یُتَقَبَّلْ فعل مجہول ھُوَ مستتر نائب فاعل مِنَ الْاٰخَرِ متعلق سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف پھر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ نَبَاَ مصدر کا۔ قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، لام موطئۃ للقسم اور قسم محذوف ہے اَقْتُلَنَّ فعل اَنَا مستتر فاعل کَ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر جواب قسم، قسم باجواب قسم مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ قَالَ فعل ھُوَ مستتر سے مل کر قول، اِنَّ مکفوفہ اور مَا کافہ یَتَقَبَّلُ فعل اَللّٰہُ اسم الجلالہ فاعل مِنَ الْمُتَّقِیْنَ متعلق سے مل کر مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

لَىِٕنْۢ بَسَطْتَّ اِلَيَّ يَدَكَ لِتَقْتُلَنِيْ مَاۤ اَنَا بِبَاسِطٍ يَّدِيَ اِلَيْكَ لِاَقْتُلَكَ ۚ اِنِّيْۤ اَخَافُ اللّٰهَ رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۲۸﴾

آیت نمبر ۲۸: لام موطئۃ للقسم اور قسم محذوف ہے اِنْ حرف شرط بَسَطْتَ فعل تاء مفتوحہ ضمیر فاعل اِلَیَّ جار بامجرور متعلق اوّل، یَدَکَ مرکب اضافی مفعول بہ لام جارہ برائے تعلیل اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تَقْتُلَ فعل اَنْتَ مستتر فاعل نون وقایہ، یاء ضمیر منصوب

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مفعول بہ سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق ثانی ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلقین شرط، مَا حجازیہ اَنَا ضمیر اسم بَآء حرف جار زائدہ بَاسِطٍ اسم فاعل اَنَا مستتر فاعل یَدِیَ مرکب اضافی مفعول بہ اِلَیْکَ متعلق اوّل ہوئے، لَام حرف جار اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے اَقْتُلَ فعل اَنَا مستتر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق ثانی ہوئے، اسم فاعل بافاعل ومفعول بہ و متعلقین شبہ جملہ لفظاً مجرور محلاً منصوب خبر، مَا با اسم وخبر جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ اور شرط کی جزاء محذوف ہے اِنَّ حرف تحقیق یَآء ضمیر اس کا اسم اَخَافُ فعل اَنَا مستتر فاعل اللّٰہَ موصوف یا مبدل منہ رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ مرکب اضافی صفت یا بدل، دونوں مل کر مفعول بہ، تینوں مل کر خبر، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنِّیْۤ اُرِیْدُ اَنْ تَبُوْٓءَاْ بِاِثْمِیْ وَ اِثْمِكَ فَتَكُوْنَ مِنْ اَصْحٰبِ النَّارِ ۚ وَ ذٰلِكَ جَزٰٓؤُا الظّٰلِمِیْنَ ۝۲۹

آیت نمبر ۲۹: اِنَّ حرف تحقیق یَآء ضمیر محلاً منصوب اس کا اسم اُرِیْدُ فعل اَنَا مستتر اس کا فاعل اَنْ حرف مصدری ونصب تَبُوْٓءَ فعل اَنْتَ ضمیر مستتر ذوالحال بَآء حرف جار اِثْمِیْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِثْمِکَ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ تَکُوْنَ فعل ناقص اَنْتَ مستتر اس کا اسم مِنْ اَصْحَابِ النَّارِ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص بااسم وخبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف بتاویل مصدر مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ اِنَّ کی خبر اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ ذَالِکَ اسم اشارہ مبتدا جَزَآؤُ الظَّالِمِیْنَ مرکب اضافی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فَطَوَّعَتْ لَهٗ نَفْسُهٗ قَتْلَ اَخِیْهِ فَقَتَلَهٗ فَاَصْبَحَ مِنَ الْخٰسِرِیْنَ ۝۳۰ فَبَعَثَ اللّٰهُ غُرَابًا یَّبْحَثُ فِی الْاَرْضِ لِیُرِیَهٗ كَیْفَ یُوَارِیْ سَوْءَةَ اَخِیْهِ ؕ قَالَ یٰوَیْلَتٰۤى اَعَجَزْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِثْلَ هٰذَا الْغُرَابِ فَاُوَارِیَ سَوْءَةَ اَخِیْ ۚ فَاَصْبَحَ مِنَ النّٰدِمِیْنَ ۝۳۱

آیت نمبر ۳۰، ۳۱: فَاء استینافیہ طَوَّعَتْ فعل لَهٗ جار با مجرور متعلق نَفْسُهٗ مرکب اضافی فاعل قَتْلَ اَخِیْهِ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ اَصْبَحَ فعل ناقص هُوَ ضمیر مستتر اس کا اسم مِنَ الْخَاسِرِیْنَ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ معطوف ثانی، فَاء عاطفہ بَعَثَ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل غُرَابًا موصوف یَبْحَثُ فعل هُوَ مستتر فاعل فِی الْاَرْضِ جار با مجرور متعلق اوّل ہوئے، لَام جارہ برائے تعلیل اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یُرِیَ فعل هُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ کَیْفَ کَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر یُوَارِیْ کے فاعل کا حال مقدم یُوَارِیْ فعل هُوَ مستتر فاعل سَوْءَةَ اَخِیْهِ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ محلاً منصوب مفعول ثانی، فعل بافاعل ومفعولین بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور یَبْحَثُ کے متعلق ثانی ہوئے، فعل بافاعل و متعلقین جملہ فعلیہ غُرَابًا کی صفت، موصوف باصفت بَعَثَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ معطوف ثالث، معطوف علیہ بامعطوفات ثلاثہ جملہ معطوفہ ہوا۔

قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، یَاء حرف نداء اَدْعُوْ کے قائم مقام، اَدْعُوْ فعل اَنَا ضمیر مستتر فاعل وَیْلَتٰی مرکب اضافی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ نداء، ھمزہ حرف استفہام عَجَزْتُ فعل تاء مضمومہ ضمیر فاعل اَنْ حرف مصدری ونصب اَکُوْنَ فعل ناقص اَنَا مستتر اس کا اسم مِثْلَ ھٰذَا الْغُرَابِ مرکب اضافی خبر، فعل ناقص با اسم وخبر معطوف علیہ، فاء عاطفہ اُوَارِیَ فعل اَنَا مستتر فاعل سَوْءَۃَ اَخِیْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف بتاویل مصدر منصوب بنزع الخافض مجرور، جار با مجرور عَجَزْتُ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل ومتعلق جملہ انشائیہ نداء کا جواب، نداء با جواب نداء مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فاء استینافیہ اَصْبَحَ فعل ناقص ھُوَ مستتر اس کا اسم مِنَ النّٰدِمِیْنَ کَآئِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ فعلیہ مستانفہ ہوا۔

مِنْ اَجْلِ ذٰلِكَ ۚ كَتَبْنَا عَلٰى بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اَنَّهٗ مَنْ قَتَلَ نَفْسًاۢ بِغَيْرِ نَفْسٍ اَوْ فَسَادٍ فِي الْاَرْضِ فَكَاَنَّمَا قَتَلَ النَّاسَ جَمِيْعًا ؕ وَمَنْ اَحْيَاهَا فَكَاَنَّمَآ اَحْيَا النَّاسَ جَمِيْعًا ؕ وَلَقَدْ جَآءَتْهُمْ رُسُلُنَا بِالْبَيِّنٰتِ ثُمَّ اِنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ فِي الْاَرْضِ لَمُسْرِفُوْنَ ﴿۳۲﴾

آیت نمبر ۳۲: مِنْ حرف جار اَجْلِ ذٰلِکَ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق اوّل مقدم کَتَبْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَلٰی بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ ظرف لغو متعلق ثانی، اَنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم مَنْ اسم شرط مبتدا، قَتَلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل نَفْسًا مفعول بہ باء حرف جار غَیْرِ نَفْسٍ مرکب اضافی معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ فَسَادٍ موصوف فِی الْاَرْضِ ظرف مستقر کَآئِنٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت معطوف، معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور قَتَلَ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل ومفعول بہ ومتعلق شرط، فاء جزائیہ کَاَنَّ مکفوفہ مَا کافہ قَتَلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَلنَّاسَ ذوالحال جَمِیْعًا حال، ذوالحال با حال مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ جزاء، شرط با جزاء مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَنْ اسم شرط مبتدا، اَحْیٰی فعل با واؤ ضمیر فاعل ھُوَ مستتر فاعل ھَا ضمیر مفعول بہ سے مل کر شرط، فاء جزائیہ کَاَنَّ مکفوفہ، مَا کافہ اَحْیٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل اَلنَّاسَ ذوالحال جَمِیْعًا حال، ذوالحال با حال مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف اَنَّ کی خبر، اَنَّ با اسم وخبر کَتَبْنَا کا مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ ومتعلقین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

واؤ استینافیہ لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل، جَآءَتْ فعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ رُسُلُنَا مرکب اضافی فاعل بِالْبَیِّنَاتِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ جواب قسم، قسم با جواب قسم جملہ قسمیہ ہوا۔ ثُمَّ عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق کَثِیْرًا موصوف مِنْھُمْ کَآئِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت ذوالحال بَعْدَ ذٰلِکَ مرکب اضافی کَآئِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال اِنَّ کا اسم فِی الْاَرْضِ جار با مجرور متعلق مقدم، لَام مزحلقہ مُسْرِفُوْنَ اسم فاعل ھُمْ ضمیر مستتر فاعل ومتعلق مقدم سے مل کر خبر، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ جواب قسم پر معطوف ہے۔

اِنَّمَا جَزٰٓؤُا الَّذِيْنَ يُحَارِبُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَسْعَوْنَ فِي الْاَرْضِ فَسَادًا اَنْ يُّقَتَّلُوْٓا اَوْ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

يُصَلَّبُوْٓا اَوْ تُقَطَّعَ اَيْدِيْهِمْ وَ اَرْجُلُهُمْ مِّنْ خِلَافٍ اَوْ يُنْفَوْا مِنَ الْاَرْضِ ؕ ذٰلِكَ لَهُمْ خِزْيٌ فِي الدُّنْيَا وَلَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۳۳﴾

يٰۤاَيُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ؕ وَاِنْ لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهٗ ؕ وَاللّٰهُ يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۶۷﴾

آیت نمبر ۶۷: يَا حرف نداء اَدْعُوْ کے قائم مقام، اَدْعُوْ فعل اَنَا مستتر فاعل، اَيُّ موصوف هَا برائے تنبیہ اَلرَّسُوْلُ صفت، موصوف باصفت محلاً منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ نداء، بَلِّغْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل مَا اسم موصول اُنْزِلَ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل اِلَيْكَ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ صلہ، موصول باصلہ ذوالحال مِنْ رَّبِّكَ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال بَلِّغْ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ نداء کا جواب، نداء باجواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ یا عاطفہ اِنْ حرف

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

شرط،لَمْ تَفْعَلْ فعل اَنْتَ مستترفاعل سے مل کر شرط،فاء جزائیہ مَانافیہ بَلَّغْتَ فعل تَاء مفتوحہ فاعل رِسَالَتَہٗ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جزاء،شرط باجزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔وَاؤ استینافیہ اَللّٰہُ اسم الجلالہ مبتدا،یَعْصِمُ فعل ھُوَ مستترفاعل کَ ضمیر مفعول بہ مِنَ النَّاسِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبر،مبتدا باخبر جملہ اسمیہ مستانفہ ہوا۔اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ اسم الجلالہ اس کا اسم لَایَھْدِیْ فعل ھُوَ مستترفاعل اَلْقَوْمَ الظّٰلِمِیْنَ مرکب توصیفی مفعول بہ،فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبر،اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

قُلْ یٰۤاَھْلَ الْکِتٰبِ لَسْتُمْ عَلٰی شَیْءٍ حَتّٰی تُقِیْمُوا التَّوْرٰىةَ وَ الْاِنْجِیْلَ وَ مَاۤ اُنْزِلَ اِلَیْکُمْ مِّنْ رَّبِّکُمْ ؕ وَ لَیَزِیْدَنَّ کَثِیْرًا مِّنْهُمْ مَّاۤ اُنْزِلَ اِلَیْکَ مِنْ رَّبِّکَ طُغْیَانًا وَّ کُفْرًا ۚ فَلَا تَاْسَ عَلَی الْقَوْمِ الْکٰفِرِیْنَ ﴿۶۸﴾

آیت نمبر ۶۸:قُلْ فعل امر اَنْتَ مستترفاعل سے مل کر قول،یَاء حرف ندا اَدْعُوْ کے قائم مقام،اَدْعُوْ فعل اَنَا ضمیر مستترفاعل اَھْلَ الْکِتَابِ منادی مضاف مفعول بہ،فعل بافاعل ومفعول بہ نداء،لَسْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم عَلٰی شَیْءٍ ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر خبر،حَتّٰی حرف جار اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تُقِیْمُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَلتَّوْرٰۃَ معطوف علیہ،واؤ عاطفہ اَلْاِنْجِیْلَ معطوف اول،واؤ عاطفہ مَا اسم موصول اُنْزِلَ فعل مجہول ھُوَ مستتر نائب فاعل اِلَیْکُمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ صلہ،موصول باصلہ ذوالحال مِنْ رَّبِّکُمْ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال،ذوالحال باحال معطوف ثانی،معطوف علیہ بامعطوفین بتاویل مصدر مجرور،جار بامجرور لَسْتُمْ کی خبر کے متعلق ہوئے،فعل ناقص با اسم وخبر ومتعلق جملہ فعلیہ جواب نداء،نداء باجواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔وَلَیَزِیْدَنَّ کَثِیْرًا مِّنْھُمْ مَّا اُنْزِلَ اِلَیْکَ مِنْ رَّبِّکَ طُغْیَانًا وَّکُفْرًا کی ترکیب آیت نمبر ۶۴ میں دیکھئے۔فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا عَلِمْتَ ھٰذَا،یا اِنْ حَصَلَ لَھُمْ ذٰلِکَ،لَا تَاْسَ فعل نہی اَنْتَ مستترفاعل عَلٰی حرف جار اَلْقَوْمَ الْکَافِرِیْنَ مرکب توصیفی مجرور،جار بامجرور متعلق ہوئے،فعل بافاعل ومتعلق جزاء،شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ الَّذِیْنَ هَادُوْا وَ الصّٰبِـُٔوْنَ وَ النَّصٰرٰی مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَ الْیَوْمِ الْاٰخِرِ وَ عَمِلَ صَالِحًا فَلَا خَوْفٌ عَلَیْهِمْ وَ لَا هُمْ یَحْزَنُوْنَ ﴿۶۹﴾

آیت نمبر ۶۹:اِنَّ حرف تحقیق اَلَّذِیْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ،موصول باصلہ معطوف علیہ،واؤ عاطفہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول ھَادُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ،موصول باصلہ معطوف اول،واؤ عاطفہ اَلصّٰبِئُوْنَ مبتدا ہے اور اس کی خبر محذوف ہے حُکْمُھُمْ کَذَا،مبتدا باخبر معطوف ثالث،معطوف علیہ بامعطوفات ثلاثہ مبدل منہ،مَنْ اسم موصول اٰمَنَ فعل ھُوَ مستترفاعل بَاء حرف جار اَللّٰہِ اسم الجلالہ معطوف علیہ،واؤ عاطفہ اَلْیَوْمِ الْاٰخِرِ مرکب توصیفی معطوف،معطوف علیہ بامعطوف مجرور،جار بامجرور اٰمَنَ کے متعلق ہوئے،فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ معطوف علیہ،واؤ عاطفہ عَمِلَ فعل ھُوَ مستترفاعل صَالِحًا مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ معطوف،معطوف علیہ بامعطوف صلہ،موصول باصلہ بدل،مبدل منہ بابدل اِنَّ کا اسم متضمن معنٰی شرط،فَاء جزائیہ لَا نافیہ خَوْفٌ مبتدا،عَلَیْھِمْ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر،مبتدا باخبر جملہ اسمیہ معطوف علیہ،واؤ عاطفہ لَا زائدہ ھُمْ ضمیر

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مبتدا،یَحْزَنُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، مبتدا باخبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

لَقَدْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ وَ اَرْسَلْنَآ اِلَيْهِمْ رُسُلًا ۭ كُلَّمَا جَآءَهُمْ رَسُوْلٌۢ بِمَا لَا تَهْوٰٓى اَنْفُسُهُمْ ۙ فَرِيْقًا كَذَّبُوْا وَ فَرِيْقًا يَّقْتُلُوْنَ ۝

آیت نمبر ۷۰: لَام مؤطّئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ حرف تحقیق اَخَذْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مِیْثَاقَ بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَرْسَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اِلَیْهِمْ ظرف لغو متعلق ہوئے رُسُلًا مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف قسم کا جواب، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ کُلَّمَا ظرف زمان متضمن معنٰی شرط مفعول فیہ مقدم جَآءَ فعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ مقدم، رَسُوْلٌ فاعل بَاء حرف جار مَا اسم موصول لَاتَهْوٰی فعل اَنْفُسُهُمْ مرکب اضافی فاعل سے مل کر صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور جَآءَ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ شرط، اور اس کی جزاء محذوف ہے عَصَوْهُ، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ فَرِیْقًا یہ کَذَّبُوْا کا مفعول بہ مقدم ہے، کَذَّبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اور مفعول بہ مقدم سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ فَرِیْقًا مفعول بہ مقدم، یَقْتُلُوْنَ کا، یَقْتُلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل و مفعول بہ مقدم سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ مستانفہ ہوا۔

وَ حَسِبُوْٓا اَلَّا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ فَعَمُوْا وَ صَمُّوْا ثُمَّ تَابَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ثُمَّ عَمُوْا وَ صَمُّوْا كَثِيْرٌ مِّنْهُمْ ۭ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ۝

آیت نمبر ۷۱: واؤ عاطفہ حَسِبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَنْ حرف مصدری و نصب لَاتَکُوْنَ فعل تام فِتْنَةٌ فاعل سے مل کر بتاویل مصدر مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ عَمُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ معطوف اول، واؤ عاطفہ صَمُّوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ معطوف ثانی، ثُمَّ عاطفہ تَابَ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل عَلَیْهِمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ عَمُوْا فعل واؤ ضمیر مبدل منہ کَثِیْرٌ مِّنْهُمْ بدل، مبدل منہ با بدل فاعل، فعل با فاعل معطوف اوّل، واؤ عاطفہ صَمُّوْا فعل واؤ ضمیر مبدل منہ کَثِیْرٌ موصوف مِنْهُمْ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت بدل، مبدل منہ با بدل فاعل، فعل با فاعل معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین حَسِبُوْا کا معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ جملہ معطوفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَللّٰهُ اسم الجلالہ مبتدا، بَصِیْرٌ صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل بَاء جارہ مَا اسم موصول یَعْمَلُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، صیغہ صفت با فاعل و متعلق شبہ جملہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ مستانفہ ہوا۔

لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ ۭ وَقَالَ الْمَسِيْحُ يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اعْبُدُوا اللّٰهَ رَبِّيْ وَ رَبَّكُمْ ۭ اِنَّهٗ مَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدْ حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ وَ مَاْوٰىهُ النَّارُ ۭ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ۝

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر ۷۲: لَام مؤطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل کَفَرَ فعل اَلَّذِیْنَ اسم موصول قَالُوْا فعل باواوٗ ضمیر فاعل قول، اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ اسم الجلالہ اس کا اسم ھُوَ ضمیر مبتدا، اَلْمَسِیْحُ مبدل منہ اِبْنُ مَرْیَمَ مرکب اضافی بدل، مبدل منہ بابدل خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ خبر، اِنَّ با اسم و خبر مقولہ، قول بامقولہ صلہ، موصول باصلہ کَفَرَ کا فاعل، فعل بافاعل قسم کا جواب، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ ہوا۔ واوٗ حالیہ قَالَ فعل اَلْمَسِیْحُ فاعل سے مل کر قول، یَا حرف نداء اَدْعُوْ کے قائم مقام، اَدْعُوْ فعل اَنَا ضمیر مستتر فاعل بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر نداء، اُعْبُدُوا فعل امر واوٗ ضمیر فاعل اَللّٰہَ اسم الجلالہ مبدل منہ، رَبِّیْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واوٗ عاطفہ رَبَّکُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف بدل، مبدل منہ بابدل مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ نداء کا جواب، نداء با جواب نداء مقولہ، قول بامقولہ قَالُوْا کی واوٗ ضمیر فاعل سے حال ہے۔

اِنَّ حرف تحقیق، ہٗ ضمیر اس کا اسم مَنْ اسم شرط مبتدا، یُشْرِکْ فعل ھُوَ مستتر فاعل بِاللّٰہِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ شرط، فاء جزائیہ قَدْ علامت فعل حَرَّمَ فعل اَللّٰہُ اسم الجلالہ فاعل عَلَیْہِ متعلق اَلْجَنَّۃَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ جزاء، شرط با جزاء مَنْ کی خبر. مبتدا با خبر جملہ اسمیہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واوٗ استینافیہ مَاْوٰہُ مرکب اضافی مبتدا، اَلنَّارُ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واوٗ عاطفہ مَا نافیہ لِلظّٰلِمِیْنَ ظرف مستقر کَآئِنُوْنَ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، مِنْ حرف جار زائد اَنْصَارٍ لفظاً مجرور محلاً مرفوع خبر، مبتدا با خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

لَقَدْ کَفَرَ الَّذِیْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰہَ ثَالِثُ ثَلٰثَۃٍ ۘ وَمَا مِنْ اِلٰہٍ اِلَّآ اِلٰہٌ وَّاحِدٌ ؕ وَاِنْ لَّمْ یَنْتَھُوْا عَمَّا یَقُوْلُوْنَ لَیَمَسَّنَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا مِنْھُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ ﴿۷۳﴾

آیت نمبر ۷۳: لَام مؤطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل کَفَرَ فعل اَلَّذِیْنَ اسم موصول قَالُوْا فعل باواوٗ ضمیر فاعل قول، اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ اسم الجلالہ اس کا اسم ثَالِثُ ثَلٰثَۃٍ مرکب اضافی خبر، اِنَّ با اسم و خبر مقولہ، قول بامقولہ صلہ، موصول باصلہ کَفَرَ کا فاعل، فعل بافاعل قسم کا جواب، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ واوٗ حالیہ مَا نافیہ مِنْ حرف جار زائد اِلٰہٍ لفظاً مجرور محلاً مرفوع مبتدا، اور خبر محذوف ہے مَوْجُوْدٌ، اور اِلَّا حرف استثناء اِلٰہٌ وَّاحِدٌ مرکب توصیفی مَوْجُوْدٌ میں مستتر ھُوَ ضمیر سے بدل ہے پھر مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ قَالُوْا کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔

واوٗ استینافیہ اِنْ حرف شرط لَمْ یَنْتَھُوْا فعل واوٗ ضمیر فاعل عَنْ جارہ مَا اسم موصول یَقُوْلُوْنَ فعل باواوٗ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ شرط، لَام قسم محذوف کے جواب میں ہے کیونکہ اِنْ لَّمْ یَنْتَھُوْا اصل میں لَئِنْ لَّمْ یَنْتَھُوْا ہے، یَمَسَّنَّ فعل اَلَّذِیْنَ کَفَرُوْا موصول باصلہ ذوالحال مِنْھُمْ ظرف مستقر کَآئِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ مقدم عَذَابٌ اَلِیْمٌ مرکب توصیفی فاعل مؤخر، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ قسم محذوف کا جواب ہے، اور شرط محذوف ہے جس پر جواب قسم دال ہے۔

اَفَلَا یَتُوْبُوْنَ اِلَی اللّٰہِ وَیَسْتَغْفِرُوْنَہٗ ؕ وَاللّٰہُ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ﴿۷۴﴾

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر ۷۴: ھَمزہ حرف استفہام فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے لَایَنْتَھُوْنَ، یَتُوْبُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَی اللّٰہِ متعلق سے مل کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ یَسْتَغْفِرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جملہ معطوفہ انشائیہ ہوا۔ واؤ حالیہ اَللّٰہُ اسم الجلالہ مبتدا، غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ دو خبر، مبتدا باخبرین جملہ اسمیہ خبریہ یَسْتَغْفِرُوْنَہٗ کی ضمیر مفعول بہ سے حال ہے۔

مَا الْمَسِیْحُ ابْنُ مَرْیَمَ اِلَّا رَسُوْلٌ ۚ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ؕ وَ اُمُّهٗ صِدِّیْقَةٌ ؕ كَانَا یَاْكُلٰنِ الطَّعَامَ ؕ اُنْظُرْ كَیْفَ نُبَیِّنُ لَهُمُ الْاٰیٰتِ ثُمَّ انْظُرْ اَنّٰى یُؤْفَكُوْنَ ۝۷۵

آیت نمبر ۷۵: مَا نافیہ اَلْمَسِیْحُ مبدل منہ اِبْنُ مَرْیَمَ مرکب اضافی بدل، مبدل منہ بابدل مبتدا اِلَّا حرف استثناء رَسُوْلٌ موصوف قَدْ حرف تحقیق خَلَتْ فعل مِنْ قَبْلِہٖ ظرف لغو متعلق ہوئے اَلرُّسُلُ فاعل، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صفت، موصوف باصفت خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اُمُّہٗ مرکب اضافی مبتدا صِدِّیْقَۃٌ خبر، مبتدا باخبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ کَانَا فعل ناقص الف ضمیر اس کا اسم یَاْکُلٰنِ فعل الف ضمیر فاعل اَلطَّعَامَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، فعل ناقص بااسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اُنْظُرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل کَیْفَ کَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر بواسطہ موصوف محذوف تَبْیِیْنًا کے مفعول مطلق مقدم نُبَیِّنُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل لَھُمْ متعلق اَلْاٰیٰتِ مفعول بہ سے مل کر محلاً منصوب اُنْظُرْ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف علیہ، ثُمَّ حرف عطف اُنْظُرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل اَنّٰی کَائِنِیْنَ کا مفعول فیہ ہو کر حال مقدم یُؤْفَکُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل ذوالحال مؤخر، فعل مجہول بانائب فاعل محلاً منصوب اُنْظُرْ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

قُلْ اَتَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا یَمْلِكُ لَكُمْ ضَرًّا وَّ لَا نَفْعًا ؕ وَ اللّٰهُ هُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۝۷۶

آیت نمبر ۷۶: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، ھَمزہ حرف استفہام تَعْبُدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ حرف جار دُوْنِ اللّٰہِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم، مَا اسم موصول لَایَمْلِکُ فعل ھُوَ مستتر فاعل لَکُمْ ظرف لغو متعلق ہوئے ضَرًّا معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ نَفْعًا معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ صلہ، موصول باصلہ ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال تَعْبُدُوْنَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔ واؤ حالیہ اَللّٰہُ اسم الجلالہ مبتدا، ھُوَ ضمیر فصل اَلسَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ دو خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ لَایَمْلِکُ کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔

قُلْ یٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لَا تَغْلُوْا فِیْ دِیْنِكُمْ غَیْرَ الْحَقِّ وَ لَا تَتَّبِعُوْۤا اَهْوَآءَ قَوْمٍ قَدْ ضَلُّوْا مِنْ قَبْلُ وَ اَضَلُّوْا كَثِیْرًا وَّ ضَلُّوْا عَنْ سَوَآءِ السَّبِیْلِ ۝۷۷

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر ۷۷: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، یٰٓاَھْلَ الْکِتٰبِ کی ترکیب آیت نمبر ۶۸ میں دیکھیے اور یہ نداء ہے لَا تَغْلُوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل فِیْ دِیْنِکُمْ ظرف لغو متعلق ہوئے غَیْرَ الْحَقِّ مرکب اضافی غُلُوًّا موصوف محذوف کے واسطہ سے مفعول مطلق، فعل با فاعل و متعلق و مفعول مطلق جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا تَتَّبِعُوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل اَھْوَآءَ مضاف قَوْمٍ موصوف قَدْ علامت فعل، ضَلُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ قَبْلُ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَضَلُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل کَثِیْرًا مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ ضَلُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عَنْ جارہ سَوَآءِ السَّبِیْلِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین قَوْمٍ کی صفت، موصوف با صفت اَھْوَآءَ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ لَا تَتَّبِعُوْا کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف نداء کا جواب، نداء با جواب نداء مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔

رکوع نمبر ۱۱

لُعِنَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا مِنْۢ بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ عَلٰی لِسَانِ دَاوٗدَ وَ عِیْسَی ابْنِ مَرْیَمَ ؕ ذٰلِکَ بِمَا عَصَوْا وَّ کَانُوْا یَعْتَدُوْنَ ﴿۷۸﴾

آیت نمبر ۷۸: لُعِنَ فعل مجہول اَلَّذِیْنَ اسم موصول کَفَرُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول با صلہ ذوالحال مِنْ بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ ظرف مستقر کَآئِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال نائب فاعل، عَلٰی حرف جار لِسَانِ مضاف دَاوٗدَ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عِیْسٰی موصوف اِبْنِ مَرْیَمَ مرکب اضافی صفت، موصوف با صفت معطوف، معطوف علیہ با معطوف لِسَانِ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مجرور، جار با مجرور لُعِنَ کے متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ ذٰلِکَ اسم اشارہ مبتداء، بَاء حرف جار مَا اسم موصول عَصَوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل، معطوف علیہ، واؤ عاطفہ کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم یَعْتَدُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل خبر، فعل ناقص با اسم و خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَآئِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

کَانُوْا لَا یَتَنَاھَوْنَ عَنْ مُّنْکَرٍ فَعَلُوْہُ ؕ لَبِئْسَ مَا کَانُوْا یَفْعَلُوْنَ ﴿۷۹﴾

آیت نمبر ۷۹: کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم لَا یَتَنَاھَوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل عَنْ حرف جار مُنْکَرٍ موصوف فَعَلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ سے مل کر صفت، موصوف با صفت مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ لَام مؤطۃ للقسم اور قسم محذوف ہے، بِئْسَ فعل الذم مَا اسم موصول کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم یَفْعَلُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل خبر، فعل ناقص با اسم و خبر صلہ، موصول با صلہ بِئْسَ کا فاعل، فعل با فاعل خبر مقدم، اور مبتدا مخصوص بالذم محذوف ہے فِعْلُھُمْ، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ قسم محذوف کا جواب، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

تَرٰی کَثِیْرًا مِّنْھُمْ یَتَوَلَّوْنَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا ؕ لَبِئْسَ مَا قَدَّمَتْ لَھُمْ اَنْفُسُھُمْ اَنْ سَخِطَ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اللّٰهُ عَلَیْهِمْ وَفِی الْعَذَابِ هُمْ خٰلِدُوْنَ ﴿۸۰﴾

آیت نمبر ۸۰: تَرٰی فعل اَنْتَ مستتر فاعل کَثِیْرًا موصوف مِنْهُمْ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت ذوالحال یَتَوَلَّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَلَّذِیْنَ کَفَرُوْا موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ حال ہے (کیونکہ رؤیت بصریہ مراد ہے) ذوالحال باحال تَرٰی کا مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ مستانفہ ہوا۔ لَامِ مُوَطِّئَہ للقسم اور قسم محذوف ہے بِئْسَ فعل ذم مَا اسم موصول قَدَّمَتْ فعل لَهُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے اَنْفُسُهُمْ مرکب اضافی فاعل، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ صلہ، موصول باصلہ فاعل، فعل با فاعل قسم کا جواب، قسم باجواب قسم خبر مقدم، اَنْ حرف مصدری سَخِطَ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل عَلَیْهِمْ متعلق سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ هُمْ ضمیر مبتدا، خَالِدُوْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل فِی الْعَذَابِ متعلق سے مل کر خبر، مبتدا باخبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف بتاویل مصدر مخصوص بالذم مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔

وَلَوْ كَانُوْا یُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالنَّبِیِّ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَیْهِ مَا اتَّخَذُوْهُمْ اَوْلِیَآءَ وَلٰكِنَّ كَثِیْرًا مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿۸۱﴾

آیت نمبر ۸۱: واؤ استینافیہ لَوْ حرف شرط کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم یُؤْمِنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِاؔ حرف جار اَللّٰهِ اسم الجلالہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلنَّبِیِّ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ مَا اسم موصول اُنْزِلَ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل اِلَیْهِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ صلہ، موصول باصلہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین مجرور، جار با مجرور یُؤْمِنُوْنَ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبر، فعل ناقص با اسم وخبر شرط، مَا نافیہ اِتَّخَذُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل، اَوْلِیَآءَ مفعول بہ ثانی سے مل کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔ واؤ حالیہ لٰكِنَّ حرف مشبہ بالفعل کَثِیْرًا موصوف مِنْهُمْ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت اسم فَاسِقُوْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل سے مل کر خبر، لٰكِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ اِتَّخَذُوْا کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔

لَتَجِدَنَّ اَشَدَّ النَّاسِ عَدَاوَةً لِّلَّذِیْنَ اٰمَنُوا الْیَهُوْدَ وَالَّذِیْنَ اَشْرَكُوْا ۚ وَلَتَجِدَنَّ اَقْرَبَهُمْ مَّوَدَّةً لِّلَّذِیْنَ اٰمَنُوا الَّذِیْنَ قَالُوْٓا اِنَّا نَصٰرٰی ۭ ذٰلِكَ بِاَنَّ مِنْهُمْ قِسِّیْسِیْنَ وَرُهْبَانًا وَّاَنَّهُمْ لَا یَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۸۲﴾

آیت نمبر ۸۲: لَامِ مُوَطِّئَہ للقسم اور قسم محذوف ہے تَجِدَنَّ فعل اَنْتَ مستتر فاعل اَشَدَّ اسم تفضیل مضاف اَلنَّاسِ مضاف الیہ عَدَاوَةً تمیز، لَام حرف جار اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، پھر یہ مفعول بہ اوّل ہے، اَلْیَهُوْدَ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلَّذِیْنَ اَشْرَكُوْا موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین قسم کا جواب، قسم باجواب قسم معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَامِ مُوَطِّئَہ للقسم اور قسم محذوف ہے تَجِدَنَّ فعل اَنْتَ مستتر فاعل اَقْرَبَ اسم تفضیل مضاف هُمْ ضمیر

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مضاف الیہ، مَوَدَّةً تمیز، لام حرف جار اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے پھر یہ مفعول بہ اوّل اَلَّذِیْنَ موصول قَالُوْٓا فعل باواؤ ضمیر فاعل قول، اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم نَصٰرٰی خبر، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ مقولہ، قول بامقولہ صلہ، موصول باصلہ تَجِدَنَّ کا مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین قسم کا جواب، قسم باجواب قسم معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

ذٰلِکَ اسم اشارہ مبتدا، بَاء حرف جار اَنَّ حرف تحقیق مِنْھُمْ ظرف مستقر کَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، قِسِّیْسِیْنَ وَرُھْبَانًا معطوف علیہ بامعطوف اسم مؤخر، اَنَّ با اسم وخبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَنَّ حرف تحقیق ھُمْ ضمیر اس کا اسم لَا یَسْتَکْبِرُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، اَنَّ با اسم وخبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَ اِذَا سَمِعُوْا مَآ اُنْزِلَ اِلَی الرَّسُوْلِ تَرٰٓی اَعْیُنَھُمْ تَفِیْضُ مِنَ الدَّمْعِ مِمَّا عَرَفُوْا مِنَ الْحَقِّ ج یَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاکْتُبْنَا مَعَ الشّٰھِدِیْنَ ﴿۸۳﴾

آیت نمبر ۸۳: واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم سَمِعُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مَا اسم موصول اُنْزِلَ فعل مجہول ھُوَ مستتر نائب فاعل اِلَی الرَّسُوْلِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعولین شرط، تَرٰی فعل اَنْتَ مستتر فاعل اَعْیُنَھُمْ مرکب اضافی ذوالحال تَفِیْضُ فعل ھِیَ مستتر فاعل مِنَ الدَّمْعِ ظرف لغو متعلق اوّل، مِنْ حرف جار مَا اسم موصول عَرَفُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال یَقُوْلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، رَبَّنَا یہ اصل میں یَا رَبَّنَا ہے اور یہ نداء ہے اٰمَنَّا فعل نَا ضمیر فاعل سے مل کر نداء کا جواب، نداء باجواب نداء مقولہ، قول بامقولہ حال، ذوالحال باحال عَرَفُوْا کا فاعل، فعل بافاعل صلہ، موصول باصلہ ذوالحال مِنَ الْحَقِّ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مجرور، جار با مجرور تَفِیْضُ کے متعلق ثانی، فعل بافاعل ومتعلقین جملہ فعلیہ حال، ذوالحال باحال تَرٰی کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ معطوف ہوا۔ فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا اٰمَنَّا بِکَ (نقیر) یا اِنْ قَبِلْتَنَا، اُکْتُبْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ، مَعَ الشَّاھِدِیْنَ مرکب اضافی مفعول فیہ سے مل کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَ مَا لَنَا لَا نُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَ مَا جَآءَنَا مِنَ الْحَقِّ لا وَ نَطْمَعُ اَنْ یُّدْخِلَنَا رَبُّنَا مَعَ الْقَوْمِ الصّٰلِحِیْنَ ﴿۸۴﴾

www.kitabosunnat.com

آیت نمبر ۸۴: واؤ عاطفہ مَا اسم استفہام مبتدا، لام حرف جار نَا ضمیر ذوالحال لَا نُؤْمِنُ فعل نَحْنُ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ نَطْمَعُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل اَنْ حرف مصدری ونصب یُدْخِلَ فعل نَا ضمیر منصوب مفعول بہ رَبُّنَا مرکب اضافی فاعل مَعَ مضاف اَلْقَوْمِ الصَّالِحِیْنَ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ بتاویل مصدر نَطْمَعُ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ حال، ذوالحال باحال لَا نُؤْمِنُ کا فاعل ہے بَاء حرف جار اَللّٰهِ اسم الجلالہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا اسم موصول جَآءَ فعل ھُوَ مستتر فاعل نَا ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر صلہ، موصول باصلہ ذوالحال مِنَ الْحَقِّ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار با مجرور لَا نُؤْمِنُ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ حال، ذوالحال با

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

حال مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کائنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ معطوفہ ہوا۔

فَاَثَابَهُمُ اللّٰهُ بِمَا قَالُوْا جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ وَ ذٰلِكَ جَزَآءُ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۸۵﴾

آیت نمبر ۸۵: فَاء عاطفہ اَثَابَ فعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل بَاء حرف جار مَا اسم موصول قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے جَنّٰتٍ موصوف تَجْرِيْ فعل مِنْ تَحْتِهَا ظرف لغو متعلق ہوئے اَلْاَنْهٰرُ فاعل، فعل با فاعل و متعلق صفت، موصوف باصفت اَثَابَ کا مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین و متعلق جملہ فعلیہ معطوفہ ہوا۔ خٰلِدِيْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل فِيْهَا متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر اَثَابَهُمْ کی ضمیر مفعول بہ سے حال ہے۔ واؤ استینافیہ ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا، جَزَآءُ الْمُحْسِنِيْنَ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ مستانفہ ہوا۔

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَاۤ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ﴿۸۶﴾

آیت نمبر ۸۶: واؤ استینافیہ اَلَّذِيْنَ اسم موصول كَفَرُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ كَذَّبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بَاء حرف جار اٰيٰتِنَا مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول با صلہ مبتدا، اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا ثانی اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر مبتدا اول کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۱۲ ❁

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُحَرِّمُوْا طَيِّبٰتِ مَاۤ اَحَلَّ اللّٰهُ لَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ﴿۸۷﴾

آیت نمبر ۸۷: يَا حرف نداء اَدْعُوْ کے قائم مقام اَدْعُوْ فعل اَنَا مستتر فاعل، اَيُّ موصوف هَا برائے تنبیہ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا موصول باصلہ صفت، موصوف باصفت محلاً منصوب مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ نداء، لَا تُحَرِّمُوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل طَيِّبٰتِ مضاف مَا اسم موصول اَحَلَّ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل لَكُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق صلہ، موصول باصلہ طَيِّبٰتِ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا تَعْتَدُوْا فعل نہی باواؤ ضمیر فاعل جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف نداء کا جواب، نداء با جواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم الجلالہ اسم لَا يُحِبُّ فعل هُوَ مستتر فاعل اَلْمُعْتَدِيْنَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَكُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ حَلٰلًا طَيِّبًا ۪ وَّاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْۤ اَنْتُمْ بِهٖ مُؤْمِنُوْنَ ﴿۸۸﴾

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر ۸۸: واؤ عاطفہ کُلُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل مِنْ حرف جار مَا اسم موصول رَزَقَ فعل کُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اَللّٰہُ اسم الجلالہ فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور کُلُوْا کے متعلق ہوئے، حَلٰلًا طَیِّبًا مرکب توصیفی کُلُوْا کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِتَّقُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَللّٰہَ اسم الجلالہ موصوف اَلَّذِیْ اسم موصول اَنْتُمْ مبتدا، مُؤْمِنُوْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل بِہٖ متعلق مقدم سے مل کر خبر، مبتدا با خبر صلہ، موصول باصلہ اَللّٰہَ کی صفت، موصوف باصفت مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِيْٓ اَيْمَانِكُمْ وَلٰكِنْ يُّؤَاخِذُكُمْ بِمَا عَقَّدْتُّمُ الْاَيْمَانَ ۚ فَكَفَّارَتُهٗٓ اِطْعَامُ عَشَرَةِ مَسٰكِيْنَ مِنْ اَوْسَطِ مَا تُطْعِمُوْنَ اَهْلِيْكُمْ اَوْ كِسْوَتُهُمْ اَوْ تَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ ۭ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ ثَلٰثَةِ اَيَّامٍ ۭ ذٰلِكَ كَفَّارَةُ اَيْمَانِكُمْ اِذَا حَلَفْتُمْ ۭ وَاحْفَظُوْٓا اَيْمَانَكُمْ ۭ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۸۹﴾

آیت نمبر ۸۹: لَا یُؤَاخِذُ فعل کُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اَللّٰہُ اسم الجلالہ فاعل بَاء حرف جار اَللَّغْوِ ذوالحال فِیْ حرف جار اَیْمَانِکُمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مجرور، جار با مجرور لَا یُؤَاخِذُ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لٰکِنْ مہملہ یُؤَاخِذُ فعل ھُوَ مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ بَاء حرف جار مَا اسم موصول عَقَّدْتُّمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل اَلْاَیْمَانَ مفعول بہ سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور یُؤَاخِذُ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِنْ حَنِثْتُمْ فِیْ اَیْمَانِکُمْ، کَفَّارَتُہٗ مرکب اضافی مبتدا، اِطْعَامُ مضاف عَشَرَۃِ مَسَاکِیْنَ مرکب اضافی و ممیز باتمیز مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ موصوف مِنْ حرف جار اَوْسَطِ مضاف مَا اسم موصول تُطْعِمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَھْلِیْکُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر صلہ، موصول باصلہ اَوْسَطِ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر اِطْعَامُ کی صفت، موصوف باصفت معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ کِسْوَتُھُمْ مرکب اضافی معطوف اوّل، اَوْ عاطفہ تَحْرِیْرُ رَقَبَۃٍ مرکب اضافی معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین خبر، مبتدا با خبر جزاء، شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

فَاء استینافیہ مَنْ اسم شرط مبتدا، لَمْ یَجِدْ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر شرط، فَاء جزائیہ صِیَامُ مضاف ثَلٰثَۃِ اَیَّامٍ ممیز باتمیز مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مبتدا اور اس کی خبر عَلَیْہِ محذوف ہے، مبتدا با خبر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ ذٰلِکَ اسم اشارہ مبتدا کَفَّارَۃُ اَیْمَانِکُمْ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ دال بر جزاء، اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم حَلَفْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل سے مل کر شرط مؤخر، شرط اپنے دال بر جزاء سے مل کر جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اِحْفَظُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَیْمَانَکُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ معطوفہ ہوا۔

کَذٰلِکَ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف تَبْیِیْنًا کے مفعول مطلق مقدم یُبَیِّنُ فعل اَللّٰہُ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اسم الجلالہ فاعل اٰیٰتِہٖ مرکب اضافی مفعول بہ لَامْ حرف جار کُمْ ضمیر؛ ذوالحال لَعَلَّ حرف ترجی کُمْ ضمیر اس کا اسم تَشْکُرُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبر لَعَلَّ با اسم وخبر رَاجِیْ الشُّکْرِ کی تاویل میں ہو کر حال، ذوالحال باحال مجرور، جار با مجرور یُبَیِّنُ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعولین ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

یٰٓاَیُّہَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَیْسِرُ وَالْاَنْصَابُ وَالْاَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّیْطٰنِ فَاجْتَنِبُوْہُ لَعَلَّکُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝۹۰

آیت نمبر ۹۰: یٰٓاَیُّہَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا کی ترکیب آیت نمبر ۸۷ میں گزر چکی ہے اور یہ نداء ہے اِنَّ کفوفہ مَا کافہ اَلْخَمْرُ وَالْمَیْسِرُ وَالْاَنْصَابُ وَالْاَزْلَامُ معطوف علیہ بامعطوفات ثلاثہ مبتداء رِجْسٌ موصوف مِنْ حرف جار عَمَلِ الشَّیْطَانِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مبتدا کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ نداء کا جواب، نداء باجواب نداء جملہ انشائیہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَاکَانَ الْاَمْرُ کَذَالِکَ، اِجْتَنِبُوْا فعل امر واؤ ضمیر ذوالحال لَعَلَّ حرف ترجی کُمْ ضمیر اس کا اسم تُفْلِحُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبر لَعَلَّ با اسم وخبر جملہ انشائیہ رَاجِیْ الْفَلَاحِ کی تاویل میں ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل ہُ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اِنَّمَا یُرِیْدُ الشَّیْطٰنُ اَنْ یُّوْقِعَ بَیْنَکُمُ الْعَدَاوَۃَ وَالْبَغْضَآءَ فِی الْخَمْرِ وَالْمَیْسِرِ وَیَصُدَّکُمْ عَنْ ذِکْرِ اللّٰہِ وَعَنِ الصَّلٰوۃِ ۚ فَہَلْ اَنْتُمْ مُّنْتَہُوْنَ ۝۹۱

آیت نمبر ۹۱: اِنَّ کفوفہ مَا کافہ یُرِیْدُ فعل اَلشَّیْطَانُ فاعل اَنْ حرف مصدری ونصب یُوْقِعَ فعل ھُوَ مستتر فاعل بَیْنَکُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ اَلْعَدَاوَۃَ وَالْبَغْضَآءَ معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ فِیْ حرف جار اَلْخَمْرِ وَالْمَیْسِرِ معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار با مجرور یُوْقِعَ کے متعلق، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَصُدَّ فعل ھُوَ مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ عَنْ ذِکْرِ اللّٰہِ جار با مجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَنِ الصَّلٰوۃِ جار با مجرور معطوف، معطوف علیہ بامعطوف یَصُدَّ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف بتاویل مصدر یُرِیْدُ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِنْ ظَھَرَ لَکُمْ ذٰلِکَ، ھَلْ حرف استفہام اَنْتُمْ ضمیر مبتدا، مُنْتَہُوْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ جزاء، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَاَطِیْعُوا اللّٰہَ وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ وَاحْذَرُوْا ۚ فَاِنْ تَوَلَّیْتُمْ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَا عَلٰی رَسُوْلِنَا الْبَلٰغُ الْمُبِیْنُ ۝۹۲

آیت نمبر ۹۲: واؤ عاطفہ اَطِیْعُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَللّٰہَ اسم الجلالہ مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَطِیْعُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَلرَّسُوْلَ مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اِحْذَرُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جملہ معطوفہ ہوا۔ فَاء استینافیہ اِنْ حرف شرط تَوَلَّیْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل سے مل

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

کر شرط، فاء جزائیہ اِعْلَمُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَنَّ کفونہ مَا کافہ عَلٰی رَسُوْلِنَا ظرف مستقر کَآئِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم اَلْبَلَاغُ الْمُبِیْنُ مرکب توصیفی مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ محلاً منصوب اِعْلَمُوْا کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

لَیْسَ عَلَی الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جُنَاحٌ فِیْمَا طَعِمُوْٓا اِذَا مَا اتَّقَوْا وَّ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ثُمَّ اتَّقَوْا وَّ اٰمَنُوْا ثُمَّ اتَّقَوْا وَّ اَحْسَنُوْا ؕ وَاللّٰهُ یُحِبُّ الْمُحْسِنِیْنَ ﴿۹۳﴾

آیت نمبر ۹۳: لَیْسَ فعل ناقص عَلٰی حرف جار اَلَّذِیْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَمِلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَلصَّالِحَاتِ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَآئِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم جُنَاحٌ موصوف فِیْ حرف جار مَا اسم موصول طَعِمُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَآئِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت اسم موخر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ دال بر جزاء، اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم، مَا زائدہ اِتَّقَوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اٰمَنُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ عَمِلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَلصَّالِحَاتِ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جملہ معطوفہ پھر معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ اِتَّقَوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اٰمَنُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف معطوف اوّل، ثُمَّ عاطفہ اِتَّقَوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَحْسَنُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل، جملہ فعلیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین شرط موخر، شرط با دال بر جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَللّٰهُ اسم الجلالہ مبتدا، یُحِبُّ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَلْمُحْسِنِیْنَ مفعول بہ سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۱۳ ❁

یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَیَبْلُوَنَّكُمُ اللّٰهُ بِشَیْءٍ مِّنَ الصَّیْدِ تَنَالُهٗٓ اَیْدِیْكُمْ وَ رِمَاحُكُمْ لِیَعْلَمَ اللّٰهُ مَنْ یَّخَافُهٗ بِالْغَیْبِ ۚ فَمَنِ اعْتَدٰی بَعْدَ ذٰلِكَ فَلَهٗ عَذَابٌ اَلِیْمٌ ﴿۹۴﴾

آیت نمبر ۹۴: یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا کی ترکیب متعدد بار گزر چکی ہے اور یہ نداء ہے لَام مُوَطِّئَۃ للقسم اور قسم محذوف ہے یَبْلُوَنَّ فعل کُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل بَاء جارہ شَیْءٍ موصوف مِنَ الصَّیْدِ جار با مجرور ظرف مستقر کَآئِنٍ کے متعلق ہو کر صفت اولیٰ، تَنَالُ فعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ اَیْدِیْكُمْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ رِمَاحُكُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ شَیْءٍ کی دوسری صفت، یا الصَّیْدِ کا حال ہے، موصوف با صفتین مجرور، جار با مجرور یَبْلُوَنَّ کے متعلق اوّل ہوئے، لَام جارہ تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یَعْلَمَ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل مَنْ اسم موصول یَخَافُ فعل ھُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر منصوب ذوالحال بِالْغَیْبِ ظرف مستقر مُتَلَبِّسًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

باحال مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ یَعْلَمَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور یَبْلُوَنَّ کے متعلق ثانی، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلقین جملہ فعلیہ قسم کا جواب، قسم باجواب قسم نداء کا جواب، نداء باجواب نداء جملہ انشائیہ ہوا۔

فاء استینا فیہ مَنْ اسم شرط مبتدا، اِعْتَدٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل بَعْدَ ذٰلِکَ مرکب اضافی مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ شرط، فاء جزائیہ لَہٗ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم عَذَابٌ اَلِیْمٌ مرکب توصیفی مبتدا موخر، مبتدا باخبر جزاء، شرط باجزاء مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْتُلُوا الصَّیْدَ وَ اَنْتُمْ حُرُمٌ ؕ وَ مَنْ قَتَلَهٗ مِنْكُمْ مُّتَعَمِّدًا فَجَزَآءٌ مِّثْلُ مَا قَتَلَ مِنَ النَّعَمِ یَحْكُمُ بِهٖ ذَوَا عَدْلٍ مِّنْكُمْ هَدْیًۢا بٰلِغَ الْكَعْبَةِ اَوْ كَفَّارَةٌ طَعَامُ مَسٰكِیْنَ اَوْ عَدْلُ ذٰلِكَ صِیَامًا لِّیَذُوْقَ وَ بَالَ اَمْرِهٖ ؕ عَفَا اللّٰهُ عَمَّا سَلَفَ ؕ وَ مَنْ عَادَ فَیَنْتَقِمُ اللّٰهُ مِنْهُ ؕ وَ اللّٰهُ عَزِیْزٌ ذُو انْتِقَامٍ ﴿۹۵﴾

آیت نمبر ۹۵: یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا کی ترکیب متعدد بار گزر چکی ہے اور یہ نداء ہے لَا تَقْتُلُوْا فعل نہی واؤ ضمیر ذوالحال اَنْتُمْ حُرُمٌ مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال فاعل اَلصَّیْدَ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ نداء کا جواب، نداء باجواب نداء جملہ انشائیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ مَنْ اسم شرط مبتدا، قَتَلَ فعل ھُوَ مستتر ذوالحال مِنْکُمْ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال اولیٰ، مُتَعَمِّدًا حال دوم، ذوالحال باحالین فاعل، ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ شرط، فاء جزائیہ جَزَآءٌ موصوف مِثْلُ مضاف مَا اسم موصول قَتَلَ فعل ھُوَ مستتر ذوالحال مِنَ النَّعَمِ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل با فاعل صلہ، موصول باصلہ مِثْلُ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ صفت اولیٰ، یَحْکُمُ فعل مضارع بِہٖ ظرف لغو متعلق ہوئے، ذَوَا عَدْلٍ مرکب اضافی ذوالحال مِنْکُمْ ظرف مستقر کَائِنَیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال یَحْکُمُ کا فاعل، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ جَزَآءٌ کی صفت دوم، موصوف باصفتین ممیز، هَدْیًا موصوف بَالِغَ الْکَعْبَةِ مرکب اضافی صفت (کیونکہ یہ اضافت لفظی ہے جو کہ تعریف کا فائدہ نہیں دیتی) موصوف باصفت تمیز، ممیز باتمیز معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ کَفَّارَۃٌ مبدل منہ طَعَامُ مَسَاکِیْنَ مرکب اضافی بدل، مبدل منہ بابدل معطوف اوّل، اَوْ عاطفہ عَدْلُ ذٰلِکَ مرکب اضافی ممیز، صِیَامًا تمیز، ممیز باتمیز معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین مبتدا موخر، اور اس کی خبر عَلَیْہِ محذوف ہے عَلٰی حرف جار ہٖ ضمیر مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر ثَابِتٌ کے متعلق ہوئے، ثَابِتٌ اسم فاعل ھُوَ مستتر فاعل لَامْ حرف جار اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یَذُوْقَ فعل ھُوَ مستتر فاعل وَبَالَ اَمْرِہٖ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور ظرف لغو ثَابِتٌ کے متعلق ثانی ہوئے، اسم فاعل بافاعل ومتعلقین شبہ جملہ خبر مقدم، مبتدا باخبر جزاء، شرط باجزاء مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

عَفٰی فعل ماضی اَللّٰہُ اسم الجلالہ فاعل عَنْ حرف جار مَا سَلَفَ موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جملہ فعلیہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ مَنْ اسم شرط مبتدا، عَادَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر شرط، فاء جزائیہ یَنْتَقِمُ فعل اَللّٰہُ اسم الجلالہ فاعل مِنْهُ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ جزاء، شرط با جزاء مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَللّٰہُ اسم الجلالہ مبتدا، عَزِیْزٌ خبر اوّل، ذُوانْتِقَامٍ مرکب اضافی خبر دوم، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ مستانفہ ہوا۔

اُحِلَّ لَکُمْ صَیْدُ الْبَحْرِ وَ طَعَامُهٗ مَتَاعًا لَّکُمْ وَ لِلسَّیَّارَةِ ۚ وَ حُرِّمَ عَلَیْکُمْ صَیْدُ الْبَرِّ مَا دُمْتُمْ حُرُمًا ؕ وَ اتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِیْٓ اِلَیْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۹۶﴾

آیت نمبر ۹۶: اُحِلَّ فعل مجہول لَکُمْ ظرف لغو متعلق ہوئے صَیْدُ الْبَحْرِ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ طَعَامُهٗ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف نائب فاعل مَتَاعًا مصدر لَکُمْ جار با مجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لِلسَّیَّارَةِ جار با مجرور معطوف، معطوف علیہ با معطوف مَتَاعًا کے متعلق ہوئے، مصدر با متعلق اُحِلَّ کا مفعول لہ، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق و مفعول لہ جملہ فعلیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ حُرِّمَ فعل مجہول عَلَیْکُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے صَیْدُ الْبَرِّ مرکب اضافی نائب فاعل مَا دُمْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اسم حُرُمًا خبر، فعل ناقص با اسم و خبر بتاویل مصدر بواسطہ مضاف محذوف وَقْتَ کے مفعول فیہ، فعل مجہول با متعلق و نائب فاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اِتَّقُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَللّٰہَ اسم الجلالہ موصوف اَلَّذِیْ اسم موصول اِلَیْهِ ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے تُحْشَرُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل و متعلق مقدم سے مل کر صلہ، موصول با صلہ اَللّٰہَ کی صفت، موصوف با صفت مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔

جَعَلَ اللّٰهُ الْکَعْبَةَ الْبَیْتَ الْحَرَامَ قِیٰمًا لِّلنَّاسِ وَ الشَّهْرَ الْحَرَامَ وَ الْهَدْیَ وَ الْقَلَآئِدَ ؕ ذٰلِکَ لِتَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ یَعْلَمُ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی الْاَرْضِ وَ اَنَّ اللّٰهَ بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ ﴿۹۷﴾

آیت نمبر ۹۷: جَعَلَ فعل اَللّٰہُ اسم الجلالہ فاعل اَلْکَعْبَةَ مبدل منہ اَلْبَیْتَ الْحَرَامَ مرکب توصیفی بدل، مبدل منہ با بدل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلشَّهْرَ الْحَرَامَ مرکب توصیفی معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اَلْهَدْیَ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ اَلْقَلَآئِدَ معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ مفعول بہ اوّل، قِیٰمًا مصدر لِلنَّاسِ جار با مجرور متعلق ہوئے، مصدر با متعلق مفعول ثانی، فعل با فاعل و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ ذٰلِکَ اسم اشارہ مبتدا، لام حرف جار و تعلیل اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تَعْلَمُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ اسم الجلالہ اس کا اسم یَعْلَمُ فعل ھُوَ مستتر فاعل مَا اسم موصول فِی السَّمٰوٰتِ ظرف مستقر فعل محذوف ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول با صلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا فِی الْاَرْضِ موصول با صلہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف یَعْلَمُ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ خبر، اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ اسم الجلالہ اس کا اسم بَاء حرف جار کُلِّ شَیْءٍ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق مقدم عَلِیْمٌ صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ خبر، اَنَّ با اسم و خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف تَعْلَمُوْا کے دو مفعول بہ کے قائم مقام، فعل با فاعل و مفعولین بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اِعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ وَاَنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۹۸﴾

آیت نمبر ۹۸: اِعْلَمُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم الجلالہ اس کا اسم شَدِيْدُ الْعِقَابِ مرکب اضافی خبر، اَنَّ با اسم وخبر بتاویل مفرد معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم الجلالہ اس کا اسم، غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ دو خبر، اَنَّ با اسم وخبرین بتاویل مفرد معطوف، معطوف علیہ با معطوف دو مفعول بہ کے قائم مقام، فعل بافاعل ومفعولین جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

مَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلٰغُ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ وَمَا تَكْتُمُوْنَ ﴿۹۹﴾

آیت نمبر ۹۹: مَا نافیہ عَلَى الرَّسُوْلِ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، اِلَّا حرف استثنا اَلْبَلٰغُ مستثنیٰ مفرغ مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَللّٰهُ اسم الجلالہ مبتدا، يَعْلَمُ فعل هُوَ مستتر فاعل مَا اسم موصول تُبْدُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا اسم موصول تَكْتُمُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف يَعْلَمُ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبر، مبتدا مؤخر با خبر جملہ اسمیہ مستانفہ ہوا۔

قُلْ لَّا يَسْتَوِى الْخَبِيْثُ وَالطَّيِّبُ وَلَوْ اَعْجَبَكَ كَثْرَةُ الْخَبِيْثِ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ يٰۤاُولِى الْاَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۱۰۰﴾

آیت نمبر ۱۰۰: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ قول، لَا يَسْتَوِىْ فعل نفی اَلْخَبِيْثُ وَالطَّيِّبُ معطوف علیہ با معطوف ذوالحال، واؤ حالیہ لَوْ شرطیہ اَعْجَبَ فعل کَ ضمیر منصوب مفعول بہ كَثْرَةُ الْخَبِيْثِ مرکب اضافی فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط اور جزاء محذوف ہے لَا يَسْتَوِى الْخَبِيْثُ وَالطَّيِّبُ شرط باجزاء حال، ذوالحال باحال لَا يَسْتَوِىْ کا فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔ فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا تَبَيَّنَ لَكُمْ هٰذَا، یا اِنْ اَرَدْتُّمُ الْفَلَاحَ، یَاء حرف نداء قائم مقام اَدْعُوْ کے، اَدْعُوْ فعل اَنَا مستتر فاعل اُولِى الْاَلْبَابِ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ نداء، اِتَّقُوْا فعل امر واؤ ضمیر ذوالحال لَعَلَّ حرف ترجی كُمْ ضمیر اس کا اسم تُفْلِحُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبر، لَعَلَّ با اسم وخبر رَاجِى الْفَلَاحِ کی تاویل میں ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل اَللّٰهَ اسم الجلالہ مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ نداء کا جواب، نداء با جواب نداء جملہ انشائیہ جزاء، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

رکوع نمبر ۱۴

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَسْـَٔلُوْا عَنْ اَشْيَآءَ اِنْ تُبْدَ لَكُمْ تَسُؤْكُمْ ۚ وَاِنْ تَسْـَٔلُوْا عَنْهَا حِيْنَ يُنَزَّلُ الْقُرْاٰنُ تُبْدَ لَكُمْ ؕ عَفَا اللّٰهُ عَنْهَا ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ ﴿۱۰۱﴾

آیت نمبر ۱۰۱: يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا کی ترکیب متعدد بار گزر چکی ہے اور یہ نداء ہے لَا تَسْـَٔلُوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل عَنْ حرف جار اَشْيَآءَ موصوف اِنْ حرف شرط تُبْدَ فعل مجہول هِىَ مستتر نائب فاعل لَكُمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط تَسُؤْ فعل هِىَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ اَشْيَآءَ کی صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

لَاتَسْئَلُوْا کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ نداء کا جواب، نداء باجواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اِنْ حرف شرط تَسْئَلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عَنْهَا جار بامجرور متعلق ہوئے، حِیْنَ مضاف یُنَزَّلُ فعل مجہول اَلْقُرْاٰنُ نائب فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ حِیْنَ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول فیہ جملہ فعلیہ شرط، تُبْدَ فعل مجہول هِیَ مستتر نائب فاعل لَکُمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ عَفَا فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل عَنْهَا جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ معترضہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَللّٰهُ اسم الجلالہ مبتدا غَفُوْرٌ حَلِیْمٌ دو خبر، مبتدا با خبرین جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

قَدْ سَاَلَهَا قَوْمٌ مِّنْ قَبْلِكُمْ ثُمَّ اَصْبَحُوْا بِهَا كٰفِرِيْنَ ﴿۱۰۲﴾

آیت نمبر ۱۰۲: قَدْ علامت فعل سَئَلَ فعل هَا ضمیر منصوب مفعول بہ قَوْمٌ موصوف مِنْ حرف جار قَبْلِکُمْ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ اَصْبَحُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم بِهَا جار بامجرور متعلق مقدم کَافِرِیْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر خبر، فعل ناقص بااسم و خبر جملہ فعلیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ معللہ ہوا۔

مَا جَعَلَ اللّٰهُ مِنْۢ بَحِيْرَةٍ وَّ لَا سَآئِبَةٍ وَّ لَا وَصِيْلَةٍ وَّ لَا حَامٍ ۙ وَّ لٰكِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ ؕ وَ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿۱۰۳﴾

آیت نمبر ۱۰۳: مَا نافیہ جَعَلَ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل مِنْ حرف جار زائد بَحِیْرَۃٍ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ سَآئِبَۃٍ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ لَا زائدہ وَصِیْلَۃٍ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ لَا زائدہ حَامٍ معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ لفظاً مجرور محلاً منصوب مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لٰکِنَّ حرف استدراک اَلَّذِیْنَ کَفَرُوْا موصول باصلہ اس کا اسم یَفْتَرُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال، واؤ حالیہ اَکْثَرُهُمْ مرکب اضافی مبتدا، لَا یَعْقِلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، مبتدا با خبر حال، ذوالحال باحال یَفْتَرُوْنَ کا فاعل، عَلَی اللّٰهِ جار بامجرور متعلق ہوئے اَلْکَذِبَ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق خبر، لٰکِنَّ با اسم و خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

وَ اِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا اِلٰى مَاۤ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَ اِلَى الرَّسُوْلِ قَالُوْا حَسْبُنَا مَا وَجَدْنَا عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا ؕ اَوَ لَوْ كَانَ اٰبَآؤُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ شَيْـًٔا وَّ لَا يَهْتَدُوْنَ ﴿۱۰۴﴾

آیت نمبر ۱۰۴: واؤ استینافیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم قِیْلَ فعل مجہول لَهُمْ جار بامجرور نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل و مفعول فیہ قول، تَعَالَوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اِلٰی حرف جار مَا اسم موصول اَنْزَلَ اللّٰهُ فعل بافاعل صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِلَی الرَّسُوْلِ جار بامجرور معطوف، معطوف علیہ بامعطوف تَعَالَوْا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق مقولہ، قول بامقولہ شرط، قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل قول، حَسْبُنَا مرکب اضافی مبتدا، مَا اسم موصول وَجَدْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَلَیْهِ جار بامجرور

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

متعلق ہوئے اٰبَآءَنَا مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔

ھَمزہ حرف استفہام واوٗ استینافیہ لَوْ حرف شرط کَانَ فعل ناقص اٰبَآؤُھُمْ مرکب اضافی اس کا اسم لَا یَعْلَمُوْنَ فعل واوٗ ضمیر فاعل شَیْئًا مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واوٗ عاطفہ لَا یَھْتَدُوْنَ فعل باواوٗ ضمیر فاعل معطوف ہوا، معطوف علیہ با معطوف خبر، فعل ناقص بااسم و خبر شرط ہے اور جزاء محذوف ہے اَیَقُوْلُوْنَ ذٰلِکَ، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا عَلَیْكُمْ اَنْفُسَكُمْ ۚ لَا یَضُرُّكُمْ مَّنْ ضَلَّ اِذَا اهْتَدَیْتُمْ ؕ اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِیْعًا فَیُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۰۵﴾

آیت نمبر ۱۰۵: یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا کی ترکیب متعدد بار گزر چکی ہے اور یہ نداء ہے عَلَیْكُمْ اسم فعل اِلْزَمُوْا کے معنی میں ہے، اِلْزَمُوْا فعل واوٗ ضمیر فاعل اَنْفُسَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ نداء کا جواب، نداء باجواب نداء جملہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔ لَا یَضُرُّ فعل كُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ مَنْ اسم موصول ضَلَّ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ دال بر جزاء مقدم، اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم اِهْتَدَیْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل سے مل کر شرط مؤخر، پھر شرط دال بر جزاء مقدم سے مل کر جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔

آیت نمبر ۲۲: واؤ استینافیہ يَوْمَ مضاف نَحْشُرُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل ھُمْ ضمیر ذوالحال جَمِيْعًا حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ نَقُوْلُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل لَام جارہ اَلَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعنیہ خبریہ قول، اَيْنَ ظرف مکان كَائِنُوْنَ کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم شُرَكَآ ؤُكُمْ مرکب اضافی موصوف اَلَّذِيْنَ اسم موصول كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم تَزْعُمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ شُرَكَآ ؤُ كُمْ کی صفت، موصوف باصفت مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ انشائیہ استفہامیہ مقولہ، قول بامقولہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف يَوْمَ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ فعل محذوف اُذْكُرْ کا مفعول بہ، اُذْكُرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

ثُمَّ لَمْ تَكُنْ فِتْنَتُهُمْ اِلَّآ اَنْ قَالُوْا وَاللّٰهِ رَبِّنَا مَا كُنَّا مُشْرِكِيْنَ ﴿۲۳﴾

آیت نمبر ۲۳: ثُمَّ عاطفہ لَمْ تَكُنْ فعل ناقص فِتْنَتُهُمْ مرکب اضافی اسم اِلَّا حرف استثناء اَنْ مصدریہ قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، واؤ قسمیہ جارہ اَللّٰهِ اسم الجلالہ موصوف رَبِّنَا مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور فعل محذوف اُقْسِمُ کے متعلق ہوئے، اُقْسِمُ فعل اَنَا ضمیر فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر قسم، مَا نافیہ كُنَّا فعل ناقص نَا ضمیر اس کا اسم مُشْرِكِيْنَ اسم فاعل نَحْنُ مستتر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر قسم کا جواب، قسم باجواب قسم مقولہ، قول بامقولہ بتاویل مصدر محلًا منصوب خبر، فعل ناقص بااسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

اُنْظُرْ كَيْفَ كَذَبُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۲۴﴾

آیت نمبر ۲۴: اُنْظُرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل كَذَبُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال كَيْفَ ظرف زمان كَآئِنِيْنَ کا مفعول فیہ ہو کر حال مقدم، ذوالحال باحال كَذَبُوْا کا فاعل عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ استفہامیہ اُنْظُرْ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ ضَلَّ فعل عَنْهُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، مَا موصولہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم يَفْتَرُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، فعل ناقص بااسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ ضَلَّ کا فاعل، فعل

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَ مِنْهُمْ مَّنْ يَّسْتَمِعُ اِلَيْكَ ۚ وَ جَعَلْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ يَّفْقَهُوْهُ وَ فِيْۤ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا ؕ وَاِنْ يَّرَوْا كُلَّ اٰيَةٍ لَّا يُؤْمِنُوْا بِهَا ؕ حَتّٰۤى اِذَا جَآءُوْكَ يُجَادِلُوْنَكَ يَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْۤا اِنْ هٰذَاۤ اِلَّاۤ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۲۵﴾

آیت نمبر ۲۵: واؤ استینافیہ مِنْهُمْ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَنْ اسم موصول يَسْتَمِعُ فعل هُوَ مستتر فاعل اِلَيْكَ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ یا حالیہ جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَلٰى قُلُوْبِهِمْ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال مقدم، اَكِنَّةً ذوالحال موخر، ذوالحال باحال مفعول بہ، اَنْ حرف مصدری و نصب يَفْقَهُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل هٗ ضمیر مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر بتاویل مصدر مفعول لہٗ، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ یا يَسْتَمِعُ کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔ واؤ عاطفہ فِيْ جار اٰذَانِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور بواسطہ عطف جَعَلْنَا کے متعلق ہوئے، اور وَقْرًا بواسطہ عطف جَعَلْنَا کا مفعول بہ ہے۔ واؤ عاطفہ اِنْ حرف شرط يَرَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل كُلَّ اٰيَةٍ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط، لَا يُؤْمِنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِهَا جار با مجرور متعلق ہوئے، یہ تمام مل کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

حَتّٰى ابتدائیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم جَآءُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال يُجَادِلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل كَ ضمیر مفعول بہ، یہ تمام مل کر حال، ذوالحال باحال جَآءُوْا کا فاعل، كَ ضمیر مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ و مفعول فیہ مقدم جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، يَقُوْلُ فعل الَّذِيْنَ كَفَرُوْا موصول باصلہ فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، اِنْ نافیہ هٰذَا اسم اشارہ مبتدا، اِلَّا حرف استثناء اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ مرکب اضافی مستثنیٰ مفرغ ہو کر خبر، مبتدا با خبر مقولہ، قول با مقولہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَ هُمْ يَنْهَوْنَ عَنْهُ وَ يَنْـَٔوْنَ عَنْهُ ۚ وَ اِنْ يُّهْلِكُوْنَ اِلَّاۤ اَنْفُسَهُمْ وَ مَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۲۶﴾

آیت نمبر ۲۶: واؤ عاطفہ هُمْ ضمیر مبتدا، يَنْهَوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل عَنْهُ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ حرف عطف يَنْـَٔوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ اِنْ نافیہ يُهْلِكُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء اَنْفُسَهُمْ مرکب اضافی مستثنیٰ مفرغ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا نافیہ يَشْعُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، فعل بافاعل معطوف، معطوف علیہ بامعطوف حال، ذوالحال باحال يَنْـَٔوْنَ کا فاعل عَنْهُ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق معطوف، معطوف علیہ بامعطوف خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

وَ لَوْ تَرٰۤى اِذْ وُقِفُوْا عَلَى النَّارِ فَقَالُوْا يٰلَيْتَنَا نُرَدُّ وَ لَا نُكَذِّبَ بِاٰيٰتِ رَبِّنَا وَ نَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۲۷﴾

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر ۲۷: واؤ استینافیہ لَوْ شرطیہ تَرٰی فعل اَنْتَ مستتر فاعل اِذْ مضاف وُقِفُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل عَلَى النَّارِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، یَاء حرف نداء، اور منادیٰ محذوف ہے قَوْمِیْ، لَیْتَ حرف تمنّی نَا ضمیر اس کا اسم نُرَدُّ فعل مجہول نَحْنُ مستتر نائب فاعل سے مل کر بتاویل مصدر معطوف علیہ، واؤ حرف عطف لَا نُكَذِّبُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل بَاء جارہ اٰیَاتِ رَبِّنَا مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ نَكُوْنَ فعل ناقص نَحْنُ مستتر اس کا اسم مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ظرف مستقر كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین لَیْتَ کی خبر، لَیْتَ با اسم و خبر نداء کا جواب، نداء با جواب نداء مقولہ، قول با مقولہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف اِذْ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ تَرٰی کا مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، اور جزاء محذوف ہے لَرَءَيْتَ شَيْئًا عَظِيْمًا، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

فائدہ: يٰلَيْتَنَا نُرَدُّ وَلَا نُكَذِّبَ بِاٰيَاتِ رَبِّنَا وَنَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ، يٰلَيْتَنَا لَنَا رَدٌّ وَ اِنْتِفَاءُ تَكْذِيْبِنَا بِاٰيَاتِ رَبِّنَا کی تاویل میں ہے۔

بَلْ بَدَا لَهُمْ مَّا كَانُوْا يُخْفُوْنَ مِنْ قَبْلُ ؕ وَلَوْ رُدُّوْا لَعَادُوْا لِمَا نُهُوْا عَنْهُ وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿۲۸﴾

آیت نمبر ۲۸: بَلْ حرف عطف و اضراب بَدَا فعل لَهُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، مَا اسم موصول كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم يُخْفُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ قَبْلُ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق خبر، فعل ناقص با اسم و خبر صلہ، موصول با صلہ بَدَا کا فاعل، فعل با فاعل و متعلق معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَوْ شرطیہ رُدُّوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل سے مل کر شرط، لَام جوابیہ عَادُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ اِنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اسم لَام مزحلقہ كَاذِبُوْنَ فعل هُمْ مستتر فاعل سے مل کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر حال، ذوالحال با حال عَادُوْا کا فاعل، لَام جارہ مَا موصولہ نُهُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل عَنْهُ متعلق سے مل کر صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور عَادُوْا کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

وَقَالُوْٓا اِنْ هِيَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا وَمَا نَحْنُ بِمَبْعُوْثِيْنَ ﴿۲۹﴾

آیت نمبر ۲۹: واؤ استینافیہ قَالُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، اِنْ نافیہ هِيَ ضمیر مبتدا اِلَّا حرف استثناء حَيَاتُنَا مرکب اضافی موصوف اَلدُّنْيَا صفت، موصوف با صفت خبر، مبتدا با خبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا حجازیہ نَحْنُ ضمیر اس کا اسم بَاء جارہ زائدہ مَبْعُوْثِيْنَ اسم مفعول نَحْنُ مستتر نائب فاعل سے مل کر محلاً منصوب خبر، مَا اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ مستانفہ ہوا۔

وَلَوْ تَرٰٓى اِذْ وُقِفُوْا عَلٰى رَبِّهِمْ ؕ قَالَ اَلَيْسَ هٰذَا بِالْحَقِّ ؕ قَالُوْا بَلٰى وَ رَبِّنَا ؕ قَالَ فَذُوْقُوا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿۳۰﴾

آیت نمبر ۳۰: واؤ استینافیہ لَوْ حرف شرط تَرٰی فعل اَنْتَ مستتر فاعل اِذْ ظرف زمان مضاف وُقِفُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل عَلٰی رَبِّهِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول نائب فاعل و متعلق سے مل کر مضاف الیہ پھر یہ مفعول فیہ ہے، فعل بافاعل ومفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط، اور جزاء محذوف ہے لَرَاَیْتَ اَمْرًا عَظِیْمًا، شرط باجزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔ قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، هَمزہ حرف استفہام لَیْسَ فعل ناقص هٰذَا اسم اشارہ اس کا اسم، بَاءِ زائدہ اَلْحَقِّ محلاً منصوب خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، بَلٰی حرف ایجاب غیر عامل، واؤ قسمیہ جارہ رَبِّنَا مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور فعل محذوف اُقْسِمُ کے متعلق ہوئے، اُقْسِمُ فعل اَنَا مستتر فاعل و متعلق سے مل کر جملہ قسمیہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، فاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا اَعْرَضْتُمْ عَنِ الْحَقِّ، ذُوْقُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَلْعَذَابَ مفعول بہ بَاءِ جارہ مَا مصدریہ كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اسم تَكْفُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور ذُوْقُوْا کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ جزاء، شرط جزاء جملہ شرطیہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۴ ❁

قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِلِقَآءِ اللّٰهِ ؕ حَتّٰۤى اِذَا جَآءَتْهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً قَالُوْا يٰحَسْرَتَنَا عَلٰى مَا فَرَّطْنَا فِيْهَا ۙ وَهُمْ يَحْمِلُوْنَ اَوْزَارَهُمْ عَلٰى ظُهُوْرِهِمْ ؕ اَلَا سَآءَ مَا يَزِرُوْنَ ﴿۳۱﴾

آیت نمبر ۳۱: قَدْ حرف تحقیق خَسِرَ فعل اَلَّذِيْنَ اسم موصول كَذَّبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِلِقَآءِ اللّٰهِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق صلہ، موصول با صلہ فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ حَتّٰى ابتدائیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم جَآءَتْ فعل هُمْ ضمیر فاعل اَلسَّاعَةُ ذوالحال بَغْتَةً بمعنی مُبَاغِتَةً کے ہو کر حال، ذوالحال با حال فاعل (حاشیہ الجمل) فعل بافاعل ومفعول بہ شرط، قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، یَاء حرف نداء اَدْعُوْ کے قائم مقام، اَدْعُوْ فعل اَنَا مستتر فاعل حَسْرَةَ مصدر مضاف نَا ضمیر مضاف الیہ، عَلٰی جارہ مَا اسم موصول فَرَّطْنَا فعل نَا مستتر فاعل فِيْهَا جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور مصدر کے متعلق ہوئے، مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ و متعلق سے مل کر مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ ندائیہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

واؤ حالیہ هُمْ ضمیر مبتدا، يَحْمِلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَوْزَارَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ عَلٰى ظُهُوْرِهِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق خبر، مبتدا با خبر قَالُوْا کی ضمیر فاعل سے حال ہے، اَلَا حرف تنبیہ سَآءَ فعل ذم مَا موصولہ يَزِرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول با صلہ فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ انشائیہ خبر، اور مخصوص بالذم مبتدا محذوف ہے یعنی هُوَ، مبتدا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

یا خبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔

وَ مَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا لَعِبٌ وَّ لَهْوٌ ؕ وَ لَلدَّارُ الْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۳۲﴾

آیت نمبر ۳۲: واؤ استینافیہ مَانافیہ اَلْحَيٰوةُ الدُّنْيَا مرکب توصیفی مبتدا، اِلَّا حرف استثنا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ معطوف علیہ با معطوف خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ لام ابتدائیہ اَلدَّارُ الْاٰخِرَةُ مرکب توصیفی مبتدا، خَيْرٌ اسم تفضیل هِيَ مستتر فاعل لام جارہ اَلَّذِيْنَ اسم موصول يَتَّقُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، اسم تفضیل با فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ مستانفہ ہوا۔

سوال: اَلدَّارُ الْاٰخِرَةُ مبتدا مؤنث ہے اور خَيْرٌ خبر مذکر ہے حالانکہ تذکیر اور تانیث کے اعتبار سے دونوں میں مطابقت ضروری ہے؟

جواب: یہاں خَيْرٌ مِنْ کے ساتھ مستعمل ہے یہ اصل میں خَيْرٌ مِّنَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ہے اور جب اسم تفضیل مِنْ کے ساتھ مستعمل ہو تو وہ ہمیشہ مفرد مذکر آتا ہے۔

همزہ حرف استفہام فاء عاطفہ معطوف علیہ محذوف ہے تَغْفُلُوْنَ، لَاتَعْقِلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ انشائیہ ہوا۔

قَدْ نَعْلَمُ اِنَّهٗ لَيَحْزُنُكَ الَّذِيْ يَقُوْلُوْنَ فَاِنَّهُمْ لَا يُكَذِّبُوْنَكَ وَ لٰكِنَّ الظّٰلِمِيْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ يَجْحَدُوْنَ ﴿۳۳﴾

آیت نمبر ۳۳: قَدْ یہاں برائے تحقیق ہے نَعْلَمُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل اِنَّ حرف تحقیق ۃ ضمیر اسم لام مزحلقہ يَحْزُنُ فعل کاف ضمیر مفعول بہ اَلَّذِيْ اسم موصول يَقُوْلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ خبر اِنَّ بااسم و خبر نَعْلَمُ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فاء تعلیلیہ اِنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اس کا اسم، لَايُكَذِّبُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر خبر، اِنَّ بااسم و خبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لٰكِنَّ حرف استدراک اَلظّٰلِمِيْنَ اس کا اسم بِاٰيٰتِ اللّٰهِ جار با مجرور متعلق مقدم يَجْحَدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر خبر، لٰكِنَّ اپنے اسم و خبر سے مل کر معطوف ہوا، معطوف علیہ با معطوف جملہ معللہ ہوا۔

سوال: باب عَلِمَ يَعْلَمُ کے بعد تو اَنَّ آتا ہے تو آیت میں نَعْلَمُ کے بعد اِنَّ کیوں آیا ہے؟

جواب: باب عَلِمَ کے بعد اِنَّ اس لئے ہے کہ اس کی خبر پر لام تاکیدیہ داخل ہے۔

وَ لَقَدْ كُذِّبَتْ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ فَصَبَرُوْا عَلٰى مَا كُذِّبُوْا وَ اُوْذُوْا حَتّٰۤى اَتٰىهُمْ نَصْرُنَا ۚ وَ لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ ۚ وَ لَقَدْ جَآءَكَ مِنْ نَّبَاِى الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۳۴﴾

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر ۳۴: واؤ استینافیہ لَام موطیہ للقسم اور قسم محذوف ہے وَاللّٰہِ، قَدْ علامت فعل، کُذِّبَتْ فعل مجہول رُسُلٌ موصوف مِنْ قَبْلِکَ ظرف مستقر کَائِنَۃٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل معطوف علیہ، فاء عاطفہ صَبَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عَلٰی جارہ مَا مصدریہ کُذِّبُوْا فعل واؤ ضمیر نائب فاعل سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اُوْذُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل حَتّٰی حرف غایت وجارہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے، اَتٰی فعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ نَصْرُنَا مرکب اضافی فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے اُوْذُوْا کے، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جواب ہے قسم محذوف کا، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

واؤ عاطفہ لَا نفی جنس مُبَدِّلَ اس کا اسم لِکَلِمَاتِ اللّٰہِ جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، لَا اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ لَام موطیہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل، جَآءَ فعل کاف ضمیر مفعول بہ مِنْ حرف جار نَبَاِ الْمُرْسَلِیْنَ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف بَعْضٌ کے فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ قسم محذوف کا جواب، قسم باجواب قسم جملہ قسمیہ ہوا۔

وَاِنْ كَانَ كَبُرَ عَلَيْكَ اِعْرَاضُهُمْ فَاِنِ اسْتَطَعْتَ اَنْ تَبْتَغِيَ نَفَقًا فِي الْاَرْضِ اَوْ سُلَّمًا فِي السَّمَآءِ فَتَاْتِيَهُمْ بِاٰيَةٍ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَمَعَهُمْ عَلَى الْهُدٰى فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ﴿۳۵﴾

آیت نمبر ۳۵: واؤ استینافیہ اِنْ شرطیہ کَانَ فعل ناقص ھُوَ ضمیر شان اس کا اسم کَبُرَ فعل عَلَیْکَ جار بامجرور متعلق ہوئے، اِعْرَاضُھُمْ مرکب اضافی فاعل، فعل با فاعل و متعلق خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فاء جزائیہ اِنْ حرف شرط اِسْتَطَعْتَ فعل تاء مفتوحہ فاعل اَنْ حرف مصدری و نصب تَبْتَغِیَ فعل اَنْتَ مستتر فاعل نَفَقًا موصوف فِی الْاَرْضِ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ سُلَّمًا موصوف فِی السَّمَآءِ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف، معطوف علیہ بامعطوف تَبْتَغِیَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ تَاْتِیَ فعل اَنْتَ مستتر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ بِاٰیَۃٍ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف بتاویل مصدر اِسْتَطَعْتَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، جزاء محذوف ہے فَافْعَلْ، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر شرط اوّل کی جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔

واؤ استینافیہ لَوْ شرطیہ شَآءَ اللّٰہُ فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ شرط، لَام جوابیہ جَمَعَ فعل ھُوَ مستتر فاعل ھُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ عَلٰی جارہ اَلْھُدٰی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ فاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا عَرَفْتَ ھٰذَا، یا اِنْ عَرَفْتَ مَشِیْئَۃَ اللّٰہِ عَدَمَ ھِدَایَتِھِمْ، لَا تَکُوْنَنَّ فعل نہی ناقص اَنْتَ مستتر اس کا اسم مِنَ الْجَاھِلِیْنَ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص بااسم و خبر جملہ انشائیہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اِنَّمَا يَسْتَجِيْبُ الَّذِيْنَ يَسْمَعُوْنَ ؕ وَالْمَوْتٰى يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ ثُمَّ اِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ ﴿۳۶﴾

آیت نمبر ۳۶: اِنَّ حرف تحقیق مکفوفہ مَا کافہ یَسْتَجِیْبُ فعل اَلَّذِیْنَ اسم موصول یَسْمَعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اَلْمَوْتٰی مفعول بہ فعل محذوف یَبْعَثُ کا، یَبْعَثُ فعل ھُوَ مستتر فاعل ومفعول بہ سے مل کر مفسر، یَبْعَثُ فعل ھُمْ مفعول بہ اَللّٰہُ اسم الجلالہ فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ اِلَیْہِ جار با مجرور متعلق مقدم یُرْجَعُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل و متعلق مقدم سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفسّر، مفسّر با مفسّر یَسْتَجِیْبُ پر معطوف ہے۔

وَقَالُوْا لَوْلَا نُزِّلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ قُلْ اِنَّ اللّٰهَ قَادِرٌ عَلٰٓى اَنْ يُّنَزِّلَ اٰيَةً وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۷﴾

آیت نمبر ۳۷: واؤ استینافیہ قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، لَوْلَا حرف تحضیض نُزِّلَ فعل مجہول عَلَیْہِ جار با مجرور متعلق ہوئے اٰیَۃٌ موصوف مِنْ رَّبِّہٖ ظرف مستقر کَائِنَۃٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ اسم الجلالہ اسم قَادِرٌ اسم فاعل ھُوَ مستتر فاعل عَلٰی جارہ اَنْ حرف مصدری ونصب یُنَزِّلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل اٰیَۃً مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، اسم فاعل بافاعل و متعلق خبر، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ واؤ حالیہ لٰکِنَّ حرف استدراک اَکْثَرَھُمْ مرکب اضافی اسم لَا یَعْلَمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، لٰکِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر یُنَزِّلَ کی ھُوَ ضمیر سے حال ہے یا مقولہ پر معطوف ہے۔

وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِى الْاَرْضِ وَلَا طٰٓئِرٍ يَّطِيْرُ بِجَنَاحَيْهِ اِلَّآ اُمَمٌ اَمْثَالُكُمْ ؕ مَا فَرَّطْنَا فِى الْكِتٰبِ مِنْ شَىْءٍ ثُمَّ اِلٰى رَبِّهِمْ يُحْشَرُوْنَ ﴿۳۸﴾

آیت نمبر ۳۸: واؤ استینافیہ مَا نافیہ مِنْ جارہ زائدہ دَآبَّۃٍ موصوف فِی الْاَرْضِ ظرف مستقر کَائِنَۃٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا نافیہ زائدہ طَآئِرٍ موصوف یَطِیْرُ فعل ھُوَ مستتر فاعل باء جارہ جَنَاحَیْہِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق صفت، موصوف باصفت معطوف، معطوف علیہ با معطوف محلًا مرفوع مبتدا، اِلَّا حرف استثنا اُمَمٌ موصوف اَمْثَالُکُمْ مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ مَا نافیہ فَرَّطْنَا فعل نَا ضمیر فاعل فِی الْکِتٰبِ جار با مجرور متعلق ہوئے مِنْ جارہ زائدہ شَیْءٍ لفظًا مجرور محلًا منصوب مفعول بہ، چاروں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معترضہ ہوا۔ ثُمَّ عاطفہ اِلٰی رَبِّھِمْ جار با مجرور متعلق مقدم یُحْشَرُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل اور متعلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا صُمٌّ وَّبُكْمٌ فِي الظُّلُمٰتِ ؕ مَنْ يَّشَاِ اللّٰهُ يُضْلِلْهُ ؕ وَمَنْ يَّشَاْ يَجْعَلْهُ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝۳۹

آیت نمبر ۳۹: واؤ استینافیہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول کَذَّبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِاٰیٰتِنَا جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق صلہ، موصول باصلہ مبتدا، صُمٌّ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ بُکْمٌ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف خبر اوّل، فِی الظُّلُمٰتِ جار بامجرور کَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر خبر دوم، مبتدا باخبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ مَنْ اسم شرط مبتدا، یَشَإ فعل اَللّٰہُ اسم الجلالہ فاعل، مفعول بہ محذوف ہے، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط، یُضْلِلْ فعل ھُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، یہ تمام مل کر جزاء، شرط باجزاء خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَنْ اسم شرط مبتدا، یَّشَاْ فعل ھُوَ مستتر فاعل، مفعول بہ محذوف ہے، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط، یَجْعَلْ فعل ھُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، عَلٰی حرف جار صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ مرکب توصیفی مجرور، جار بامجرور مَھْدِیًّا کے متعلق ہو کر مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جزاء، شرط باجزاء خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

قُلْ اَرَءَيْتَكُمْ اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُ اللّٰهِ اَوْ اَتَتْكُمُ السَّاعَةُ اَغَيْرَ اللّٰهِ تَدْعُوْنَ ۚ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝۴۰

آیت نمبر ۴۰: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، ھمزہ حرف استفہام رَءَیْتَ فعل تاء مفتوحہ فاعل کُمْ حرف خطاب اور اس کا مفعول اوّل محذوف ہے یعنی اِیَّاہُ، ھمزہ حرف استفہام غَیْرَاللّٰہِ مرکب اضافی مفعول بہ مقدم تَدْعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل ومفعول بہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ مفعول ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ انشائیہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ اِنْ حرف شرط، اَتٰی فعل کُمْ ضمیر مفعول بہ، عَذَابُ اللّٰہِ مرکب اضافی فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ اَتَتْ فعل کُمْ ضمیر مفعول بہ اَلسَّاعَۃُ فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف شرط، اور جزاء محذوف ہے فَمَنْ تَدْعُوْنَ، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنْ حرف شرط، کُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم صٰدِقِیْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص بااسم و خبر شرط، اور جزاء محذوف ہے فَادْعُوا الْاَصْنَامَ، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

بَلْ اِيَّاهُ تَدْعُوْنَ فَيَكْشِفُ مَا تَدْعُوْنَ اِلَيْهِ اِنْ شَآءَ وَتَنْسَوْنَ مَا تُشْرِكُوْنَ ۝۴۱

آیت نمبر ۴۱: بَلْ حرف عطف و اضراب اِیَّاہُ مفعول بہ مقدم تَدْعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل ومفعول بہ مقدم سے مل کر معطوف علیہ، فاء عاطفہ یَکْشِفُ فعل ھُوَ مستتر فاعل مَا اسم موصول تَدْعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَیْہِ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَنْسَوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مَا موصول تُشْرِکُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ تَنْسَوْنَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ یَکْشِفُ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ اِنْ حرف شرط شَآءَ فعل ھُوَ مستتر فاعل

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سے مل کر شرط اور جزاء محذوف ہے جیسا کہ مِمَّا تَدْعُوْنَ اِلَيْهِ شرط اور جزا مل کر جملہ شرطیہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۵ ❁

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَآ اِلٰٓى اُمَمٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَاَخَذْنٰهُمْ بِالْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ لَعَلَّهُمْ يَتَضَرَّعُوْنَ۝

آیت نمبر ۴۲ واؤ استینافیہ لام موطئہ للقسم ہے قسم محذوف ہے واللہ۔ قَدْ حرف تحقیق اَرْسَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اِلٰى جار اُمَمٍ موصوف مِنْ قَبْلِكَ جار مجرور ظرف مستقر کَائِنَۃٍ کے متعلق ہو کر صفت موصوف صفت مجرور جار مجرور اَرْسَلْنَا کے متعلق ہوئے۔ فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ فاء عاطفہ اَخَذْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ با جارہ الْبَاْسَآءِ معطوف علیہ واؤ عاطفہ الضَّرَّآءِ معطوف معطوف علیہ با معطوف مجرور جار مجرور اَخَذْنَا کے متعلق ہوئے۔ فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف معطوف علیہ با معطوف قسم محذوف کا جواب ہے۔ قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ لَعَلَّ حرف ترجی هُمْ ضمیر اس کا اسم يَتَضَرَّعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر لَعَلَّ با اسم و خبر جملہ انشائیہ ترجیہ ہو کر یہ يَتَضَرَّعُوْنَ کے معنی میں ہو کر اَخَذْنَا کے مفعول سے حال ہے۔

فَلَوْلَآ اِذْ جَآءَهُمْ بَاْسُنَا تَضَرَّعُوْا وَلٰكِنْ قَسَتْ قُلُوْبُهُمْ وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ۝

آیت نمبر ۴۳ فاء استینافیہ لَوْلَا حرف تحضیض تَضَرَّعُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اِذْ ظرفیہ مضاف جَآءَ فعل هُمْ ضمیر مفعول بہ بَاْسُنَا مرکب اضافی فاعل فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ مضاف الیہ مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ مقدم تَضَرَّعُوْا کا تَضَرَّعُوْا فعل با فاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لٰكِنْ حرف استدراک مہملہ قَسَتْ فعل قُلُوْبُهُمْ مرکب اضافی فاعل فعل با فاعل معطوف علیہ واؤ عاطفہ زَيَّنَ فعل لَهُمْ جار مجرور متعلق ہوئے الشَّيْطٰنُ فاعل مَا اسم موصول كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اسم يَعْمَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ موصول با صلہ زَيَّنَ کا مفعول ہے۔ فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

فَلَمَّا نَسُوْا مَا ذُكِّرُوْا بِهٖ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ اَبْوَابَ كُلِّ شَيْءٍ ؕ حَتّٰٓى اِذَا فَرِحُوْا بِمَآ اُوْتُوْٓا اَخَذْنٰهُمْ بَغْتَةً فَاِذَا هُمْ مُّبْلِسُوْنَ۝

آیت نمبر ۴۴ فاء استینافیہ لَمَّا ظرف زمان متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم نَسُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مَا اسم موصول ذُكِّرُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل بِهٖ جار مجرور متعلق سے مل کر صلہ موصول با صلہ مفعول بہ۔ فعل با فاعل و مفعول بہ شرط فَتَحْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَلَيْهِمْ جار مجرور متعلق ہوئے اَبْوَابَ كُلِّ شَيْءٍ مرکب اضافی مفعول بہ۔ فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ جزاء شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ حَتّٰى ابتدائیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم فَرِحُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِمَا جار مجرور ما اسم موصول اُوْتُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

نائب فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور فَرِحُوْا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق و مفعول فیہ مقدم جملہ فعلیہ خبریہ شرط، اَخَذْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ بَغْتَةً مفعول مطلق من غیر لفظہ، فعل با فاعل و مفعولین معطوف علیہ، فَاء عاطفہ اِذَا مفاجاتیہ مفعول فیہ مقدم مُبْلِسُوْنَ کا، هُمْ ضمیر مبتدا، مُبْلِسُوْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل و مفعول فیہ مقدم سے مل کر خبر، مبتدا باخبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا

فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۭ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝۴۵

آیت نمبر ۴۵: فَاء عاطفہ قُطِعَ فعل مجہول دَابِرُ مضاف الْقَوْمِ موصوف اَلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا موصول باصلہ صفت، موصوف باصفت مضاف الیہ، پھر یہ نائب فاعل ہے، فعل مجہول بانائب فاعل اَخَذْنَا پر معطوف ہے اور اس میں تکلم سے غیبوبت کی طرف انتقال ہے۔ واؤ استینافیہ اَلْحَمْدُ مبتدا، لام جارہ اَللّٰهِ موصوف رَبِّ الْعَالَمِیْنَ مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَخَذَ اللّٰهُ سَمْعَكُمْ وَاَبْصَارَكُمْ وَخَتَمَ عَلٰي قُلُوْبِكُمْ مَّنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ بِهٖ ۭ اُنْظُرْ كَيْفَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ ثُمَّ هُمْ يَصْدِفُوْنَ ۝۴۶

آیت نمبر ۴۶: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ قول، هَمزہ استفہام رَاَيْتُمْ فعل اس کا مفعول اوّل محذوف ہے سَمْعَكُمْ وَاَبْصَارَكُمْ، مَنْ استفہامیہ مبتدا، اِلٰهٌ موصوف غَيْرُ اللّٰهِ صفت اولیٰ، يَاْتِيْ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ، اور بِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صفت ثانی، موصوف با صفتین مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ محلاً منصوب مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ انشائیہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

اِنْ حرف شرط اَخَذَ فعل لفظ اَللّٰهُ فاعل سَمْعَكُمْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَبْصَارَكُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ خَتَمَ فعل هُوَ مستتر فاعل عَلٰی قُلُوْبِكُمْ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق معطوف، معطوف علیہ بامعطوف شرط، جزاء محذوف ہے فَمَنْ يَاْتِيْكُمْ بِهٖ، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اُنْظُرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل كَيْفَ ظرف زمان كَائِنَةً کا مفعول فیہ ہو کر اَلْاٰيٰتِ کا حال مقدم نُصَرِّفُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل اَلْاٰيٰتِ ذوالحال باحال مقدم مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ هُمْ ضمیر مبتدا يَصْدِفُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، پھر یہ معطوف ہے، معطوف علیہ بامعطوف محلاً منصوب اُنْظُرْ کا مفعول بہ ہے، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

قُلْ اَرَءَيْتَكُمْ اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُ اللّٰهِ بَغْتَةً اَوْ جَهْرَةً هَلْ يُهْلَكُ اِلَّا الْقَوْمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝۴۷

آیت نمبر ۴۷: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، هَمزہ حرف استفہام رَاَيْتَ فعل تَاء مفتوحہ فاعل كُمْ حرف خطاب اور مفعول بہ اوّل محذوف ہے عَذَابَ اللّٰهِ، هَلْ حرف استفہام يُهْلَكُ فعل مجہول اِلَّا حرف استثناء اَلْقَوْمُ الظَّالِمُوْنَ مرکب توصیفی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل محلاً منصوب مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل ومفعولین جملہ انشائیہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔اِنْ حرف شرط اَتٰی فعل کُمْ ضمیر مفعول بہ،عَذَابُ اللّٰہِ مرکب اضافی ذوالحال بَغْتَۃً اَوْ جَھْرَۃً معطوف علیہ بامعطوف مُبَاغِتَۃً اَوْ جَاھِرَۃً کے معنی میں ہو کر حال،ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط،اور جزاء محذوف ہے هَلْ يُهْلَكُ اِلَّا الْقَوْمُ الظّٰلِمُوْنَ، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَ مَا نُرْسِلُ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّا مُبَشِّرِيْنَ وَ مُنْذِرِيْنَ ۚ فَمَنْ اٰمَنَ وَ اَصْلَحَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۴۸﴾

آیت نمبر ۴۸:واؤ استینافیہ مَا نافیہ نُرْسِلُ فعل نَحْنُ مستترفاعل اَلْمُرْسَلِيْنَ ذوالحال اِلَّا حرف استثناء مُبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ معطوف علیہ بامعطوف حال،ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔فاء استینافیہ مَنْ اسم شرط مبتدا،اٰمَنَ فعل ھُوَ مستترفاعل سے مل کر معطوف علیہ،واؤ عاطفہ اَصْلَحَ فعل ھُوَ مستترفاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف شرط، فاء جزائیہ لَا حرف نفی مہملہ خَوْفٌ مبتدا،عَلَيْهِمْ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا نافیہ ھُمْ مبتدا،يَحْزَنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جزاء، شرط باجزاء مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا يَمَسُّهُمُ الْعَذَابُ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ﴿۴۹﴾

آیت نمبر ۴۹:واؤ استینافیہ اَلَّذِيْنَ اسم موصول کَذَّبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِاٰيٰتِنَا ظرف لغو متعلق ہوئے، یہ تینوں مل کر صلہ، موصول باصلہ مبتدا،يَمَسُّ فعل ھُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ،اَلْعَذَابُ فاعل باء جارہ مَا مصدریہ کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اسم يَفْسُقُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم وخبر بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور يَمَسُّ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

قُلْ لَّآ اَقُوْلُ لَكُمْ عِنْدِيْ خَزَآئِنُ اللّٰهِ وَ لَآ اَعْلَمُ الْغَيْبَ وَلَآ اَقُوْلُ لَكُمْ اِنِّيْ مَلَكٌ ۚ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ ؕ قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَ الْبَصِيْرُ ؕ اَفَلَا تَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۵۰﴾

آیت نمبر ۵۰:قُلْ فعل امر اَنْتَ مستترفاعل سے مل کر قول،لَا اَقُوْلُ فعل اَنَا مستترفاعل لَكُمْ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ قول،عِنْدِيْ مرکب اضافی کَائِنَۃٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم خَزَآئِنُ اللّٰہِ مرکب اضافی مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ معطوف علیہ،واؤ عاطفہ لَا اَعْلَمُ فعل اَنَا مستترفاعل اَلْغَيْبَ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل،واؤ عاطفہ لَا اَقُوْلُ فعل اَنَا مستترفاعل لَكُمْ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق قول،اِنَّ حرف تحقیق یاء ضمیر اس کا اسم مَلَكٌ خبر،اِنَّ با اسم وخبر مقولہ، قول بامقولہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین قُلْ کا مقولہ، قول بامقولہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

اِنْ نافیہ اَتَّبِعُ فعل اَنَا مستتر فاعل اِلَّا حرف استثناء مَا موصول یُوْحٰی فعل مجہول ھُوَ مستتر نائب فاعل اِلَیَّ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق صلہ، موصول باصلہ مستثنیٰ مفرغ محلاً منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، ھَلْ حرف استفہام یَسْتَوِی فعل اَلْاَعْمٰی وَ الْبَصِیْرُ معطوف علیہ بامعطوف فاعل، فعل بافاعل جملہ انشائیہ استفہامیہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔ ھَمزہ حرف استفہام فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے لَاتَسْمَعُوْنَ الْقُرْاٰنَ، لَا تَتَفَكَّرُوْنَ فعل واوٗ ضمیر فاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

رکوع نمبر 6

وَ اَنْذِرْ بِهِ الَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ اَنْ يُّحْشَرُوْٓا اِلٰى رَبِّهِمْ لَيْسَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ وَلِيٌّ وَّ لَا شَفِيْعٌ لَّعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿٥١﴾

آیت نمبر ۵۱: واؤ استینافیہ اَنْذِرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل بِهٖ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، اَلَّذِیْنَ اسم موصول یَخَافُوْنَ فعل واوٗ ضمیر فاعل اَنْ حرف مصدری و نصب یُحْشَرُوْا فعل مجہول واوٗ ضمیر ذوالحال لَیْسَ فعل ناقص لَھُمْ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مِنْ دُوْنِهٖ ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال مقدم وَلِیٌّ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ شَفِیْعٌ معطوف، معطوف علیہ با معطوف ذوالحال مؤخر، ذوالحال با حال یُحْشَرُوْا کا نائب فاعل اِلٰی رَبِّھِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر یَخَافُوْنَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ صلہ، موصول باصلہ اَنْذِرْ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ لَعَلَّ حرف ترجی ھُمْ ضمیر اسم یَتَّقُوْنَ فعل با واوٗ ضمیر فاعل خبر، حرف ترجی با اسم و خبر جملہ انشائیہ ہو کر رَاجِی التَّقْوٰی کی تاویل میں ہو کر یَخَافُوْنَ کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔

وَ لَا تَطْرُدِ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَ الْعَشِيِّ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ ؕ مَا عَلَيْكَ مِنْ حِسَابِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ وَّ مَا مِنْ حِسَابِكَ عَلَيْهِمْ مِّنْ شَيْءٍ فَتَطْرُدَهُمْ فَتَكُوْنَ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٥٢﴾

آیت نمبر ۵۲: واؤ عاطفہ لَا تَطْرُدِ فعل نہی اَنْتَ مستتر فاعل اَلَّذِیْنَ اسم موصول یَدْعُوْنَ فعل واوٗ ضمیر فاعل رَبَّھُمْ مرکب اضافی مفعول بہ بَاء جارہ اَلْغَدٰوةِ وَالْعَشِیِّ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور یَدْعُوْنَ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق صلہ، موصول باصلہ لَا تَطْرُدِ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ نہیہ معطوفہ ہوا۔ یُرِیْدُوْنَ فعل واوٗ ضمیر فاعل وَجْھَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ، یہ تمام مل کر یَدْعُوْنَ کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔ مَا حجازیہ عَلَیْكَ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم مِنْ حرف جر حِسَابِھِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم مِنْ جارہ زائدہ شَیْءٍ محلاً مرفوع ذوالحال مؤخر، ذوالحال با حال خبر، مَا حجازیہ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا حجازیہ مِنْ حِسَابِكَ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مقدم، عَلَيْهِمْ جار با مجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم مِنْ جارہ زائدہ شَيْءٍ لفظاً مجرور محلاً مرفوع ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال اسم مؤخر، مَا حجازیہ اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ہوا، معطوف علیہ با معطوف جملہ معللہ یا مستانفہ ہوا۔

فَاء عاطفہ واقعہ فی جواب نفی، تَطْرُدَ فعل اَنْتَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر بتاویل مصدر معطوف ہے، اور اس آیت کی تقدیر عبارت یوں ہے مَا يَكُوْنُ مُؤَاخَذَةُ كُلِّ وَاحِدٍ بِحِسَابِ صَاحِبِهٖ فَكَيْفَ يَقَعُ طَرْدُكَ اِيَّاهُمْ.....الخ۔ فَاء عاطفہ تَكُوْنَ فعل ناقص اَنْتَ مستتر اس کا اسم مِنَ الظّٰلِمِيْنَ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ کا فَتَطْرُدَهُمْ پر عطف ہے۔

وَكَذٰلِكَ فَتَنَّا بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لِّيَقُوْلُوْٓا اَهٰٓؤُلَآءِ مَنَّ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنْۢ بَيْنِنَا ؕ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَعْلَمَ بِالشّٰكِرِيْنَ ۝۵۳

آیت نمبر ۵۳: واؤ استینا فیہ كَذٰلِكَ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف فِتْنًا مفعول مطلق مقدم، فَتَنَّا فعل نَا ضمیر فاعل بَعْضَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ بِبَعْضٍ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق و مفعولین جملہ فعلیہ مستانفہ ہوا۔ لَام جارہ تعلیلیہ يَقُوْلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، هَمزہ حرف استفہام هٰٓؤُلَآءِ مبتدا، مَنَّ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل عَلَيْهِمْ جار با مجرور متعلق اول ہوئے مِنْ بَيْنِنَا جار با مجرور متعلق دوم ہوئے، فعل با فاعل و متعلقین خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ مقولہ، قول با مقولہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے فَتَنَّا کے ـــــ الخ هَمزہ حرف استفہام لَيْسَ ناقصہ لفظ اَللّٰهُ اس کا اسم، بَاء جارہ زائدہ اَعْلَمَ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل بِالشّٰكِرِيْنَ جار با مجرور متعلق ہوئے، اسم تفضیل با فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر لفظاً مجرور محلاً منصوب خبر، لَيْسَ با اسم و خبر جملہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔

وَاِذَا جَآءَكَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِاٰيٰتِنَا فَقُلْ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ كَتَبَ رَبُّكُمْ عَلٰى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ ۙ اَنَّهٗ مَنْ عَمِلَ مِنْكُمْ سُوْٓءًۢا بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابَ مِنْۢ بَعْدِهٖ وَاَصْلَحَ فَاَنَّهٗ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝۵۴

آیت نمبر ۵۴: واؤ استینا فیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم جَآءَ فعل كَاف ضمیر مفعول بہ، اَلَّذِيْنَ اسم موصول يُؤْمِنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِاٰيٰتِنَا جار با مجرور متعلق ہوئے، پھر یہ تینوں مل کر صلہ، موصول با صلہ فاعل، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فَاء جزائیہ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، سَلٰمٌ مبتدا عَلَيْكُمْ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر مقولہ، قول با مقولہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

سوال: سَلٰمٌ نکرہ ہے تو اس کا مبتدا بننا کیسے درست ہے؟

جواب: اس میں دعاء کا معنی ہے اور جب نکرہ محل دعاء میں ہو تو اس کا مبتدا واقع ہونا درست ہوتا ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

کَتَبَ فعل رَبُّکُمْ مرکب اضافی فاعل، عَلٰی نَفْسِہٖ جار با مجرور متعلق ہوئے، الرَّحْمَۃَ مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ یہ بھی مقولہ کی جگہ میں ہے۔ اَنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم مَنْ شرطیہ مبتدا، عَمِلَ فعل ھُوَ مستتر ذوالحال مِنْکُمْ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل سُوْٓءً مفعول بہ بِجَھَالَۃٍ ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ تَابَ فعل ھُوَ مستتر فاعل مِنْ بَعْدِہٖ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اَصْلَحَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین شرط، فاء جزائیہ اَنَّ حرف تحقیق ھُوَ ضمیر اسم غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ اس کی دو خبر، اَنَّ با اسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مفرد کے معنی میں ہو کر جزاء، شرط با جزاء مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر اَنَّ کی خبر، اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ یا جملہ اسمیہ خبریہ اَلرَّحْمَۃَ سے بدل ہے۔

وَ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ وَلِتَسْتَبِيْنَ سَبِيْلُ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۵۵﴾

آیت نمبر ۵۵: واؤ استینافیہ کَذٰلِکَ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف تَفْصِیْلًا کے مفعول مطلق مقدم نُفَصِّلُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل اَلْاٰیٰتِ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے لِیُظْھِرَ الْحَقَّ، لام جارہ تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تَسْتَبِیْنَ فعل سَبِیْلُ الْمُجْرِمِیْنَ مرکب اضافی فاعل، فعل با فاعل بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور معطوف، معطوف علیہ محذوف با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

سوال: تَسْتَبِیْنَ کو مؤنث کیوں ذکر کیا گیا ہے؟

جواب: سَبِیْلُ کا لفظ مؤنث ہے اس لئے فعل مؤنث لایا گیا ہے اگرچہ کبھی مذکر بھی استعمال ہوتا ہے۔

❁ رکوع نمبر ۷ ❁

قُلْ اِنِّيْ نُهِيْتُ اَنْ اَعْبُدَ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ قُلْ لَّاۤ اَتَّبِعُ اَهْوَآءَكُمْ ۙ قَدْ ضَلَلْتُ اِذًا وَّ مَاۤ اَنَا مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ ﴿۵۶﴾

آیت نمبر ۵۶: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اِنَّ حرف تحقیق یاء ضمیر اس کا اسم نُھِیْتُ فعل مجہول تاء مضمومہ ضمیر نائب فاعل اَنْ حرف مصدری و نصب اَعْبُدَ فعل اَنَا مستتر فاعل اَلَّذِیْنَ اسم موصول تَدْعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق صلہ، موصول باصلہ اَعْبُدَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ بتاویل مصدر نُھِیْتُ کا مفعول بہ، فعل مجہول بانائب فاعل و مفعول بہ خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ قَدْ علامت فعل ضَلَلْتُ فعل تاء مضمومہ ضمیر فاعل، فعل با فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا حجازیہ اَنَا اسم مِنَ الْمُھْتَدِیْنَ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، مَا حجازیہ با اسم و خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ اِذًا حرف جواب و جزاء، اور اس میں شرط کا معنی بھی ہے اور تقدیر عبارت یہ ہوگی اِنِ اتَّبَعْتُ اَھْوَآءَکُمْ ضَلَلْتُ وَمَا اھْتَدَیْتُ۔

قُلْ اِنِّيْ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ وَ كَذَّبْتُمْ بِهٖ ؕ مَا عِنْدِيْ مَا تَسْتَعْجِلُوْنَ بِهٖ ؕ اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

لِلّٰهِ ؕ یَقُصُّ الْحَقَّ وَ هُوَ خَیْرُ الْفٰصِلِیْنَ ﴿۵۷﴾

آیت نمبر ۵۷: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اِنَّ حرف تحقیق یاء ضمیر اس کا اسم عَلٰی جارہ بَیِّنَةٍ موصوف مِنْ رَّبِّیْ ظرف مستقر کَائِنٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ یا حالیہ کَذَّبْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل بِہٖ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ مستانفہ ہوا، یا رَبِّیْ سے حال ہوا۔ مَا نافیہ عِنْدِیْ مرکب اضافی کَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم مَا اسم موصول تَسْتَعْجِلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِہٖ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق صلہ، موصول باصلہ مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ مستانفہ ہوا۔

اِنْ نافیہ اَلْحُکْمُ مبتدا، اِلَّا حرف استثناء لام جارہ اَللّٰہِ اسم الجلالہ ذوالحال یَقُصُّ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَلْحَقَّ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر مستثنٰی مفرغ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ ھُوَ ضمیر مبتدا، خَیْرُ الْفَاصِلِیْنَ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ مستانفہ ہوا۔

قُلْ لَّوْ اَنَّ عِنْدِیْ مَا تَسْتَعْجِلُوْنَ بِہٖ لَقُضِیَ الْاَمْرُ بَیْنِیْ وَ بَیْنَکُمْ ؕ وَ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِالظّٰلِمِیْنَ ﴿۵۸﴾

آیت نمبر ۵۸: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، لَوْ شرطیہ اَنَّ حرف تحقیق عِنْدِیْ مرکب اضافی کَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم مَا اسم موصول تَسْتَعْجِلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِہٖ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ محلاً منصوب اسم مؤخر، اَنَّ با اسم وخبر بتاویل مصدر فعل محذوف ثَبَتَ کا فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ شرط، لام جوابیہ قُضِیَ فعل مجہول اَلْاَمْرُ نائب فاعل بَیْنِیْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ بَیْنَکُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول فیہ، فعل مجہول با نائب فاعل ومفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَللّٰہُ مبتدا، اَعْلَمُ اسم تفضیل ھُوَ مستتر فاعل بِالظّٰلِمِیْنَ جار با مجرور متعلق، تینوں مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَ عِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَیْبِ لَا یَعْلَمُهَاۤ اِلَّا هُوَ ؕ وَ یَعْلَمُ مَا فِی الْبَرِّ وَ الْبَحْرِ ؕ وَ مَا تَسْقُطُ مِنْ وَّرَقَةٍ اِلَّا یَعْلَمُهَا وَ لَا حَبَّةٍ فِیْ ظُلُمٰتِ الْاَرْضِ وَ لَا رَطْبٍ وَّ لَا یَابِسٍ اِلَّا فِیْ کِتٰبٍ مُّبِیْنٍ ﴿۵۹﴾

آیت نمبر ۵۹: واؤ استینافیہ عِنْدَهٗ مرکب اضافی کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَفَاتِحُ الْغَیْبِ مرکب اضافی ذوالحال، لَا یَعْلَمُ فعل ھَا ضمیر منصوب مفعول بہ، اِلَّا حرف استثناء ھُوَ ضمیر مرفوع فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ حال، ذوالحال باحال مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ یَعْلَمُ فعل ھُوَ مستتر فاعل مَا موصول فِیْ جارہ اَلْبَرِّ وَالْبَحْرِ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر فعل محذوف ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مَفَاتِحُ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

الْغَیْبِ پر معطوف ہے۔ واؤ عاطفہ مَا نافیہ تَسْقُطُ فعل مِنْ جارہ زائدہ وَرَقَۃٍ لفظاً مجرور محلاً مرفوع ذوالحال، اِلَّا حرف استثناء یَعْلَمُ فعل ھُوَ مستتر فاعل ھَا ضمیر مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ حَبَّۃٍ محلاً مرفوع موصوف فِیْ جارہ ظُلُمٰتِ الْاَرْضِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنَۃٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف اوّل، واؤ عاطفہ لَا زائدہ رَطْبٍ محلاً مرفوع معطوف ثانی، واؤ عاطفہ لَا زائدہ یَابِسٍ محلاً مرفوع معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ تَسْقُطُ کا فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ اِلَّا حرف استثناء فِیْ جارہ کِتٰبٍ مُّبِیْنٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر لَا یَعْلَمُھَا کی تاکید، یا بدل.... الخ

وَ ھُوَ الَّذِیْ یَتَوَفّٰىكُمْ بِالَّیْلِ وَ یَعْلَمُ مَا جَرَحْتُمْ بِالنَّهَارِ ثُمَّ یَبْعَثُكُمْ فِیْهِ لِیُقْضٰۤى اَجَلٌ مُّسَمًّى ۚ ثُمَّ اِلَیْهِ مَرْجِعُكُمْ ثُمَّ یُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝۶۰

آیت نمبر ۶۰: واؤ استینافیہ ھُوَ ضمیر مبتدا، اَلَّذِیْ اسم موصول یَتَوَفّٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ، بِالَّیْلِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَعْلَمُ فعل ھُوَ مستتر فاعل مَا اسم موصول جَرَحْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل بِالنَّهَارِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، ثُمَّ عاطفہ یَبْعَثُ فعل ھُوَ مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ فِیْهِ جار با مجرور متعلق اوّل ہوئے، لَام جارہ برائے تعلیل اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یُقْضٰی فعل مجہول اَجَلٌ مُّسَمًّی مرکب توصیفی نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور یَبْعَثُ کے متعلق ثانی ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

ثُمَّ عاطفہ اِلَیْهِ جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَرْجِعُكُمْ مرکب اضافی مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ یُنَبِّئُ فعل ھُوَ مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ بَاء جارہ مَا موصولہ كُنْتُمْ فعل ناقص اَنْتُمْ ضمیر اس کا اسم تَعْمَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

رکوع نمبر ۸

وَ هُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ وَ یُرْسِلُ عَلَیْكُمْ حَفَظَةً ؕ حَتّٰۤى اِذَا جَآءَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ تَوَفَّتْهُ رُسُلُنَا وَ هُمْ لَا یُفَرِّطُوْنَ ۝۶۱

آیت نمبر ۶۱: واؤ استینافیہ ھُوَ ضمیر مبتدا، اَلْقَاھِرُ اسم فاعل ھُوَ مستتر فاعل فَوْقَ عِبَادِهٖ مرکب اضافی مفعول فیہ، اسم فاعل بافاعل و مفعول فیہ جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یُرْسِلُ فعل ھُوَ مستتر فاعل عَلَیْكُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے حَفَظَةً مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ حَتّٰی ابتدائیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جَآءَ فعل اَحَدَکُمُ مرکب اضافی مفعول بہ، اَلْمَوْتُ فاعل یہ تمام مل کر شرط تَوَفَّتْ فعل ہُ ضمیر مفعول بہ رُسُلُنَا مرکب اضافی ذوالحال واؤ حالیہ ھُمْ ضمیر مبتدا، لَایُفَرِّطُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

ثُمَّ رُدُّوْٓا اِلَی اللّٰہِ مَوْلٰھُمُ الْحَقِّ ط اَلَا لَہُ الْحُکْمُ قف وَھُوَ اَسْرَعُ الْحٰسِبِیْنَ ﴿۶۲﴾

آیت نمبر ۶۲: ثُمَّ عاطفہ رُدُّوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل اِلٰی حرف جار لفظ اَللّٰہِ موصوف مَوْلٰھُمْ مرکب اضافی موصوف اَلْحَقِّ صفت، موصوف باصفت اَللّٰہِ اسم الجلالہ کی صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل مجہول بانائب فاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ تَوَفَّتْہُ پر معطوف ہے اَلَا حرف تنبیہ لَہٗ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم اَلْحُکْمُ مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ ھُوَ ضمیر مبتدا، اَسْرَعُ الْحَاسِبِیْنَ مرکب . اضافی خبر، مبتدا باخبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

قُلْ مَنْ یُّنَجِّیْکُمْ مِّنْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَ الْبَحْرِ تَدْعُوْنَہٗ تَضَرُّعًا وَّ خُفْیَۃً ج لَئِنْ اَنْجٰنَا مِنْ ھٰذِہٖ لَنَکُوْنَنَّ مِنَ الشّٰکِرِیْنَ ﴿۶۳﴾

آیت نمبر ۱۰۰: واؤ استینافیہ جَعَلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل لِلّٰهِ ظرف مستقر کَائِنَۃً کے متعلق ہو کر حال مقدم شُرَكَآءَ ذوالحال موخر، ذوالحال باحال مفعول بہ ثانی مقدم اَلْجِنَّ مفعول بہ اوّل موخر، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ حالیہ خَلَقَ فعل ھُوَ مستتر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ اَلْجِنَّ سے حال ہے۔ واؤ عاطفہ خَرَقُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال بِغَیْرِ عِلْمٍ ظرف مستقر مُصَاحِبِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل لَهٗ جار بامجرور متعلق مقدم ہوئے بَنِیْنَ وَبَنٰتٍ معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ، فعل بافاعل ومتعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ جَعَلُوْا پر معطوف ہے۔ سُبْحَانَهٗ مرکب اضافی مفعول مطلق ہے فعل محذوف سَبَّحْنَا کا، سَبَّحْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ومفعول مطلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَعَالٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل عَنْ جارہ مَا موصولہ یَصِفُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۱۳ ❁

بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ اَنّٰی یَكُوْنُ لَهٗ وَلَدٌ وَّ لَمْ تَكُنْ لَّهٗ صَاحِبَةٌ ؕ وَ خَلَقَ كُلَّ شَیْءٍ ۚ وَ هُوَ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ ﴿۱۰۱﴾

آیت نمبر ۱۰۱: بَدِیْعُ مضاف السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ معطوف علیہ بامعطوف مضاف الیہ، مرکب اضافی مبتدا محذوف ھُوَ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اَنّٰی اسم استفہام کَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر حال مقدم، وَلَدٌ ذوالحال موخر، ذوالحال باحال یَكُوْنُ کا اسم موخر، لَهٗ جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔ واؤ حالیہ لَمْ تَكُنْ فعل ناقص لَهٗ جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنَۃً کے متعلق ہو کر خبر مقدم، صَاحِبَةٌ اسم موخر، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ حال ہے وَلَدٌ سے۔ واؤ استینافیہ خَلَقَ فعل ھُوَ مستتر فاعل كُلِّ شَیْءٍ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ ھُوَ ضمیر مبتدا، بَاء جارہ كُلَّ شَیْءٍ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے، عَلِیْمٌ صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل اور متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ ۚ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ خَالِقُ كُلِّ شَیْءٍ فَاعْبُدُوْهُ ۚ وَ هُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ وَّكِیْلٌ ﴿۱۰۲﴾

آیت نمبر ۱۰۲: ذٰلِكُمْ اسم اشارہ مبتدا، لفظ اَللّٰهُ خبر اوّل، رَبُّكُمْ مرکب اضافی خبر ثانی، لَا نفی جنس اِلٰهَ مبدل منہ، اِلَّا حرف استثناء ھُوَ ضمیر بدل، مبدل منہ بابدل اسم، خبر محذوف ہے مَوْجُوْدٌ، لَا با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ خبر ثالث، خَالِقُ كُلِّ شَیْءٍ مرکب

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اضافی خبر رابع، مبتدا با اخبار اربعہ جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا کَانَ الْاَمْرُ کَذٰلِکَ، یا اِذَا کَانَتْ لِلّٰہِ هٰذِهِ الصِّفَاتُ، اُعْبُدُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ هُوَ ضمیر مبتدا، عَلٰی جارہ کُلِّ شَیْءٍ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق مقدم وَکِیْلٌ صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ وَ هُوَ يُدْرِكُ الْاَبْصَارَ وَ هُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ ﴿۱۰۳﴾

آیت نمبر ۱۰۳: لَا تُدْرِکُ فعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ، اَلْاَبْصَارُ فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ هُوَ ضمیر مبتدا، یُدْرِکُ فعل هُوَ ضمیر فاعل اَلْاَبْصَارَ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف ذٰلِکُمْ کی خبر خامس ہے۔ واؤ استینافیہ یا عاطفہ هُوَ ضمیر مبتدا اَللَّطِیْفُ الْخَبِیْرُ دو خبر، مبتدا با خبرین جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ یا معطوفہ ہوا۔

قَدْ جَآءَكُمْ بَصَآئِرُ مِنْ رَّبِّكُمْ ۚ فَمَنْ اَبْصَرَ فَلِنَفْسِهٖ ۚ وَ مَنْ عَمِيَ فَعَلَيْهَا ؕ وَ مَاۤ اَنَا عَلَيْكُمْ بِحَفِيْظٍ ﴿۱۰۴﴾

www.kitabosunnat.com

آیت نمبر ۱۰۴: قَدْ علامت فعل جَآءَ فعل کُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ مقدم بَصَآئِرُ فاعل مِنْ رَّبِّکُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فَاء استینافیہ برائے تفصیل مَنْ اسم شرط مبتدا، اَبْصَرَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر شرط، فَاء جزائیہ لِنَفْسِهٖ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر ہے مبتدا محذوف اَلْاِبْصَارُ کی، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَنْ اسم شرط مبتدا، عَمِیَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فَاء جزائیہ عَلَیْهَا ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مبتدا محذوف عِمَاهُ کی، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ مَا حجازیہ اَنَا ضمیر اس کا اسم عَلَیْکُمْ جار با مجرور ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے، بَاء جارہ زائدہ حَفِیْظٍ صیغہ صفت اَنَا مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر خبر، مَا اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَ كَذٰلِكَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ وَ لِيَقُوْلُوْا دَرَسْتَ وَ لِنُبَيِّنَهٗ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿۱۰۵﴾

آیت نمبر ۱۰۵: واؤ استینافیہ کَذٰلِکَ جار با مجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف تَصْرِیْفًا کے مفعول مطلق مقدم، نُصَرِّفُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل اَلْاٰیٰتِ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لَام جارہ تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یَقُوْلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، دَرَسْتَ فعل تَاء مفتوحہ ضمیر فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور معطوف اوّل، اور معطوف علیہ محذوف ہے لِیَعْتَبِرُوْا لِاِعْتِبَارِهِمْ کے معنی میں ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَام جارہ تعلیلیہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے نُبَیِّنَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، لَام جارہ قَوْمٍ موصوف یَعْلَمُوْنَ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور نُبَيِّنَ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین ظرف لغو متعلق ہوئے نُصَرِّفُ کے۔

اِتَّبِعْ مَآ اُوْحِيَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ وَاَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۱۰۶﴾

آیت نمبر ۱۰۶: اِتَّبِعْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل مَا موصولہ اُوْحِيَ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل اِلَيْكَ ظرف لغو متعلق ہوئے مِنْ رَّبِّكَ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر اُوْحِيَ کی ضمیر نائب فاعل سے حال ہے، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ اِتَّبِعْ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَعْرِضْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ امریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اس کی ترکیب آیت نمبر ۱۰۲ میں گزر چکی ہے۔

وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَآ اَشْرَكُوْا ۗ وَمَا جَعَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ حَفِيْظًا ۚ وَمَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ ﴿۱۰۷﴾

آیت نمبر ۱۰۷: واؤ استینافیہ لَوْ شرطیہ شَآءَ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، مَا نافیہ اَشْرَكُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل، دونوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ مَا نافیہ جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل کاف ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل عَلَيْهِمْ جار با مجرور متعلق مقدم ہوئے حَفِيْظًا صیغہ صفت اَنْتَ مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ کی ترکیب وَمَآ اَنَا عَلَيْكُمْ بِحَفِيْظٍ کی طرح ہے اور یہ معطوف ہے، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

وَلَا تَسُبُّوا الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَيَسُبُّوا اللّٰهَ عَدْوًۢا بِغَيْرِ عِلْمٍ ۗ كَذٰلِكَ زَيَّنَّا لِكُلِّ اُمَّةٍ عَمَلَهُمْ ۠ ثُمَّ اِلٰى رَبِّهِمْ مَّرْجِعُهُمْ فَيُنَبِّئُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۰۸﴾

آیت نمبر ۱۰۸: واؤ استینافیہ لَا تَسُبُّوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل اَلَّذِيْنَ اسم موصول يَدْعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ ذوالحال مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ظرف مستقر كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ نہیہ ہوا۔ اور یہ لَا يَكُنْ مِنْكُمْ سَبُّ الَّذِيْنَ ـــــ الخ کی تاویل میں ہے اور اس میں سَبُّ الَّذِيْنَ معطوف علیہ ہے فاء سببیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے يَسُبُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَللّٰهَ اسم الجلالہ مفعول بہ، عَدْوًا مفعول لہ بِغَيْرِ عِلْمٍ ظرف مستقر مُتَلَبِّسِيْنَ کے متعلق ہو کر يَسُبُّوْا کی ضمیر فاعل سے حال ہے، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مصدر کے معنی میں ہو کر سَبُّ الَّذِيْنَ پر معطوف ہے۔

كَذٰلِكَ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف تَزْيِيْنًا کے مفعول مطلق مقدم، زَيَّنَّا فعل نَا ضمیر فاعل لام جارہ كُلِّ اُمَّةٍ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے عَمَلَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ ثُمَّ عاطفہ اِلٰى رَبِّهِمْ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَرْجِعُهُمْ مرکب اضافی مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ يُنَبِّئُ فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ باء جارہ مَا موصولہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

کا اسم یَعْمَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور ظرف لغو یُنَبِّئُ متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

وَ اَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ لَئِنْ جَآءَتْهُمْ اٰيَةٌ لَّيُؤْمِنُنَّ بِهَا ؕ قُلْ اِنَّمَا الْاٰيٰتُ عِنْدَ اللّٰهِ وَمَا يُشْعِرُكُمْ ۙ اَنَّهَآ اِذَا جَآءَتْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۰۹﴾

آیت نمبر ۱۰۹: واؤ استینافیہ اَقْسَمُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِاللّٰهِ جار با مجرور متعلق ہوئے جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ مرکب اضافی مفعول مطلق، فعل با فاعل و متعلق و مفعول مطلق جملہ فعلیہ مستانفہ ہوا۔ لام موطۂ للقسم اور قسم محذوف ہے اِنْ شرطیہ جَآءَتْ فعل هُمْ ضمیر مفعول بہ اٰيَةٌ فاعل، یہ تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، لام جوابیہ يُؤْمِنُنَّ فعل واؤ محذوفہ بوجہ التقائے ساکنین فاعل بِهَا جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ قسم محذوف کا جواب ہے، اور شرط کی جزاء محذوف ہے يُؤْمِنُوْا بِهَا جس پر جواب قسم دال ہے، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اِنَّ حرف تحقیق مکفوفہ مَا کافہ اَلْاٰيَاتُ مبتدا عِنْدَ اللّٰهِ مرکب اضافی كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ مَا استفہامیہ مبتدا يُشْعِرُ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، اَنَّ حرف تحقیق هَا ضمیر اسم اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم جَآءَتْ فعل هِيَ مستتر فاعل، فعل بافاعل و مفعول فیہ شرط، لَا يُؤْمِنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ خبر، اَنَّ با اسم و خبر بتاویل مفرد يُشْعِرُ کا مفعول ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ انشائیہ استفہامیہ مستانفہ ہوا۔

وَ نُقَلِّبُ اَفْـِٕدَتَهُمْ وَ اَبْصَارَهُمْ كَمَا لَمْ يُؤْمِنُوْا بِهٖۤ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّ نَذَرُهُمْ فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿۱۱۰﴾

آیت نمبر ۱۱۰: واؤ استینافیہ نُقَلِّبُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل اَفْـِٕدَتَهُمْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَبْصَارَهُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، کاف جارہ مَا مصدریہ لَمْ يُؤْمِنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِهٖ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، اَوَّلَ مَرَّةٍ مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ مصدر کے معنی میں ہو کر مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف تَقْلِيْبًا کے مفعول مطلق، فعل با فاعل و مفعول بہ و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ نَذَرُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل هُمْ ضمیر ذوالحال يَعْمَهُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر حال، ذوالحال با حال مفعول بہ، فِيْ جارہ طُغْيَانِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

❁ رکوع نمبر ۱۴ ❁

وَلَوْ اَنَّنَا نَزَّلْنَآ اِلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةَ وَكَلَّمَهُمُ الْمَوْتٰى وَحَشَرْنَا عَلَيْهِمْ كُلَّ شَيْءٍ قُبُلًا مَّا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْٓا اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ يَجْهَلُوْنَ ﴿۱۱۱﴾

آیت نمبر ۱۱۱: واؤ استینافیہ لَوْ حرف شرط اَنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم نَزَّلْنَا فعل اِلَيْهِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے الْمَلٰٓئِكَةَ مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ كَلَّمَ فعل هُمْ ضمیر مفعول بہ الْمَوْتٰى فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ حَشَرْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَلَيْهِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، كُلَّ شَيْءٍ مرکب اضافی ذوالحال قُبُلًا حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین اَنَّ کی خبر، اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ بتاویل مفرد فاعل ہے فعل محذوف ثَبَتَ کا، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ شرط، مَا نافیہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر فاعل، اِلَّآ حرف استثناء اَنْ مصدریہ ناصبہ يَشَآءَ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر بواسطہ مضاف محذوف زَمَانَ کے مستثنٰی مفرغ ہو کر مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعول فیہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر كَانُوْا کی خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ لٰكِنَّ حرف استدراک اَكْثَرَهُمْ مرکب اضافی اسم يَجْهَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، لٰكِنَّ اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوًّا شَيٰطِيْنَ الْاِنْسِ وَالْجِنِّ يُوْحِيْ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ زُخْرُفَ الْقَوْلِ غُرُوْرًا ؕ وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ مَا فَعَلُوْهُ فَذَرْهُمْ وَمَا يَفْتَرُوْنَ ﴿۱۱۲﴾

آیت نمبر ۱۱۲: واؤ استینافیہ كَذٰلِكَ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف جَعْلًا کے مفعول مطلق مقدم جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل لام جارہ كُلِّ نَبِيٍّ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم عَدُوًّا ذوالحال موخر، ذوالحال باحال مفعول بہ ثانی مقدم شَيٰطِيْنَ مضاف الْاِنْسِ وَالْجِنِّ معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ اوّل موخر، فعل با فاعل و مفعولین و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ يُوْحِيْ فعل بَعْضُهُمْ مرکب اضافی فاعل اِلٰى بَعْضٍ جار با مجرور متعلق ہوئے زُخْرُفَ الْقَوْلِ مرکب اضافی مفعول بہ غُرُوْرًا مفعول لہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ شَيٰطِيْنَ سے حال ہو کر عَدُوًّا کی صفت ۔۔۔ الخ۔

واؤ استینافیہ لَوْ شرطیہ شَآءَ فعل رَبُّكَ مرکب اضافی فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ شرط، مَا نافیہ فَعَلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔ فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ہے اِذَا کَانَ الْاَمْرُ کَذٰلِکَ، یا اِنْ کَانَ الْاِیْحَاءُ مِنْ بَعْضِھِمْ اِلٰی بَعْضٍ۔ ذَرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ، واؤ بمعنی مَعَ" مَا موصولہ یَفْتَرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مفعول معہ، فعل بافاعل ومفعولین جملہ انشائیہ امریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَ لِتَصْغٰۤی اِلَیْهِ اَفْـِٕدَةُ الَّذِیْنَ لَا یُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ وَ لِیَرْضَوْهُ وَ لِیَقْتَرِفُوْا مَا هُمْ مُّقْتَرِفُوْنَ۝

آیت نمبر ۱۱۳: واؤ عاطفہ لام جارہ تعلیلیہ اوراس کے بعد اَنْ مقدر ہے تَصْغٰی فعل اِلَیْهِ جار با مجرور متعلق ہوئے، اَفْئِدَةُ مضاف اَلَّذِیْنَ اسم موصول لَا یُؤْمِنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِالْاٰخِرَةِ متعلق، تینوں مل کر صلہ، موصول باصلہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ فاعل، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مجرور، جار با مجرور معطوف ہے غُرُوْرًا پر۔ واؤ عاطفہ لام جارہ تعلیلیہ اوراس کے بعد اَنْ مقدر ہے یَرْضَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور غُرُوْرًا پر معطوف ہے۔ واؤ عاطفہ لام جارہ تعلیلیہ اوراس کے بعد اَنْ مقدر ہے یَقْتَرِفُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مَا موصولہ ھُمْ ضمیر مبتدا، مُقْتَرِفُوْنَ اسم فاعل ھُمْ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا با خبر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور غُرُوْرًا پر معطوف ہے۔

اَفَغَیْرَ اللّٰهِ اَبْتَغِیْ حَكَمًا وَّ هُوَ الَّذِیْۤ اَنْزَلَ اِلَیْكُمُ الْكِتٰبَ مُفَصَّلًا ؕ وَ الَّذِیْنَ اٰتَیْنٰهُمُ الْكِتٰبَ یَعْلَمُوْنَ اَنَّهٗ مُنَزَّلٌ مِّنْ رَّبِّكَ بِالْحَقِّ فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِیْنَ۝

آیت نمبر ۱۱۴: ھمزہ حرف استفہام فاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے اَمِیْلُ اِلٰی زِیْنَةِ الدُّنْیَا، غَیْرَ اللّٰهِ مرکب اضافی اَبْتَغِیْ کا مفعول بہ مقدم، اور حَكَمًا تمیز ہے فعل کی نسبت الی المفعول سے، فعل با فاعل و مفعول بہ مقدم وتمیز جملہ فعلیہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مقولہ ہے قُلْ لَّھُمْ قول محذوف کا، قول بامقولہ جملہ مستانفہ ہوا۔ واؤ حالیہ ھُوَ ضمیر مبتدا، اَلَّذِیْ اسم موصول اَنْزَلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل اِلَیْكُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے اَلْكِتٰبَ ذوالحال مُفَصَّلًا اسم مفعول ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ اَللّٰهِ سے حال ہے۔ واؤ استینافیہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول اٰتَیْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل، اَلْكِتٰبَ مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مبتدا، یَعْلَمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم مُنَزَّلٌ اسم مفعول ھُوَ مستتر ذوالحال بِالْحَقِّ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال نائب فاعل مِنْ رَّبِّكَ جار با مجرور متعلق ہوئے، اسم مفعول بانائب فاعل و متعلق خبر، اَنَّ با اسم و خبر بتاویل مفرد یَعْلَمُوْنَ کی دو مفعول کے قائم مقام، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

فَاءِ فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا عَلِمْتَ ھٰذَا، یا اِنْ کَانَ اَھْلُ الْکِتٰبِ یَعْلَمُوْنَ اَنَّهٗ مُنَزَّلٌ مِّنَ اللّٰهِ، لَاتَکُوْنَنَّ فعل ناقص اَنْتَ مستتر اس کا اسم مِنَ الْمُمْتَرِیْنَ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ انشائیہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَتَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ صِدْقًا وَّعَدْلًا ۭ لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِهٖ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۱۱۵﴾

آیت نمبر ۱۱۵: واؤ استینافیہ تَمَّتْ فعل کَلِمَةُ مضاف رَبِّکَ مرکب اضافی ذوالحال صِدْقًا وَّعَدْلًا معطوف علیہ با معطوف صَادِقًا وَعَادِلًا کے معنی میں ہو کر حال، ذوالحال باحال مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ لَا نفی جنس مُبَدِّلَ اس کا اسم لِکَلِمٰتِهٖ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، لَا با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال ہے تَمَّتْ کے فاعل سے۔ واؤ استینافیہ ھُوَ ضمیر مبتدا، اَلسَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ۔۔ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَاِنْ تُطِعْ اَكْثَرَ مَنْ فِي الْاَرْضِ يُضِلُّوْكَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَاِنْ هُمْ اِلَّا يَخْرُصُوْنَ ﴿۱۱۶﴾

آیت نمبر ۱۱۶: واؤ استینافیہ اِنْ حرف شرط تُطِعْ فعل مضارع اَنْتَ مستتر فاعل اَکْثَرَ مضاف مَنْ اسم موصول فِی الْاَرْضِ ظرف مستقر فعل محذوف ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط یُضِلُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ عَنْ سَبِیْلِ اللّٰهِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اِنْ نافیہ یَتَّبِعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء اَلظَّنَّ مستثنٰی مفرغ ہو کر مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِنْ نافیہ ھُمْ ضمیر مبتدا، اِلَّا حرف استثناء یَخْرُصُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ مَنْ يَّضِلُّ عَنْ سَبِيْلِهٖ ۚ وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ ﴿۱۱۷﴾

آیت نمبر ۱۱۷: اِنَّ حرف تحقیق رَبَّکَ مرکب اضافی اس کا اسم ھُوَ ضمیر مبتدا اَعْلَمُ اسم تفضیل ھُوَ مستتر فاعل مَنْ موصولہ یَضِلُّ فعل ھُوَ مستتر فاعل عَنْ سَبِیْلِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ بَاء محذوف کا مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، اسم تفضیل بافاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ ھُوَ ضمیر مبتدا اَعْلَمُ اسم تفضیل ھُوَ مستتر فاعل بِالْمُهْتَدِیْنَ جار با مجرور متعلق ہوئے، تینوں مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

خبریہ معطوفہ ہوا۔

فَكُلُوْا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ اِنْ كُنْتُمْ بِاٰيٰتِهٖ مُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۱۸﴾

آیت نمبر ۱۱۸: فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا كُنْتُمْ مُتَحَقِّقِيْنَ بِالْاِيْمَانِ، كُلُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل مِنْ جارہ مَا موصولہ ذُكِرَ فعل مجہول اِسْمُ اللّٰهِ مرکب اضافی نائب فاعل عَلَيْهِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور كُلُوْا کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ امریہ جزاء، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنْ شرطیہ كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم مُؤْمِنِيْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، جزاء محذوف ہے فَكُلُوْا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَمَا لَكُمْ اَلَّا تَاْكُلُوْا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَقَدْ فَصَّلَ لَكُمْ مَّا حَرَّمَ عَلَيْكُمْ اِلَّا مَا اضْطُرِرْتُمْ اِلَيْهِ ؕ وَاِنَّ كَثِيْرًا لَّيُضِلُّوْنَ بِاَهْوَآئِهِمْ بِغَيْرِ عِلْمٍ ؕ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِالْمُعْتَدِيْنَ ﴿۱۱۹﴾

آیت نمبر ۱۱۹: واؤ استینافیہ مَا استفہامیہ مبتدا، لَكُمْ جار با مجرور ظرف مستقر متعلق ہوئے كَائِنٌ کے، كَائِنٌ اسم فاعل هُوَ مستتر فاعل اَنْ حرف مصدری و نصب لَا تَاْكُلُوْا فعل مضارع واؤ ضمیر فاعل مِنْ جارہ مَا موصولہ ذُكِرَ فعل مجہول اِسْمُ اللّٰهِ مرکب اضافی نائب فاعل عَلَيْهِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور لَا تَاْكُلُوْا کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر منصوب بنزع الخافض اور اصل میں فِيْ اَنْ تَاْكُلُوْا ہے جار با مجرور متعلق ثانی ہوئے كَائِنٌ کے، اسم فاعل با فاعل و متعلقین شبہ جملہ ہو کر مَا کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

واؤ حالیہ قَدْ علامت فعل، فَصَّلَ فعل هُوَ مستتر فاعل لَكُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، مَا موصولہ حَرَّمَ فعل هُوَ مستتر مستثنیٰ منہ، اِلَّا حرف استثناء مَا مصدریہ اُضْطُرِرْتُمْ فعل مجہول تُمْ ضمیر نائب فاعل اِلَيْهِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مستثنیٰ، مستثنیٰ منہ با مستثنیٰ حَرَّمَ کا فاعل عَلَيْكُمْ جار با مجرور اس کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ فَصَّلَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ حال ہے لفظ اَللّٰهُ سے۔۔۔الخ

واؤ استینافیہ اِنَّ حرف تحقیق كَثِيْرًا اس کا اسم لَام مزحلقہ يُضِلُّوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال بِغَيْرِ عِلْمٍ ظرف مستقر مُتَلَبِّسِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال فاعل، بَاء جارہ اَهْوَآئِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق، فعل با فاعل و متعلق خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق رَبَّكَ مرکب اضافی اسم هُوَ ضمیر مبتدا اَعْلَمُ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل اور بِالْمُعْتَدِيْنَ متعلق سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَذَرُوْا ظَاهِرَ الْاِثْمِ وَبَاطِنَهٗ ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْسِبُوْنَ الْاِثْمَ سَيُجْزَوْنَ بِمَا كَانُوْا يَقْتَرِفُوْنَ ﴿۱۲۰﴾

آیت نمبر ۱۲۰: واؤ عاطفہ ذَرُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل ظَاهِرَ الْاِثْمِ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ بَاطِنَهٗ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ معطوفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَلَّذِيْنَ اسم موصول يَكْسِبُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَلْاِثْمَ مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ صلہ، موصول باصلہ اِنَّ کا اسم سین علامت فعل، يُجْزَوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل باء جارہ مَا اسم موصول كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اسم يَقْتَرِفُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم وخبر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول بانائب فاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَلَا تَاْكُلُوْا مِمَّا لَمْ يُذْكَرِ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَاِنَّهٗ لَفِسْقٌ ؕ وَاِنَّ الشَّيٰطِيْنَ لَيُوْحُوْنَ اِلٰٓى اَوْلِيٰٓـئِهِمْ لِيُجَادِلُوْكُمْ ۚ وَاِنْ اَطَعْتُمُوْهُمْ اِنَّكُمْ لَمُشْرِكُوْنَ ﴿۱۲۱﴾

آیت نمبر ۱۲۱: واؤ عاطفہ لَا تَاْكُلُوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل مِنْ جارہ مَا موصولہ لَمْ يُذْكَرْ فعل مجہول عَلَيْهِ جار با مجرور متعلق ہوئے اِسْمُ اللّٰهِ مرکب اضافی ذوالحال واؤ حالیہ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم لام مذحلقہ فِسْقٌ خبر اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور لَا تَاْكُلُوْا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ انشائیہ نہیہ معطوفہ ہوا۔

واؤ استینافیہ اِنَّ حرف تحقیق اَلشَّيٰطِيْنَ اس کا اسم، لام مذحلقہ يُوْحُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اِلٰٓى اَوْلِيٰٓـئِهِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے لام جارہ تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے يُجَادِلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق ثانی، فعل بافاعل ومتعلقین جملہ فعلیہ خبریہ اِنَّ کی خبر اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اِنْ شرطیہ اَطَعْتُمُوْا فعل تُمْ ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ تینوں مل کر شرط، اِنَّ حرف تحقیق كُمْ ضمیر اس کا اسم، لام مذحلقہ مُشْرِكُوْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

سوال: جب جزاء جملہ اسمیہ خبریہ ہو تو اس پر فاء کا داخل ہونا واجب ہے تو اِنَّكُمْ مُشْرِكُوْنَ جزاء ہے اس پر فاء داخل کیوں نہیں کی گئی؟

جواب (۱): یہاں اِنْ شرطیہ سے پہلے لام موطئہ للقسم محذوف ہے لہٰذا اِنَّكُمْ مُشْرِكُوْنَ اس کا جواب قسم ہے اور جزاء محذوف ہے فَاِنَّكُمْ مُشْرِكُوْنَ جس پر جواب قسم دال ہے۔

جواب (۲): علامہ ابوالبقاء فرماتے ہیں جب شرط فعل ماضی ہو تو اس وقت جزاء سے فاء کا حذف کرنا جائز ہے اگرچہ جزاء جملہ اسمیہ خبریہ ہو۔

❁ رکوع نمبر ۱۵ ❁

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اَوَ مَنْ كَانَ مَيْتًا فَاَحْيَيْنٰهُ وَ جَعَلْنَا لَهٗ نُوْرًا يَّمْشِيْ بِهٖ فِي النَّاسِ كَمَنْ مَّثَلُهٗ فِي الظُّلُمٰتِ لَيْسَ بِخَارِجٍ مِّنْهَا ؕ كَذٰلِكَ زُيِّنَ لِلْكٰفِرِيْنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲۲﴾

آیت نمبر ۱۲۲: ھمزہ حرف استفہام واؤ عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے اَاَنْتُمْ مِثْلُهُمْ، مَنْ موصولہ کَانَ فعل ناقص ھُوَ مستتر اسم مَيْتًا خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ اَحْيَيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل لَهٗ جار با مجرور متعلق ہوئے نُوْرًا موصوف يَمْشِيْ فعل ھُوَ مستتر فاعل بِهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے فِي النَّاسِ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر يَمْشِيْ کے فاعل سے حال ہے، فعل با فاعل و متعلق نُوْرًا کی صفت، موصوف با صفت مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین صلہ، موصول با صلہ مبتدا، کاف جارہ مَنْ موصولہ مَثَلُهٗ مرکب اضافی مبتدا فِي الظُّلُمٰتِ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق، کَائِنٌ اسم فاعل ھُوَ مستتر ذو الحال لَيْسَ فعل ناقص ھُوَ مستتر اس کا اسم بَاء جارہ زائدہ خَارِجٍ اسم فاعل ھُوَ مستتر فاعل مِنْهَا جار با مجرور متعلق ہوئے، اسم فاعل با فاعل و متعلق لفظاً مجرور محلاً منصوب خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذو الحال با حال کَائِنٌ کا فاعل، اسم فاعل با فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر مَنْ کَانَ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ محذوف با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

كَذٰلِكَ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف تَزْيِيْنًا کے مفعول مطلق مقدم زُيِّنَ فعل مجہول لِلْكَافِرِيْنَ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے مَا اسم موصول کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اسم يَعْمَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ نائب فاعل، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق و مفعول مطلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَ كَذٰلِكَ جَعَلْنَا فِيْ كُلِّ قَرْيَةٍ اَكٰبِرَ مُجْرِمِيْهَا لِيَمْكُرُوْا فِيْهَا ؕ وَ مَا يَمْكُرُوْنَ اِلَّا بِاَنْفُسِهِمْ وَ مَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۱۲۳﴾

آیت نمبر ۱۲۳: واؤ استینافیہ كَذٰلِكَ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف جَعْلًا کے مفعول مطلق مقدم جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل فِيْ كُلِّ قَرْيَةٍ جار با مجرور متعلق ہوئے اَكَابِرَ مُجْرِمِيْهَا مرکب اضافی مفعول بہ لَام جارہ تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے يَمْكُرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل فِيْهَا جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور جَعَلْنَا کے متعلق ثانی ہوئے، فعل با فاعل و متعلقین و مفعول بہ و مفعول مطلق مقدم جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

واؤ استینافیہ مَا نافیہ يَمْكُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء بِاَنْفُسِهِمْ جار با مجرور مستثنیٰ مفرغ ہو کر متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ حال ہے يَمْكُرُوْا کے فاعل سے ۔۔۔ الخ یا جملہ مستانفہ ہوا۔ واؤ حالیہ مَا نافیہ يَشْعُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ حال ہے يَمْكُرُوْنَ کی ضمیر فاعل سے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَاِذَا جَآءَتْهُمْ اٰيَةٌ قَالُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ حَتّٰى نُؤْتٰى مِثْلَ مَآ اُوْتِيَ رُسُلُ اللّٰهِ ؔۘ اَللّٰهُ اَعْلَمُ حَيْثُ يَجْعَلُ رِسَالَتَهٗ ؕ سَيُصِيْبُ الَّذِيْنَ اَجْرَمُوْا صَغَارٌ عِنْدَ اللّٰهِ وَ عَذَابٌ شَدِيْدٌۢ بِمَا كَانُوْا يَمْكُرُوْنَ ﴿۱۲۴﴾

آیت نمبر ۱۲۴: واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم جَآءَتْ فعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اٰيَةٌ فاعل، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ شرط قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، لَنْ نُّؤْمِنَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل حَتّٰى جارہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے نُؤْتٰى فعل مجہول نَحْنُ مستتر نائب فاعل مِثْلَ مضاف مَا موصول اُوْتِيَ فعل مجہول رُسُلُ اللّٰهِ مرکب اضافی نائب فاعل، فعل مجہول بانائب جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ نُؤْتٰى کا مفعول بہ، فعل مجہول بانائب و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور لَنْ نُّؤْمِنَ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ معطوفہ ہوا۔ اَللّٰهُ مبتدا اَعْلَمُ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

حَيْثُ مضاف يَجْعَلُ فعل هُوَ مستتر فاعل رِسَالَتَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ ہے فعل محذوف يَعْلَمُ کا جس پر اَعْلَمُ دال ہے۔ سـ تحسین علامت فعل يُصِيْبُ فعل اَلَّذِيْنَ اَجْرَمُوْا موصول باصلہ مفعول بہ مقدم صَغَارٌ موصوف عِنْدَ اللّٰهِ مرکب اضافی ثَابِتٌ کا مفعول فیہ ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَذَابٌ موصوف شَدِيْدٌ صفت اولیٰ بِ جارہ مَا مصدریہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم يَمْكُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت ثانیہ، موصوف باصفتین معطوف، معطوف علیہ با معطوف يُصِيْبُ کا فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

فَمَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ اَنْ يَّهْدِيَهٗ يَشْرَحْ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ ۚ وَمَنْ يُّرِدْ اَنْ يُّضِلَّهٗ يَجْعَلْ صَدْرَهٗ ضَيِّقًا حَرَجًا كَاَنَّمَا يَصَّعَّدُ فِي السَّمَآءِ ؕ كَذٰلِكَ يَجْعَلُ اللّٰهُ الرِّجْسَ عَلَى الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۲۵﴾

آیت نمبر ۱۲۵: فاء استینافیہ مَنْ اسم شرط مبتدا، يُرِدْ فعل لفظ اَللّٰهُ فاعل اَنْ حرف مصدری و نصب يَهْدِيَ فعل هُوَ مستتر فاعل هٗ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر يُرِدْ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط يَشْرَحْ فعل هُوَ مستتر فاعل صَدْرَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ لِلْاِسْلَامِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جزاء، شرط باجزاء مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ مَنْ اسم شرط مبتدا يُرِدْ فعل هُوَ مستتر فاعل اَنْ حرف

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مصدری ونصب یُضِلَّ فعل ھُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر یُرِدْ کا مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط، یَجْعَلْ فعل ھُوَ مستتر فاعل صَدْرَہٗ مرکب اضافی مفعول بہ اوّل، ضَیِّقًا موصوف حَرَجًا صفت موصوف با صفت مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جزاء، شرط باجزاء مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

کَاَنَّ حرف استدراک کفوفہ مَا کافہ یَصَّعَّدُ فعل ھُوَ مستتر فاعل فِی السَّمَآءِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر حال ہے حَرَجًا کی ضمیر سے۔ کَذٰلِکَ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف جَعْلًا کے مفعول مطلق مقدم یَجْعَلُ فعل لفظ اَللّٰہُ فاعل اَلرِّجْسَ مفعول بہ، عَلٰی جارہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول لَایُؤْمِنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَهٰذَا صِرَاطُ رَبِّكَ مُسْتَقِيْمًا ۭ قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّذَّكَّرُوْنَ ﴿۱۲۶﴾

آیت نمبر ۱۲۶: واؤ استینا فیہ هٰذَا اسم اشارہ مبتدا، صِرَاطُ رَبِّکَ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ مُسْتَقِیْمًا حال ہے فعل محذوف اِسْتَقَامَ کی ضمیر فاعل سے۔ قَدْ حرف تحقیق فَصَّلْنَا الْاٰیَاتِ لِقَوْمٍ یَّذَّکَّرُوْنَ کی ترکیب قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰیَاتِ لِقَوْمٍ یَّفْقَھُوْنَ کی مثل ہے جو آیت نمبر ۹۸ میں گزری ہے۔

لَهُمْ دَارُ السَّلٰمِ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَهُوَ وَلِيُّهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲۷﴾

آیت نمبر ۱۲۷: لَہُ جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم دَارُ السَّلَامِ مرکب اضافی ذوالحال عِنْدَ رَبِّھِمْ مرکب اضافی کَائِنًا کا متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ ھُوَ ضمیر مبتدا وَلِیُّھُمْ مرکب اضافی ذوالحال بَاء جارہ مَا مصدریہ کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اسم یَعْمَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم وخبر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور مُتَلَبِّسًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ۚ يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ قَدِ اسْتَكْثَرْتُمْ مِّنَ الْاِنْسِ ۚ وَقَالَ اَوْلِيٰۗؤُهُمْ مِّنَ الْاِنْسِ رَبَّنَا اسْتَمْتَعَ بَعْضُنَا بِبَعْضٍ وَّبَلَغْنَآ اَجَلَنَا الَّذِيْٓ اَجَّلْتَ لَنَا ۭ قَالَ النَّارُ مَثْوٰىكُمْ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اِلَّا مَا شَاۗءَ اللّٰهُ ۭ اِنَّ رَبَّكَ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۲۸﴾

آیت نمبر ۱۲۸: واؤ استینافیہ یَوْمَ مضاف یَحْشُرُ فعل ھُوَ مستتر فاعل ھُمْ ضمیر ذوالحال جَمِیْعًا حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ ہوا فعل محذوف اُذْکُرْ کا، اُذْکُرْ فعل بافاعل ومفعول فیہ جملہ انشائیہ امریہ مستانفہ ہوا۔ یَاء حرف نداء، قائم مقام اَدْعُوْ کے، اَدْعُوْ فعل اَنَا مستتر فاعل مَعْشَرَ الْجِنِّ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر نداء، قَدْ علامت فعل، اِسْتَکْثَرْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل مِنَ الْاِنْسِ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

و متعلق نداء کا جواب، نداء باجواب نداء قَآئِلًا کا مقولہ ہو کر یَحْشُرُ کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔

واؤ عاطفہ قَالَ فعل اَوْلِیَآءُهُمْ مرکب اضافی ذوالحال مِنَ الْاِنْسِ جار با مجرور ظرف مستقر کَآئِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، رَبَّنَا اور یہ اصل میں یَارَبَّنَا ہے اور یہ نداء ہے اِسْتَمْتَعَ فعل بَعْضُنَا مرکب اضافی فاعل بِبَعْضٍ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ بَلَغْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اَجَلَنَا مرکب اضافی موصوف اَلَّذِیْ اسم موصول اَجَّلْتَ فعل تَاء مفتوحہ ضمیر فاعل لَنَا جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق صلہ، موصول باصلہ صفت، موصوف باصفت بَلَغْنَا کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف نداء کا جواب، نداء باجواب نداء مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اَلنَّارُ مبتدا، مَثْوٰی مضاف كُمْ ضمیر ذوالحال خٰلِدِیْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل فِیْهَا جار با مجرور متعلق ہوئے، اِلَّا حرف استثناء مَا مصدریہ شَآءَ فعل اَللّٰهُ اسم الجلالہ فاعل سے مل کر بتاویل مصدر مضاف الیہ ہوا زَمَانَ مضاف محذوف کا، مضاف بامضاف الیہ مستثنیٰ مفرغ ہو کر خٰلِدِیْنَ کا مفعول فیہ، اسم فاعل با فاعل و متعلق و مفعول فیہ شبہ جملہ ہو کر حال، ذوالحال باحال مَثْوٰی کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق رَبَّكَ مرکب اضافی اسم حَكِیْمٌ عَلِیْمٌ دو خبر، اِنَّ با اسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَكَذٰلِكَ نُوَلِّیْ بَعْضَ الظّٰلِمِیْنَ بَعْضًا بِمَا كَانُوْا یَكْسِبُوْنَ ﴿۱۲۹﴾

آیت نمبر ۱۲۹: واؤ استینافیہ كَذٰلِكَ جار با مجرور كَآئِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف تَوْلِیَةً کے مفعول مطلق مقدم نُوَلِّیْ فعل نَحْنُ مستتر فاعل بَعْضَ الظَّالِمِیْنَ مرکب اضافی مفعول بہ اول بَعْضًا مفعول بہ ثانی، بَاء حرف جار مَا موصولہ كَانُوْا یَكْسِبُوْنَ کی ترکیب آیت نمبر ۱۲۷ میں دیکھیے اور یہ صلہ ہے، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعولین و متعلق و مفعول مطلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۱۶ ❁

یٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اَلَمْ یَاْتِكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ یَقُصُّوْنَ عَلَیْكُمْ اٰیٰتِیْ وَیُنْذِرُوْنَكُمْ لِقَآءَ یَوْمِكُمْ هٰذَا ؕ قَالُوْا شَهِدْنَا عَلٰۤی اَنْفُسِنَا وَغَرَّتْهُمُ الْحَیٰوةُ الدُّنْیَا وَشَهِدُوْا عَلٰۤی اَنْفُسِهِمْ اَنَّهُمْ كَانُوْا كٰفِرِیْنَ ﴿۱۳۰﴾

آیت نمبر ۱۳۰: یَاء حرف نداء اُدْعُوْا کے قائم مقام، اُدْعُوْ فعل اَنَا مستتر فاعل مَعْشَرَ مضاف اَلْجِنِّ وَ الْاِنْسِ معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ انشائیہ نداء، همزہ حرف استفہام لَمْ یَاْتِ فعل كُمْ ضمیر مفعول بہ رُسُلٌ موصوف مِنْكُمْ ظرف مستقر كَآئِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت اولیٰ، یَقُصُّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل عَلَیْكُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، اٰیٰتِیْ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یُنْذِرُوْنَ فعل

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

واؤضمیر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل لِقَآءَ مضاف یَوْمِکُمْ مرکب اضافی موصوف ھٰذَا صفت، موصوف باصفت مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین معطوف، معطوف علیہ با معطوف رُسُلٌ کی صفت ثانیہ، موصوف باصفتین لَمْ یَاْتِ کا فاعل، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ جواب نداء، نداء باجواب نداء مقولہ ہوا قول محذوف یُقَالُ لَهُمْ کا، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

قَالُوْا فعل واؤضمیر فاعل سے مل کر قول، شَهِدْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَلٰۤی اَنْفُسِنَا جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق معطوف علیہ، واؤ عاطفہ شَهِدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عَلٰۤی اَنْفُسِهِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، اَنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اس کا اسم كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم كٰفِرِيْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، اَنَّ با اسم وخبر بتاویل مفرد مفعول بہ، فعل بافاعل ومتعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ اعتراضیہ غَرَّتْ فعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اَلْحَيٰوةُ الدُّنْيَا مرکب توصیفی فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معترضہ ہوا۔

ذٰلِكَ اَنْ لَّمْ يَكُنْ رَّبُّكَ مُهْلِكَ الْقُرٰى بِظُلْمٍ وَّاَهْلُهَا غٰفِلُوْنَ ﴿۱۳۱﴾

آیت نمبر ۱۳۱: ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا، اَنْ مخففہ مِنَ الثقلہ ضمیر شان مقدر اس کا اسم لَمْ يَكُنْ فعل ناقص رَبُّكَ مرکب اضافی اسم مُهْلِكَ الْقُرٰى مرکب اضافی ذوالحال بِظُلْمٍ ظرف مستقر مُتَلَبِّسًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال خبر، فعل ناقص با اسم وخبر اَنْ کی خبر، اَنْ با اسم وخبر منصوب بنزع الخافض بِاءِ مقدر کا مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ حالیہ اَهْلُهَا مرکب اضافی مبتدا، غٰفِلُوْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ حال ہے اَلْقُرٰى سے۔

وَلِكُلٍّ دَرَجٰتٌ مِّمَّا عَمِلُوْا ؕ وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۳۲﴾

آیت نمبر ۱۳۲: واؤ استینافیہ لِكُلٍّ ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم دَرَجٰتٌ موصوف مِنْ جارہ مَا مصدریہ عَمِلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ مَا حجازیہ رَبُّكَ مرکب اضافی اس کا اسم بِاءِ جارہ زائدہ غَافِلٍ اسم فاعل هُوَ مستتر فاعل عَنْ جارہ مَا موصولہ يَعْمَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، اسم فاعل بافاعل ومتعلق شبہ جملہ ہو کر محلاً منصوب خبر، مَا حجازیہ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَرَبُّكَ الْغَنِيُّ ذُو الرَّحْمَةِ ؕ اِنْ يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ وَيَسْتَخْلِفْ مِنْۢ بَعْدِكُمْ مَّا يَشَآءُ كَمَاۤ اَنْشَاَكُمْ مِّنْ ذُرِّيَّةِ قَوْمٍ اٰخَرِيْنَ ﴿۱۳۳﴾

آیت نمبر ۱۳۳: واؤ استینافیہ رَبُّكَ مرکب اضافی مبتدا اَلْغَنِيُّ صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل سے مل کر خبر اوّل، ذُو الرَّحْمَةِ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مرکب اضافی خبر دوم، مبتدا باخبرین جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اِنْ حرف شرط یَّشَاْ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر شرط یُذْهِبْ فعل ھُوَ مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَسْتَخْلِفْ فعل ھُوَ مستتر فاعل مِنْ بَعْدِكُمْ جار با مجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، مَا موصولہ یَشَآءُ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر صلہ، موصول با صلہ مفعول بہ کاف جارہ مَا مصدریہ اَنْشَاَ فعل ھُوَ مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ، ذُرِّيَّةِ مضاف قَوْمٍ اٰخَرِيْنَ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار با مجرور اَنْشَاَ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف اِسْتِخْلَافًا کے مفعول مطلق، فعل بافاعل و متعلق و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اِنَّ مَا تُوْعَدُوْنَ لَاٰتٍ ۙ وَّمَاۤ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ﴿۱۳۴﴾

آیت نمبر ۱۳۴: اِنَّ حرف تحقیق مَا موصولہ تُوْعَدُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل سے مل کر صلہ، موصول با صلہ اسم لام مزحلقہ اٰتٍ اسم فاعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا حجازیہ اَنْتُمْ ضمیر اس کا اسم بَاء جارہ زائدہ مُعْجِزِيْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل سے مل کر محلاً منصوب خبر، مَا با اسم و خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

قُلْ يٰقَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ اِنِّيْ عَامِلٌ ۚ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۙ مَنْ تَكُوْنُ لَهٗ عَاقِبَةُ الدَّارِ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۱۳۵﴾

آیت نمبر ۱۳۵: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، يٰقَوْمِ یہ اصل میں يَاقَوْمِيْ ہے اور یہ ندا ہے اِعْمَلُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل عَلٰى مَكَانَتِكُمْ ظرف مستقر كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر ضمیر فاعل سے حال ہے، فعل بافاعل جملہ انشائیہ امریہ جواب ندا، ندا باجواب ندا جملہ انشائیہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

اِنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر اس کا اسم عَامِلٌ اسم فاعل اَنَا مستتر فاعل سے مل کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔ فاء تعلیلیہ سَوْفَ علامت فعل تَعْلَمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مَنْ موصولہ تَكُوْنُ فعل ناقص لَهٗ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم عَاقِبَةُ الدَّارِ مرکب اضافی اسم موخر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معللہ ہوا۔

سوال: تَعْلَمُوْنَ تو دو مفعول کے ساتھ متعدی ہوتا ہے تو یہاں اس کا ایک مفعول کیوں ہے؟

جواب: یہاں تَعْلَمُوْنَ "تَعْرِفُوْنَ" کے معنی میں ہے اور تَعْرِفُوْنَ ایک مفعول کے ساتھ متعدی ہوتا ہے۔

اِنَّ حرف تحقیق ھُوَ ضمیر اس کا اسم لَا يُفْلِحُ فعل اَلظَّالِمُوْنَ فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَ جَعَلُوْا لِلّٰهِ مِمَّا ذَرَاَ مِنَ الْحَرْثِ وَ الْاَنْعَامِ نَصِیْبًا فَقَالُوْا هٰذَا لِلّٰهِ بِزَعْمِهِمْ وَ هٰذَا لِشُرَكَآىِٕنَا ۚ فَمَا كَانَ لِشُرَكَآىِٕهِمْ فَلَا یَصِلُ اِلَى اللّٰهِ ۚ وَ مَا كَانَ لِلّٰهِ فَهُوَ یَصِلُ اِلٰى شُرَكَآىِٕهِمْ ؕ سَآءَ مَا یَحْكُمُوْنَ ﴿۱۳۶﴾

آیت نمبر ۱۳۶: واؤ استینا فیہ جَعَلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل لِلّٰهِ کَائِنًا کے متعلق ہو کر مفعول بہ ثانی مقدم مِنْ جارہ مَا موصولہ ذَرَاَ فعل هُوَ مستتر فاعل مِنْ جارہ اَلْحَرْثِ وَالْاَنْعَامِ معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور ذَرَاَ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم نَصِیْبًا ذوالحال موخر، ذوالحال باحال جَعَلُوْا کا مفعول بہ اوّل، فعل بافاعل و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، هٰذَا اسم اشارہ مبتدا لِلّٰهِ جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق اوّل ہوئے بِزَعْمِهِمْ جار بامجرور متعلق ثانی ہوئے، اسم فاعل بافاعل و متعلقین خبر، مبتدا باخبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ هٰذَا اسم اشارہ مبتدا، لام جارہ شُرَكَآءُ نَا مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مقولہ، قول بامقولہ جَعَلُوْا پر معطوف ہے، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

فاء عاطفہ مَا موصولہ کَانَ فعل ناقص هُوَ مستتر اس کا اسم بِشُرَكَآئِهِمْ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر صلہ، موصول باصلہ متضمن معنی شرط مبتدا، فاء جزائیہ لَا یَصِلُ فعل هُوَ مستتر فاعل اِلَى اللّٰهِ جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر قائم مقام جزاء، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا موصولہ کَانَ فعل ناقص هُوَ مستتر اسم لِلّٰهِ جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص بااسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ متضمن معنی شرط مبتدا، فاء جزائیہ هُوَ ضمیر مبتدا یَصِلُ فعل هُوَ مستتر فاعل اِلٰى شُرَكَآئِهِمْ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ خبر قائم مقام جزاء، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ سَآءَ فعل ذم مَا موصولہ یَحْكُمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ انشائیہ خبر، مبتدا محذوف ہے هُوَ مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔

وَ كَذٰلِكَ زَیَّنَ لِكَثِیْرٍ مِّنَ الْمُشْرِكِیْنَ قَتْلَ اَوْلَادِهِمْ شُرَكَآؤُهُمْ لِیُرْدُوْهُمْ وَ لِیَلْبِسُوْا عَلَیْهِمْ دِیْنَهُمْ ؕ وَ لَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا فَعَلُوْهُ فَذَرْهُمْ وَ مَا یَفْتَرُوْنَ ﴿۱۳۷﴾

آیت نمبر ۱۳۷: واؤ استینا فیہ كَذٰلِكَ جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف تَزْیِیْنًا کے مفعول

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

